

Presented by www.ziaraat.com

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.



سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

Presented by www.ziaraat.com

۷۸۶
۹۲-۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنی

DVD Version

لبیک یا حُسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

www.ziaraat.com

NOT FOR COMMERCIAL

Presented by www.ziaraat.com

روشن حقائق

(اور اختلافِ امت)



جلد 3

تالیف: سید ابنِ شہید رح

ناشر مرکز مہدی 14 خورجہ بلند شہر انڈیا 0001412
www.shia-faqt.haq.org

Presented by www.ziaraat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
1	آپ کے کیئے ہوئے اعتراضات کے جوابات	3
2	کیا امامؑ بھی پیغمبر ﷺ کی طرح منصوص ہوتا ہے؟؟؟	4
3	جب امامت منصوص ہوئی تو مغصوب نہ ہوئی۔ تو خلفاً ثلثہ پر غصب کا الزام لگانا خلاف عقل و نقل نہیں؟؟؟	10
4	امام کیوں منتخب کیے گئے اس کی علت غائی کیا ہے؟	14
5	امام زمانہ حضرت امام مہدی علیہ السلام آج بھی ہدایت پر جلوہ افروز ہیں	14
6	اگر امام المتقین کا لقب سیّدنا علیؑ سے مختص ہے تو پھر ان آیات میں عام مسلمانوں کو درخواست کی تلقین کا کیا معنی؟؟	19
7	اذان میں جب بارہ اماموں کی امامت آپ کے نزدیک منصوص ہے کے اسماء گرامی ذکر کیوں نہیں کیے جاتے؟؟	20
8	فرمایئے اس رتبہ امامت کو آپ رتبۂ نبوت کا عین سمجھتے ہیں یا غیر۔ اگر عین سمجھتے ہیں تو جاعلک کا مفہوم کیا ہے؟	22
9	اگر دونوں صفتوں سے حضور علیہ السلام موصوف ہیں تو وہ صفِ امامت کی تصریح قرآن پاک سے ثابت کیجئے؟	23

Presented by www.ziaraat.com

10	فرمایئے قرآنی اصطلاحات کی روشنی میں آپ کی مزعومہ امامت کا کیا مقام ہے؟	25
11	امام کا لقب ذوی العقول کے لئے ہوتا ہے یا غیر ذوی کے لئے	26
12	فرمایئے یومہ ندعوکل اناس بامامھم میں جن آئمہ کرام کا تذکرہ کیا گیا یہ وہی آپ کے آئمہ کرام ہیں یا ان کے علاوہ کوئی اور ہیں؟	28
13	اور اگر انبیاء ہی مراد ہیں تو ان کو ترک کر کے بارہ امام کیوں مراد لئے جاتے ہیں؟	29
14	کیا جملہ انبیاء علیہم السلام کی اُمتوں کے آئمہ صرف یہی ہیں؟	29
15	اگر ارادۂ الٰہی خداوندی میں بداستسلیم کرلیا جائے تو پھر احسانِ امامت توریت اور تمکین سب کی نفی ہوگی۔ فرمایئے کیا جواب ہیں؟	33
16	لفظ اصحاب کی توضیح پیش کردہ آیات کے جوابات	47
17	صرف دست دنبوت پر بیعت کر کے جنت میں جانے والوں خدا کی طرف سے جو بیعت پر شرط لگائی گئی ہے اس پر بھی تو غور کریں قرآن:	53

Presented by www.ziaraat.com

18	دوسری تفسیر کی جاتی ہے کہ اشداء علی الکفار سے مراد حضرت عمر ہیں	63
19	کیا غیر خدا سے مدد مانگنا شرک ہے یا نہ مانگنا کفران نعمت ہے	66
20	ملاحظہ ہوں آیات وسیلہ اور آیات حق شفاعت بحکم قرآن	86
21	کوئی غیر شیعہ جوان سوالات کا جواب دے دے تو ہم اس کو پچاس لاکھ انعام دیں گے:	94
22	اعتراض عقیدہ امامت شیعت کی اصل بنیاد ہے	105
23	کیا امام انبیاء سے افضل ہیں	138
24	امام مہدیؑ کے بارے میں مستقل تصانیف	150
25	کیا آئمہ طاہرین کو تحلیل وتحریم کا اختیار ہے؟؟	159
26	خُلفاء موعود من اللہ ہوں گے	164
27	اندھے کو اندھیرے میں کیا دُور کی سوجھی	172
28	اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مذہب شیعہ کے پانچوں اصول بیان فرمائے ہیں	176
29	شدید پریشان خواب اواز کثرت تعبیرہا	183
30	کیا آئمہ طاہرین انبیاء کرام کی طرح معصوم ہیں؟؟	183

Presented by www.ziaraat.com

31	امامت الٰہیہ فی القرآن	193
32	اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند بارواں امام فی کتب عالم اسلام (با اختلاف الفاظ)	194
33	یوم دین سے مراد مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف کے ظہور و خروج کا دن ہے	196
34	"ہم صراط مستقیم ہیں	197
35	اور اس شخص نے جس کے پاس علم کتاب کا ایک ادنیٰ جزو تھا	198
36	ذٰلک الکتاب یعنی وہ کتاب سے مراد ائمہ علیہم السلام ہیں	199
37	الف لام میم یہ وہ کتاب ہے	200
37	تفاسیر میں ہے کہ قران مجید میں کل مقطعات تیرہ ہیں	201
39	احتجاج طبرسی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت منقول ہے	204
40	اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا کی مسجدوں میں خدا کے نام کا ذکر کئے جانے کو منع کرے	205
41	اور اللہ تعالیٰ ہی کی ہیں مشرق اور مغرب	206

Presented by www.ziaraat.com

42	اور (وہ وقت یاد کرو) جب کہ ابراہیم کے رب نے اس کا امتحان لیا	207
43	یعقوب پر موت آئی جبکہ اس نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ میرے بعد تم کس کی عبادت کرو گے	208
44	جہاں کہیں بھی تم ہو گے اللہ تم کو ایک جگہ جمع کر دے گا	209
45	اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کرینگے	211
46	اللہ تعالیٰ سرپرست ہے ان لوگوں کا جو ایمان لا چکے	217
47	پھر اس کے پروردگار نے اسے اچھی قبولیت کے ساتھ قبول کیا	222
48	(وہ وقت یاد کرو) جبکہ اللہ نے کہا اے عیسیٰؑ میں تمہاری مدت پوری کرنیوالا ہوں	224
49	اس کے اندر روشن نشانیاں ہیں (منجملہ ان کے) مقام ابراہیم ہے	228
50	ان لوگوں کو بھی اسی طرح کا زخم لگ چکا ہے	233
51	اے اہل ایمان کفار کے مقابلے میں ثابت قدم رہو	238

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

خلافت الٰہیہ اور کردار صحابہ

Presented by www.ziaraat.com

آپ کے کیئے ہوئے
اعتراضات کے جوابات

اے حبیب آپ تو فقط ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کے لئے ایک ہادی ہے (سورۃ رعد، ۷)
اور ہم نے ہر چیز کا علم امام مبین کو عطا کر دیا ہے (سورۃ یسین ۱۲)
اور یہ پوچھتے ہیں کہ کیوں ہمارے رب کی طرف سے کوئی نشانی نہیں آئی، کہہ دو انتظار کرو اور ہم بھی انتظار کر رہے ہیں (سورۃ یونس ۲۰)

﴿علماء دیو بند کا اعتراض نمبر ۱﴾:۔

فرمایئے امامت امارت اور خلافت میں مفہوم کے اعتبار سے کیا فرق ہے؟

جواب نمبر ۱:۔ ہمارے نزدیک مسئولہ الفاظ کے مفہوم مندرجہ ذیل ہیں۔

امامت:۔ دین و دنیا میں پیشوائی کا نام ہے۔ جو دلائل و شرائط اجراء نبوت و ارسال رسل کے ہیں وہی نصب امام کے بھی ہیں یعنی نبی شریعت کا اجراء کرتا ہے اور امام اس کی حفاظت و نگہداشت کرتا ہے۔

امارت:۔ کسی امر میں حکم چلانے کو امارت کہتے ہیں یعنی حاکم بننا نیز یہ لفظ ریاست و اسٹیٹ

Presented by www.ziaraat.com

کے معنی میں بھی استعمال ہوسکتا ہے۔

خلافت :۔ایک کام میں کسی جگہ ہونا، کسی کے بعد باقی رہنا یا کسی کے بعد آنا یعنی کسی کا جانشین بننا یا ولی عہد ہونا، خلیفہ مقرر ہونا، خلافت کہلاتا ہے۔

سوال نمبر ۲:۔

کیا امام بھی پیغمبر کی طرح منصوص ہوتا ہے یا امام کا انتخاب دینی اعتبار سے ممتاز اشخاص کرتے ہیں۔اگر آئمہ کرام بانصِ قرآن منصوص ہوتے ہیں تو اس قسم کی آیت کی نشان دہی فرمایئے جس میں آئمہ کرام کی تعداد اور اشخاص کی تصریح ہو۔

جواب نمبر۲:۔امام کا پیغمبر کی مانند منصوص و معصوم ہونا ضروری ہے۔اور جس طرح اُمت نبی و رسول کو منتخب نہیں کرسکتی اسی طرح افرادِ امت کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ اپنی صوابدید کے مطابق کسی کو امام چُن لیں۔چونکہ آئمہ کرام منصوص ہوتے ہیں لہٰذا نصِ قرآن ملاحظہ فرمایئے سورۃ مزمل آیت نمبر ۱۵ میں ہے کہ تحقیق ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجا۔تم پر شاہد جس طرح ہم نے فرعون کی جانب ایک رسول (حضرت موسیٰ) بھیجا تھا۔آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جناب رسالت مآب حضرت موسیٰ کے مثیل تھے۔ لہٰذا اُمتِ رسول مقبول کو بھی اُمتِ موسیٰ سے مماثلت حاصل ہے۔قرآن مجید سے معلوم ہوتا ہے کہ اُمتِ موسیٰ کے اماموں کا تقرر خود خدا نے کیا۔چنانچہ ارشاد ہے۔ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی۔پس آپ کو تو شک نہیں ہوسکتا اس میں اور ہم نے کتاب کو بنی اسرائیل کے لئے ہدایت قرار دیا۔ ۵۔۲۴ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ط وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ہ اور اُن (بنی

Presented by www.ziaraat.com

اسرائیل) میں ہمارے امر سے ہدایت دینے والے امام ہم نے ہی بنائے جبکہ انہوں نے صبر کیا اور وہ ہماری آیات پر یقین رکھتے ہیں۔ (سورہ سجدہ نمبر ۲۴، پارہ نمبر ۲۱)

اس سے معلوم ہوا کہ اُمتِ موسیٰؑ میں آئمہؑ تعینِ اللہ نے خود کیا تھا ان آئمہ بنی اسرائیل کی شان بھی معلوم ہوگئی کہ ان کے تمام احکام و ہدایت خدا کی مرضی کے مطابق اسی کے امر سے ہوتے تھے یعنی ان سے غلطی و حکم خدا کی نافرمانی کبھی ہو ہی نہیں سکتی تھی یعنی جس طرح تقرر آئمہ کا علان فرمایا اسی طرح عصمت کا اظہار بھی کر دیا گیا۔ اللہ کی سُنّت تبدیل نہیں ہوتی لہٰذا تسلیم کرنا پڑے گا کہ اُمتِ محمدیہؐ کے آئمہ کا تقرر بھی سنت اللہ کے مطابق منجانب خدا ہی ہونا چاہیئے۔ بصورت دیگر اُمت آخری کی فوقیت برقرار نہ رہے گی۔ اب جبکہ آئمہ کا منصوص ہونا بانص قرآن ثابت ہوگیا آئمہ کرام کی تعداد کی تصریح ملاحظہ فرمایئے۔ "اور خداوند عالم نے بنی اسرائیل کا عہد و پیمان لیا اور ان میں بارہ (۱۲) نقیب مقرر کیے۔

نقیب کے معنی ترازو کی زبان یعنی عدل، قول کا بڑا آدمی جو قوم کے حقوق و مفادات کی حفاظت کرے سردار۔ جو لوگوں کے نسبوں سے واقف۔ اور خدا نے (بنی اسرائیل سے) کہا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے ہو۔ اور میرے مقرر کردہ رسولوں پر ایمان رکھو۔ اور خدا کو قرض حسنہ دو تو میں تمہارے گناہوں کو تم سے اتار دوں گا اور تم کو داخل کر دوں گا ان بہشتوں میں جن کے نیچے نہریں ہوں گی۔ پس جو اس عہد کے بعد منکر ہوا تو وہ راہ سے دور بھٹک گیا۔ (سورۃ مائدہ نمبر ۱۲) اس آیت میں خداوند تعالیٰ نے اس بات کا اعلان فرمایا ہے کہ قوم موسیٰؑ میں نقباء کی تعداد بارہ (۱۲) تھی۔ اس قوم سے ان کی پیروی کا عہد لیا گیا ہے۔ تائید کی صورت میں جنت کا وعدہ کیا گیا ہے اور کفر و مخالفت پر ہلاکت کا پیغام دیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بعد نزول آیہ مجیدہ یا ایھا الذین أمنوا اطیعو اللہ و اطیعو الرسو ل و ا ولی الامر منکم ۔یعنی اے مومنو اللہ کی اطاعت کرو، اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اولی الامر کی۔ میں پیغمبر خدا سے پوچھا کہ میں نے اللہ اور اس کے رسول کو تو پہچان لیا۔ اُن کی اطاعت و فرمانبرداری بھی کی لیکن حضورؐ میں نے "اولی الامر" کو نہیں پہچانا۔ جس کی اطاعت کا حکم دیا جارہا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا وہ میرے جانشین ہیں وہ میرے بعد تم پر حاکم و متصرف، نگران و متولی بنائے گئے ہیں۔ ان میں کا پہلا میرا بھائی علیؑ ہے۔ اس کے بعد میرا بیٹا حسنؑ بن حسینؑ (امام زین العابدینؑ) پھر محمدؑ بن علیؑ (امام محمد باقرؑ) اے جابرؓ! جب تو میرے اس فرزند کو پائے تو میرا اسلام پہنچا دینا۔ پھر جعفرؑ بن محمدؑ (امام جعفرؑ صادق) پھر موسیٰؑ بن جعفرؑ (امام موسیٰ کاظمؑ) پھر علیؑ بن موسیٰ (امام علی رضاؑ) پھر محمدؑ بن علی التقیؑ (امام محمد تقیؑ) پھر علیؑ بن محمد التقیؑ (امام علی نقیؑ) پھر حسنؑ بن علیؑ (امام حسن عسکریؑ) پھر م، ح، م، د بن حسنؑ المہدی (امام آخر الزماںؑ) میرا یہ فرزند آخری زمانہ میں زمین کو عدل و انصاف سے اسی طرح پُر کر دے گا۔ جس طرح ظلم و جور سے پُر ہو چکی ہوگی۔ (ینابیع المودۃ علامہ سلیمان قندوزی ص ۳۶۹ اور شواہد النبوۃ ص ۱۹۵) منقولہ بالا روایت سے اشخاص کی تصریح بالترتیب ہو جاتی ہے۔ لہٰذا امام کا معصوم و منصوص ہونا اور آئمہ کرام کی تعداد (۱۲) اور حقیقی آئمہ اثنا عشر کے نام قرآن و حدیث سے ثابت ہیں۔

سوال نمبر ۳:۔ نہج البلاغہ کی اس عبارت کا کیا جواب ہے

"جواب"

انه یا یغی القوم الذین با یعو ابو بکر و عمر عثما ن علی مایا یعو هم علیه فلم لکن للشا هدان

Presented by www.ziaraat.com

یحثا د و لا للغائب ان یر دّ ائما الشو ریٰ للمها جرین (وا لا نصار) دارالانصار فان اجتمعو ا علی رجل و سموہ اما ھا کان اللہ رضی۔

بلاشبہ میری بیعت ان لوگوں نے کی ہے جنہوں نے ابوبکر وعمر وعثمان کے ہا تھ پر کی تھی بالکل انہیں شرائط پر جن شرائط پر ان سے بیعت ہوئی۔ پس مو جود رہنے والے حضرات کو اختیار کا حق نہیں اور غائب کو رد کرنے کا بلاشبہ مشورہ مہاجرین وانصار کا حق ہے۔ پس اگر وہ کسی شخصیت پر متفق ہو کر اسے امام نامزد کرلیں تو اس میں اللہ کی رضا ہوتی ہے۔

جبکہ امام عالی مقام نے واضح کر دیا ہے۔ کہ مہاجرین وانصار کے مشورے سے ہی امامت کا انعقاد ہوتا ہے۔

جواب نمبر ۳:۔ اسی کا اعادہ کیا جاتا ہے کہ دلیل ہمیشہ مسلماتِ خصم سے پیش کی جاتی ہے اس لئے معاویہ کے خلاف حضرت امیرؑ نے گذشتہ حکومتوں کے حالات کو دلیل بنا کر حجت قائم فرمائی۔ آپؑ نے معاویہ کو کہا کہ جس طرح تم لوگوں نے خلفاء ثلاثہ کو امام مانا کہ مہاجرین وانصار نے ان کی تائید کی اسی طرح مجھے بھی ان ہی لوگوں نے تسلیم کیا ہے لہٰذا حسبِ دستور سابقہ اور اپنے عقیدہ کے مطابق تم بھی میری اطاعت قبول کرلو۔ یہ ایسی دلیل تھی جس سے انکار نہ ہوسکتا تھا۔ اور حضرتؑ نے مخالف ہی کے مسلمات سے استدلال کر کے اپنا موقف ثابت کیا۔ نہ کہ آپ نے اصول شوریٰ کو درست تسلیم فرمایا۔ بلکہ حضرت امیرؑ نے معاویہ کے عقیدے کو بھی بیان کر دیا کہ اس نے اور دیگر لوگوں نے اجتماعی خلافت کو

Presented by www.ziaraat.com

رضائے الٰہی سمجھ کر قبول کیا تھا۔

﴿سوال نمبر ۴﴾:۔ جب امیر المومنینؑ نے یہ تصریح کر دی ہے کہ امام کو منتخب کیا جاتا ہے تو فرمایئے آپ لوگ امامتِ منصوصہ کا اعلان کیوں کرتے پھرتے ہیں؟

جواب نمبر ۴:۔ مذکورہ بالا بات صرف عقیدہ معاویہ کے مطابق اس کے اپنے ہی اصول پر حجت قائم کرتی ہے۔ حضرت امیر المومنینؑ خلافت و امامت کو اپنا حق سمجھتے رہے اور انہوں نے کبھی اجماع و شوریٰ وغیرہ کو درست خیال نہ فرمایا۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپؑ کی بیعت ہوئی تو آپ نے اپنے پہلے خطبہ میں فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے اس کے اس احسان پر کہ حق اپنی جگہ پر لوٹ آیا۔ بتایئے اگر انتخاب امام کا حق اُمت کو حاصل تھا تو پھر جناب امیرؑ نے ایسا ارشاد کیوں فرمایا؟ لہٰذا جناب حیدر کرارؑ نے یہ تصریح قطعاً نہیں فرمائی ہے کہ امام منتخب کیا جاتا ہے۔ مگر صرف اتمام حجت کی خاطر معاویہ کے خلاف اس کے مذہب کے مطابق دلیل بیان کی ہے۔ حالانکہ ہم نے سوال نمبر ۲ کے جواب میں از روئے قرآن ثابت کر دیا ہے کہ امام کا تقرر خداوند عظیم کرتا ہے۔ لہٰذا امامتِ منصوصہ کا اعلان ہم اس لئے کرتے پھرتے ہیں کہ یہ اعلان خدائے تعالیٰ نے اپنی کتاب المبین میں کیا ہے۔

﴿سوال نمبر ۵﴾:۔

حضرت امام عالی مقام نے یہ بھی فرما دیا ہے کہ منتخب خلیفے میں خدا تعالیٰ کی رضا ہوتی ہے۔ تو آپ ان خلفا پر ناراض کیوں ہیں؟

Presented by www.ziaraat.com

جواب نمبر۵:۔ حضرت علیؑ نے معاویہ کے عقیدے کو بیان کیا ہے کہ اس نے اجتماعی خلافت کو رضائے الٰہی سمجھ کر قبول کر لیا تھا لہٰذا اب اسے کوئی اعتراض نہ ہونا چاہیئے ۔ کہ لوگوں نے اجتماعی طور پر حضرت کو خلیفہ مان لیا تو تم کیسے میری خلافت کے باغی ہوتے ہو۔ رضائے الٰہی سمجھ کر کیوں تسلیم نہیں کرتے؟ چونکہ معاویہ اور اس کے ساتھیوں کا مذہب یہ تھا کہ جو کچھ ہوتا ہے اللہ کے حکم سے ہوتا ہے۔ ہم عرض کر چکے ہیں کہ فریق مخالف کو اس ہی کے عقائد و مسلمات سے قائل کرنا یہ کبھی دلیل نہیں ٹھہرا کرتا کہ دلیل پیش کر کے قائل کرنے والا بذاتِ خود بھی اس مسئلہ سے اتفاق رکھتا ہو۔ لہٰذا امام معصوم کا یہ ارشاد معاویہ اور اس کے متبعین کے لئے تو حجت ٹھہر سکتا ہے لیکن "امام" کی ذاتی رائے نہیں ہو سکتا چونکہ اجتماعی منتخب خلفا منصوص و معصوم نہیں تھے لہٰذا ہم ان سے مفاہمت نہیں رکھتے کیونکہ بدترین دشمنان دین ابوسفیان و ہندہ کے بیٹے اور یزید کے والد کا کیا اعتبار کیا جا سکتا ہے۔

سوال نمبر ۶:۔ اگر امامت آئمہ کرام کے لئے دربار خداوندی سے منصوص ہوتی ہے تو یہ ایک صفت ہے جس طرح نبوت کسی نبی سے غصب نہیں کی جا سکتی۔ فرمایئے امامت کس طرح غصب ہو سکتی ہے؟

جواب نمبر۶:۔ کسی جھوٹے خدا کا خدائی کا دعویٰ کرنا، کسی کاذب کا دعویٰ نبوت کر دینا عین ممکن اور ثابت ہے۔ جس طرح ان دعووں سے خدائی و نبوت غصب نہیں ہوتی اسی طرح جھوٹے امام کے دعوے سے امام حقیقی کی امامت غصب نہیں ہو سکتی۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ کسی بھی شخص نے کسی امام معصوم کی امامت غصب کر لی بلکہ ہماری شکایت یہ ہے کہ لوگوں نے ایسے افراد کو امام تسلیم کر لیا یا ایسے لوگ خود امام بن بیٹھے جو درحقیقت امامِ منصوص و معصوم نہ تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۷﴾:۔ جب امامت غصب نہیں ہوسکتی تو فرمایئے وہ کون سی چیز تھی جسے (جو) خلفاً ثالثہ نے ان سے غصب کر لی؟

جواب نمبر ۷:۔ امامت عہدۂ خداوندی ہے جسے چھینا نہیں جا سکتا۔ امام عادل و برحق کی موجودگی میں حکومت کا حق اسی کو حاصل ہوتا ہے۔ لہٰذا چونکہ جناب امیر علیہ السلام معصوم و منصوص امام ہیں لہٰذا حکومت کا حق اُن کو تھا لیکن حضرات ثلثہ نے ان کا یہ حق غصب کر لیا اور حکومت پر فائز ہو گئے۔ لہٰذا شے مقبوضہ حکومت دینوی قرار پائی۔

﴿سوال نمبر ۸﴾:۔ جب امامت منصوص ہوئی تو مغصوب نہ ہوئی۔ تو خلفا' ثلثہ پر غصب کا الزام لگانا خلاف عقل و نقل نہیں؟؟؟

جواب نمبر ۸:۔ بلاشبہ منصوص امامت نا قابلِ غصب ہے۔ خلفا' ثلثہ پر غصب کا الزام منصوص امام کے حقوق کو پامال کرنے کی بنا پر لگانا عقل و نقل سے پوری طرح ثابت ہے۔ اور یہ سارے اثبات کتب اہلسنت میں موجود ہیں۔

﴿سوال نمبر ۹﴾:۔ کیا منصوص خلیفہ بھی کسی غیر منصوص خلیفے کے ہاتھ پر بیعت کر سکتا ہے۔

جواب نمبر ۹:۔ نہیں

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۱۰﴾:۔ اگر بیعت نہیں کر سکتا تو احتجاج طبرسی صہ ۵۳ کی اس عبارت کا کیا جواب ہے۔ **ثمہ تناول ید ابی بکر فبا یعہ**۔ اس کے بعد حضرت علیؑ نے ابوبکر کا ہاتھ پکڑا اور بیعت کی؟؟

جواب نمبر ۱۰:۔ علمائے امامیہ نے مذکورہ روایت کو درست تسلیم نہیں کیا ہے۔ بحث میں مسلّمات لائے جاتے ہیں نہ کہ مردود اقوال۔ اگر اس قول کو صحیح مانا گیا ہوتا تو پھر شیعہ سُنّی اختلاف ہی ختم ہو جاتا۔

﴿سوال نمبر ۱۱﴾:۔ اگر انہوں نے بطورِ تقیہ بیعت کی تو فرمایئے کیا حضور علیہ السلام نے اس طرح عمل کیا؟

جواب نمبر ۱۱:۔ اولاً تو حضرت امیرؑ کا بیعت نہ کرنا مکمل طور پر ثابت ہے لیکن اگر بالفرض محال یہ مان لیا جائے کہ انہوں نے تشدد اور دباؤ کے تحت بیعت کر لی یا کسی اور مصلحت کی بنا پر ایسا کر لیا تو بھی یہ عمل، اخلافِ سُنّتِ رسولؐ نہیں ہوگا۔

﴿سوال نمبر ۱۲﴾:۔ اگر نہیں کیا تو کیا امام خلافِ پیغمبر کوئی عمل کر سکتا ہے؟

جواب نمبر ۱۲:۔ امام پیغمبرؐ کے خلاف کوئی عمل نہیں کرتا کیونکہ وہ محافظِ سُنّت ہوتا ہے۔ لیکن مسئولہ عمل قطعاً عملِ رسولؐ کے خلاف نہیں ہے۔ کیونکہ کتب صحاحِ اہلسنت میں کافی احادیث ملتی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ ظالم حاکموں کی اطاعت قبول کر لینے میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ مثلاً مسلم شریف میں ہے کہ سلمہ جعفی نے رسول اللہ کی خدمت میں سوال کیا کہ یا حضرتؐ کیا حکم ہے آپ کا اگر

Presented by www.ziaraat.com

ایسا شخص حاکم بن بیٹھے جو اپنے حقوق تو ہم سے وصول کرے لیکن ہمارے حقوق ہمیں نہ دے۔ سرورِ کائناتؐ نے فرمایا کہ ان کی بات سنو، ان کی اطاعت کرو کیونکہ وہ اپنے فرائض کے جوابدہ ہیں اور تم اپنے فرائض کے (صحیح مسلم جلد نمبر ۲ صہ ۱۲۰) پس سُنی روایت کے مطابق الزام بیعت کی صورت میں بھی مذہب شیعہ محفوظ و مضبوط رہتا ہے۔ حالانکہ حضرت علیؑ نے قطعاً بیعت نہیں کی ہے۔

﴿سوال نمبر ۱۳﴾:۔ اگر حضرت علیؑ مرتضیٰ نے تقیہ پر عمل کر کے ناحق خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی تو سیدنا حسینؑ نے اپنے باپ اور بھائی سیدنا حسنؑ کے خلاف کیوں کیا؟

جواب نمبر ۱۳:۔ حضرت امیر المومنینؑ نے کسی ناحق خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی ہے البتہ آپ نے اپنا حق تلوار سے طلب نہیں فرمایا ہے۔ اسی طرح امام حسن علیہ السلام نے کسی بھی ناحق خلیفہ کی بیعت نہیں کی بلکہ مفادِ امت کے پیش نظر چند شرائط عائد کر کے معاویہ کو حکومت کرنے کا موقع فراہم کیا تھا۔ اگر اس صلح کو بیعت سمجھا جائے تو جہالت ہوگی کیونکہ صلحنامہ کے شرائط از خود ثابت کرتے ہیں کہ معاویہ خلیفہ برحق نہیں تھا۔ باقی رہ گئی بات امام حسین علیہ السلام کی کہ انہوں نے خاموشی اختیار کرنے کی بجائے جہاد کیوں فرمایا تو یہ معاملہ بھی ہم آپ کے امام مُسلم ہی سے حل کروا دیتے ہیں کہ انہوں نے اپنی صحیح میں روایت نقل کی ہے کہ راوی اس کی اُم المومنین اُم سلمہ رضی اللہ عنہا ہیں۔ کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ عنقریب تم پر چند فرمانروا مسلط ہوں گے جو برائیوں کا ارتکاب کریں گے۔ لوگوں نے دریافت کیا کہ ہم نے ان سے برسرِ پیکار ہوں۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں تب تک نہیں۔ (صحیح مُسلم جلد نمبر ۲ صہ ۱۲۲) پس چونکہ یزید ملعون علانیہ فاسق و فاجر تھا منہیات شرعیہ کو رواج دے رہا تھا۔ لہٰذا امامؑ برحق کے لئے ضروری ہوا کہ اس

Presented by www.ziaraat.com

کے خلاف بمطابق سنّتِ رسولؐ جہاد فرمائیں۔ نیز یہ کہ امام حسین علیہ السلام نے بھی اتمام حجت کی خاطر کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ فرمایا کہ جنگی حالات پیدا نہ ہوں مگر تاریخ گواہ ہے کہ یزیدی انتظامیہ نے امن وامان کی تمام رہیں مسدود کر دیں اور امامؑ کے معاملہ در پیش کی نوعیت ہی جداگانہ ہے لہٰذا اس کا تقابل ان کے والد گرامی قدر اور برادرِ صدر سے نہیں کیا جا سکتا ہے۔

﴿سوال نمبر ۱۴﴾:۔ نیز ان حضرات میں سے کون حق پر تھا؟

جواب نمبر ۱۴:۔ تمام آئمہؑ برحق، حق بجانب تھے۔

﴿سوال نمبر ۱۵﴾:۔ اگر آیت میں عترت رسول مقبولؐ مراد لی گئی ہے تو یہ غلط ہے کیونکہ آپ حضرات ان کو معصوم سمجھتے ہیں اور اس میں ظلمات سے نکالنے اور نور ایمان میں لے آنے کا ذکر ہے جو کہ اول زمانہ میں غیر معصومیت پر دلالت کرتا ہے۔

جواب ۱۵:۔ اگر آیت میں عترت رسولؐ بھی مراد لے لی جائے تو بھی مانع معصومیت نہیں ہے کیونکہ نور محمدؐ بہر حال مخلوق نور ہے اور خلقت سے قبل ان کا وجود نہ تھا جبکہ اللہ خالق موجود تھا۔ ظلمات کے معنی صرف گمراہی نہیں بلکہ حقیقی مطلب تاریکی ہے۔ عترت کے لئے ایمان میں لانے کا سوال ہی نہیں جبکہ خود رسولؐ نے حضرت علیؑ کو روزِ خندق فرمایا کہ یہ کُل ایمان ہے۔ پس حسن نے علیؑ کو چھوڑ دیا کُل ایمان کو چھوڑ دیا اور ایمان سے اپنے سارے رشتے منقطع کر لئے خواہ کوئی صحابی ہو یا تابعی۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۱۶﴾:۔ امام کیوں منتخب کئے گئے اس کی علت غائی کیا ہے؟

جواب نمبر ۱۶:۔ اس کا جواب خداوند کریم نے قرآن حکیم میں یوں دیا ہے "ان میں ہمارے امر سے ہدایت دینے والے امام ہم نے ہی بنائے" (سورۂ سجدہ نمبر ۲۴، پ ۲۱) یعنی امام امر الٰہی سے ہدایت دیتا ہے۔ یہی اس کی علت غائی ہے۔

﴿سوال نمبر ۱۷﴾:۔ اگر خدا تعالیٰ نے ان کو اس لئے منتخب فرمایا ہے کہ لوگوں کے ایمان کا تحفظ فرما سکیں تو فرمایئے امام حسن عسکریؑ سے لے کر آج تک جب تمہارے مذہب کے مطابق امام مہدیؑ غار میں غائب ہیں تو آپ لوگوں کی رہنمائی کون کر رہا ہے؟

جواب نمبر ۱۷:۔ امام زمانہ حضرت امام مہدی علیہ السلام آج بھی ہدایت پر جلوہ افروز ہیں اور مکمل رہنمائی پردہ غیبت میں فرما رہے ہیں۔ واضح ہو کہ ہمارا یہ عقیدہ نہیں ہے کہ وہ کسی غار میں چھپے بیٹھے ہیں بلکہ ہمارا ایمان ہے وہ بندوبست قدرت کے مطابق اپنے فرائض منصبی خوش اسلوبی سے ادا فرما رہے ہیں مگر مشیت ایزدی ہے کہ ہماری ظاہر بین نگاہوں کو ان تک رسائی نہیں ہو سکی۔ حالانکہ کتبہ مستند سے قومی شواہد کی روشنی میں یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ بعض حضرات نے شرف ملاقات و زیارت کی سعادت حاصل کی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۱۸﴾:۔ اگر اس وقت بحیثیت امام دنیا میں کوئی موجود نہیں تو اعلاً کلمۃ الحق کی ذمہ داری کن پر عائد ہوتی ہے۔ معصومین پر یا غیر معصومین پر۔ اگر معصومین پر عائد ہوتی ہے تو وہ غائب ہیں اگر غیر معصومین پر تو خلفاً پر اعتراض کیسا؟

جواب نمبر ۱۸:۔ بفضل خدا ہمارے امام دنیا میں موجود ہیں کیونکہ حدیثِ رسولِ مقبولؐ ہے کہ زمین کبھی حجتِ خدا سے خالی نہ ہوگی لہٰذا سلسلہ ہدایت جاری ہے اور یہ منصب صرف معصوم کے لئے مخصوص ہے۔ جس طرح خداوند عالم غائب ہوتے ہوئے بھی نظامِ خداوندی چلاتا ہے اسی طرح اس کا مقرر کردہ ہادی معصوم لوگوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہوتے ہوئے بھی اپنے فرائض بجالاتا ہے۔ ہدایت دینے کی ذمہ داری کسی غیر معصوم پر عائد نہیں کی جاسکتی۔ اُن خامیوں کی روشنی میں غیر معصوم خلیفوں پر اعتراض کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ خلفاً غیر منصوص تھے لہٰذا دین کے شرعی احکام میں ان کے نام نہاد اجتہاد کی وجہ سے کافی تعبیر و تبدیل ملتا ہے ویسے قرآن کی آیت ہے اے ایمان والوں تقویٰ اختیار کرو اور صادقین کے ساتھ ہو جاؤ کے حکم سے صادقین میں سے کسی ھادی کا ہونا لازم آتا ہے دوم اگر کوئی ھادی برحق موجود نہ ہو تو عدل الٰہی کے خلاف ہوگا۔

﴿سوال نمبر ۱۹﴾:۔ سُنا ہے کہ آپ حضرات اثباتِ امامت کے لئے انی جاعلك للناس اماماً سے دلیل قائم کیا کرتے تھے۔ اگر واقعی یہ آیت امامت ابراہیمی کے لئے مُثبت ہے تو فرمایئے کہ آپ آئمہ کی تعداد بارہ (۱۲) حضرات میں کیوں بند کرتے ہیں۔ کیا اس لحاظ سے آپ کے امام تیرہ (۱۳) نہ ہوئے؟

جواب نمبر ۱۹:۔ ہم اب بھی عقیدۂ امامت میں یہ آیت پیش کرتے ہیں اور حضرت ابراہیم کو

Presented by www.ziaraat.com

"امام للناس" تسلیم کرتے ہیں کہ لیکن تیرہواں امام اس لئے نہیں مانتے کہ آئمہ اثناعشر حضرت محمد الرسول اللہ ﷺ کے نائب ہیں اور حضرت ابراہیمؑ کو ان آئمہ میں شمار نہیں کیا گیا ہے۔ بلکہ سچی بات تو یہ ہے کہ ہمارے آئمہ اثناعشر جناب خلیل اللہ علیہ السلام کے بھی امام ہیں کیونکہ آپ جناب بھی محمدؐ کے اُمتی ہیں اور حضرت محمدؐ کا مقام بے انتہا بلند و بالا جس کے سبب ان کے جانشین افضل تر ہیں، اگر آپ حضرات مقام ختم رسالت کو سمجھ لیتے تو اس طرح کے اعتراض نہ کرتے۔

﴿سوال نمبر ۲۰﴾:۔ فرمایئے یہ امامت جس کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے اور وہ امامت جس کا تصور آپ کے ذہن میں موجود ہے ایک ہے یا مختلف؟

جواب نمبر ۲۰:۔ مفہوم کے لحاظ سے ضرور فرق ہے، جس طرح نبوت محمدیہ اور نبوت خلیلیہ میں فرق ہے اسی طرح امامت ابراہیمیؑ اور امامتِ اثناءعشر میں فرق ہے کہ حضرت خلیل اللہ علیہ السلام کی امامت انسانوں تک محدود ہے جب کہ آئمہ اہل بیت رسول العالمین ﷺ کی نیابت کے عہدہ پر فائز ہیں۔

﴿سوال نمبر ۲۱﴾:۔ اگر ایک چیز ہے تو کیا آپ اس امامت کے قائل نہیں جو روزِ اول سے ہوتی ہے اور یہ امامت وہی نہیں جو ابراہیم علیہ السلام کو اب عطا ہو رہی ہے تو پھر دعویٰ وحدت کہاں گیا؟

جواب نمبر ۲۱:۔ کچھ اقدارِ مشترکہ کی بنا پر یہ امامت وہی ہو سکتی ہے جو ابراہیمؑ کو عطا ہوئی لہٰذا دعویٰ وحدت برقرار رہتا ہے۔ مثلاً یہ کہ امام کا تقرر خود خدا کرتا ہے۔ امام معصوم ہوتا ہے۔ یہ عہد ظالم یعنی مشترک و فاسق کو نہیں پہنچتا۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۲۲﴾:۔ نیز یہ امامت تو امتحان کی کامیابی کے بدلے میں مل رہی ہے اور جو امامت اس طریقہ سے حاصل ہوا سے کیسی کہا جاتا ہے حالانکہ جو امامت آپ مانتے ہیں وہ وہبی ہے جواب درکار ہے؟

جواب نمبر ۲۲:۔ ہمارے عقیدے کے مطابق امام پیدائشی امام ہوتا ہے۔ لیکن فطری اصول کے مطابق قدرت اتمام حجت کی خاطر امتحان لیتی ہے جس میں امام کامیاب ہوتا ہے اور اس امتحان کا مقصود علاوہ دیگر باتوں کے ایک یہ بھی ہوتا ہے کہ شرطِ امامت سے آگاہی ہو جائے کہ کسی بھی میدانِ آزمائش میں ناکام رہ جائے والا شخص دعویٰ امامت نہیں کر سکتا۔ پس جو بھی نام نہاد خلیفہ مسائل میں لاجواب رہ جائے اور کسی دوسرے سے ہدایت لینے کا محتاج ہو ہرگز حقدارِ امامت نہیں ہے اسی لئے خطیب سلونی نے اعلان فرمایا کہ "جو مرضی آئے پوچھو کہ علیؑ زمین کی نسبت آسمانی راہوں سے زیادہ واقف ہے"۔

علم امام کو کسی علم سے کوئی علاقہ نہیں ہوتا کیونکہ وہ کسی دنیوی مکتب یا عام بشر سے تعلیم حاصل نہیں کرتا بلکہ اس کا کسبِ علم براہ راست علم سرمدی سے مربوط ہوتا ہے۔ ایسے علم کو علمِ لدنی کہا جاتا ہے۔ اور حضرت ابراہیمؑ کی امامت کو کسبی کہا نہیں جا سکتا ورنہ وہ طریقہ کسب بیان کر دیا ئے؟ واضح ہو کہ لدھیانوی صاحب کے نزدیک اس امامت سے مراد نبوت ہی ہے اور فیصلہ جمہور یہ ہے کہ کسب و جدوجہد سے نبوت حاصل نہیں ہو سکتی ہے۔ پس بمطابق شیعہ امامت اور بقول اہل سنۃ نبوت اگر وہبی نہ مانی جائے تو حضرات کو انکارِ نبوت کرنا ہوگا اور تسلیم کرنا پڑے گا کہ کسب ذاتی سے نبی یا رسول بن جانا ممکن ہے جب کہ اہل اسلام کے نزدیک یہ امر محال ہے۔ اس لئے اتفاق کرنا پڑے گا کہ وہ امامت خلیلی

Presented by www.ziaraat.com

کسبی نہیں بلکہ وہبی تھی۔اور انعقاد امتحان شناخت معیار تعلیم شرط کی غرض سے ہوا۔

﴿سوال نمبر ۲۳﴾:۔ جس طرح جاعل'' کا صیغہ اس آیت میں موجود ہے اسی طرح واجعلنا للمتقین میں بھی موجود ہے۔فرمایئے اگر "جاعل" سے مزعومہ امامت مراد ہے تو "واجعلنا" سے ویسی مراد کیونہیں لی جاسکتی؟

جواب نمبر۲۳:۔ایسی مراد لینے میں کوئی قباحت نہیں ہے جب کہ ہمارے نزدیک کوئی اعتراض نہیں ہے تو معلوم نہیں حضرت صاحب نے کیوں سوال کیا؟

﴿سوال نمبر ۲۴﴾:۔اگر امامت بارہ (۱۲) اماموں میں بند ہے،تو واجعلنا للمتقین اماماً کا کیا جواب ہے جبکہ اس میں سب مسلمانوں کو امامت کی درخواست کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب نمبر۲۴:۔قرآن مجید کے منقولہ الفاظ سے یہ بات ہرگز ثابت نہیں ہے کہ سب مسلمانوں کو امامت کی درخواست کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔آیت موصوفہ اس طرح ہے۔ پ۱۹ ع۷

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ یعنی اور وہ لوگ جو (ہم سے) عرض کرتے ہیں کہ پروردگار ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہم کو متقین کا امام بنا (الفرقان نمبر۷۴) آیت سے چند مخصوص ہستیوں کی دعا گوئی کی تصدیق ہو رہی ہے نہ کہ حکم دیا جارہا ہے۔کہ تمام مسلمان امام بننے کی دُعا کریں۔

Presented by www.ziaraat.com

چونکہ حکم کا ہونا ہی ثابت نہیں ہے لہٰذا اعتراض بے بنیاد ہے مگر یہ وضاحت کر دینا ضروری ہے کہ اس کے مخاطب و مراد حضرات اہلیتؑ ہیں جیسا کہ امام جعفرؑ صادق نے فرمایا کہ "اس سے مراد ہم اہلیتؑ ہیں"۔ (تفسیر قمی) نیز کتب اہلسنت سے ثابت ہے کہ یہ آیت اہلؑ بیت کی شان میں ہے۔ جیسا کہ دیلمی نے لکھا ہے کہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ سرور عالمؐ نے فرمایا کہ پروردگار نے مجھ کو علیؑ کی نسبت وحی بھیجی ہے کہ وہ امام المتقینؑ ہے۔ (ارجح المطالب ص ۲۰)

﴿سوال نمبر ۵۲﴾:۔ اگر امام المتقین کا لقب سیّدنا علیؑ سے مختص ہے تو پھر ان آیات میں عام مسلمانوں کو درخواست کی تلقین کا کیا معنیٰ؟؟

جواب نمبر ۵۲:۔ عام مسلمانوں کو درخواست کی تلقین قطعاً ثابت نہیں ہے۔ اور لقب امام المتقین حضرت علی علیہ اسلام کے لئے مخصوص ہے جس کا ثبوت کتب سُنیہ میں موجود ہے۔ مثلاً عبداللہ بن سعد بن زرارہ سے روایت ہے کہ حضورؐ فرماتے تھے شب معراج جب ہم اپنے پروردگار کے پاس پہنچے تو خدا نے مجھے علیؑ کے تین القاب القا فرمائے کہ وہ سیّد المسلمین، امام المتقین، اور قائد المجلین۔ (ارجح المطالب بحوالہ مستدرک حاکم، حلیہ ابونعیم، مناقب ابن مردویہ و ابن بانع ۵۲) پس چونکہ یہ لقب خود حضورؐ نے بحکم خدا حضرت امیرؑ کو عطا فرمایا اور کسی دوسرے شخص کو یہ لقب آنحضرتؐ نے نہیں بخشا لہٰذا مختصؑ ہے۔ امام المتقین، امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ اسلام سے۔

﴿سوال نمبر ۵۳﴾:۔ اور اگر یہ لقب مختص نہیں تو اذان میں

Presented by www.ziaraat.com

بالخصوص ذکر کرنے کی وجہ کیا ہے؟

جواب نمبر ۶۲:۔ عرض کر دیا ہے کہ یہ لقب مخصوص ہے حضرت امیر علیہ اسلام کے لئے لہٰذا اس تخصیص کے لئے اذان میں ذکر کیا جاتا ہے کیونکہ یہ لقب بارگاہ رسالتؐ سے کسی دوسرے شخص کو نصیب نہ ہوا۔

﴿سوال نمبر ۲۷﴾:۔ اذان میں جب بارہ اماموں کی امامت آپ کے نزدیک منصوص ہے کے اسماء گرامی ذکر کیوں نہیں کئے جاتے؟؟

جواب نمبر ۲۷:۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار نبیوں کی نبوت کی منصوص ہے لیکن اذان میں صرف محمد صلی علیہ وآلہ وسلم کی نبوتؐ و رسالت ک گواہی دی جاتی ہے۔ جو وجہ اس دیگر انبیاء کے اسماء گرامی کے ذکر کرنے کی ہے وہی وجہ دیگر آئمہ کے نام نہ لینے کی ہے۔ دراصل بات یہ ہے کہ حضورؐ سید المرسلین ہیں لہٰذا صرف آپ کا ذکر پورے سلسلہ رسالت کی شہادت کے لئے کافی ہے۔ اسی طرح حضرت علی علیہ اسلام سید الآئمہ ہیں۔ لہٰذا آپ کا ذکر پورے سلسلہ امامت اثناعشر کیلئے محیط ہے۔

﴿سوال نمبر ۲۸﴾:۔ کیا آپ کسی برحق امام سے یہ ثابت کر سکتے ہیں کہ انہوں نے اذان میں اس اہمیت کے ساتھ ولایت علی کا ذکر کیا ہو؟

جواب نمبر ۲۸:۔ جی ہاں، ملاحظہ فرمائیں کہ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا۔ جب بھی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہوں تو ولایت علیؑ کا اقرار بھی کیا کرو۔ (بحار النور جلد نمبر ۱۸ صفحہ نمبر ۱۶۴، احتجاج طبرسی ۲۴، رسالہ اذانیہ ۵ وغیرہ)

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۲۹﴾:۔ کیا آئمہ کرام کا مسلک منصوصیت امامت کے متعلق یہی تھا کہ سب امام منصوص نصب القران ہیں؟

جواب نمبر ۲۹:۔ جی ہاں۔

﴿سوال نمبر ۳۰﴾:۔ اگر امامت ابراہیمی اور امامت آئمہ کرام ایک نہیں تو پھر استدلال کیسا؟

جواب نمبر ۳۰:۔ تقویت دلیل کے لئے۔

﴿سوال نمبر ۳۱﴾:۔ پیش کردہ آیت میں وارد ہے کہ جب ابراہیم علیہ اسلام نے عرض کیا کہ یا اللہ کیا میری اولاد میں سے بھی کوئی امامؑ بنیں گے تو دربار ربوبیت سے جواب ملا یہ میرا وعدہ ظالموں سے نہیں یعنی ظالم امام نہ بن سکیں گے۔ تو اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اماموں کے علاوہ اُن کی اولاد آپ کے نزدیک درجہ امامت فائز ہے یا نہ۔ اگر فائز ہے تو بارہ اماموں میں حصر کی کیا وجہ ہے؟

جواب نمبر ۳۱:۔ آئمہ اثناء عشر علیہم السلام کے علاوہ اولاد ابراہیمؑ میں اُمتِ مسلمہ میں بعد از نبی اکرم ﷺ کوئی دوسرا شخص امام معصوم و منصوص نہیں ہے۔ آئمہ برحق کے لئے حصر کی ظاہری وجہ یہ بھی ہے کہ شرط امامت سے آگاہی ہو جائے کہ کوئی ظالم فرد امام نہیں ہو سکتا ہے۔ اور یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہے عطا کرے۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۲۲﴾:۔ اگر وہ وصفِ امامت سے متصف نہیں تھے تو فرمایئے کہ انہوں نے کون سے ظلم کا ارتکاب کیا؟

جواب نمبر ۲۳:۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد کے سلسلے مشہور ہیں۔ حضرت اسحاقؑ کی اولاد اور حضرت اسرائیلؑ کی اولاد۔ آپ کی ساری اولاد نہ ہی امام ہوئی اور نہ ہی صالح و نیکوکار مثلاً یہ کہ بنی اسرائیل کے اولادِ ابراہیمؑ ہونے سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے اور جناب یعقوبؑ کے فرزندوں کی داستان مشہور ہے اور قصہ یوسفؑ میں ان کے بھائیوں کا ظلم کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اسی طرح حضرت اسمٰعیلؑ سے جو سلسلہ اولاد ابراہیمؑ جاری ہوا اُن میں ظالم لوگ گزرے ہیں مثلاً ہم حضورؐ کے حقیقی چچا ابولہب کی مثالِ ظلم پیش کرتے ہیں حالانکہ ابولہب کے اولادِ ابراہیمؑ ہونے سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔

﴿سوال نمبر ۲۴﴾:۔ فرمایئے اس رتبہ امامت کو آپ رتبہ نبوت کا عین سمجھتے ہیں یا غیر۔ اگر عین سمجھتے ہیں تو جاعلک کا مفہوم کیا ہے؟

جواب نمبر ۲۴:۔ رتبہ امامت و رتبہ نبوت میں فرق ہے۔ جبکہ دونوں بارگاہ خداوندی سے عطا ہوتے ہیں۔ ہم پہلے سوال کے جواب میں وضاحت کر چکے ہیں کہ نبی شریعت کا اجراء کرتا ہے اور امام اس کی نگہداشت کرتا ہے۔ نبی صاحب نبوت ہوتے ہوئے بھی امام ہوسکتا ہے لیکن چونکہ تکمیل شریعت کے بعد کسی نبی کا آنا ممکن نہیں ہے لہٰذا دین اکمل و جامع کے محافظ کو امام کہا جاتا ہے۔

﴿سوال نمبر ۲۵﴾:۔ اگر غیر ہے تو پھر ابراہیم علیہ السلام میں آپ

Presented by www.ziaraat.com

ایسی دوصفتوں کا اجتماع تسلیم کرتے ہیں جن کو حضور علیہ السلام میں تسلیم نہیں کیا کرتے؟

جواب نمبر ۳۴:۔ ہم حضور کو امام الانبیاء تسلیم کرتے ہیں اور آپ کی امامت و رسالت و نبوت سے کسی کو انکار نہیں ہے۔

﴿سوال نمبر ۳۵﴾:۔ اگر دونوں صفتوں سے حضور علیہ السلام موصوف ہیں تو وہ صفِ امامت کی تصریح قرآن پاک سے ثابت کیجئے؟

جواب نمبر ۳۵:۔ تلاوت فرمایئے سورہ آلِ عمران نمبر ۶۸:۔

۶۸ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ط وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ہ

یعنی بے شک حضرت ابراہیم کے والی وہ لوگ تھے جنہوں نے ان کا اتباع کیا اور نبی ﷺ اور صاحبان ایمان اور اللہ مومنین کا ولی ہے۔

خلاصہ مطلب یہ ہے ہوا کہ ذریعت ابراہیمؑ ان کی وراثت نبوت و امامت کے لئے سزاوار ترین وہ ہیں جو کہ ان کے مطیع ہیں اور حضور ختم المرسلین اولی ہیں اور وہ اولی ہے جو کہ ایمان دار ہیں اور خدا والی مومنین ہے۔ یعنی اولی الناس کہ حاکم، سردار، پیشوا و امام بعد حضورؐ اور آپؐ کے بعد تابع فرمان نبی ہیں۔

﴿سوال نمبر ۳۶﴾:۔ اگر تصریح دکھانے سے آپ عاجز ہیں تو ابراہیم علیہ السلام کا رتبہ افضل الانبیاء سے زیادہ تسلیم کرنا پڑے گا۔ فرمایئے کیا جواب ہے؟

Presented by www.ziaraat.com

جواب نمبر ۳۶:۔ ہم نے عاجز رہنے والے لوگوں کو امام ہی نہیں مانا۔

﴿سوال نمبر ۳۷﴾:۔ فرمایئے جس امامت کی بشارت خالقِ کائنات نے سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کو دی۔ سیّدنا ابراہیم علیہ السلام نے اسی کے متعلق اپنی اولاد کے استحقاق کے سلسلے میں سوال کیا یا کسی اور امامت کے سلسلے میں؟

جواب نمبر ۳۷:۔ اسی امامت کے مکمل سلسلہ کے لئے حضرت ابراہیمؑ نے بارگاہ خداوندی میں سوال کیا۔

﴿سوال نمبر ۳۸﴾:۔ اگر وہی امامت ان کی مراد تھی تو کیا ابراہیم کے نزدیک ان کی پوری مستحق امامت نہ ٹھہری اور ابراہیم علیہ السلام کے نزدیک امامت کا حصر معین افراد میں غلط نہ ٹھہرا؟

جواب نمبر ۳۸:۔ حضرت ابراہیم نے جس امامت کی دعا فرمائی اس میں پوری طرح ذریت شامل نہ تھی کیونکہ سرداری و پیشوائی سب کیلئے نہیں ہو سکتی تھی بلکہ یہ دعا عمومی الفاظ میں مخصوص تھی اور خود خداوند نے عہد کیا کہ یہ منصب کسی ظالم کیلئے نہ ہوگا۔ خدا نے دعا قبول کر لی اور عہد فرمایا کہ یہ عہد تیری یہ اولاد کے عادل افراد کو ملے گا تو پھر اس حصر سے ابراہیمؑ کا ناخوش ہونا یا اُسے غلط سمجھنا آنجناب کی غلط سوچ ہی کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔ تمام ذریت کے لئے تمنا نہیں کی بلکہ "ومن ذریتی" عرض کیا ہے۔

﴿سوال نمبر ۳۹﴾:۔ اگر خدانخواستہ دوسرے قسم کی امامت تھی تو کیا

Presented by www.ziaraat.com

ابراہیم علیہ السلام خداوندی حکم کے سمجھنے سے قاصر نہ رہے۔ تشریح درکار ہے۔

جواب نمبر ۳۹:۔ امامت منصوص ہی مراد تھی لہٰذا درکار تشریح کی ضرورت نہیں ہے۔

﴿سوال نمبر ۴۰﴾:۔ امامت مطلق اور مطلق امامت کے درمیان مفہوم کی حیثیت سے کیا فرق ہے؟

جواب نمبر ۴۰:۔ ہمارے ہاں ان اصطلاحوں کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ جبکہ ہم صرف منصوص امامت پر اعتقاد رکھتے ہیں۔ چونکہ یہ تقسیم آپ کے ہاں ہے لہٰذا مفہوم کا فرق دیکھنے کے لئے اپنے امام جناب شاہ محمد اسمٰعیل شہید بریلوی کی کتاب " منصب امامت " کا دوبارہ مطالعہ فرمائیں جہاں سے آپ نے یہ سوال اخذ کیا ہے۔ ہمارے لئے مفہوم بیان کرنا ضروری نہیں ہے۔

﴿سوال نمبر ۴۱﴾:۔ فرمایئے قرآنی اصطلاحات کی روشنی میں آپ کی مزعومہ امامت کا کیا مقام ہے؟ کیا یہ لفظ گمراہ فرقے کے مقتداؤں پر بھی استعمال ہوسکتا ہے یا نہیں؟

جواب نمبر ۴۱:۔ ہمارے اعتقاد کردہ امام کو تائید قرآن حاصل ہے۔ باقی لفظ امام حقیقی اور امام کاذب کیلئے استعمال ہوسکتا ہے۔ جس طرح لفظ اللہ یا ولی وغیرہ خداؤں اور جھوٹے معبودوں کے لئے وارد ہوا ہے۔

﴿سوال نمبر ۴۲﴾:۔ اگر نہیں ہوسکتا تو قاتلوا ئمتھالکفر

Presented by www.ziaraat.com

(التوبہ) کا کیا جواب ہے۔ جبکہ اس آیت میں کفار کے پیشواؤں پر ایسے خاص الخاص لقب استعمال کیا گیا ہے؟

جواب نمبر ۴۲:۔ اپنی معنی مفہوم کے اعتبار سے یہ لفظ بالالحاظ نیک و بد استعمال ہوا ہے۔ لیکن اصطلاح اسلام میں اس کے معنی خاص ہو گئے ہیں لہٰذا یہ معنی عام سے معنی خاص ہو گئے ہیں لہٰذا یہ معنی عام سے معنی خاص کی طرف اس طرح مشہور ہو گیا ہے کہ ہمارے ہاں امام سے مراد امام معصوم لی جاتی ہے۔ اگر لفظی استعمال پر آئیں گے تو پھر شاید ہی کوئی ایسا لفظ بچ سکے جو نیک و بد دونوں گروہوں کے لئے استعمال نہ ہوا، لفظ حدیث کے معنی دعام بات ہوتے ہیں جبکہ ہمارے ہاں اس سے مراد قولِ رسول ہے۔ لیکن قرآن میں یہی لفظ گمراہوں کی فضولیات پر استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح ملت، دین، سنت، وغیرہ دونوں وارد ہوئے ہیں۔ دور نا جایئے تھوڑے عرصے کی بات ہے کہ وزیر اعظم بھارت آنجہانی پنڈت جواہر لال نہرو کو عربوں نے "رسول امن" کہہ دیا تھا۔ فرمایئے کیا نہرو پر اس لفظ کا استعمال حضورؐ کے لئے باعث قدح (نعوذ باللہ) ہو سکتا ہے؟

﴿سوال نمبر ۴۳﴾:۔ اگر کیا گیا ہے تو تخصیص نہ رہی جواب درکار ہے؟

جواب نمبر ۴۳:۔ کسی لفظ کی تخصیص لفظی معنی کی محتاج نہیں ہوتی ہے بلکہ خصوصیت اصطلاحی معنوں سے متعلق ہوا کرتی ہے۔

﴿سوال نمبر ۴۴﴾:۔ امام کا لقب ذوی العقول کے لئے ہوتا ہے یا غیر ذوی کے لئے۔ اگر ذوی العقول کے لئے ہوتا ہے تو توریت شریف کو خدا تعالیٰ نے اس

Presented by www.ziaraat.com

لقب سے ملقب کیوں فرمایا۔ ومن قبلہ کتاب موسیٰ امام وَ (ہود)؟

جوب نمبر۴۴:۔ موقع محل وسیاق کے مطابق لفظ امام ہر مطلوبہ مقام پر استعمال کیا جا سکتا ہے اور اپنے لغوی معنی کے لحاظ سے اس لفظ کا مفہوم سمجھا جا سکتا ہے ذوی عقل کی کوئی قید نہیں ہے۔ البتہ مذکورہ آیت میں امام سے مراد توریت شریف نہیں ہے۔ کیونکہ آیت اس طرح ہے۔ **افمن کان علی بینئہ من ربہ ویتلوہ شاھد منہ ومن قبلہ کتاب موسیٰ اماماً ورحمتہ** حاصل آیہ یوں ہے کہ جو شخص منجانب خدا خلائق پر برہان وحجت کے ساتھ نامور ہوا (نبی) اس کے لئے ایک شاہد کا ہونا جو اُسی میں سے ہو (امام) لازمی ہے۔ اور اسی شاہد یعنی امام کو خدا نے امام ورحمت فرمایا ہے۔ علمائے اہلِ سنت کی کثیر تعداد نے تسلیم کیا ہے کہ یہ آیت رسول مقبولؐ اور جناب امیرؑ کی فضیلت میں اتری۔ دیکھئے فرائد السمطین تفاسیر واحدی، ثعلبی، خصائص طبری، ابونعیم، مناقب ابن مغازی وغیرہ۔

﴿سوال نمبر ۴۵﴾:۔ ذیل کی آیت میں امام کا لفظ شاہراہ پر استعمال کیا گیا۔ اگر واقعہ راستے کو بھی امام کہا جاتا ہے تو تخصیص کا تخیّل قطعاً خلافِ عقل ٹھہرا؟

جواب نمبر۴۵:۔ **وان کان اصحاب الایکتہ لظلمین** اور بلاشبہ بستی والے ظالم ہیں **فانتقمنا منھم وانھما لبامامہ** پس ہم نے ان سے انتقام لیا بے شک دونوں بستیاں شاہراہ پر واقع ہیں۔

جواب نمبر۴۵:۔ آپ کا اعتراض خلافِ عقل ہے کیونکہ ایک کثیر المعنی لفظ معنی لغوی مفہوم کے تحت مطالب میں استعمال ہو سکتا ہے اور ایسا استعمال کبھی اصطلاحی معنیٰ خاص کے لئے مضر نہیں ہو سکتا

Presented by www.ziaraat.com

ہے۔ ورنہ کوئی مثال پیش کیجئے۔

﴿سوال نمبر ۴۶﴾:۔ فرمایئے **یوم ندعو کل اناس بامامھم** میں جن آئمہ کرام کا تذکرہ کیا گیا یہ وہی آپ کے آئمہ کرام ہیں یا ان کے علاوہ کوئی اور ہیں؟

جواب نمبر ۴۶:۔ عرض یہ ہے کہ یہاں آئمہ برحق و آئمہ ناحق سب مراد ہیں۔

﴿سوال نمبر ۴۷﴾:۔ اگر صرف بارہ امام مراد ہیں تو پھر اناس کے مفہوم کو صرف حضور علیہ السلام کی اُمت سے خاص کرنا پڑے گا حالانکہ حشر کے دن آدم علیہ السلام کی پوری اولاد نیز ہر طبقے کے لوگ جمع ہوں گے جن میں آئمہ اخیار بھی ہونگے اور آئمہ اشرار بھی فرمایئے بامامھم سے مراد کون سے آئمہ مراد ہیں؟

جواب نمبر ۴۷:۔ ہاں ہر طرح کے امام سچے اور جھوٹے مراد ہیں۔ اور ہر کوئی جس جس امام کا مامموم ہوگا اس کے ساتھ بلایا جائے گا۔

﴿سوال نمبر ۴۸﴾:۔ آپ کے مسلکی اصول کے پیش نظر امامھم سے مراد انبیاء علیہم السلام بھی لئے جاسکتے ہیں یا نہیں۔

جواب نمبر ۴۸:۔ لئے جاسکتے ہیں۔

﴿سوال نمبر ۴۹﴾:۔ اگر بامامھم سے مراد انبیاء علیہم السلام نہیں تو امتناعی وجوہ بیان فرمایئے؟

جواب نمبر ۴۹:۔ کوئی امتناعی وجہ نہیں ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۵۰﴾ :۔ اور اگر انبیاء ہی مراد ہیں تو ان کو ترک کر کے بارہ امام کیوں مراد لئے جاتے ہیں؟

جواب نمبر ۵۰ :۔ صرف انبیاء کرامؑ ہی مراد نہیں ہیں بلکہ اُمتِ محمدؐیہ کے بارہ معصوم و منصوص آئمہؑ بھی ان میں شامل ہیں۔ انبیاء علیہم السلام کے علاوہ ملّتِ مسلمہ کے حقیقی آئمہ اثنا عشر کی امامت نصوص قطعیہ سے ثابت ہے۔

﴿سوال نمبر ۵۱﴾:۔

کیا جملہ انبیاء علیہم السلام کی اُمتوں کے آئمہ صرف یہی ہیں؟

اور قیامت کے دن سب کو ان کی طرف منسوب کر کے بلایا جائے گا۔ کیا اس ثبوت متفقہ طور پر اہلِ سنت و اہلِ تشیع کی کتابوں میں موجود ہے۔ اگر ہے تو پیش کیجئے؟

جواب نمبر ۵۱ :۔ ہمارے آئمہ اثناء عشر صلواۃ اللہ علیہم نہ صرف آدم تا عیسیٰ علیہم السلام کی امتوں کے امام ہیں بلکہ آنحضرت کے علاوہ تمام انبیاء کے بھی امام ہیں اور اس کا سب سے بڑا اور متفقہ ثبوت اہلسنت و اہل تشیع یہ امر ہے کہ ظہور امام مہدی علیہ السلام کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہمارے امامؑ برحق کے پیچھے بحیثیت مقتدی نماز ادا کریں گے۔ جب انبیاء کرام جو امام بھی ہیں ہمارے سلسلہ امامت کے آخری امام کی امامت تسلیم کریں گے تو یہ بات از خود ظاہر ہے کہ پیروکاران بھی ہمارے ائمہ کی طرف آئیں گے۔ مشہور حنفی عالم مولوی محمد صلح چشتی اپنی کتاب مناقب مرتضوی کے باب اول میں منقبت نمبر ۳ اس طرح نقل کرتے ہیں کہ تمام "انبیاء نے معراج میں جناب رسولِ خدا سے کہا ہم

Presented by www.ziaraat.com

سب لا الہ الا اللہ کی شہادت پر اور آپ کہ نبوت اور علی ابن ابی طالب کی ولایت (امامت) کے اقرار کرنے پر مبعوث ہوئے ہیں۔ اسی طرح میثاق امامت کی تاکید روز الست سے کتب فریقین میں ثابت ہے۔

﴿سوال نمبر ۵۲﴾:۔ اگر تسلیم کرلیا جائے کہ قیامت کے روز حضرت علی مرتضیٰ سے لے کر امام مہدی تک سارے ہدایت یافتہ لوگ ان کے پیچھے اٹھائے جائیں گے تو اس سے جمع انبیاء علیہم السلام کی ہتک نہیں کیونکہ تبلیغ کر کے امت تو حضور جمع فرمائیں اور قیامت کے دن لے جائیں آئمہ کرام؟

جواب نمبر ۵۲:۔ بلکل کوئی ہتک نہیں کیونکہ جب انبیاء اپنے میثاق کے مطابق آئمہ معصومین کی امامت تسلیم کرتے ہیں تو پھر ایفائے عہد باعث عزت وتکریم ہوگا نہ کہ باعث ہتک۔ کسی فوجی کرنیل کے تحت فوج کے دستہ کا اپنے کسی جرنیل کی قیادت میں مارچ کرنا کبھی بھی کرنیل کو ہتک نہیں ہوا کرتا۔

﴿سوال نمبر ۵۳﴾:۔ مرہ العقول شرح الفروع والاصول مطبوعہ ایران میں ہے کہ امام ام سے مشتق ہے اور ام عربی میں ماں کو کہتے ہیں۔ جناب کے نزدیک یہ تفسیر حق و صداقت پر مبنی ہے یا نہیں؟

جواب نمبر ۵۳:۔ یہ تفسیر ہمیں، مرہ العقول میں کہیں نظر نہیں آسکی ہے اگر تکلیف کر کے حوالہ مکمل لکھتے تو اس پر اظہار خیال کیا جاتا۔ تاہم یہ بات درست ہے کہ "امام" "امہ" سے مشتق ہے نہ

Presented by www.ziaraat.com

کہ "اُمّ" کے معنی ماں ہوتے ہیں جبکہ اُمّ کا مطلب قصد کرنا، پیشوا، امام ہونا، اور دماغ میں ہارنا ہونا ہوتا ہے۔ تمام کتاب لغت دیکھی جاسکتی ہیں۔ مگر ذاتی رائے کے مطابق اگر یہ تفسیر تسلیم بھی کر لی جائے تو مضر نہیں ہیں۔

﴿سوال نمبر ۵۴﴾:۔ اگر حق وصداقت پر مبنی ہے تو اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال؟

جواب نمبر ۵۴:۔ یہاں نہ یہ ہی کوئی احتمال ہے اور نہ ہی ابطال استدلال کی گنجائش ورنا ثابت کیجئے۔

﴿سوال نمبر ۵۵﴾:۔ اگر یہ تفسیر صحیح نہیں تو عدم صحت پر دلائل بیان فرمایئے؟

جواب نمبر ۵۵:۔ اوّلاً تو تفسیر مذکورہ محولہ کتاب میں موجود ہی نہیں لہٰذا عدم صحت کا اوّل ثبوت عدم موجود ہے مگر چونکہ حقیر نے اس تفسیر کو باعثِ ضرر نہیں تسلیم کیا لہٰذا ایسے دلائل کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتا ہوں۔

﴿سوال نمبر ۵۶﴾:۔ نیز تقدیر تسلیم جب سلسلہ نسب والد سے چلتا ہے تو والد کے نام سے قیامت کے دن کیوں پکارا جائے گا؟

جواب نمبر ۵۶:۔ یہ سوال ہماری ناقص سمجھ سے باہر ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ شاید معترض سے سہو ہو گیا ہے والدہ کے بجائے والد لکھا ہے۔ تاہم اگر حسب فہم سوال ہے تو جواب یہ ہے کہ اللہ ستار العیوب ہے لہٰذا والدہ کے نام سے اٹھائے گا تا کہ غیر احلالی لوگوں کا پردہ فاش نہ ہو ممکن ہے کسی مشہور

Presented by www.ziaraat.com

ہستی کا حرام زادہ ہونا نشر ہو جاتا۔

﴿سوال نمبر ۵۷﴾:۔ اگر امام کا معنی شاہراہ لیا جائے جیسا کہ گزر چکا ہے اور یوں پکارا جائے اے فلاں مسلک والو تو اس میں کیا حرج ہے؟

جواب نمبر ۵۷:۔ شیعان اہل بیتؑ کو تو اس میں جرح نہیں کے کہ شیعہ کے اصلاحی معنی یہ پیرو رکارانِ علیؑ و فاطمہؑ ہیں۔ لیکن ایسی صورت میں سُنیوں کے لئے افتراق ہوگا کہ کہا جائیں گا، مالکیو! شافعیو! حنبلیوں! حنفیو! وہابیو! چکڑالویو وغیرہ۔

﴿سوال نمبر ۵۸﴾: آیت کے سیاق وسباق سے پتہ چلتا ہے کہ اس آیت میں امام کا اطلاق اعمالناموں پر کیا گیا ہے۔ فرمایئے کیا رائے ہے؟

جواب نمبر ۵۸:۔ لفظ امام کا اطلاق اعمالناموں پر ہونا ہمارے مذہب کے کے باعثِ نقصان نہیں ہے۔

﴿سوال نمبر ۵۹﴾:۔ قرآن مجید میں ہے **وجعلنا همه آئمة يهدون با مرنا**۔ ضمیر ھمہ کا مرجع بیان فرمایئے؟

جواب نمبر ۵۹:۔ آیت کے لفظ یوہیں "**وجعلنا هم آئمة يهدون با مرنا**" اور ضمیر "**همه**" اولاد یعقوب علیہ السلام یعنی بنی اسرائیل کی طرف راجع ہے۔

﴿سوال نمبر ۶۰﴾:۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ جن حضرات کو اہل

Presented by www.ziaraat.com

تشیع امام منصوص مانتے ہیں کیا ان کو دنیا میں سلطنت اور تمکین فی الارض (قوت) نصیب ہوئی یا نہیں؟؟

جواب نمبر ۶۰:۔ شیعوں کے اکثر آئمہ طاہرین کو نہ ہی سلطنت وقوت حاصل ہوئی اور نہ ہی ظاہری حکومت۔ تفصیل آگے آرہی ہے۔

﴿سوال نمبر ۶۱﴾:۔ اگر ہوئی تو اسرار خلاف واقع ہے الا ماشاءاللہ اور اگر نہیں ہوئی تو ارادہ خداوندی کا کیا مطلب رہا؟

جواب نمبر ۶۱:۔ ارادۂ خداوندی کا مطلب اگلے اعتراض کے جواب میں ملاحظہ فرمائیں

﴿سوال نمبر ۶۲﴾:۔ اگر ارادۂ الٰہی خداوندی میں بداء تسلیم کرلیا جائے تو پھر احسانِ امامت توریت اور تمکین سب کی نفی ہوگی۔ فرمایئے کیا جواب ہیں؟

جواب نمبر ۶۲:۔ ہمیں کوئی ضرورت نہیں ہے کہ اس موقعہ پر ارادۂ الٰہی میں بداء تسلیم کریں یا احسان امامت توریت شریف اور تمکین وغیرہ کی نفی کریں۔ لہٰذا اعتراضات کے مکمل جواب سے قبل ہم منقولہ آیات کو سیاق وسباق کے ساتھ دوبارہ لکھتے ہیں۔

۲۵ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ ۲۶ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ ۲۷ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ

Presented by www.ziaraat.com

الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَنُرِىَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝ (القصص ۲ تا ۶)

(اے رسولؐ) یہ واضح و روشن کتاب ہے۔ ہم تمھارے سامنے موسیٰ اور فرعون کا واقعہ قومِ مومنین (کے نفع کے لئے) ٹھیک ٹھیک بیان کرتے ہیں۔ بے شک فرعون نے زمین میں بہت سر اُٹھایا تھا۔ اور اس نے وہاں کے باشندوں کو گروہ گروہ کر دیا تھا اور اُن ہی (گروہوں) میں سے ایک گروہ کو عاجز کر دیا تھا کہ ان کے بیٹوں کو ذبح کرا دیتا اور ان کی عورتوں کو زندہ رہنے دیتا تھا۔ بلاشبہ وہ فسادیوں میں سے تھا اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ جو لوگ روئے زمین پر کمزور کر دیے گئے ان پر احسان کریں اور ان کو امام بنائیں اور ان کو وارث بنائیں اور ان کو زمین پر پوری قوت عطا کریں۔ اور فرعون اور ھامان اور دونوں لشکروں کو ان ہی کمزوروں کے ہاتھ سے وہ چیزیں دکھائیں جس سے یہ لوگ ڈرتے تھے۔

خداوندی حکیم نے ان آیات میں حضرت موسیٰؑ اور فرعون کا واقعہ بطورِ تمثیل بیان کیا ہے۔ کہ فرعون ملعون زمین پر ظالم و جابر حکمران تھا۔ اس نے رعایا کو متفرق کر دیا تھا اور ایک فرقہ شیعہ پر ظلم و ستم کا پہاڑ توڑ کر عاجز کر رکھا تھا۔ اس گروہ کی نرینہ اولاد کو ذبح کر دیتا تھا اور عورتوں کو مغموم حالت میں میں زندہ چھوڑ دیتا تھا۔ اور اس کے اس فساد نے اس مخصوص گروہ کو ضعیف کر رکھا تھا۔ مگر کسی بھی ظالم و

Presented by www.ziaraat.com

مفسد کو خدا امام نہیں بناتا ہے خواہ وہ کتنا ہی صاحبِ جاہ وحشم ہو اور وسیع مملکت وقوی اقتدار کا حامل ہو، بلکہ اللہ کی مرضی وارادہ یہ ہے کہ وہ اپنا احسان بظاہر کمزوروں ومظلوموں پر کرتا ہے، یعنی ذاتِ خداوندہ ہرگز ظالم ومفسد پر احسان نہیں کرتا خواہ وکتنا ہی بڑا بادشاہ کیوں نہ ہو۔ بلکہ اس کا احسان اُن کمزوروں کے لیے ہے جو ظلم وستم برداشت کرتے ہیں اور مشیت الٰہی یہ ہے کہ وہ ان مظلوموں کو امام بنائے، یہ ضروری نہیں ہے ان کو شاہی تخت دے کر بادشاہ سلطنت ظاہری بنائے بلکہ وہ امام بناتا ہے جو دین ودنیا میں پیشوائی کرتا ہے۔ اور ایسے ہی مظلوم اماموں کو رب العزت وارث بناتا ہے۔ اور وارث اسے کہتے ہیں جس کی طرف کوئی چیز منتقل ہو کر پہنچے اور میراث امرِ ہدایت کی ہے نہ کہ دنیاوی جائیداد یا ریاست کی اور آئمہ کو زمین پر پوری قدرت عطا کرتا ہے اور یہ قوت وقدرت بھی شاہی طاقت نہیں ہے بلکہ دیکھنے میں وہ امام کمزور ہاتھ نظر آتے ہیں لیکن ان ہی بظاہر ناتواں ہاتھوں میں یہ جوہر قدرت ہوتی ہے کہ صاحب سلطنت اُن کے ہاتھ دیکھ کر لرزتے ہیں۔

ان آیات میں کسی صورت سے بھی یہ ثابت نہیں ہے کہ آئمہ کے لئے حاملِ حکومت ہونا شرطِ امامت ہے کیونکہ قصہ فرعون وموسیٰ کا ہے پیشوائی موسیٰؑ کے پاس تھی اور آخری دم تک تاج وسلطنت فرعون کے پاس رہا۔ چنانچہ باوجود محرومی سلطنت واقتدار کے موسیٰؑ امام ٹھہرے اُن کو وارث ہدایت بنایا گیا اور بادشاہ نہ ہوتے ہوئے اُن کو اللہ نے زمین پر یہ تصرف دیا کہ ارض تابع فرمان تھی کہ ارض پر دریا پر لاٹھی مار کر راستہ بنا کر اپنا تصرف روحانی وشانِ امامت کا ثبوت دیا۔ بظاہر کمزور ہاتھوں سے عصا تھام کر جابر حکمران کے چھکے چھڑائے اور ید بیضاء سے اس کے ہوش وحواس گم کر دیئے، پس مندرجہ بالا آیات سے شانِ امامت معلوم ہوئی کہ امام منصوص کے لئے تخت وتاج ضروری نہیں ہے بلکہ وہ ہادی ہوتا ہے علوم الٰہی کا وارث ہوتا ہے اور زمین پر تصرف پر رکھتا ہے، حاکم صاحبانِ سلطنت ہوتے ہوئے بھی ہمیشہ اس سے خائف رہتے ہیں چنانچہ ارادہ خداوندِ کریم آئمہؑ کے لئے کیا ہمارے آئمہؑ پورا ہوتا ہے کہ وہ سب کے سب مظلوم رہے۔ حکمران ہمیشہ

Presented by www.ziaraat.com

ان سے خائف رہے۔ علم میں ان کا کوئی ثانی نہیں اور کتاب علوم فرقان حمید اُن سے اس طرح ساتھ ہے کہ دونوں میں جدائی نہیں ہے۔ ارض پر تصرف تو رہا ایک طرف ہمارے ہی آئمہ کی شان ہے کہ ڈوبا سورج لوٹا دیا۔ اور لوگوں نے خدا ہونے کا گمان کر لیا۔ اگر یہ اوصاف کسی اور میں موجود ہوں تو ظاہر کر دیجئے۔ خدا کا احسان، امامت، توریت اور تمکین تمام ثبت قرار پائیں۔

﴿سوال نمبر ۶۳﴾:۔ وجعلناهم آئمة يدعون اله النار ويوم القيامة لا ينصرون۔ اور بنا دیا ہم نے خود آپ امام جو دیتے ہیں آگ کی طرف دعوت اور قیامت کے دن ان کی مدد نہ کی جائے گی۔ اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ کفار کے اماموں کی امامت بھی خدا ہی کرتا ہیں جیسا کہ جعلنا کے صیغہ سے عیاں ہے۔ فرمایئے ان کی امامت کو آپ حضرات منصوص کیوں نہیں کہتے جبکہ جعل کا صیغہ سب آیتوں میں مذکور ہے؟

جواب نمبر ۶۳:۔ چلئے آپ کی یہ بات مان لی کیونکہ "جعل" ٹھہرانے اور قرار دینے کے معنی ہو سکتے ہیں۔ اور خدا نے آئمہ ضلالت کہ داعی جہنم قرار دیا ہے۔ آپ کو خوش کرنے کی خاطر یہ بھی گوارہ کرتا ہوں کہ آئمہ ضلالت کا تقرر بھی خدا نے کر دیا لیکن آخر اس میرے ذاتی اقرار سے آپ کے مذہب کو کیا فائدہ جبکہ بیان کر دیا گیا ہے کہ ایک لفظ مستحق مقام پر بھی بولا جا سکتا ہے اور مقدوح جگہ پر بھی۔ یہ طریقہ ہر زبان میں اختیار کیا گیا ہیں۔ جیسا کہ ہم نے پیچھے لکھا ہے کہ عربوں نے محمدؐ کو بھی رسول کہا اور پنڈت نہرو کو بھی۔ لیکن دونوں رسالت مین زمین آسمان کا فرق ہیں۔

﴿سوال نمبر ۶۴﴾:۔ دیکھئے اس آیت میں قائدین ظلمت پر بھی

Presented by www.ziaraat.com

آئمہ کا لفظ اطلاق کیا گیا ہے تو تخصیص کہاں رہی؟

جواب نمبر ۶۴:۔ صرف آپ کی سمجھ کا فرق ہے ورنہ ہدایت و گمراہی میں امتیاز پیدا نہ کر کے دراصل اس آیت میں تخصیصی پہلو ہے کہ آئمہ ضلالت اور آئمہ ہدایت میں فرق ہوتا ہے کہ اوّل ذکر جہنم کی دعوت دیتے ہیں اور موخر الذکر جنت کی ضمانت۔

﴿سوال نمبر﴾:۔ وجعلنا منھم آئمة یھدون با مرنا لما صبرود کانو آبا یتنا یو قنون۔ اور بنائے ہم نے ان میں سے امام بلاتے ہیں لوگوں کو ہمارے امر سے جونہی کے انہوں نے صبر کیا اور تھے ہماری آیات سے یقین رکھتے۔ اس آیت میں صبر کی جزاء پر منصبِ امامت کا عطا ہونا ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ صبر کی جزاء میں منصب امامت عطا ہونا ذکر کیا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ درجہ امامت نہ تو مزعومہ معینہ آئمہ پر بند ہے اور نہ امامت وہبی ہوتی ہے۔

جواب نمبر ۶۵:۔ اس آیت سے ہرگز یہ ثابت نہیں ہو رہا کہ صبر کی جزا میں منصب امامت عطا ہوتا ہے بلکہ اظہار شرط ہے کہ امام صابر ہوتا ہے اور حامل ایقان۔ اللہ تعالیٰ بلاوجہ کسی کو امام مقرر نہیں کرتا بلکہ اس کا بنایا ہوا امام صابر ہوتا ہے۔ اور صبر کی تعریف یہ ہے کہ مجبور نہ ہو بلکہ مختار ہوتے ہوئے بھی صبر کرے۔ نیز یہ کہ امام صاحبِ یقین ہوتا ہے اور اس کے دل میں شک کبھی پیدا نہیں ہوتا ہے۔ صبر و یقین کے معیار پر سوائے آئمہ اثنا عر علیہم السلام کے اور کوئی بھی شخص پورا نہیں اتر سکا، لہٰذا ہم کھلا چیلنج دیتے ہیں کہ کوئی بھی نقلی امام معیار صبر اور یقین پر ہمارے آئمہ برحق سے افضل دکھا دیا جائے تو ہم قائل ہو جائیں گے۔ یہی دونوں معیار امامت کے وہبی ہونے کی روشن دلیل ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

اس اعتراض کی تردید بصورت دیگر ہے کہ معترض کے نزدیک امام سے مراد نبی ہے۔ اگر نبوت کسبی ہوسکتی ہے تو امامت بھی ہو سکے گی ورنہ سوچ لیجئے توہینِ نبوت ہوگی۔ کیونکہ آپ کے زعم کے مطابق امامت سے مراد نبوت ہے۔

﴿سوال نمبر ۶۶﴾:۔ نیز اس آیت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ جن کو بارگاہِ خداوندی سے منصب عطا ہوتا ہے ان سے اللہ تعالیٰ تبلیغ دین اور اعلانِ حق کا کام لیتا ہے اور اگر کسی امام سے یہ فرائض ادا نہ ہو تو سمجھا جائے گا کہ یہ منصب امامت پر فائز نہیں ہیں۔ فرمایئے ان حالات میں تقیہ کے تصور کیا حقیقت رہتی ہے؟

جواب نمبر ۶۶:۔ چونکہ حکم تقیہ بذات خود تبلیغ دین میں شامل ہے اور اعلان حق ہے۔ لہٰذا تقیہ منصب امامت کے لئے کسی نقص کا باعث نہیں ہے۔ افسوس ہے آپ نے اپنے مرشد اسمٰعیل شہید صاحب کی منصب امامت دیکھی پھر نہیں دیکھی۔ امامت باطنہ کے ضمن میں موصوف نے اس بات پر سیر حاصل بحث کی اور تسلیم کیا ہے کے منصب امامت کے لئے سیاسی اقتدار ضروری نہیں ہے۔ مطالعہ کر کے اپنے شکوک وشبہات دور کر سکتے ہیں۔

﴿سوال نمبر ۶۷﴾:۔ اعلائے کلمۃ اللہ کے فقدان سے امامت کی نفی معلوم ہوتی ہے آیت کی تشریح درکار ہے؟

جواب نمبر ۶۷:۔ تقیہ حکم دین ہے قرآن وحدیث سے مکمل طور پر ثابت ہے عقل ونقل کی تائید سے تقیہ معقول ہے۔ لہٰذا تقیہ پر عمل کرنے سے امامت کے نفی نہیں معلوم ہوتی بلکہ یہ عمل اعلائے کلمۃ

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کے تحت ہے کے اس وسوسہ کا شافی جواب بھی منصب امامت میں اسی جگہ شاہ اسمٰعیل صاحب نے تحریر کیا ہے۔

﴿سوال نمبر ۶۸﴾ :۔ من قبلہ کتاب موسیٰ ہے جو امام بھی ہے اور رحمت بھی۔ اس آیت میں (کتاب) توریت پر امام کا لفظ اطلاق کیا گیا ہے تو لامحالہ آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ امامت کا مفہوم ہر ف (صرف) وہی نہیں ہے جو آپ حضرات کے تخلیل میں مسلمات سے ہے؟

جواب نمبر ۶۸ :۔ ہم امانت کے دیگر مفہومات سے انکار نہیں کرتے البتہ ہمارا عقیدہ امامت خاص مطالب رکھتا ہے اور امامت کے معنی خاص اس قدر معروف ہیں کہ بلا قرینہ ہم امامت سے مراد نیابت رسول سمجھتے ہیں۔

﴿سوال نمبر ۶۹﴾:۔ آیت مباہلہ بھی شہادتِ امامت کے لئے پیش کی جاتی ہے فرمایئے اس کا پیش کیا جانا بطور استدلال کے ہوتا ہے یا بطور تائید کے؟

جواب نمبر ۶۹ :۔ آیت مباہلہ دونوں طریقوں سے ثبوتِ امامت ہے۔

﴿سوال نمبر ۷۰﴾:۔ اگر بطورِ استدلال کے لئے تو یہ خلاف واقع ہے کیونکہ اس واقعہ سے یوم مباہلہ حضور علیہ السلام نے استنباط نہیں کیا؟

جواب نمبر ۷۰ :۔ آیت مباہلہ دلیل ہے کہ حضرت علیؑ نفسِ رسولؐ ہیں لہٰذا نفس رسول کا اعزاز پا کر از روئے قرآن حضرت امیرؑ وارث و قائم رسولؐ قرار پا جاتے ہیں۔ جو شخص رسولؐ کا نفس ہوگا وہ تمام امت سے افضل ہوگا اور یہ فضیلت معیارِ امامت ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿سوال نمبر ۷۱﴾:۔ اور اگر بطور تائید ہے تو بھی خلاف عقل ہے کیونکہ مباہلہ سے مقصد ظالموں پر لعنت کرنا ہے اور شبِ ہجرت تحفظ رحمت تھا جس سے غرض ظالموں پر لعنت ہو وہ تو مستحق ٹھہریں اور جس صدیق اکبر کو شب ہجرت ساتھ لے جائیں جس کا مقصد تحفظ رحمت تھا وہ منصبِ امامت سے کیوں محروم رہیں؟

جواب نمبر ۷۱:۔ واقعہ مباہلہ تاریخ اسلام میں بہت اہمیت کا حامل ہیں لیکن آپ پر سخت تعجب ہے کہ آپ نے استدلال تسلیم کرنے کو خلاف واقع قرار دیا ہے حالانکہ تمام تواریخ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جب حضرت ابوبکر مسلمانوں کے بادشاہ بنے تو انہوں نے انصار کے سامنے اپنا قرابت اور رسولؐ ہونا دلیل بنایا اور کہاں کہ ہم قریش جو کہ خاندانِ رسولؐ ہے کہ علیؑ نفسِ رسولؐ ہیں اور ان کے دونوں بیٹے فرزندِ پیغمبرؐ ہیں۔ لہٰذا آیت مباہلہ خود عمل ابوبکر سے دلیل و تائید ثابت ہوئی۔ لہٰذا آپ کو حضرت ابوبکر کی مخالفت کرنا زیب نہیں دیتا۔ یہ بات عقل کے عین مطابق ہے کہ جن افراد کو حضورؐ اپنے وارث، فرزند اور نفس قرار دیں۔ بعد از رسولؐ ان کو مراتب و فضائل سے گرانے کی کوشش کیجائے۔ مباہلہ کا مقصد صرف یہی نہ تھا کہ ظالموں پر لعنت کی جائے بلکہ یہ ایک حق و باطل کی کسوٹی تھا جیسا کہ آیت شانِ نزول کو اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ یہ واقعہ حضورؐ کے وقت کا ہے کہ نجران کے عیسائی حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پیغمبر کریمؐ نے خاطر تواضع فرمائی۔ مسجد نبوی میں ٹھہرایا اور وہاں وہ اپنے طریقے سے عبادت بھی کرتے تھے۔ حضورؐ نے آدمؑ کی مثال دیکر ان کو سمجھایا کہ الوہیت و انبیت مسیح کا عقیدہ درست نہیں ہے۔ لیکن نصاریٰ پر اس وعظِ رسولؐ کا کوئی اثر نہ ہوا۔ آخر حضورؐ نے ان سے قسما قسمی کرنا چاہی جس کو اصطلاح اسلام میں مباہلہ کہتے ہیں آپؐ اپنی صاحبزادی سیدہؑ و صدیقہ، حسنینؑ شریفین اور حضرت علیؑ کو لے کر میدان مباہلہ میں تشریف لے جانے کے لئے چلے مگر نصاریٰ نجران بھاگ گئے۔ صاحب تفسیر کشاف کی رائے ہے کہ آلِ عبا کی فضیلت میں اس سے بڑھ کر اور کوئی دلیل

Presented by www.ziaraat.com

نہیں کیونکہ جس وقت یہ آیت اتری تو جناب رسولؐ خدا نے ان چار بزرگوں کو بلایا جناب امام حسینؑ کو گود میں لیا اور امام حسنؑ کا ہاتھ پکڑا، حضرت فاطمہؑ اور جناب امیرؑ پیچھے پیچھے تشریف لائے۔ پھر حضورؐ نے فرمایا جب میں دعا مانگوں تو تم آمین کہنا اسقب لارڈ بیشپ نے عیسائیوں سے کہا اے عیسائیوں ایسے چہرے نورانی دیکھتا ہوں اگر خدا سے دعا مانگیں کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائے تو خدا اس کو اپنی جگہ سے ہٹا دے گا۔ تم ان سے مباہلہ مت کرو۔ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ اور زمین پر کوئی بھی نصرانی باقی نہ رہے گا۔ پس ان کے لارڈ پادری نے آکر عرض کیا کہ ہم مباہلہ نہیں چاہتے جزیہ قبول کیا آنحضرت ﷺ نے فرمایا اگر یہ نصاریٰ لوگ مباہلہ کرتے تو خنزیر اور بندر ہو جاتے، اور اس وادی میں آگ لگ جاتی۔ **(تفسیر کشاف جلد نمبر ا صفحہ نمبر ۳۰۷) (تفسیر کبیر جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۶۹۹، تذکرہ خواصالامۃ صفحہ ۹)**

اس مباہلہ میں دراصل تصدیق نبوت و رسالت اور حقانیت دین اسلام کی ضرورت تھی محض لعنت فرمانا مقصود ہرگز نہ تھا، یہ مباہلہ حضرات پنجتنؑ پاک کی تمام صحابہ پر فضیلت کی دلیل ہے اور ان سب کو صدیق اکبر، مصدق نبوت، شاہد رسالت اور حجت حقہ ثابت کرتا ہے۔ کیونکہ آنحضرت نبی مکرمؐ سچے رسول نہ ہوتے تو اپنی اولاد طاہرہ کو ایسے پُرخطر مقام پر ہرگز لے جانے کا قصد نہ کرتے جہاں کہ عذاب کا احتمال تھا۔ مگر یہ ہستیاں بلا خوف و خطر یقین کامل کے ساتھ اللہ کی راہ میں جان فدا کرنے کو حاضر ہو جائیں۔ چنانچہ ہمیشہ مخالفین اسلام کے مقابلہ میں پنجتن پاکؑ ہی اپنی ہر قسم کی قربانی پیش کرتے رہے اور اسلام کو محفوظ رکھا۔ باقی باتوں کے علاوہ ایک انتہائی لطیف اور سبق آموز نکتہ یہ ہے کہ جو بھی ان پاک نفوس کے مقابلے میں آئے گا وہ ملعون ہوگا۔ اب خود فیصلہ کر لو کہ جن کی صداقت پر غیر مسلم یقین کر کے مقابلہ سے دستبردار ہو گئے آپ کے صدیق نے اُن ہی پنجوں کو جھوٹا قرار دے کر آپ کے مبینہ مقصد کی زد میں آ گئے۔ علی مدالبیان مباہلہ صرف لعن طعن سے غرض سے نہ تھا بلکہ حفاظت دین کے لئے تھا۔ اور چونکہ دین کی پیشوائی کا منصب معصوم ہستیوں کے لئے وقف ہے لہٰذا حضورؐ نے کسی ایک بھی غیر معصوم کو ساتھ نہ لیا اور عملاً اس بات کو واضح کر دیا کہ دنیا جس

Presented by www.ziaraat.com

کو مرضی صدیق اکبر سمجھے یہ ضروری نہیں ہے کہ اس مزعومہ فرد کو خدا اور رسول بھی ایسا ہی بتائیں ورنہ مباہلہ میں ضرور حضورؐ اور بھی صدیقوں کو شامل فرما لیتے۔

آنجناب نے روز مباہلہ اور شب ہجرت میں موازنہ کیا ہے اور میدانِ شناخت حق و باطل کو محض لعنت کدہ سے تعبیر کر کے روز مباہلہ کی فضلیت سے انکار کیا ہے جبکہ شب ہجرت شب برات سے کم نہیں کہ روز مباہلہ روز عید ہے اور شبِ ہجرت شب برات سے کم نہیں لیکن اتنا فرق ضروری ہے کہ مباہلہ کا دن حق و باطل کے فیصلے کا دن تھا۔ اور ہجرت کی رات بظاہر پر مصائب تھی کہ سید المرسلین کو شہر بدر نہ ہونا پڑا، ذرا گستاخی کروں کہ حق کو میدان چھوڑ کر جانا پڑا۔ عام الفاظ میں باطل سے بھاگنا پڑا۔ مگر نہیں دراصل حق مغلوب ہونے کے لئے آیا ہی نہیں ہے۔ اگر ایک حق نے جگہ چھوڑی تو دوسرا حق اس پر قائم مقام ہوا۔ کیونکہ خلافت و امامت قائمقامی میں پیشوائی کا نام ہے لہٰذا ہم اس واقع پر فیصلہ کئے لیتے ہیں جب کوئی حاکم کو کسی دوسری جگہ دورے پر جاتا ہے اس کی کرسی پر جو عہدہ دار اس کے فرائض کی نگہداشت کرتا ہے اسے قائمقام کہا جاتا ہے۔ نہ کہ اس افسر کے ساتھ دورہ پر جانے والے افراد کو قائمقام کہا جاتا ہے۔ شب ہجرت حضورؐ نے تمام امور کا چارج عملاً حضرت علیؑ کو عطا کیا۔ امانتیں سپرد کیں۔ اہلِ خانہ کی حفاظتی ذمہ داریاں عائد فرمائیں۔ اپنا بستر حوالے کیا۔ ضروری و متعلقہ ہدایات و احکامات صادر فرمائے اپنا ولی عہد مقرر فرمایا، اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے مرضاتِ خداوندی کی کنجیاں لے کر تمام خزانے حوالے کر دیے۔

جبکہ حضرت ابوبکر کو نہ ہی جانشین مقرر کیا اور نہ ہی ساتھ لے کر جانے کا حکم دیا بلکہ حضرت صاحب خود ہی پیچھے ہو لئے کہ شاید حضورؐ جب دورے پر تشریف لے جا رہے ہیں تو خوب خاطر تواضع ہوگی اور مہمان نوازی کی جائے گی، دوران سفر افسر صاحب کو اس ساتھی صاحب کی تشفی کرنا پڑی اور تسلی

Presented by www.ziaraat.com

دینا پڑی کہ مت خوف کھا اللہ میاں عنقریب تمہیں خوب زردہ پلاؤ کھلائے گا۔

اب عقلاً انصاف سے فرمایئے کہ جو شخص تلوار کے سائے میں سوتا رہے رحمت کی حفاظت اس نے کی یا جو غارِ محفوظ میں چھپا اور باوجود مشاہدہ حفاظتِ قدرت کے خوفزدہ رہا اور دشمن کو سر پر پا کر ٹسوے بہاتا رہا کہ خدا کو قرآن میں مذمت کر پڑی۔ ایک حفاظت کرنے والے کو مرضات الٰہی نصیب ہوئیں اور دوسرے کو لاتحزن کی سرزنش۔ پس جو حامل مرضاتِ الٰہی ہوا معصوم و منصوص امام ہوگا اور جو محفوظ مقام پر بھی خوف زدہ رہا اور رحمت کی حفاظت کرنے کی بجائے عملاً زحمت ثابت ہوا قطعاً منصب، امامت الٰہیہ کے لائق نہیں ہے۔

﴿سوال نمبر ۷۲﴾:۔ اثبات امامت کے لئے آیت انما ولیکم اللہ و رسولہ و لمومنین بھی پیش کی جاتی ہے فرمایئے عربی لغت میں لفظ ولی کے کتنے معنی ہیں۔

جواب ۷۲:۔ لفظ ولی کے عربی زبان میں کافی معنی ہیں مثلاً حاکم، والی، وارث، مہربان، مددگار، دوست، نگہبان، مالک، رشتہ دار وغیرہ لیکن دراصل موسم بہار کی دوسری بارش کو ولی کہتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

لفظ اصحاب کی توضیح
پیش کردہ آیات کے جوابات

نہیں برابر اصحاب دوزخ کے اور اصحاب جنت کے جو اصحاب جنت کے ہیں وہی مراد پانے والے ہیں

اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات کی ہدایت کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی بھیجے۔ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہر آنے والا نبی معصوم۔ ہر نبی صدیق۔ ہر نبی طاہر۔ ہر نبی بے عیب اور ہر نبی کی زبان پر عصمت کے پہرے بیٹھے ہوئے تھے۔ پھر ہر پیغمبر علیہ السلام اور رسول علیہ السلام کی ہر ممکن ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ میری امت میں افتراق اور تشتت پیدا نہ ہو مگر نتیجہ ہمیشہ اس کے برعکس ہی نکلا کہ جب بھی کوئی نبی یا رسول اس دنیا فانی سے عالم جاودانی کی طرف تشریف لے گیا تو اس کی امت کو افتراق اور گروہ بندی نے گھیر لیا اور ہر نبی کی امت فرقہ فرقہ ہوگئی۔

میں ایک مشہور حدیث مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیش کر کے اپنے اس دعوے کو ثابت کرتا ہوں۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ **"ان بنی اسرائیل تفرقت علی سنتین و سبعین ملة وتتفرق اُمتی علی ثلاث و سبعین ملة کُلُهم فی**

Presented by www.ziaraat.com

الـنـا الا واحـلـسـة" ۔کتاب شرح فقہ اکبر ص ۲ فرمایا بنی اسرائیل میں افتراق ہوا تو ان کے بہتر فرقے ہو گئے اور میری امت کے افتراق کی وجہ سے تہتر فرقے ہوں گے۔ بہتر جہنم میں جائیں گے اور صرف ایک فرقہ میری امت کا جنت میں جائے گا۔ کیونکہ مسلمان نمازیں تو ہر فرقے کے لوگ پڑھتے ہی ہیں اور روزے بھی ہر گروہ کے لوگ رکھتے ہیں۔ حج ہر امام کے ماننے والے ادا کرتے ہیں۔ قرآن مجید کی تلاوت تو سارے مسلمان کرتے ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ جنت میں ایک گروہ جائے گا اور باقی بہتر فرقے دوزخ میں سکونت پذیر ہوں گے۔ اس سے ثابت ہوا کہ امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں صرف ایک فرقہ کے پاس اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی منشاء کے مطابق دین ہے اور باقی بہتر فرقوں کے پاس اپنی مرضی کا دین ہے۔ معلوم ہوا کہ ایک فرقہ حقیقی مسلمان ہے اور بہتر فرقے لفظی مسلمان ہیں۔ مجھے ایک لفظ پر بحث کرنا ہے اور وہ لفظ ہے۔ اصحاب

بہتر فرقے تو کہتے ہیں کہ اصحاب ایک مبارک و مقدس لفظ ہے۔ لہذا اصحاب یقیناً جنتی ہوا کرتے ہیں اور ایک فرقہ کہتا ہے کہ اصحاب ہر اچھے برے انسان بلکہ حیوان تک کو بھی کہا جا سکتا ہے۔ جنت میں جانے کے لئے عمل و کردار اور ایمان کی ضرورت ہے نہ لفظ اصحاب کہ جس پر ہی بولا گیا وہ چاہے جیسا بھی ہو جنتی ہوگا۔ قرآن کے شواہد پر غور کرو۔ نہیں برابر ہوتے اصحاب نار کے اور اصحاب جنت کے بلکہ جنت کے اصحاب فائزون ہیں۔ معلوم ہوا کہ لفظ اصحاب جنتی اور جہنمی لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے اور (پ ا ع ۱۴)۔ میرے حبیب آپ سے اصحاب جہنم کے بارے میں سوال نہ ہوگا تو یہاں بھی تو خالق نے دوزخی بزرگوں کو اصحاب کے لفظ سے یاد فرمایا ہے اور مارے گئے کھائیوں والے اصحاب کہ وہ آگ تھی ایندھن والی۔ اس مقام پر بھی دوزخیوں کو اصحاب کہا گیا ہے اور پکاریں گے اصحاب جنت کے اصحاب دوزخ کو۔ ان آیات سے ثابت ہو گیا کہ لفظ **اصحاب ہر نیک و بد پر قرآن پاک میں استعمال ہوا ہے۔**

Presented by www.ziaraat.com

اب میں قرآن مجید سے ان آیات کو پیش کرتا ہوں جن پر عامۃ المسلمین کو ناز ہے کہ ہر صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قابل احترام اور واجب التعظیم ونجات یافتہ ہے۔ ہو تم بہتر امت جو نکالی گئی ہے۔ واسطے لوگوں کے حکم کرتے ہو ساتھ بھلائی کے اور منع کرتے ہو برائی سے اور ایمان رکھتے ہو ساتھ اللہ کے۔ اس آیت میں ایک دو یا تین حضرات تو ناکام نہیں ہے بلکہ لفظ عام ہے۔ اصحاب نواز حضرات فرماتے ہیں کہ اس آیت سے مراد اصحاب ثلاثہ ہیں کہ وہ بہتر امت ہیں۔ مگر یہ صاف قرآن الحکیم کے فرمان کے خلاف ہے۔ اس میں لفظ امت ہے۔ مسلمانوں اگر ساری امت کو خطاب ہے تو کیا ساری امت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہترین امت ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ یہ امت تو بدترین امت ہے۔ کس نبی کی امت نے اپنے رسول ﷺ کے بچوں کو تین دن کا بھوکا پیاسا رکھ کر قتل کیا؟ کس نبی کی امت نے اپنے نبی کے بچوں کے خیمے جلائے؟ کس نبی کی امت نے اپنے نبی کے بچوں کی لاشوں پہ گھوڑے دوڑائے؟ کس نبی کی امت نے اپنے پیغمبر کی بیٹیوں کو سر برہنہ بازاروں اور درباروں میں پھرایا؟ کیا یزید؟ شمر؟ عمر بن زیاد؟ حرملہ؟ حصین؟ حجاج؟ متوکل وغیرھم بہترین امت ہیں۔ اگر یہ بہترین امت ہے تو بدترین کونسی امت ہوگی؟

عمر بن عبدالعزیز نے نہایت سچ کہا کہ اگر اور پیغمبروں کی امتیں سب مل کر اپنے اپنے زمانہ کے بدکاروں کو پیش کریں اور ہم صرف حجاج کو مقابلہ میں لائیں تو اللہ ہمارا پلہ بھاری رہے گا۔ امام اعظم شبلی نعمانی ص ۳۶۔ کیا یہ امت ہے کہ جس کو خدا تعالیٰ نے بہترین امت کا خطاب عطا فرمایا ہے۔ مسلمانوں اس مقام پر سوائے آل محمد ﷺ کے کوئی بھی فرد مراد نہیں ہے۔ بس آل محمد ﷺ ہی بہترین امت ہیں۔ اعتراض ہوسکتا ہے کہ لفظ امت ہے۔ اس میں دو ایک فرد کس لئے مراد لئے جاسکتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ لفظ امت تو ایک انسان کو بھی قدرت نے فرمایا ہے۔ (پارہ ۱۴ ع ۲۲)۔ تحقیق ابراہیم علیہ السلام امت تھا فرمان بردار اور حنیف تھا۔ واسطے اللہ تعالیٰ کے تو خالق نے صرف اکیلے ابراہیم علیہ

Presented by www.ziaraat.com

السلام کو امت فرمایا ہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے اکیلے ابراہیم علیہ السلام کو امت فرمایا ہے۔ اسی طرح اکیلے حیدر کرار علیہ السلام کو بھی امت فرمایا گیا ہے۔

صاحب یہ روز روز کا جھگڑا چکایئے ہم مرتبہ علیؑ کوئی ہے تو لایئے
یہ کان وہ ہیں جن میں اذاں دی رسولؐ نے یہ وہ دہن ہے جس میں زباں دی رسولؐ نے

اگر کوئی اصحاب نواز اعتراض کرے کہ یہ آیت تو اس وقت کے تمام اصحاب رسول ﷺ کی شان میں نازل ہوئی ہے تو میری عرض ہے کہ کیا عبداللہ ابن ابی۔ مروان ابن حکم اور خود حکم اور اس کے ساتھ عبداللہ ابن ابی کے تین صد ساتھی جو جنگ احد کو جاتے ہوئے راستہ سے واپس آ گئے تھے تو ان کے متعلق کیا رائے ہے۔ خود فرمایئے آیت مندرجہ ذیل میں ہے:

اور تمہارے ارد گرد رہنے والے بعض اعراب منافق ہیں اور بعض مدینے کے لوگ بھی نفاق پر اڑے ہوئے ہیں۔ اے رسول ﷺ تم ان کو نہیں جانتے ہم ان کو خوب جانتے ہیں۔ عنقریب ہم ان کو دوہرا عذاب دیں گے۔ پھر لوٹا دیئے جائیں گے طرف عذاب عظیم کے۔ کیوں مسلمانوں یہ کون لوگ ہیں۔ اس کے علاوہ سورہ منافقون اور سارے قرآن پاک میں جابجا منافقوں کا ذکر ہے۔ یہ بھی تو اصحاب رسول ﷺ تھے۔ بس اس کے علاوہ چارہ ہی نہیں کہ **کُنتم خیر اُمۃٍ** سے مراد صرف آل محمد ﷺ ہیں۔

دوسری آیت جو فخر سے پیش کی جاتی ہے وہ یہ ہے:
پس جن لوگوں نے وطن چھوڑا اور نکالے گئے اپنے گھروں سے اور ایذا دیئے گئے۔ بیچ راہ

Presented by www.ziaraat.com

میری کے اور لڑے اور مارے گئے البتہ دور کروں گا ان سے برائیاں ان کی اور البتہ داخل کروں گا ان کو بہشتوں میں چلتی ہیں۔ نیچے ان کے سے نہریں۔ یہ ثواب ہوگا خدا کی طرف سے اور اللہ نزدیک اس کے سے جو اچھا ثواب (ترجمہ رفیع الدین) اس آیت کریمہ نے خود ہی فیصلہ کر دیا کہ اس سے کون لوگ مراد ہیں۔ حکم ہے **أوذو افی سبیلی**۔ ایذا دیئے گئے میری راہ میں۔

بتاؤ مسلمانوں اصحاب ثلاثہ کو کیا ایذا مشرکین نے دی ہے۔ اول اور ثانی تو شعیب ابی طالب میں بھی نظر نہیں آتے جب کہ رسول خدا ﷺ سے مشرکین مکہ نے بائیکاٹ کیا تھا۔ تمام ہاشمی تو نہایت عسرت و تنگی سے وقت گزار رہے تھے اور یہ بزرگ آرام اور امن سے مکہ میں ہی سونت پڑ رہے تھے۔ آگے ہے۔ **وقتلوا و قتلوا** کہ وہ قتل کرتے بھی ہیں اور قتل ہوتے بھی ہیں مگر قسمت کی بات ہے کہ ان بزرگوں نے نہ کسی کو قتل کیا اور نہ خود قتل ہوئے اور یہ صرف ان ہی بزرگوں کا خاصہ کمال ہے کہ تاریخ عالم اس سلسلے میں مدد دینے سے مجبور و معذور ہے۔ مسلمانوں یہ آیت تو حضرت بلالؓ اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہا کی شان میں ہے کہ مشرکین مکہ ان کو ایذا دیتے تھے۔ دیکھو تفسیر حسینی قادری جلد ا ص ۱۴۸۔ جن بزرگوں کو ذکر مسلمان فرمایا کرتے ہیں تو ان کو کون ایذا دے سکتا تھا۔ بلکہ وہ دنیا کو ایذائیں دیا کرتے تھے۔

تاریخ خمیس میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت آرہے تھے۔ ان کے ہاتھ میں درہ تھا تو سعد بن ابی وقاص ان کی تعظیم کے لئے کھڑا نہ ہوا پس حضرت عمر نے اس کے سر پر درہ مارنا شروع کیا اور فرمایا کہ اگر تیرے دل میں خلافت کا رعب نہیں تو میں تجھے بتانا چاہتا ہوں کہ خلافت بھی تجھ سے مرعوب ہے۔ المجالس المرضیہ ص ۲۲۵۔ اسی طرح ایک دفعہ ابی ابن کعب کہیں جا رہا تھا اور اس کی قوم اس کے پیچھے تھی تو اس کو درے مارنا شروع کئے۔ شرح ابن ابی الحدید نہج البلاغہ میں ہے کہ حضرت عمر نے درے کو سب سے پہلے حضرت ابوبکر کی بہن ام فروہ بنت ابی قحافہ پر استعمال کیا کہ جب ابوبکر کی وفات ہوئی تو عورتیں

Presented by www.ziaraat.com

رو رہی تھیں اور ام فروہ بھی ان میں شامل تھیں تو عمر نے ان کو کئی مرتبہ رونے سے منع کیا لیکن وہ باز نہ آئیں پس ام فروہ کو علیحدہ کر کے اس پر جب درہ رسید کیا تو باقی تمام عورتیں بھاگ گئیں اور یہ مثل مشہور تھی کہ حجاج بن یوسف کی تلوار سے حضرت عمر کا درہ زیادہ خوفناک تھا۔ المجالس المرضیہ ص ۲۲۶۔

البتہ تھی راضی ہو اللہ مومنین سے جس وقت کہ بیعت کرتے تھے۔ تجھ سے نیچے درخت کے پس جانا جو کچھ بیچ دلوں ان کے تھا۔ پس اتاری تسکین اوپر ان کے اور ثواب دیا ان کو فتح کے نزدیک (رفیع الدین) مولوی حضرات اس آیت سے بھی اپنے بزرگوں کی فضیلت ثابت کرنے کی سعی ناکام کرتے ہیں کہ اصحاب ثلاثہ نے مقام حدیبیہ پر حضورﷺ کی بیعت کی تھی۔ لہذا ان سے اللہ تعالیٰ راضی ہو گیا مگر قرآن پاک نے اصحاب نواز لوگوں کی تمناؤں کو پورا نہ ہونے دیا۔ کیونکہ ارشاد قدرت ہے کہ اللہ تعالیٰ مومنین سے راضی ہوا نہ کہ سب سے اگر تمام بیعت کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا تو لفظ مومنین نہ فرماتا بلکہ ارشاد ہوتا کہ **لقد رضی اللہ عنہ الناس** اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے راضی ہوا۔ مسلمانوں ہمارا بھی تو یہی ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ مومنین سے راضی ہوا ہے۔

پہلے بزرگوں کو مومن تو ثابت کرو۔ ایک بڑے بزرگ کے بارے میں حضور کا حکم بھی سنو **الشرک فیکم اخفی من دبیب النمل شرک** تم میں چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ چھپی چال چل رہا ہے۔ یہ تو حضور پر نورﷺ کے زمانہ کا حال ہے۔ حضورﷺ کے بعد تو شرک نے خوب پنجے جمالئے ہوں گے اور چیونٹی کی چال نہیں بلکہ گھوڑے کی دوڑ لگائی ہوگی۔ نور العصر ص ۱۰۶ بحوالہ (تفسیر درمنثور)۔ بس جس بندے نے اپنے پیر و بزرگ کو راضی اللہ کہنا ہے پہلے اس کا ایمان ثابت کرے۔ جب مومن ثابت ہو گیا تو **لقد رضی اللہ عن المومنین** میں خود بخود شامل ہو جائے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

جہاں نے کس طرح بدلے ہیں اپنے طور سنو — فریب و مکر کا قصہ ذرا بغور سنو
ہم اس کے دعوئ ایمان پہ ہی حیراں تھے — وہ مقابل علیؑ بن بیٹھا لو اور سنو

صرف دست دنبوت پر بیعت کر کے جنت میں جانے والوں خدا کی طرف سے جو بیعت پر شرط لگائی گئی ہے اس پر بھی تو غور کریں قرآن:

تحقیق وہ لوگ کہ بیعت کرتے ہیں تجھ سے سوائے اس کے نہیں کہ بیعت کرتے ہیں اللہ سے ہاتھ اللہ کا ہے اوپر ہاتھ ان کے پس جس نے عہد توڑا پس سوائے اس کے نہیں کہ عہد توڑا اوپر جان اپنی کے کیوں مسلمانوں حضور پورنورﷺ کو میدان میں چھوڑ کر بھاگنے والوں نے عہد توڑا ہے یا کہ نہیں ہاں اگر میدان سے بھاگنے کے بعد عہد ٹوٹ سکتا ہے تو اول و ثانی اور ثالثہ وغیرہ نے تو ہر مقام پر عہد توڑنے کا مظاہرہ خوب فرمایا ہے اور بیعت رضوان سے خارج ہو گئے۔

جنگ خیبر میں حضرت عمر علم لے کر گئے وہ شکست خوردہ واپس پلٹے اصحاب ان کی بزدلی کی شکایت کرتے تھے اور وہ اصحاب کی بزدلی کا شکوہ کرتے تھے۔ تاریخ طبری۔ ماخوذ المجالس المرضیہ ص ۸۳ شبلی نعمانی فرماتے ہیں کہ حضرت عمران بزرگوں میں سے تھے جو احد کے میدان سے بھاگ گئے تھے مگر خدا نے انہیں معاف کر دیا۔ الفاروق ص ۹۵۔ جنگ خیبر میں آنحضرتﷺ نے حضرت ابوبکر کو سپہ سالار بنا کر بھیجا لیکن وہ ناکام آئے۔ پھر حضرت عمر مامور ہوئے وہ برابر دو دن جا کر لڑے لیکن دونوں دن ناکام رہے۔ الفاروق ص ۱۰۴۔ حضرت عثمان جنگ احد میں سب سے پہلے بھاگ گئے تھے

Presented by www.ziaraat.com

اور تیسرے روز پلٹ کر مدینے تشریف لائے۔ تذکرۃ الخواص ص ۶۶۔ میں کہتا ہوں اصحاب نواز حضرات ان کی زندگی کا نظر عمیق سے مطالعہ فرما کر ثابت کریں کہ جنگ بدر۔ احد۔ خندق۔ خیبر۔ حنین و غیرہم میں انہوں نے کیا اسلامی کارنامہ پیش کیا ہے۔ ہاں اگر سوائے بھاگنے کے اور کوئی کمال ان بزرگوں کا نہ ملے تو مان لینا۔ چاہئے کہ انہوں نے نکث بیعت کی ہے۔

اب چوتھی آیت دیکھیں جو اصحاب پرور حضرات پیش کرتے ہیں (پارہ ۱۰ ع ۶) جو لوگ ایمان لائے اور وطن چھوڑا اور جہاد کیا۔ بیچ راہ خدا کے اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی۔ یہ لوگ یقیناً ایمان والے ہیں واسطے ان کے بہشت ہے اور رزق باکرامت ہے (رفیع الدین) اس آیت میں ہر مہاجر کو جنت کی خوشخبری نہیں ہے بلکہ ایمان لانا۔ ہجرت کرنا اور خدا کے راستہ میں جہاد کرنا شرط ہے۔ اگر کوئی بزرگ نبی اکرم ﷺ پر ایمان بھی لایا ہو اور خدا کی راہ میں ہجرت بھی کی ہو اور میدان جہاد میں ثابت قدم بھی رہا ہو تو ہمیں ان کے فضائل تسلیم کرنے میں کوئی انکار نہیں ہے۔ جن لوگوں کے کمال ایمان کے طبل بجائے جاتے ہیں ان کا اپنا ہی فرمان ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا کہ صلح حدیبیہ کے دن جب مشرکین سے حضرت نبی اکرم ﷺ نے دب کر صلح کی تو میں نہایت حیران ہوا اور اسی اضطراب کی حالت میں ابوبکر کے پاس گیا اور کہا کہ اس طرح دب کر کیوں صلح کی جائے۔ انہوں نے سمجھایا کہ رسول ﷺ جو کچھ کرتے ہیں اسی میں مصلحت ہوگی۔ اس پر بھی حضرت عمر نے کہا کہ مجھے تسکین نہ ہوئی اور میں رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا اور اس طرح سے گفتگو ہوئی:

حضرت عمر: یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ رسول خدا صلعم نہیں ہیں۔

رسول اللہ: بے شک ہوں۔

حضرت عمر: کیا ہمارے دشمن مشرک نہیں ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

رسول اللہ صلعم: ضرور ہیں۔

حضرت عمر: پھر ہم اپنے مذہب کو کیوں ذلیل کریں۔

رسول اللہ صلعم: میں خدا کا پیغمبر ہوں اور خدا کے حکم کے خلاف نہیں کرتا۔

حضرت عمر کی گفتگو اور خصوصاً انداز گفتگو اگر چہ خلاف ادب تھا۔ چنانچہ بعد میں ان کو سخت ندامت ہوئی اور اس کے کفارے کیلئے روزے رکھے۔ نفل پڑھے۔ خیرات دی اور غلام بھی آزاد کئے۔ (بخاری مترجم پارہ ۱۱ ص ۹، ص ۱۰۔ الفاروق ص ۱۰۱)۔ حضرت عمر بن خطاب نے کہا کہ اس روز خدا کی قسم مجھے نبوت پر ایسا شک ہوا ہے۔ (رسول مقبول صلعم ص ۱۵۷ تاریخ خمیس جلد ۲ ص ۲۲۔ تاریخ حبیب السیر جلد اجزو سوم ص ۵۳ پر بھی مکالمہ عمر درج ہے)۔ فرمایئں کیا یہ کامل الایمان انسان کی نشانی ہے یا اس سے ضعیف الایمان بزرگ ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ جنگ احد کے میدان سے حضرت عمر بھاگ گئے تھے تفسیر کبیر میں ہے کہ حضرت عمر بھاگے تو تھے مگر ان کا شمار پہلے بھاگنے والوں میں سے نہیں تھا۔ بروایت درمنثور حضرت عمر فرماتے ہیں کہ جب میں احد کے دن بھاگا تو پہاڑ پر چڑھ گیا جس طرح کے پہاڑی بکرا کود کر چڑھ جاتا ہے۔ (المجالس المرضیہ ص ۸۲)۔ مسلمانوں فیصلہ تو کریں کہ آیت مذکورہ میں ان بزرگوں کا کونسا اور کتنا حصہ ہے؟؟؟

عدو میں چھوڑ کے جو بھاگ جائے دشمن ہے
جنازہ جان کے پڑھنے نہ آئے دشمن ہے
اٹھایا جاتا ہے دشمن کو اپنی محفل سے
کسی کو آگ سے جو گھر جلائے دشمن ہے

تصدیق شیرازی

اس کے بعد اب پانچویں آیت پیش کرتا ہوں جو اصحاب ثلاثہ کی شان میں مسلمان فخر سے

Presented by www.ziaraat.com

بیان کرتے ہیں۔اور آگے بڑھ جانے والے پہلے ہجرت کرنے والوں سے اور وہ لوگ کہ پیروی ان کی ساتھ نیکی کے راضی ہوا۔اللہ ان سے اور راضی ہوئے اور اس سے اور تیار کی ہیں واسطے ان کی بہشتیں چلتی ہیں نیچے ان کی نہریں ہمیشہ رہیں گے بیچ اس کے ہمیشہ یہ ہے مراد پانا بڑا (ترجمہ رفیع الدین) اس آیت کریمہ نے خود رہنمائی فرمادی کہ **والسبقون الاولون** سے مراد سبقت الی الایمان ہے نہ کہ سبقت الی ہجرت مراد ہے۔اگر سبقت الی ہجرت ہوتی تو انصار کے نام کی کیا ضرورت تھی۔

اور سابق بالا ایمان حضرت علی علیہ السلام ہیں۔جلال الدین سیوطی نے تسلیم کیا ہے کہ جب ابوبکر ایمان لائے تو اس سے پہلے پانچ آدمی ایمان لا چکے تھے۔تاریخ الخلفاء ص ۳۱۔سید ابو طالب ہروی اور صاحب تفسیر ثعلبی جو علمائے اہل سنت سے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اسماعیل بن ایاس بن عفیف نے اپنے جد سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں تجارت کی غرض سے مکہ آیا اور عباس بن عبدالمطلب کا میں مہمان ہوا کیونکہ اس سے میرے تعلقات بہت اچھے اور گہرے تھے۔ایک روز میں اور عباس مقام منیٰ میں تھے کہ ایک جوان آیا اور آسمان کی طرف وہ دیکھتا تھا بعد اس کے وہ کعبہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہوا اور اسی وقت ایک لڑکا آیا اور اس جوان کے جانب راست کھڑا ہوا اور بعد اس کے ایک عورت آئی جوان دونوں کے پیچھے کھڑی ہوئی اور اس جوان نے رکوع کیا تو اس کے ہمراہ اس لڑکے اور عورت نے بھی رکوع کیا۔

بعد اس کے اس نوجوان نے سجدہ کیا تو ان دونوں نے بھی اس کے ہمراہ سجدہ کیا اور جس وقت اس نوجوان نے سر اٹھایا تو ان دونوں نے بھی سر اٹھایا۔تب میں نے کہا کہ یہ نوجوان میرا بھتیجا محمد بن عبداللہ ہے جو کہتا ہے کہ خدا نے مجھ کو پیغمبر بنا کر کے بھیجا ہے اور کسریٰ اور قیصر کے خزانوں کا میں مالک ہوں اور یہ لڑکا علی ابوطالب علیہ السلام کا بیٹا ہے اور یہ عورت خدیجہ بنت خویلد ہے جو زوجہ ہے میرے

Presented by www.ziaraat.com

بھتیجے محمد ﷺ کی اور ان دونوں ہی نے محمد ﷺ کے دین کی پیروی کی ہے۔ خدا کی قسم تمام روئے زمین پر اس مذہب کا آدمی سوائے ان شخصوں کے کوئی نہیں ہے۔ اسماعیل کا دادا عفیف جب مسلمان ہوا تو اس نے کہا کہ کاش کہ میں چوتھا ان میں سے ہوتا۔ تفسیر عمدۃ البیان جلد ۲ ص ۴۔ سید ابو طالب ہروی نے اپنی مسند میں لکھا ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ درود بھیجا مجھ پر اور علی علیہ السلام پر فرشتوں نے سات برس سب سے پہلے اور عبداللہ بن موسیٰ نے روایت کی ہے۔ عباد بن عبداللہ سے کہ میں نے علی علیہ السلام سے سنا فرمایا کہ میں بندہ خدا کا ہوں اور بھائی اس کے پیغمبر کا اور میں صدیق اکبر ہوں اور بعد میرے صدیق اکبر نہ کہلائے گا اپنے تئیں مگر دروغ گو افتراء کرنے والا۔ میں نے نماز پڑھی ہے سات برس سب آدمیوں سے پہلے۔ تفسیر عمدۃ البیان جلد ۲ ص ۴۔ یہ ہیں سابق بالایمان اور اس آیت میں شرط بھی پیروی کی لگائی گئی ہے۔ اگر کوئی سابق بالایمان بھی ہوا اور اس کی پیروی نہ کرتے تو اس سے اللہ تعالیٰ ہرگز راضی نہیں ہے۔

ہاں اگر السابقون سے مراد ہجرت ہی لی جائے تو سب سے پہلے ہجرت تو حبشہ کی طرف مسلمانوں کی ہے اور اس وقت کے راس و رئیس حضرت جعفر بن ابی طالب علیہ السلام تھے۔ اول و ثانی تو پھر بھی محروم ہی رہے۔ میں کہتا ہوں کہ کسی آدمی کا ایمان لانا کافی نہیں ہے۔ بلکہ خاتمہ بالخیر ضروری ہے۔ روایت ہے کہ سعد بن معاذ صحابی کا انتقال ہوا تو حضور پر نور ﷺ نے ہی اسے غسل دیا۔ کفن پہنایا اور قبر تک ننگے پاؤں تشریف لے گئے۔ سعد کی ماں نے اپنے بیٹے کو جنت کی خوشخبری دی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا خاموش رہو۔ سعد فشار قبر میں مبتلا ہے۔ صحابہ نے اس کی وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ سعد اپنے اہل و عیال کے ساتھ بد خلقی کیا کرتا تھا۔ (احسن الفوائد ص ۲۳۸)۔

اس کے بعد ایک حدیث بھی پیش خدمت کرتا ہوں۔

Presented by www.ziaraat.com

عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال یردن علی الحوض رجال ممن صاحبنی حتی اذا رائتھم ورفعوا الی اختلجوا دُونی فلاقولنا الی رب اصیحابی اصیحابی فلیقالن لی انک لا لاتدری مااحد ثو ابعد ک۔ مسلم شریف جلد۲ ص۲۷۔

انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ حوض کوثر پر چند آدمی ایسے آئیں گے جو دنیا میں میرے ساتھ رہے جب میں ان کو دیکھوں گا میرے سامنے کر دیئے جائیں گے تو روکے جائیں گے میرے سامنے سے میں کہوں گا پروردگار یہ تو میرے صحابی ہیں۔ صحابی ہیں تو جواب ملے گا تم نہیں جانتے کہ جو تمہارے بعد انہوں نے کیا۔ احداث کئے تھے۔ بس ایمان اور عمل کے بغیر نجات ناممکن ہے۔

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

اب میں چھٹی آیت پیش کرتا ہوں جس پر مسلمان یار غار کے فضائل ترتیب دیا کرتے ہیں۔ (پارہ ۱۰ ع ۱۲)۔ پس تحقیق مدد دی ہے اس کو اللہ نے جس وقت نکال دیا تھا اس کو ان لوگوں نے کہ کافر ہوئے دوسرا دو میں کا جس وقت کے وہ دونوں بیچ غاروں کے تھے۔ جس وقت کہ کہتا تھا واسطے رفیق اپنے کے مت غم کھا۔ تحقیق اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ پس اتاری اللہ نے تسکین اوپر اس کے اور قوت دی ساتھ اس کو لشکروں کے کہ نہیں دیکھا تم نے ان کو۔ (ترجمہ رفیع الدین)

اس آیت میں دو لفظوں پر زیادہ تر زور دیتے ہیں ایک لفظ صاحب اور دوسرا لفظ سکینہ۔ ان دونوں کا جواب عرض کرنا ہے کہ صاحب تو خدا تعالیٰ نے کافروں کو بھی فرمایا ہے سنو۔ اے میرے قید

Presented by www.ziaraat.com

کے ساتھیوں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے قید خانے کے صحابی کافر تھے۔ مگر قید خانے میں ساتھی ہی تھے اور سنو نہیں بہکا ساتھی تمہارا اور نہ راہ سے پھر گیا۔ اس مقام پر حضور پر نور ﷺ کو کافروں کا صاحب کہا گیا ہے۔ اور امت ہونا مانند مچھلی والے کے جس وقت کے پکارا اور وہ غم سے پھرا تھا۔ تو یہاں حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے صحابی کہلائے جا رہے ہیں اور قرآن مجید میں کئی مقام پر **اصحب النار** ہے تو اس مقام پر خدا نے اول کو حضور کا صاحب فرما دیا تو کونسا اس بزرگ کا کمال ہے۔

ایک آیت اور دیکھیں (پارہ ۱۵ ع ۱۳) تو قدرت نے غار کو کہف فرما کر لفظ اصحاب کو واضح فرمایا ہے۔ دوسرا ہے لفظ سکینہ کہ جس پر زور دیا جاتا ہے کہ سکینہ ابوبکر پر نازل ہوا ہے یہ غلط اور محض غلط ہے۔ آیت کی تمام ضمیریں حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف راجع ہیں اور مصیبت میں بھی رسول خدا ﷺ ہی ہیں اور سکینہ ابوبکر کے لئے کیسے ہوگا۔ ملاں کہتے ہیں کہ نبی تو بالکل مطمئن تھے۔ انہیں تسکین اوپر رسول ﷺ اپنے کے اور اوپر ایمان والوں کے۔ کیوں مسلمانوں سکینہ رسول ﷺ پر بھی اترا کرتا ہے کہ نہیں ثابت ہوا کہ اس مقام پر سکینہ نبی اکرم ﷺ پر ہی نازل کیا گیا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ابوبکر نے غار کے منہ پر فوراً ببول کا درخت اگتا دیکھا۔ مکڑی نے جالا تنا اور فوراً کبوتری نے انڈے بھی دے دیئے۔

یہ تین معجزے ابوبکر نے دیکھے اور پھر ایسا کردار ادا فرمایا کہ خدا نے لاتحزن کہنے کی ضرورت محسوس فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میرے حبیب تسکین رکھ جو کچھ اس کا جی چاہے کرتا رہے اللہ آپ کے ساتھ ہے۔ اس کے علاوہ **ان اللہ معنا** پر آپ لوگ خوش ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ہے۔ مگر میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کسی کے ساتھ نہیں ہے۔ نحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ میں تمہاری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔ جہاں بھی کوئی ایک ہوگا تو خدا دوسرا گردو ہوں گے تو خدا تیسرا ہر مقام پر اس کی ذات ساتھ ہے۔ حضرت ابوبکر کی فضیلت میں کوئی واضح آیت پیش کریں۔ اشد خطرے کے

Presented by www.ziaraat.com

مقام پر رونا تو کوئی فضیلت نہیں بلکہ کمزوری ایمان کی دلیل ہے۔

جرار کو فرمائے اسد اللہ جزا دے دی کسی فرار کو فرمائے لاتحزن سزا دے دی
کچھ اس انداز سے حیدرؑ نے اپنی جان نچھاور کی مسرت میں علیؑ کو کبریا نے ہر رضا دے دی

اب ساتویں آیت بھی پیش خدمت ہے۔ (پارہ ۵ ع ۶)

جو کوئی فرمانبرداری کرے اللہ کی اور رسول ﷺ کی پس یہ لوگ ساتھ ان کے ہیں کے نعمت کی ہے۔ اللہ نے اوپر ان کے پیغمبروں سے اور صدیقوں سے اور شہیدوں سے اور صالحین سے اور اچھے ہیں یہ لوگ رفیق (ترجمہ رفیع الدین) اس آیت میں فرمانبرداری کی شرط اول ہے اور فرمانبرداری کرنے والے انبیاء۔ صدیق۔ شہدا اور صالحین کے ساتھ ہوں گے۔ ان بزرگوں کی فرمانبرداری کیا خوب ہے کہ ان کے حمایتی فخر سے یہ فرماتے ہیں سنو لکھا ہے کہ تمام لشکر جنگ حنین میں پسپا ہو گیا اور فقط چار آدمی سلطان الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والثناء کے ساتھ رہ گئے۔ حضرت علی علیہ السلام۔ عباس علیہ السلام۔ ابوسفیان بن الحارث اور عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ تفسیر حسینی قادری جلد ا ص ۳۸۵۔ جن کی بہادری اور کراری کا ڈھونڈرا بجایا جاتا ہے وہ کہیں نظر ہی نہیں آتے۔

اب صحابہ کی صداقت کے بھی دو فقرے سن لو۔ (مولف بخاری شریف جلد ا ص ۷۵ پر تحریر فرماتے) ہیں کہ میں نے چھ لاکھ احادیث دو۔ دو نقل پڑھ کر اور خدا سے استخارہ کر کے جمع کی تھیں۔ جن سے میں نے ساتھ ہزار دو صد پچہتر حدیثیں چن لیں اور باقی پانچ لاکھ بانوے ہزار سات صد پچیس حدیثیں میں نے غلط سمجھ کر رد کر دیں۔ یہ ہے صحابہ کی صداقت بیانی کی دلیل میں نے روز حساب لگایا تو ثابت ہوا کہ ایک دن میں صرف بخاری شریف کے مولف کی تحقیق کے مطابق لوگوں نے نبی اکرم ﷺ

Presented by www.ziaraat.com

کی طرف ساڑھے اکتہر احادیث غلط منسوب کی تھیں۔ اس کے علاوہ بھی حدیث کی درجنوں کتابیں ہیں کم از کم صحاح ستہ اور موطا امام مالک ہی سہی۔ ان سب کی کیفیت جمع کرنے کے بعد کیا نتیجہ برآمد ہوگا۔ کیا یہ لوگ صدیقین ہیں۔ شبلی نعمانی اپنی کتاب امام اعظم کے ص ۱۹۳ پر تحریر فرماتے ہیں کہ سینکڑوں، ہزاروں، بلکہ لاکھوں حدیثیں دانستہ لوگوں نے وضع کرلیں۔ حضرت ابو ہریرہ سے ابوسلمہ نے پوچھا کہ آپ حضرت عمر کے زمانہ میں بھی اس طرح حدیثیں روایت کیا کرتے تھے۔ بولے کہ نہیں ورنہ عمر درے مارتے تھے۔ امام اعظم ص ۱۹۰۔ اگر کوئی صاحب یہ فرمائے کہ صحابہ کے زمانہ میں تو ایسا نہیں ہوا بلکہ بعد میں حدیثیں وضع ہوئیں تو میں عرض کروں گا کہ حضرت ابو ہریرہ کا اپنا بیان ہی کافی ہے اور وہ خود بھی تو اصحاب رسول ﷺ تھے۔ اس کے علاوہ شبلی نعمانی نے تحریر فرمایا ہے کہ خود صحابہ کے عہد میں اہل بدعت نے سینکڑوں ہزاروں حدیثیں ایجاد کرلی تھیں۔ امام اعظم ص ۱۹۰۔

اب میں آٹھویں آیت جو صحابہ کی شان میں بیان ہوتی ہے۔ پیش کرتا ہوں۔

محمدؐ رسول کا ہے اور جو لوگ کہ ساتھ اس کے ہیں سخت ہیں اور کفار کے اور رحمدل ہیں درمیان اپنے دیکھتا ہے تو ان کو رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے چاہتے ہیں۔ فضل خدا کا اور رضامندی اس کی نشانی ان کے بیچ مرہون ان کے کہ ہے اثر سجدے کے سے یہ ہے صفت ان کی بیچ تورات کے اور صفت ان کی بیچ انجیل کے (رفع الدین)۔ اس آیت میں آپ لوگ نرالا تک لگاتے ہیں کہ **والذین معه** سے حضرت ابوبکر **اشداء علی الکفار** سے حضرت عمر اور **رحماء بینهم** سے حضرت عثمان اور **رکعا و سجدا** سے حضرت علی علیہ السلام مراد ہیں۔ مگر قابل غور مقام یہ ہے کہ اگر ایسا ہی ہے تو سقیفہ بنی ساعدہ میں خلافت کے بارے میں کیوں انصار و مہاجرین میں جھگڑا فساد ہوا۔

Presented by www.ziaraat.com

کیا اچھا ہوتا کہ کوئی صاحب یہی آیت پڑھ کر خلافت کو ترتیب دے لیتا اور بعد میں حضرت ابوبکر کو حضرت عمر کے بارے میں وصیت نامزدگی نہ کرنی پڑتی اور حضرت عمر کو چھ آدمیوں کی کمیٹی نہ بنانی پڑتی اور حضرت عثمان کے بعد حضرت علی علیہ السلام بھی چپکے سے ظاہری خلافت کی بوسیدہ مسند سنبھال لیتے کہ اب میری باری آ گئی ہے اور خال المومنین اور ام المومنین اسی آیت کا ہی احترام فرماتے اور ہزاروں مسلمانوں کا خون نہ بہاتے۔ کیوں مسلمانوں حضرت عائشہ اس تمہاری ترتیب سے ناواقف تھیں جو ہزاروں مسلمانوں کو ساتھ لے کر بصرہ میں تشریف لائیں اور اپنے پردے کی عظمت کو بھی قصاص عثمان پر قربان کر دیا۔ معلوم ہوا کہ مسلمان واقعہ قرآنی آیات کو ترتیب دے دیا کرتے ہیں جیسا ظہور میں آتا گیا ہے۔ ویسی ہی تفسیر ہوتی گئی۔ استغفر اللہ ربی واتوب الیہ۔

ہاں اگر ایسا ہی ہے کہ معہ سے حضرت ابوبکر مراد ہیں تو تین سال حضور پرنور ﷺ شعب ابی طالب میں نہایت عسرت و تنگی کی زندگی گزار رہے تھے اور درختوں کے پتے کھاتے تھے۔ وہاں معہ کو دکھلاؤ اس واقعہ پر دنیا کی ہر تاریخ اس کا جواب نہیں میں دے گی کہ ابوبکر شعیب ابی طالب میں کہیں نظر آتے۔ چلو تین سال کا انہوں نے روزہ ہی رکھ لیا ہوگا تو دعوت ذوالعشیرۃ میں ہی دکھلا دو ہرگز نہیں دکھلا سکو گے۔ ہاں اگر یہ نہ دکھلا سکو تو طائف کی طرف آتے جاتے ہی کہیں ابوبکر کو ساتھ دکھلا دو۔ چلو مسلمانوں تم نبی کے غسل و کفن اور جنازہ پر ہی دکھلا دو۔ اگر نہ دکھلا سکو تو قرآن مجید کو اپنی مرضی سے بیان نہ کیا کرو قیامت کا دن نہایت سخت دن ہوگا۔ فاتقوا اللہ۔

تم تو پھولوں کے خریدار نظر آتے ہو
میرے دامن میں تو کانٹوں کے سوا کچھ بھی نہیں

Presented by www.ziaraat.com

دوسری تفسیر کی جاتی ہے کہ اشداءُ علی الکفار سے مراد حضرت عمر ہیں

تعجب کا مقام ہے کہ جس بزرگ نے ساری زندگی میں کسی ایک کافر و مشرک کو بھی قتل کرنا گوارہ نہیں کیا اسے اشداء علی الکفار کا خطاب دیا جاتا ہے۔ بتاؤ جنگ بدر میں جنگ احد میں۔ جنگ خیبر میں جنگ حنین میں کتنے کافر اس بزرگ نے قتل کئے ہیں۔ کسی کافر کا نام تو بتلاؤ؟

ہاں ایک واقعہ اشدُ اد علی الکفار کا ضرور ملتا ہے۔ اسے میں قارئین کرام کی خدمت میں پیش کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ مقام حدیبیہ پر پہنچ کر آنحضرت ﷺ نے چاہا کہ قریش مکہ کے پاس اکابر صحابہ میں سے کسی کو سفارت کے طور پر بھیجیں کہ ہم کو لڑنا مقصود نہیں ہے۔ چنانچہ حضرت عمر کو اس خدمت پر مامور کرنا چاہا۔ انہوں نے عرض کی کہ قریش کو مجھ سے عداوت ہے اور میرے خاندان میں وہاں کوئی شخص میرا حامی موجود نہیں۔ عثمان کے عزیز و اقارب وہی ہیں اس لئے ان کو بھیجنا مناسب ہوگا الفاروق ص ۱۰۰۔ رسول مقبول ۱۵۳۔ معارج النبوت رکن چہارم ص ۱۹۱۔ تاریخ اسلام جلد ا ص ۱۹۹ یہ ہے **اشداءُ علی الکفار**۔ مسلمانوں! کافروں سے ڈرنے والا اگر اشداء علی الکفار ہے تو کافروں کو قتل کرنے والا کیا ہوگا۔ کاش کہ مسلمان اس مقام پر واقعہ شب ہجرت میرے مولا کا بستر رسول ﷺ پر چین سے سونا پڑھ کر انصاف کرتے کہ اشداء علی الکفار کون ہے۔

تاریخ کا ایک اور واقعہ دیکھ لیں کہ جنگ خندق میں عمرو بن عبدود نے خندق پار کر کے رسول خدا ﷺ کے خیمہ میں نیزہ مارا اور کہا اے محمد ﷺ کسی جوان کو میرے مقابلہ کے لئے بھیجو یا خود باہر نکل کر میرا

Presented by www.ziaraat.com

مقابلہ کر۔ حضور ﷺ نے فرمایا کون ہے جو اس کتے کو جواب دے۔ جب تیسری بار عمر بن عبدود نے **ھل من مبارز** کہا تو حضرت عمر نے عمرو بن عبدود کا اس طرح قصیدہ بیان کرنا شروع کیا کہ اے مسلمانوں ہم ایک مرتبہ طائفہ قریش کے ساتھ جن میں عمرو بن عبدود بھی تھا۔ بہت سا مال تجارت لے کر شام کی طرف جا رہے تھے کہ ناگاہ ہزار کے قریب رہزنوں نے ہمارا راستہ روک لیا۔ اہل قافلہ نے مال و جان سے ہاتھ دھو لئے۔ اسی اثناء میں عمرو بن عبدود نے ایک شتر کا بچہ بجائے ڈھال ہاتھ میں لیا اور شیر ژیاں اور پیپل و دماں کی طرح مخالفوں پر حملہ کیا اور اس طرح انہیں مارا کہ سب کے سب بھاگ گئے۔ رسول مقبول ﷺ ص ۱۴۷۔ سیرت رسول ص ۱۱۰۔ کیوں مسلمانوں عمر بن عبدود کا اس انداز سے تعارف کرانے والا **اشداء علی الکفار** ہے یا عمرو بن عبدود کو قتل کرنے والا **اشداء اعلی الکفار** ہے۔

آگے ہے **رُحماء بینھم** میں رحم دل، اصحاب پر ور اور بنی امیہ کے نمک خواروں کا بیان ہے کہ اس سے مراد حضرت عثمان ہیں کہ وہ بڑے رحمدل تھے۔ بتاؤ مسلمانوں اگر واقعی عثمان رحمدل ہی تھے تو ابوذر غفاری کو کس نے جلاوطن کیا تھا اور حضرت عمر کو کس قدر اس نے مارا کہ عمار کو فتق کی بیماری ہو گئی تھی اور ابن مسعود تو اس کی زود کوب سے مر گیا۔ تاریخ اعثم کوفی ص ۲۷۹۔ تفسیر عمدۃ البیان جلد ۳ ص ۲۷۷۔ کیا یہی رحمدلی ہے کہ والی مصر عبداللہ ابن سعد کو ابن ابی سرح کو خفیہ خط لکھ جا رہا ہے کہ جب محمد بن ابوبکر مصر میں پہنچے تو اسے اس کے ساتھیوں سمیت قتل کر دیا جائے۔ تاریخ اعثم کوفی ص ۳۱۷۔ تاریخ الخلفاء ص ۱۶۵۔ یا یہ رحمدلی ہے کہ اپنے قاتل عبدالرحمن ابن ملجم ملعون کو شربت شیر پلایا جا رہا ہے۔ اپنی غرض کی تفسیر کرنے والوں انصاف کرو اور اپنے ایمان کا سینہ چاک نہ کرو۔ کیا صحابہ کرام نے بھی اس آیت کی اس طرح تفسیر بیان کی ہے۔ یا مدعی ست اور گواہ چست کی مثال تم ہی نے قائم کی ہے۔

اب آخر میں صرف صحابی کی تعریف بیان کر کے میں تمہید ختم کرتا ہوں۔

Presented by www.ziaraat.com

هم المومنون الذین ادر کو اصحبة النبی صلی الله علیه واله وسلم مع الایمان ای مع استوء الایمان و بقائه وعند و فاته۔ حاشیه شرح تهذیب اول خطبه ص۳۔

وہ مومن لوگ جنہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی صحبت اختیار کی ہو ایمان پختہ کے ساتھ اور باقی زندگی بھی پختہ ایمان پر گزری ہو اور مرتے وقت بھی شمع ایمان لے کر قبر میں جائے وہ حقیقی صحابی ہے۔ مسلمانوں اگر کوئی صحابی بنے تو ہم اس کے غلام ہمارے بچے اس کے غلام۔ ہماری قوم اس کی خادم۔ ہمارا مذہب اس کا مداح۔ ہماری جان اس پر قربان ہمارا قائم اس پر ایمان اور یہ قرآن کی آیتیں اور اسی کی شان۔ کیوں مسلمانوں! اگر سب لوگ رسول خدا ﷺ کے ساتھی نیک ہوتے تو کربلا میں جو لوگ حضرت امام حسین علیہ السلام کو قتل کرنے آئے تھے۔ ان میں بائیس صحابی رسول ﷺ بھی تھے۔ (مواعظ حسنہ ص۳۷۴)۔

آخر وقت رسول خدا ﷺ نے فرمایا! اے میرے صحابیو کاغذ قلم دوات لے کر آؤ تا کہ میں تمہیں ایک نوشتہ لکھ دوں کہ میرے بعد گمراہی سے بچ جاؤ۔ حضور ﷺ کے مکرر فرمانے پر ایک صحابی نے کہا حسبنا کتاب الله ہمیں لکھوانے کی کوئی ضرورت نہیں اللہ کی کتاب کافی ہے اس پر حضور ﷺ نے فرمایا قوموا عنی یہ سن کر صحابہ کرام تشریف لے گئے اور حضور ﷺ کے چہرہ انور پر پریشانی افسردگی کی لہر دوڑ گئی۔

من یطع الرسول فقد اطاع الله ج ومن تولی فما ارسلنک علیهم حفیظا

جو کوئی اطاعت کرے رسول کی یقیناً اس نے اطاعت کی اللہ کی اور جو کوئی پھر جاوے پس نہیں

Presented by www.ziaraat.com

بھیجا ہم نے تجھ کو اوپر ان کے نگہبان۔

کیا غیر خدا سے مدد مانگنا شرک ہے یا نہ مانگنا کفران نعمت ہے

دنیا کا کام ہو یا دین کا ہر کام میں وسیلہ کی ضرورت ہے۔ وسیلہ کے بغیر کوئی کام پورا ہو ہی نہیں ہوسکتا۔ مثلاً کپڑے کی سلائی کرنی ہو تو سوئی دھاگے کی ضرورت ہے، درخت کاٹنا ہو تو کلہاڑا کی ضرورت ہے۔ پانی گرم کرنا ہو تو دیگچی کی ضرورت ہے۔ علم حاصل کرنا ہو تو استاد کا وسیلہ ضروری ہے۔ دنیا میں آنا ہو تو ماں باپ کے وسیلے کی ضرورت ہے۔ مکان پر چڑھنا ہو تو سیڑھی کو وسیلہ بنانا ضروری ہے فرمایئے کیا خدا تعالیٰ کی منشاء کو حاصل کرنا ہو تو کیا وسیلہ کی ضرورت نہ ہوگی، حضور سیڑھی مکان پر چڑھنے کا وسیلہ تو تب ہی ہو سکے گی جبکہ اس کا ایک کونہ مکان کی چھت سے ملا ہوا اور دوسرا سرا زمین سے ملا ہوا ہو۔ اگر سیڑھی کا واسطہ و تعلق صرف مکان کی چھت کے ساتھ ہوا تو زمین والوں کیلئے بے کار ہوگی اور اگر سیڑھی کا تعلق صرف زمین کے ساتھ ہوا تو مکان کی چھت پر چڑھنا ناممکن و مشکل ہوگا اسی طرح میرا وسیلہ وہ ہو سکے گا کہ اس کا ادھر تعلق و ہم سے ہوا اور ادھر اس کا واسطہ اللہ تعالیٰ سے ہو۔ ادھر مجھ جیسا ادھر اس جیسا نہ ذرا ہم جیسا ہوا اور نہ ذرا اس جیسا ہو۔ چونکہ ہم خاکی انسان ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی منشاء کو معلوم کیا جا سکے۔ ادھر اللہ تعالیٰ اتنا بلند و ارفع و اعلیٰ ہے کہ اس کی ذات پاک دیکھنے میں آتی ہی نہیں اللہ تعالیٰ کی ذات دیکھائی دینے سے مبرا اور منزہ ہے۔

اگر وہ ہمیں دکھائی دے تو وہ خدا، خدا نہ رہے، ارے جس کو دیکھا جائے گا وہ کوئی جسم ہوگا اور اللہ تعالیٰ جسم و جسمانیات اور مکانیات سے ارفع و اعلیٰ ہے تو نہ ہم خدا تعالیٰ تک جا سکتے ہیں کہ مجبور و

Presented by www.ziaraat.com

معذور ہیں اور اللہ ہماری محفل میں آ تا نہیں کہ اس کی ذات والا صفات غائب اور مستور ہے تو پھر ہمیں وسیلہ کی ضرورت ہے کہ کوئی ایسا انسان ہو کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا و منشاء سے آگاہ کرے۔ ہاں اگر وہ خدا تعالیٰ کی طرح ہوا تو ہم تک نہیں آ سکے گا کیونکہ خدا تعالیٰ کے حضور براہ راست جو نہیں جا سکتے تو ہم جیسا ہو تو وہ کیسے جا سکے گا تو وہ بھی نہیں جا سکے گا، پس ثابت ہوا ہے کہ ہمارا وسیلہ وہ ڈھنگ اس جیسا ہو، شکل ہم جیسی ہو، عقل اس جیسی ہو، ذکر ہم جیسا ہو فکر اس جیسا ہو، نام ہم جیسا ہو کام اس جیسا ہو۔ ہم میں آئے تو بالکل بشر نظر آئے اور نوریوں میں جائے تو فرشتوں کا مولا کہلائے اور اللہ تعالیٰ کی منشاء و رضا معلوم کر کے ہمیں بتلائے پھر بارگاہ ایزدی میں ہم گنہگاروں کی شفاعت فرمائے پیاسوں کو کوثر پلائے اور علی والوں کو جنت جانے کی اجازت فرمائے اور اپنے رحم و کرم سے پل صراط سے پار پہنچائے۔

مسلمانو! خالق کائنات نے ایسے بندے پیدا فرمائے ہیں کہ جو مظہر ذات خدا ہیں، تبھی تو کہا صفی اللہ، نجی اللہ، خلیل اللہ، کلیم اللہ، روح اللہ، حبیب اللہ، وجہہ اللہ، لسان اللہ، عین اللہ، ید اللہ، ولی اللہ، کون کہتا ہے کہ یہ خاصان خدا، ہمارے معبود ہیں، بے شک وہ بندہ مشرک ہے جو کسی نبی یا ولی کو خدا کی ذات، خدا کی صفات ذاتیہ اور خدا کی عبادت میں شریک مانے، ارے کوئی اس کا شریک کیسے جبکہ ہر نبی اور ہر ولی اس کی مخلوق ہے وہ خالق، یہ مخلوق، وہ رازق یہ مرزوق، وہ اللہ یہ بندے، وہ معبود یہ عابد، وہ مسجود یہ ساجد، اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس کے کسی کمال میں اس کی شریک نہیں ہو سکتی اور اگر کوئی ایسا عقیدہ رکھے تو بے شک وہ مشرک ہے اور اگر کوئی طاہر و مقدس اشرف و معصوم مخلوق کو اپنے جیسا سمجھے وہ بھی مردود، بے دین کافر و ملحد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے کہ تم چونکہ مجھ تک نہیں پہنچ سکتے میں اپنے اور تمہارے درمیان ایک مخلوق وسیلہ قرار دیتا ہوں۔ **من یطع الرسول فقد اطاع اللہ** ۔ جس نے میرے رسول صلعم کی اطاعت کی یقیناً اس نے میری اطاعت کی۔ فرمایا اس کی اطاعت میری اطاعت اس کی منشاء

Presented by www.ziaraat.com

میری منشاء اس کی ناراضگی میری ناراضگی اس کا غضب میرا غضب، اس کی مرضی میری مرضی، بس محمد صلعم کی اطاعت کرتے جاؤ اور میری رضا پاتے جاؤ، یہ ہے تمہارے اور میرے درمیان وسیلہ کامل، مسلمان وسیلے کا واضح اعلان سنو کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔

یایها الذین امنوا اتقوا الله و ابتغوا الیه الوسیلة وجاهدوا فی سبیله لعلکم تفلحون (المائده ۳۵)

اے لوگو! جو ایمان لائے ڈرو اللہ سے اور تلاش کرو اس تک وسیلہ اور جہاد کرو بیچ راہ اس کی کے تا کہ تم فلاح پاؤ۔

تو خالق کائنات نے فرمایا کہ چار چیزوں کے ہونے کے بغیر فلاح و نجات نہیں پا سکو گے، ایک ایمان، دوسرا تقویٰ، تیسرا وسیلہ اور چوتھا ہے جہاد، اگر دعویٰ ایمان ہے مگر تقویٰ نہیں تو جنت نہیں ملے گی۔ ایمان اور تقویٰ دونوں ہیں مگر وسیلہ کامل نہیں تو بخشش نہیں ہوگی اور اگر ایمان تقویٰ اور وسیلہ بھی ہو مگر میدان سے پشت دکھا کر بھاگ جانے کا عادی ہے تو جنت ہرگز نہیں ملے گی اللہ جانے میدان سے بکریوں کی طرح چال بھاگنے والے کس بل بوتے پر جنت میں جانے کا خیال رکھتے ہیں۔ سنو جب تک ایمان، تقویٰ، وسیلہ کامل اور میدان جہاد میں جم کر نہیں لڑو گے۔ جنت میں کبھی جا سکتے ہی نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ **وابتغوا الیه الوسیلة** میری طرف آنے کیلئے وسیلہ تلاش کرو۔ وسیلہ بناؤ نہیں بلکہ تلاش کرو۔ وسیلہ بنانا اور بات ہے اور وسیلہ تلاش کرنا اور بات ہے۔ ایک مثال ہی لے لو، تا کہ بات واضح ہو جائے۔ مثلاً مہمان کے آنے پر آپ نے ملازم سے کہا کہیں سے مرغی تلاش کرو تا کہ ذبح کی جائے۔ آپ نے مرغی بناؤ نہیں کہا بلکہ تلاش کرو فرمایا ہے لفظ تلاش اس بات کی دلیل ہے

Presented by www.ziaraat.com

کہ مرغی پہلے سے ہے صرف تلاش کرنا ہے۔ اسی طرح **وابتغوا الیہ الوسیلۃ** کا جملہ اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ وسیلہ پہلے سے ہے ہمیں تو صرف تلاش کرنے کا حکم ہے وسیلہ بنانے کا حکم نہیں ہے بلکہ تلاش کرنے کا حکم ہے وسیلہ بنانا خدا کا کام ہے اور صرف تلاش کرنا ہمارا کام ہے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ وسیلہ سے مراد نماز ہے یعنی اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ نماز ہے نماز کا وسیلہ قرار دو۔ ارے نماز تو خود محتاج وسیلہ ہے بھلا نماز میں محمد و آل محمد علیہم السلام پر درود نہ بھیجو اور کسی قاضی سے فتویٰ تو لا دو، کہ بغیر محمدؐ و آل محمد کے اوپر درود پڑھے نماز قبول ہو جاتی ہے آج سے پہلے تو کسی بزرگ نے ایسا فتویٰ نہیں دیا آج کوئی یزید نواز ملاں فتویٰ صادر کر دے تو اور بات ہے جب نماز خود محتاج وسیلہ ہے تو میرا وسیلہ کیسے بن سکتی ہے میرا وسیلہ تو وہ ہوگا۔ کہ جو صرف خدا کا محتاج ہوا اور خدا کی ساری مخلوق اس کی محتاج ہو اور اسی کے بارے میں حکم ہے کہ **وابتغوا الیہ الوسیلۃ** مجھ تک اگر پہنچنا ہے تو وسیلہ تلاش کرو۔

جب میں قرآن و حدیث کو دیکھتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے ہے کہ وسیلہ کی تو انبیاء علیہم السلام کو بھی ضرورت پڑی اور وسیلہ کے بغیر نبی بھی اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکے تو میں اور آپ گنہگار انسان بغیر وسیلہ کے کس طرح اپنے گناہوں کی بخشش کروا کر کامیاب ہو جائیں۔ تاریخ و تفسیر گواہ ہے کہ حضرت ابوالبشرہ حضرت آدم علیہ السلام جب جنت سے نکالے گئے تو انہوں نے دو سو برس تک کی مدت زمین پر بارگاہ ایزدی میں آہ و زاری اور بے قراری میں گزاری۔ تو ایک روز حضرت جبرئیل نے بحکم رب جلیل حضرت آدم کو توبہ کرنے کا طریقہ سمجھایا (بقرہ ۳۸) پس سیکھ لیے آدمؑ نے پروردگا اپنے سے کچھ باتیں پس توبہ قبول کی اس کی، تحقیق وہی ہے توبہ قبول کرنے والا۔ مہربان۔ یعنی حضرت آدمؑ نے یہ دعا کی تھی۔ اے میرے اللہ میں محمد و آل محمد را واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ تو میری کمزوریوں سے درگزر فرما۔ پس ادھر محمد و آل محمد کا واسطہ دے کر دعا کی ادھر اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کی توبہ قبول

Presented by www.ziaraat.com

فرمائی۔(جذب القلوب ص۲۳۵۔تفسیر انوار النجف جلد۲ص۱۱۴)۔مسلمانوں! جب حضرت آدمؑ کی بغیر وسیلہ کے نہ گزری تو تیری میری کیسے گزر جائے گی۔

حقیقت یہ ہے کہ وسیلہ کی ہر کام میں اور ہر وقت ضرورت ہوا کرتی ہے ایک مثال دیتا ہوں۔ مولوی صاحب نے حکم کیا کہ چند روز کے لئے گائے میرے پاس بھیج دینا میں نے خیال کیا کہ مولوی صاحب وسیلہ کے تو قائل ہیں ہی نہیں میں نے ڈر کے مارے بغیر وسیلہ کے گائے بھیجنا چاہی تو بس میں نے گائے کو چھوڑ دیا کہ مولوی صاحب کے پاس پہنچ جائے، گائے چلی اور زمیندار کے کھیت جوار میں پھر باجرے میں، پھر کماد میں، پھر کپاس میں، پھر پھاٹک میں پھر چودہ دن کے بعد نیلام ہونے کے لئے بازار میں۔فرمایئے بغیر وسیلے کے میاں جی کے پاس گائے پہنچ جائے گی۔ ہرگز نہیں تو دنیا کا معمولی کام بھی جب بغیر وسیلہ کے نہیں ہوسکتا تو دین کا کام کس طرح بغیر وسیلہ کے نہیں ہوسکتا تو دین کا کام کس طرح بغیر وسیلہ کے ہو جائے گا۔کیا کبھی کسی نے کسی وہابی ملاں کو دیکھا ہے کہ اگر اس کے گھر میں چوری ہو جائے تو تھانہ کی بجائے مسجد میں جا کر رپٹ درج کرائے۔ہاں یہ درست ہے کہ رپٹ تھانے میں درج کرائیں اور خدا سے دعا مسجد میں مانگنی چاہیئے۔

اسی طرح جب حضرت نوح علیہ السلام اپنی کشتی کو لے کر چلے تو ایک مقام پر پہنچ کر کشتی بھنور میں آ گئی اور ڈوبنے کا خطرہ لاحق ہوا۔تو حضرت نوح علیہ السلام نے بھی بایں الفاظ خدا تعالیٰ کو وسیلہ کا واسطہ دیا۔یعنی اے میرے اللہ میں تجھ سے بحق محمد و آل محمد سوال کرتا ہوں کہ مجھے غرق ہونے سے نجات دے پس **ادھر حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ختم تو ادھر خطرات کے لمحات ختم۔تفسیر انوار النجف جلد۲ص۱۱۴**۔مسلمانو! جب حضرت نوح علیہ السلام **نجی اللہ** کی کشتی ان کے وسیلہ

Presented by www.ziaraat.com

کے بغیر کنارے نہ لگ سکی تو تیری میری کشتی بحرِ عصیاں سے کس طرح بچ کر کنارے لگ جائے گی۔ یہ روایت مشہور ہے کہ جب کوئی سائل حاجت مند دعا منگوانے کے لئے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتا اور اپنی تکلیف عرض کر کے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دعا کے لئے عرض کرتا اور رسول صلعم اس کے لئے دعا مانگتے تو حضور پرنور صلعم فرماتے **اللھم ارحم علی فلاں بحق علی ابن ابی طالب** میرے اللہ میں تجھے تیری بارگاہ میں علی ابن ابی طالب کا واسطہ دیتا ہوں کہ فلاں بندہ پر رحم فرما کر اس کی فلاں حاجت پوری کر دے۔

کہتے ہیں کہ یہی رسول اللہ روش وطور طریقہ دعا کر رہا۔ صحابہ کرام تشریف لا کر اپنی حاجت عرض کرتے اور رسول اللہ صلعم علیؑ کا واسطہ دے کر دعا مانگتے ہیں۔ صحابی بھی آخر انسان ہی تھے ان کے دل میں خیال آیا کہ جب ہمارے لئے حضور پرنور دعا مانگتے ہیں تو وسیلہ ابو طالب کا لال ہوا کرتا ہے اور جب کبھی علیؑ کو دعا کی ضرورت پڑی تو یقیناً تو ہم میں سے ہی کوئی وسیلہ بنے گا۔ مدت گزر گئی اسی تمنا میں کسی روز حضرت علی بارگاہ رسالت میں دعا کے لئے حاضر ہوں، لوگ کہتے ہیں کہ بارہ سال کے بعد تو خدا دشمن کی بھی سن لیتا ہے آخر وہ دن آ ہی گیا کہ ایک روز صحابہ کرام تاجدار رسالت کی خدمت میں تشریف فرما تھے کہ جناب حیدر کرار نے حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ میرے لئے دعا فرما دیں کہ میری فلاں مراد پوری ہو جائے، صحابہ کرام نے سنا کہ مدت کے بعد آج ہماری تمنا بھی پوری ہو ہی گئی۔ پہلے رسول اللہ صلعم ہمارے لئے دعا کرتے تھے تو خدا تعالیٰ کو علیؑ کا واسطہ دیا کرتے تھے آج علیؑ کے لئے دعا کرتے ہوئے کسی صحابی کا واسطہ ہوگا۔ ممکن ہے کسی کے دل میں خیال آیا ہوگا کہ آج ہماری عظمت ظاہر کرنے کا وقت آ ہی گیا۔ ادھر علی کے حق میں دعا کرنے کے لئے دست نبوت بلند ہوئے ادھر صحابہ کرام کے جوش و ہوش بلند ہوئے۔ جبرائیل نے آسمانوں کی مخلوق سے کہا کہ ذرا جھک کر دیکھو کہ آج سرور

Presented by www.ziaraat.com

کائنات حضرت امیر علیہ السلام کے لئے دعا کر رہے ہیں۔ کائنات نے کان لگا کر سنا کہ نبی اکرم بارگاہ احدیث میں عرض کر رہے تھے۔ **اللہ ارحم علی بحق علی ابن ابی طالب** ۔ میرے اللہ علیؑ پر رحم فرما تجھے علیؑ ابن ابی طالب کا واسطہ۔ اللہ اکبر۔ حیدر کرار علیہ السلام کو اگر دعا کی حاجت ہو تو بھی علیؑ کے لئے علیؑ ہی کا واسطہ بنتا ہے۔

سبیل سکینہؑ حیدر آباد لطیف آباد

پاک پیغمبرؐ نے فرمایا ہے علیؑ وہ ذی وقار — عظمت حیدرؑ کا عارف ہے نبی یا کردگار

مرتضٰی کی شان میں جو کرے تقصیر کچھ — اس قسم کے حجۃ الاسلام پر بھی بے شمار

(تصدق شیرازی) صلوٰۃ

تفسیر برہان میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک یہودی خدمت نبوی میں حاضر ہوا اور تیز نظر سے اس نے حضور صلعم کی طرف دیکھنا شروع کیا۔ آپ نے فرمایا اے یہودی تیری کوئی حاجت ہے تو سوال کر۔ اس نے عرض کی کہ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ افضل ہیں یا کہ حضرت موسیٰ جس کو اللہ نے اپنا کلیم بنایا ہے اور اس پر توریت نازل کی۔ عصا کا معجزہ عطا کیا۔ سمندر کو چیرا اور بادل کا سایہ عطا کیا۔ یہودی کی گفتگو آپ خاموشی سے سنتے رہے۔ جب وہ اپنے بیان کو ختم کر چکا تو آپ نے فرمایا انسان کے لئے مناسب نہیں ہے کہ اپنی خود تعریف کرے لیکن میں کہتا ہوں کہ آدمؑ سے جب ترک اولیٰ ہوا تو اس نے توبہ میں محمد آل محمد کا واسطہ پیش کر کے دعا مانگی تو قبول ہوئی۔ اسی طرح حضرت نوحؑ کشتی پر سوار ہوئے اور غرق ہونے کا خطرہ لاحق ہوا تو محمد و آل محمد کے وسیلہ سے دعا مانگی پس نجات پا کر کنارے پر پہنچے اور حضرت ابراہیمؑ نے آگ میں جاتے ہوئے دعا کی **اللھم انی اسئلک بحق محمد وآل محمد لما انجیتنی منھا**

Presented by www.ziaraat.com

یعنی اے اللہ محمد وآل محمد کے صدقہ میں مجھے اس سے نجات عطا فرما پس خدا تعالیٰ نے دہکتی ہوئی آگ کو گلزار کر دیا۔

اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دل میں گھبراہٹ محسوس کی تو یہ ہی لفظ اپنی زبان پر جاری کئے۔ اللھم انی اسئلک بحق محمد وال محمد لما اغثتی۔ یعنی اے اللہ میں محمد وآل محمد کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے ایمان عطا فرما تو ارشاد قدرت ہوا یعنی ڈر نہیں کیونکہ تو ہی غالب ہوگا۔ اے یہودی اگر آج موسیٰ زندہ ہوتے اور اگر میری نبوت پر ایمان نہ لاتے تو ان کا کوئی عمل بھی قبول نہ کیا جاتا اور اس کی اپنی نبوت کوئی فائدہ نہ دیتی اے یہودی جب میری ذریت سے مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔ تو حضرت عیسیٰ ابن مریمؑ اتریں گے اور ان کی نصرت کریں گے اور بوقت نماز ان کو اپنے آگے کھڑا کر کے ان کی اقتدا میں نماز پڑھیں گے۔ تفسیر انوار النجف جلد ۹ ص ۱۸۲، ۱۸۳۔

مسلمانو! جب تمام اولی العزم انبیاء علیہم السلام اپنی ہر مشکل میں انہیں مشکل کشا سمجھ کر محمد وآل محمد ہی بارگاہ احدیت میں رسائی تک کامل واکمل وسیلہ ہیں۔ سعید ابی خالد باھلی سے مروی ہے کہ اس روز رسول صلعم بخار میں مبتلا تھے تو ہم حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت علی علیہ السلام نے اپنا دائیاں ہاتھ رسول اللہ صلعم کے سینے پر رکھ دیا اور کہا ام ملدم چلے جاؤ۔ یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلعم کو دیکھا کہ اٹھا کر بیٹھ گئے اور حضور صلعم نے چادر اتار دی اور فرمایا اے علی علیہ السلام اللہ تعالیٰ نے تم کو خصوصیات سے نوازا ہے ان میں سے یہ بات بھی ہے کہ دردوں کو تمہارے بابع کیا ہے جس چیز کو تم بھاگتے ہو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے

Presented by www.ziaraat.com

بھاگ جاتی ہے۔ دیکھو میرا بخار اتر گیا۔ (کنوز المعجزات ص ۲۲۰)۔

جب کہہ دیا نصیریوں نے ہے علیؑ خدا — فرمایا میں ہوں خادم دربار مصطفیٰ
انکار کر رہے تھے جو حق کے امام کا — ان سے کہا ہوں مظہر اوصاف کبریا

(تصدق شیرازی)

اعتراض ہو سکتا ہے کہ یہ تمام کتابوں کے حوالے ہیں اور روایات ضعیف بھی ہوا کرتی ہیں تو عرض ہے کہ میں کلام پاک سے ثبوت پیش کرتا ہوں۔

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

نماز ہم اس لئے پڑھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے نماز پڑھنا واجب قرار دیا ہے۔ ہم پر نماز فرض ہے ساری دنیا پر نماز صرف اور صرف فرض و واجب ہے۔ مگر معصوم یعنی رسول اللہ پر دو طرح سے نماز واجب ہے ایک تو یہ کہ نماز پڑھنا نبی پر بھی واجب ہے اور دوسرا یہ کہ نماز پڑھنے کا طریقہ مخلوق خدا کو سکھانا بھی نبی پر واجب ہے۔ روزہ رکھنا امت پر بھی واجب مگر صرف ایک طرح سے اور معصوم پر دو طرح سے واجب ایک تو رسول اللہ ﷺ پر واجب ہے کہ روزہ رکھے بھی سہی اور دوسرا واجب ہے کہ مخلوق خدا کو روزہ رکھنے کا طریقہ اوقات میں بھی بتلائے سمجھائے۔ ہم پر واجب ہے کہ زکوٰۃ ادا کریں اور ضرور کریں مگر محمد ﷺ پر دو واجب کہ ایک زکوٰۃ ادا بھی کرے اور دوسرا اپنی امت کو زکوٰۃ کا نصاب و طریقہ بھی سکھائے۔ صاحب استطاعت کے لئے واجب ہے کہ حج کرے مگر محمد مصطفیٰ ﷺ کے لئے دو طرح سے واجب ہے ایک تو یہ کہ حج کرے بھی سہی اور دوسرا مخلوق خدا کو ارکان حج بتلائے اور

Presented by www.ziaraat.com

سمجھائے بھی سہی۔ ہمارے لئے ضروری ہے کہ نیک لوگوں سے حسن سلوک کا برتاؤ کریں تا کہ معاشرہ درست رہے مگر معصوم کے لئے دو طرح سے ضروری ہے ایک تو یہ کہ اچھے لوگوں سے اچھا برتاؤ کرے بھی سہی اور دوسرا ایسا کرنے کا طریقہ بھی امت کو سکھائے۔ ہمیں حکم ہے کہ ہم برے لوگوں سے درگزر کریں اور دوسرا درگزر کرنے کا طریقہ امت کو بتلائے بھی۔

مسلمانو! ہماری زندگی اس وقت تک اسلامی زندگی نہیں بن سکتی، جب تک کہ رسول اللہ صلعم کے اسوۂ حسنہ پر گامزن نہ ہوں۔ ہمیں حکم ہے کہ اگر تمہاری قسمت میں نیک بیوی ہو تو اس سے اچھا برتاؤ کرو مگر نبی صلعم کے لئے اس میں دو حکم ہیں۔ ایک تو نیک و پارسا بیوی سے اچھا سلوک کرے اور دوسرا امت کو سکھلائے بھی سہی ہماری قسمت میں اگر بد خلق اور کج رو بیوی ہو تو اس سے درگزر کا برتاؤ کریں تا کہ معاشرہ خراب نہ ہو۔ مگر رسول اللہ صلعم کے لئے اس میں دوہرا حکم ہے ایک تو ایسی بیوی سے درگزر رکے اور دوسرا امت کو درگزر کرنے کا طریقہ سکھلائے۔ اسی طرح ہمیں حکم ہے کہ **وابتغوالیه الوسیلة** کہ ایمان لانے والو وسیلہ تلاش کرے۔ ہمیں صرف وسیلہ تلاش کرنے کا حکم ہے مگر نبی اکرم ﷺ کو یہاں پر بھی وہ دو طرح کا حکم ہے ایک تو یہ کہ وسیلہ تلاش کرنے بھی سہی اور دوسرا وسیلہ امت کو دکھائے بھی سہی کہ یہ وسیلہ ہے تو اللہ تعالیٰ کی منشاء و رضا معلوم کرنے کا صحیح و درست وہی وسیلہ ہوگا جو رسول اللہ صلعم نے خود وسیلہ پکڑا ہوا اور امت کو پکڑنے کا طریقہ بتلایا ہو۔ ایک بات ہمیشہ یاد رکھئے کہ شیعان حیدر کرار کا اعتقاد و ایمان ہے کہ جناب امیر المومنین علی ابی طالب علیہ السلام ساری کائنات سے اکمل و افضل ہیں۔ مگر خدا کے معصوم بندے اور رسول اللہ ﷺ کے چھوٹے بھائی ہیں۔ **ہمارا ایمان تو ہے کہ حضرت آدمؑ سے حضرت علیؑ افضل ہیں**۔ مگر رسول اللہ صلعم کے غلام ہیں خود حضرت امیر کا فرمان ہے **انا عبد من عبید محمد** ﷺ فرمایا میں محمد صلعم کے

Presented by www.ziaraat.com

غلاموں میں سے ایک غلام ہوں۔ مسلمانو! حضرت امیر ہوں یا حضرت سیدہ زیراً حضرت امام حسنؑ ہوں یا حضرت امام حسینؑ تو یہ رسول اللہ ﷺ کے جزو ہیں اور آمنہ کا لال ہے کل یہ رسول اللہ ﷺ کے محتاج ہیں رسول اللہ ﷺ صرف خدا کی ذات والاصفات کا محتاج ہے، جب ایسا ہے اور یقیناً ایسا ہے تو قرآن مجید میں ایک سورہ ہے جسے مباہلہ کہا جاتا ہے اس کی طرف غور کرو، منقول ہے کہ ہجری ۱۰ھ میں آنحضرت نے نجران کے عیسائیوں کو اسلام بذریعہ خط دعوت دی تو نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد جس میں کل ساٹھ آدمی تھے اور ان میں چودہ شخص ان کے سردار تھے جن کے نام یہ ہیں عاقب جس کا نام عبدالمسیح تھا، دوسرا سید جس کا نام ایہم تھا تیسرا ابو حارثہ ابن علقمہ جو بکر بن وائل کا بھائی تھا اور چوتھا ادریس بن حارث پانچواں زید، چھٹا قیس، ساتواں یزید نامی ایک سردار اور اس کے دونوں لڑکے، دسواں خویلد، گیارہواں عمرو، بارہواں خالد، تیراھواں عبداللہ اور چودھواں محسن تھا۔ مگر ان چودہ سرداروں میں سے تین بڑے سردار تھے۔ عاقب جو امیر قوم تھا اور عقل مند سمجھا جاتا تھا اور صاحب مشورہ تھا اسی کی رائے پر یہ لوگ مطمئن ہو جاتے تھے۔ دوسرا سید جوان کا لاٹ پادری تھا۔

تیسرا ابو حارثہ جو رئیس اعلیٰ تھا۔ یہ بنو بکر بن وائل کے عرب قبیلہ میں سے تھا لیکن نصرانی بن گیا تھا اور رومیوں کے ہاں اس کی بڑی آؤ بھگت تھی تفسیر ابن کثیر (جلد ا پارہ ۳ ص ۱۷) یہ وفد رسول اللہ صلعم کی خدمت میں بڑی ٹھاٹ سے زرق برق لباس ریشمی عبائیں اور سونے انگوٹھیاں پہنے ہوئے بڑی شان و شوکت سے مدینہ آیا۔ ان کی سج دھج دیکھ کر صحابہ کرام حیرت میں کھو گئے۔ کیونکہ اس سے پیشتر کوئی وفد اس طنطنہ اور طمطراق کے ساتھ یہاں نہیں آیا تھا۔ جب وہ بنے ٹھنے مسجد نبوی کے قریب پہنچ کر سواریوں سے اترے اور اینٹھتے اکڑتے مسجد میں داخل ہوئے تو آنحضرت صلعم نے ان کے ہاتھوں میں سونے کی انگوٹھیاں اور جسموں پر دیباوحریر کے لباس فاخرہ دیکھ کر نفرت سے ان کی طرف سے منہ

Presented by www.ziaraat.com

پھیر لیا۔ اسی دوران ان کی نماز کا وقت ہو گیا تھا۔ انہوں نے اپنی طریق پر مشرق کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا شروع کر دی کچھ لوگوں نے انہیں منع کرنا چاہا آپ نے فرمایا انہیں اپنے طریق پر نماز پڑھنے دو جب نماز سے فارغ ہوئے تو بھی رسول اللہ صلعم نے توجہ نہ فرمائی تھوڑی دیر بیٹھ کر مسجد سے اٹھ کر باہر نکل آئے اور حضرت عثمان اور عبدالرحمن کو دیکھ کر ان سے شکوہ آمیز لہجہ میں کہا کہ تمہارے رسول صلعم نے ہمیں پیغام بھیجا اور جب ہم حاضر ہوئے تو ہماری طرف سے منہ پھیر لیا۔

حضرت عثمان نے کہا کہ تم حضرت علی علیہ السلام سے وجہ دریافت کرو، وہ تمہیں بتلائیں گے کہ اس کی وجہ کیا ہے؟ جب ان لوگوں نے علیؑ سے عرض کی تو آپ نے فرمایا سونے کی انگوٹھیاں اتار دو اور سادے سفری لباس میں دربار رسالت ﷺ میں حاضری دو۔ یقیناً اللہ کے رسول صلعم تم سے نفرت نہیں کریں گے۔ انہوں نے ایسا ہی کیا تو رسول اللہ صلعم نے ان کی طرف توجہ فرمائی اور نماز عصر کے بعد گفتگو شروع ہوئی۔ جب آنحضرت صلعم نے انہیں اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے کہا کہ ہم پہلے ہی سے مسلمان ہیں۔ فرمایا تم مسلمان کیونکہ ہو سکتے ہو جبکہ خنزیر کا گوشت کھاتے ہو، تم صلیب کی پرستش کرتے ہو اور مسیح کو ابن اللہ سمجھتے ہو انہوں نے کہا بے شک مسیح ابن اللہ ہیں اگر وہ ابن اللہ نہیں تو آپ ہی فرما دیجئے ان کا باپ کون تھا؟ کیا کوئی بغیر باپ کے بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ آنحضرت نے کلام پاک سے یہ آیت پڑھی۔ تحقیق مثال عیسیٰ کی نزدیک اللہ کے مانند مثال آدم کے ہے پیدا کیا اس کو مٹی سے پھر کہا اس کو ہو جا پس ہو گیا فرمایا نصرانیو! عیسیٰ کا تو باپ نہیں ماں تو ہے مگر آدم اور حوا کی نہ ماں ہے اور نہ ان کا باپ ہے بتاؤ انہیں کیا کہو گے۔ ارے میرے اللہ اس بات کا محتاج نہیں کہ بغیر ماں باپ کے پیدا ہی نہ کر سکے وہ جس کو چاہے اور جس طرح چاہے مخلوق کو پیدا کرتا ہے دیکھو دلیل کتنی قوی ہے اور سمجھانے والا خدا کا رسول صلعم ہے مگر نجران کے عیسائیوں نے نہ ماننا تھا اور نہ ہی مانے تو معلوم ہو گیا کہ اگر انسان

Presented by www.ziaraat.com

منہ پر آجائے تو دلائل کی مضبوطی اور زبان کی صداقتبھی ضلالت گمراہی اور شیطنت کے مضبوط قلعے کو فتح نہیں کرسکتی۔ مسلمانو! جب **ضدی انسان تاجدار رسالت کی بات کو بھی قبول نہیں کرتے تو آج کا شیعہ مولوی ان بدنصیبوں کو کس طرح حقائق منوا سکتا ہے** جب رسول اللہ کو قرآن کافی نہ ہوتو نبی نے دوسرا رخ اختیار فرمایا قدرت کا حکم ہوا۔

پس جو کوئی جھگڑے تجھ سے بیچ اس کے کہ تم نے علم سے سمجھایا ہو۔ پس کہو کہ آؤ بلادیں ہم بیٹوں اپنوں کو بیٹوں تمہاروں کو اور عورتیں تمہاری کو اور جاں اپنی اور جانوں تمہاری کو پھر التجا کریں پس کریں ہم لعنت اللہ تعالیٰ کی اوپر جھوٹوں کے، مسلمانو! **یہ ہے مباہلہ جس کو تمام مفسرین نے اپنی اپنی تفسیروں میں درج کیا ہے تفسیر ابن کثیر جلد ا پارہ ۳ ص ۷۵ پر تحریر ہے** کہ رسول اللہ صلعم مباہلہ کے لئے ایک حضرت علی علیہ السلام اور دوسری جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا تیسرے امام حسن اور چوتھے امام حسین علیہما السلام کو لے کر مدینہ برآمد ہوئے۔

تفسیر حسینی قادری جلد ا ص ۱۱۱ پر مرقوم ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت رسالت مآب صلعم نے نجران کے پیشواؤں کو بلا کر فرمایا کہ جس قدر ہم دلیلیں زیادہ دیتے ہیں تم عداوت اور نزاع بڑھاتے ہو۔ اب آؤ تو مباہلہ میں مشغول ہوں تا کہ اس بات میں امتیاز ہو جائے کہ سچا کون ہے اور جھوٹا کون ہے اور باطل پر کون ہے نصاریٰ اس پر راضی ہو گئے وقت اور جگہ بھی مقرر کر دی دوسرے دن جناب رسول خدا ﷺ نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو گود میں اٹھایا اور امام حسن علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا۔ جناب سیدۃ النساء حضرت بی بی فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پیچھے اور امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ ساتھ چلے۔ حضرت سرور عالم عالم صلعم نے ان سے فرمایا کہ میں جب دعا کروں تو تم آمین

Presented by www.ziaraat.com

کہنا۔ اس طرف نصاریٰ بڑے تامل کے بڑے مباہلہ سے پشیمان ہوئے اور اپنی بہتری صلح میں دیکھی باایں ہمہ رسول اللہ صلعم کے برابر صف باندھی جب ان کے سردار نے حضرت سرور انبیاء علیہ الفضل الصلوۃ الثنا کو اہل بیت کے سمیت دیکھا تو چلایا یارو ان بزرگوں کی بددعا سے بچو قسم خدا کی میں دیکھتا ہوں اگر یہ خدا سے چاہیں کہ پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہٹا دے تو پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ دیں گے اگر انہوں نے بددعا کردی تو ایک نصرانی بھی روئے زمین پر باقی نہیں رہے گا پس اس بات پر صلح کرلی کہ ہر سال ماہ رجب اور ماہ صفر میں دو ہزار پارچے بطور جزیہ دیا کریں گے اور ہر پارچہ چالیس درہم کا ہوگا اور اگر یمن میں جنگ چھڑی تو وہ جنگی امداد کے سلسلہ میں تیس رز ہیں، تیس نزے، اور تیس گھوڑے عاریۃً دیں گے اور اس کے صلہ میں وہ اپنی زمینوں پر بدستور آباد رہیں گے اور ان کے مال وجان کی حفاظت مسلمانوں کے ذمہ ہوگی۔ نبی اکرم صلعم نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ میرے ساتھ مباہلہ کرتے **تو حق تعالیٰ انہیں مسخ کرکے ان پر آگ نازل کرتا اور سب نجران والے بلکہ جن چڑیوں کے گونسلے ان کے مکانوں کی چھت میں تھے وہ سب ہلاک ہوجاتے۔ یہ سب اہل سنت کی تفاسیر میں موجود ہے۔**

اب میرا سوال مسلمانوں سے یہ ہے کہ اگر رسول خدا صلعم اکیلے ہی بددعا کردیتے تو کیا نجران کے عیسائی بچ جاتے ہرگز نہیں اور پھر خدا تعالیٰ نے اپنے حبیب کے ساتھ ان چار نفوس کو کیوں شامل کیا۔ ان میں دو تو بچے چھ سات برس کے ہیں ایک خاتون پر دہ دار اور صرف ایک بھائی ہے آیت اتنی وسیع ہے کہ **ابناء نا** میں سارے مدینے کے بچے اور **نساء نا** تمام دیئے کی عورتیں اور **انفسنا** میں مع یار غار کے کل صحابی شامل ہوسکتے ہیں پھر نبی اکرم صلعم نے انہیں کیوں فراموش کردیا جنہیں صدیق اور صدیقہ کا خطاب آج تک لوگ دیتے چلے آرہے ہیں یہ تو ان کی صداقت کو نمایاں کرنے کا زریں

Presented by www.ziaraat.com

موقع تھا کہ جھوٹوں پر تو وہی لعنت کرے گا جو خود صدیق ہوگا؟ ورنہ لعنت بٹ جائے گی لوگو ہمارا قیفہ سے کیا واسطہ ہم تو سیرت رسول اللہ صلعم کو واجب العمل سمجھتے ہیں بس جس جس کو رسول اللہ صلعم مباہلہ میں ساتھ لے گئے وہی انسان حقیقت میں صدیق تھا باقی مرید کے بخشے ہوئے تمغے ہیں اور یہ مقام کچھ ایسا خطرناک صحابہ کرام کو محسوس ہوا کہ کسی روایت میں نہیں ملتا کہ کسی صحابی نے عرض ہی کی ہو یا رسول اللہ ﷺ مجھے بھی ساتھ لے چلئے میں بھی تو صدیق ہوں۔ صحابہ کرام کا میدان مباہلہ میں ساتھ جانے کی تمنا نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ جانتے تھے یہ ہمارا مقام نہیں اس پر صدیق کی ضرورت ہے جس کو حق تعالیٰ نے تمغہ صداقت عطا کیا ہو۔

کہ اکیلے اگر نبی کریم صلعم بد دعا کر دیتے تو یقیناً کافی تھا ارے ہمارے رسول صلعم کے اشارے سے تو چاند بھی اپنی منزل چھوڑ دیتا ہے اور سورج واپس آ کر سلام کرتا ہے علی ہوں یا بتول، حسن ہو یا حسین علیہا السلام یہ سب نبی ﷺ کے جزو ہیں۔ صرف انہیں اسلئے لے گئے کہ بے مروت مسلمانوں کو دکھلانا مقصود تھا کہ جب ان کے بغیر محمد مصطفیٰ کامیاب نہ ہو سکا تو تم مسلمان ان کو چھوڑ کر کسی طرح کامیاب ہو جاؤ گے یہ ہے **خدا تعالیٰ کا بنایا ہوا وسیلہ اور خدا کے حبیب کا دکھلایا ہوا وسیلہ۔**

ایک بات اور ابھی ذہن میں لائیے کہ رسول اللہ صلعم قرآن سناتے رہے کافی نہ ہو سکا تو جب رسول اللہ صلعم کو قرآن مجید اکیلا کافی نہ ہو سکا اور کوئی مائی کا لال ہے کہ جسے اکیلا قرآن کافی ہو جائے قرآن تو خود صاحب قرآن کو بھی کافی نہ ہوا اہل بیت کو آخر بلانا ہی پڑا۔ پس قرآن پاک سے ثابت ہوا کہ نبی کریم بھی مشکل کے وقت اپنی اہل بیت کو ہی وسیلہ قرار دیتے تھے۔ **من ترک سنتی فلیس منی** کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جس نے میری سنت ترک کر دی وہ ہم سے نہیں ہے یعنی

Presented by www.ziaraat.com

میری امت سے خارج تو کیا یہ آیت قرآن مجید سے میاں کو یاد نہ رہی کہ ال محمد سے انحراف کر بیٹھا۔ ادھر تو یہاں تک مسلمانوں نے لکھ دیا کہ ایک روز رسول خدا صلعم بیر اریس (ایک کنویں کا نام) پر کنویں میں پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئے۔ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان نے بھی ایسا ہی کیا کہ کنوئیں پر بیٹھ کر اس میں پاؤں لٹکا دیئے کہ رسول اللہ صلعم کی سنت پوری ہوائے کیوں بھائی ادھر رسول اللہ صلعم کی سنت کا اتنا خیال اور ادھر اتنی بے پرواہی کہ آل رسول کو بالکل فراموش کر دیا جذب القلوب ص ۱۵۹۔ ہاں یہ بھی یاد رہے کہ آیت مباہلہ میں جھوٹوں پر لعنت کرنے کا حکم ہے نہ کہ ان کی پیروی کرنے کا حکم ہے لوگو! قرآن اعلان کر رہا ہے کہ کاذبوں پر لعنت کرنے کا حکم ہے نہ کہ ان کی پیروی کرنے کا حکم ہے۔ قرآن اعلان کر رہا ہے کہ کاذبوں پر لعنت کرو اور یہی خدا کا حکم ہے فرماؤ ہم اللہ کا فرمان چھوڑیں یا قرآن کا بیٹا چھوڑیں یا محمد صلعم عرب کا اعلان چھوڑیں، یا ہر زب پر لعنت کر کے باطل کی گردن مروڑیں۔

آیت مباہلہ نے ایک مسئلہ بھی حل کر دیا کہ آیت میں تمام صیغے جمع کے ہیں۔ **ابنآء نا** صیغہ جمع ہے مگر رسول اللہ ﷺ دو بچے لے گئے **انفسنا** صیغہ جمع ہے مگر نبی ایک بھائی حیدر کرار کو لے گئے **ونسآء نا** میں صیغہ جمع ہے مگر رسول اللہ صلعم صرف ایک بیٹی فاطمہ زہرا کو لے گئے تو ثابت ہو گیا کہ جب اللہ اہل بیت محمد صلعم کا تذکرہ فرما دیے ہیں تو واحد کے لئے بھی لفظ جمع استعمال فرما دیا کرتا ہے ملاں لوگ نبی اکرم صلعم کی بیٹیاں ثابت کرنے کے لئے قرآن مجید کی یہ آیت پیش کرتے ہیں۔ اے نبی کہہ واسطے بی بیوں اپنی کے اور بیٹیوں اپنی کے اور بی بیوں مسلمانوں کی کے کہ چادریں بڑی سے پردہ کیا کریں، اس آیت پردہ میں چونکہ لفظ بنت نہیں بلکہ بنات ہے لہذا ثابت ہوا کہ نبی کی ایک بیٹی نہ تھی بلکہ چار تھیں فرماؤ مسلمانوں مباہلہ میں صیغہ جمع کا ہے یا نہیں تو فرماؤ وہاں کتنی تشریف لے گئیں تھیں۔ وہاں صیغہ جمع میں ایک ہے تو یہاں جمع میں ایک کیوں نہیں ہو سکتی اور سنو اگر عقل و دانش سے بیر نہیں ہے

Presented by www.ziaraat.com

تو خالق کائنات نے چوتھے پارے کے آخر میں حرام رشتوں کی فہرست دی ہے ارشاد ہوتا ہے۔ حرام کی گئیں ہیں اوپر تمہارے مائیں تمہاری اور بیٹیاں تمہاری نواسیاں مسلمانوں سارے قرآن پاک سے پوتیاں اور نواسیاں کہیں حرام دکھلاؤ۔ ہرگز نہیں دکھلاسکو گے پھر کیا خیال ہے میاں جی آپ کے مذہب میں نواسیاں اور پوتیاں حرام ہیں یا کہ ان سے نکاح جائز ہے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ نواسی اور پوتی بھی شامل ہے تو بس فیصلہ ہو ہی گیا کہ پردے کی آیت میں جہاں بنات ہے وہاں نبی صلعم کی بیٹی، نواسیاں اور قیامت تک کی تمام سادات کی مستورات شامل ہیں کیونکہ یہ سب نبی کی بیٹیاں ہی تو ہیں۔ آج اگر رسول اللہ صلعم تشریف لے آئیں تو کسی سیدانی سے عقد نہیں کر سکتے کیونکہ یہ نبی کی بیٹیاں ہیں۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ پردے کی آیت جب اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی تو اس وقت جن کو مسلمان رسول اللہ صلعم کی بیٹیاں فرماتے ہیں وہ کب زندہ تھیں جنگ احزاب ۵ ہجری میں ہوئی اور بعد میں یہ سورہ نازل ہوئی تو وہ زندہ کب تھیں انہیں قبروں میں پردے کا حکم دیا گیا تھا بنات رسول اللہ صلعم کا مسئلہ قرآن مجید کی رُو سے تو ثابت ہے نہیں مگر کیا کہنا مسلمانوں کا کہ نبی کریم صلعم کی بیٹیاں تو ضرور ثابت کرنی ہی ہیں چاہے قرآن پاک کی توہین ہو یا عظمت رسول پر حرف آئے قرآن مجید سے اللہ تعالیٰ کا حکم سنو۔ اور تم نکاح مت کرو مشرک کرنے والوں سے یہاں تک کہ ایمان لائیں تو قرآن مجید کی نص ہے کہ مشرکوں کو رشتہ نہ دو یہ حرام ہے مگر رسول اللہ صلعم کی چار بیٹیاں چونکہ میاں جی نے ثابت کرنی ہی ہیں اس لئے تمام ملاؤں نے متفق ہو کر کہا کہ حضور پرنور صلعم نے اپنی تین بیٹیاں مشرکوں کے نکاح میں دے رکھی تھیں۔ ملاں فخر سے فرماتے ہیں کہ رقیہ کا عقد عتبہ سے تھا اور ام کلثوم کا عتیبہ سے یہ دونوں مشرک تھے اور ابولہب کے بیٹے تھے۔ خلفائے راشدین ص ۱۷۲ اور تیسری لڑکی زینب کا نکاح ابوالعاص سے حالت کفر شرک میں نبی نے کر دیا تھا۔ تاریخ اسلام جلد ا ص ۱۶۲ اکبر نجیب آبادی کیوں

Presented by www.ziaraat.com

بھائیو! جن مسلمانوں کا رسول اپنی بیٹیاں مشرکوں کو نکاح میں دے دیا کرے (خدا جانے مشرکین کا خطبہ نکاح کیسا ہوتا ہوگا) تو ان مسلمانوں کو تو یہ بھی سنت پوری کرنی چاہئے کنویں میں پاؤں لٹکا کر بیٹھنے والے اس شرف سے کیوں محروم رہ جاتے ہیں اگر کوئی مولوی سبب **من ترک سنتی فلیس منی** کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے اپنے نبی صلعم کی یہ سنت پوری کر دے تو کشمیر میں لڑائی کی کیا ضرورت ہے۔

کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے اعلان نبوت سے پہلے یہ رشتے کئے تھے پھر اسلام نے منع کر دیئے اگر ایسا ہی ہے تو رسول اللہ صلعم کی اور توہین اس سے زیادہ کیا ہوگی کیونکہ خدا تعالیٰ نے قرآن مجید میں اعلان کیا ہے کہ اور جس وقت لیا عہد اللہ نے عہد پیغمبروں اے البتہ جو کچھ دوں میں تم کو کتاب سے اور حکمت سے پھر آوے تمہارے پاس پیغمبر سچا کرنے والا اس چیز کو کہ ساتھ تمہارے ہے۔ البتہ ایمان لاؤ ساتھ اس کے اور البتہ مدد دینا اس کو کہا کیا اقرار کیا تم نے؟ اور لیا تم نے اوپر اس کے بھاری عہد میرا۔ کہا انہوں نے اقرار کیا ہم نے۔ کہا پس شاہد رہو؟ اور میں ساتھ تمہارے شاہدوں سے ہوں۔ پس جو کوئی پھر جاوے پیچھے اس کے پس یہ لوگ وہی ہیں بدکار (ترجمہ رفیع الدین) کیوں مسلمانو یہ روز میثاق کی بات ہے تو فرماؤ اس وقت رسول اللہ صلعم کیا تھے جبکہ خدا تعالیٰ انبیاء سے عہد لے رہا تھا اس آیت سے تو ثابت ہوتا ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام اس روز سے قدرت نے نبی بنا دیئے تھے اگر نبی نہ ہوتے تو نبیوں سے عہد کیسا؟ اور اگر رسول خدا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت سرتاج انبیاء نہ تھے تو دوسرے انبیاء سے ان کے افضل واکمل ہونے اور ان پر ایمان لانے کا اقرار کیسا ہو سکتا ہے؟ کہ کوئی اصحاب نواز ملاں کہہ دے کہ یہ باتیں تو روح کی ہیں تو میری عرض ہے کہ مولانا اگر روح کی باتیں ہیں تو معلوم تو ہو گیا کہ رسول اللہ صلعم کی روح اس وقت بھی نبی تھی تو جب روز میثاق سے رسول اللہ صلعم کی

Presented by www.ziaraat.com

روح نبی تھی تو نبی کی روح نے مشرکین کو بیٹیاں دینا کس طرح گوارا کرلیا۔

اس جگہ میں مولانا علامہ شیخ عبدالحق صاحب محدث دہلوی کی کتاب جذب القلوب سے ایک دو شہادتیں پیش کئے دیتا ہوں مولانا فرماتے ہیں کہ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ کلمات آدم صفی اللہ نے دربار خداوند سے سیکھے تھے اور ان کی توبہ مغفرت کا ذریعہ ہوئے تھے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے **فتلقی اٰدم من ربه کلمات فتاب علیه** پس سیکھ لے آدم نے اپنے رب سے چند باتیں پس رجوع کیا اس پر وہ کلمات یہ تھے۔ **الٰھی بحرمة محمد واٰله اغفرلی** (جذب القلوب ص ۲۳۵) یہاں سے تو ثابت ہوا کہ حضرت آدمؑ کا وسیلہ محمد وآل محمد ہی نہیں بنے بلکہ جس دن حضرت آدمؑ ان کا خدا کو واسطہ دے رہے تھے اس روز بھی محمد وآل محمد پاک وطاہر افضل واکمل اور ذریعہ نجات تھے اور سنیں ایک حدیث عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہے علمائے حدیث نے اس کو صحیح کہا ہے کہ جب آدم صفی اللہ سے خطا سرزد ہوئی تو توبہ کے لئے کہا **یارب اسالک بحق محمد ان تغفرلی** اے میرے رب میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل محمد صلعم کے مجھ کو بخش دے۔

مجیب الدعوات کے دربار سے فرمان آیا کہ تم نے محمد مصطفی صلعم کو کس طرح پہچانا۔ حالانکہ میں نے ابھی ان کو جوہر روح کو صدف جسمانیت میں نہیں رکھا ہے آدمؑ نے کہا اے خالق تو جانتا ہے کہ جس روز مجھ کو اپنے دست قدرت سے تو نے پیدا کیا اور میرے قلب بشری میں روح علوی پھونکی تو میں نے سر اٹھایا عرش کے پایوں پر لکھا دیکھا **لا اله الا الله محمد رسول الله** اس دن سے میں نے پہچان لیا کہ وہ تیرے ایک بندے ہیں اور تیرے نزدیک کل مخلوقات میں سے محبوب ترین اور تیرے دربار کے مقرب ترین ہیں۔ حکم آیا ہے کہ جب تم نے ان کو میرے دربار میں وسیلہ مغفرت ٹھہرایا

Presented by www.ziaraat.com

ہے تو میں نے تمہارے گناہ معاف کیے اے آدمؑ گر محمد صلعم نہ ہوتے تو تم کو بھی نہ پیدا کرتا۔ (کتاب جذب القلوب ص ۲۳۴)۔

حیف ہے ان مسلمانوں پر کہ جس کا کلمہ حضرت آدمؑ پیدا ہوتے ہی پڑھ رہے تھے اس کے متعلق ایمان رکھتے ہیں کہ اس نے اپنی بیٹیاں مشرکوں کو دے دی چھوڑی تھیں، رسول اللہ صلعم کی توہین کی کوئی بات نہیں ایک بزرگ تو ذوالنورین بنتا ہی ہے تو عرض ہے کہ جب یہ لڑکیاں کنواری ہو کر عتبہ عتیبہ کو شرک سے نہ نکال سکیں اور وہ ایک نور والے نہ بن سکے تو پھر مطلقہ ہو کر کسی کو کیا فائدہ پہنچا سکتی ہیں۔ ہاں اگر یہ خیال ہے کہ احکام شریعت بعد میں جاری ہوئے تھے تو مسلمانوں ایک ایسا نبی کا فعل دکھلاؤ جو رسول اللہ صلعم نے چالیس برس کیا ہوا اور اعلان نبوت پر قدرت نے اپنے حبیب کو منع کر دیا ہو۔ ارے **جو رسول اللہ صلعم چالیس سال کرتے رہے وہی تو قرآن بنا ہے** بس ہمارا رسول (ص) وہ ہے جس کے ہر قول و فعل کی قرآن مجید نے آ کر تصدیق کی ہے نہ کہ کافروں مشرکوں کو اپنی لڑکیاں دینے والا۔

بات دور نکل گئی کہ اللہ تعالیٰ نے محمد و آل محمد اپنے اور اپنی مخلوق کے درمیان وسیلہ قرار دیا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا **نحن وسیلة بینکم وبین اللہ** ہم ہیں تمہارے اور خالق کے درمیاں وسیلہ کامل ہیں ان کا آدم نے وسیلہ پکڑا تو حوا مل گئی اور ترک اولی سے معافی مل گئی، حضرت نوحؑ نے وسیلہ ان کا پکڑا تو کشتی بچ گئی۔ خلیلؑ نے انہیں وسیلہ قرار دیا تو آگ گلزار ہو گئی کلیمؑ نے وسیلہ پکڑا تو جادوگروں پر غالب آ گئے اور دریا شگافتہ ہو گیا۔ حضرت عیسیٰؑ نے وسیلہ پکڑا تو چرخ چہارم پر مسکن بن گیا۔ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی آل کو وسیلہ قرار دیا تو

Presented by www.ziaraat.com

مباہلہ جیت لیا۔ میں نے محمد وآل محمد کا وسیلہ پکڑا تو عاقبت سنور گئی۔ واعظ ومقرر بن گیا۔ دولت انسانیت سے سرفراز کیا گیا۔ لوگوتم بھی محمد وآل محمد کو خدا کے حضور میں وسیلہ قرار دو۔ ہر مشکل حل ہو جائیگی۔

ملاحظہ ہوں آیات وسیلہ
اور آیات حق
شفاعت بحکم قرآن

۲۔۳۸ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ (سورۃ البقرہ)

ہم نے کہا تم سب یہاں سے چلے جاؤ، جب کبھی تمہارے پاس میری ہدائت پہنچے تو اس کی تابعداری کرنے والوں پر کوئی خوف وغم نہیں۔

۲۔۲۵۵ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ (سورۃ البقرہ)

اللہ تعالیٰ ہی معبود برحق ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ اور سب کا

Presented by www.ziaraat.com

تھامنے والا ہے، جسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند، اس کی ملکیت میں زمین اور آسمانوں کی تمام چیزیں ہیں۔کون جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے سامنے شفاعت کر سکے، وہ جانتا ہے جو اس کے سامنے ہے جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر وہ جتنا چاہے، اس کی کرسی کی وسعت نے زمین اور آسمان کو گھیر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت سے نہ تھکتا ہے اور نہ اکتاتا ہے، وہ تو بہت بلند اور بہت بڑا ہے۔

۳۹۔ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ (سورۃ العمران)

پس فرشتوں نے انہیں آواز دی، جب وہ حجرے میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے، کہ اللہ تعالیٰ تجھے یحییٰ کی یقینی خوشخبری دیتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے کلمہ کی تصدیق کرنے والا سردار، ضابطہ نفس اور نبی ہے نیک لوگوں میں سے۔

۶۱۔ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ۝ (سورۃ العمران)

اس لیئے جو شخص آپ کے پاس اس علم کے آجانے کے بعد بھی آپ سے

Presented by www.ziaraat.com

اس میں جھگڑے تو آپ کہہ دیں کہ آؤ ہم تم اپنے اپنے فرزندوں کو اور ہم تم اپنی اپنی عورتوں کو اور ہم تم خاص اپنی اپنی جانوں کو بلا لیں، پھر ہم عاجزی کے ساتھ التجا کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں۔

۶۱-ة وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ه (سورة النساء)

ان سے جب کبھی کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ کلام کی اور رسول ﷺ کی طرف آؤ تو آپ دیکھ لیں گے کہ یہ منافق آپ سے منہ پھیر کر رکے جاتے ہیں۔

۶۳-ة اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ط فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَ عِظْهُمْ وَ قُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا م بَلِيْغًا ه (سورة النساء)

یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے دلوں کا بھید اللہ تعالیٰ پر بخوبی روشن ہے آپ ان سے چشم پوشی کیجئے، انہیں نصیحت کرتے رہئے اور انہیں وہ بات کہئے جو ان کے دلوں میں گھر کرنے والی ہو۔

۸۵-ة مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا وَ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ط وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى

Presented by www.ziaraat.com

كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ه (سورة النساء)

جو شخص کسی نیکی یا بھلے کام کی سفارش کرے اسے بھی اس کا کچھ حصہ ملے گا اور جو برائی اور بدی کی سفارش کرے اس کے لئے بھی اس میں سے ایک حصہ ہے، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

۲۳۔ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ط وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ه (سورة الانفال)

اور اگر اللہ تعالیٰ ان میں کوئی خوبی دیکھتا تو ان کو سننے کی توفیق دے دیتا اور اگر ان کو اب سنا دے تو ضرور روگردانی کریں گے بے رخی کرتے ہوئے۔

۵۔ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ه (سورة النساء)

بے عقل لوگوں کو اپنا مال نہ دے دو جس مال کو اللہ تعالیٰ نے تمہاری گزران کے قائم رکھنے کا ذریعہ بنایا ہے ہاں انہیں اس مال سے کھلاؤ پلاؤ، پہناؤ، اوڑھاؤ اور انہیں معقولیت سے نرم بات کہو۔

۹۵۔ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ه (سورة الكهف)

اس نے جواب دیا کہ میرے اختیار میں میرے پروردگار نے جو دے رکھا

Presented by www.ziaraat.com

ہے وہی بہتر ہے، تم صرف قوت طاقت سے میری مدد کرو۔

ق۔۳۵ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (سورۃ المائدہ)

مسلمانو! اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور اس کا قرب تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تا کہ تمہارا بھلا ہو۔

ق۔۹۶ فَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰهُ عَلٰی وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ (سورۃ الیوسف)

جب خوش خبری دینے والے نے پہنچ کر ان کے منہ پر وہ کرتا ڈالا اسی وقت پھر بینا ہو گئے کہا! کیا میں تم سے نہ کہا کرتا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

ق۔۹۷ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕیْنَ ۝ (سورۃ الیوسف)

انہوں نے کہا ابا جی آپ ہمارے لئے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے بیشک ہم قصوروار ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

۹۸ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ہ (سورۃ الیوسف) کہا اچھا میں جلد ہی تمہارے لئے اپنے پروردگار سے بخشش مانگوں گا وہ بہت بڑا بخشنے والا اور نہائت مہربانی کرنے والا ہے۔

۱۵ وَدَخَلَ الْمَدِیْنَةَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِیْهَا رَجُلَیْنِ یَقْتَتِلٰنِ هٰذَا مِنْ شِیْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِیْ مِنْ شِیْعَتِهٖ عَلَی الَّذِیْ مِنْ عَدُوِّهٖ فَوَكَزَهُ مُوْسٰی فَقَضٰی عَلَیْهِ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ ط اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِیْنٌ ہ (سورہ القصص)

اور موسٰی (علیہ السلام) ایک ایسے وقت شہر میں آئے جبکہ شہر کے لوگ غفلت میں تھے یہاں دو شخصوں کو لڑتے ہوئے پایا، یہ ایک تو اس کے رفیق میں سے تھا اور دوسرا اس کے دشمنوں میں سے اس کی قوم والے نے اس کے خلاف جو اس کے دشمنوں میں سے تھا اس سے فریاد کی، جس پر موسٰی (علیہ السلام) نے اس کے مکا مارا جس سے وہ مر گیا موسٰی (علیہ السلام) کہنے لگے یہ تو شیطانی کام ہے یقیناً شیطان دشمن اور کھلے طور پر بہکانے والا ہے۔

۳۳ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِیْهِمْ ط وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ ہ (سورۃ الانفال)

اور اللہ تعالیٰ ایسا نہ کرے گا کہ ان میں آپ کے ہوتے ہوئے ان کو

Presented by www.ziaraat.com

عذاب دے اور اللہ ان کو عذاب نہ دے گا اس حالت میں کہ وہ استغفار بھی کرتے ہوں۔

۸۷۔ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ہ (سورۃ المریم)

کسی کو شفاعت کا اختیار نہ ہوگا سوائے ان کے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کیطرف سے کوئی قول قرار لے لیا ہے۔

سبیلِ سکینہؑ حیدرآباد لطیف آباد

۸۸۔ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَ هُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ہ (سورۃ الانبیاء)

وہ ان کے آگے پیچھے کے تمام امور سے واقف ہے وہ کسی کی بھی سفارش نہیں کرتے بجز ان کے جن سے اللہ خوش ہو وہ خود ہیبت الٰہی سے لرزاں و ترساں ہیں۔

۸۹۔ وَ لَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ط حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ ط قَالُوا الْحَقَّ وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ہ (سورۃ سبا)

شفاعت (سفارش) بھی اس کے پاس کچھ نفع نہیں دیتی بجز ان کے جن کے لئے اجازت ہو جائے یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے

Presented by www.ziaraat.com

گھبراہٹ دور کر دی جاتی ہے تو پوچھتے ہیں تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ جواب دیتے ہیں کہ حق فرمایا اور وہ بلند بالا اور بہت بڑا ہے۔

ع ۸۳ وَ اِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ط وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَ اِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ط وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (سورۃ النسا)

جہاں انہیں کوئی خبر امن کی یا خوف کی ملی انہوں نے اسے مشہور کرنا شروع کر دیا، حالانکہ اگر یہ لوگ اس رسول ﷺ کے اور اپنے میں سے ایسی باتوں کی تہہ تک پہنچنے والوں کے حوالے کر دیتے تو اس کی حقیقت وہ لوگ معلوم کر لیتے جو نتیجہ اخذ کرتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو عدد دے چند کے علاوہ تم سب شیطان کے پیروکار ہوتے۔

ع ۸۴ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ (سورۃ البقرۃ)

اے ایمان والو صبر اور نماز کے ذریعہ سے مدد چاہو، اللہ تعالیٰ صبر والوں کا ساتھ دیتا ہے۔

ع ۸۵ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

Presented by www.ziaraat.com

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ہ (سورۃ الفاتحۃ)

اُن لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا۔ ان کا نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا۔

کوئی غیر شیعہ جو ان سوالات کا جواب دے دے تو ہم اس کو پچاس لاکھ انعام دیں گے:

سوالات ملاحظہ ہوں

سوال نمبر ۱:۔ تاریخ شاہد ہے کہ قریش مکہ نے آنحضرت ﷺ سے مکمل طور پر بائیکاٹ کر لیا تھا۔ اس بائیکاٹ کا عرصہ تین سال کا ہے۔ حضرت ابو طالب علیہ السلام تمام بنی ہاشم کو شعب ابو طالب علیہ السلام میں لے گئے تھے۔ یہ تین برس کا عرصہ بنی ہاشم نے نہایت عسرت اور کٹھن تکالیف سے گزارا۔ ان تین سال کے دوران حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کہاں تھے اگر یہ بزرگ مکہ میں ہی تھے تو انہوں نے حضرت کا ساتھ کیوں نہ دیا اور اگر شعب ابی طالب علیہ السلام میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ نہ جا سکے تو کیا کسی وقت ان بزرگوں نے آب و دانہ ہی کی کوئی آنحضرت ﷺ کی مدد کی ہو۔ جب کہ کفار مکہ میں سے زبیر ابن امیہ بن مغیرہ نے پانی اور کھانے پہنچانے اور عہد نامہ کو توڑنے پر دوستوں کو آمادہ کیا؟؟؟

سوال نمبر ۲:۔ حضرت فاطمہ زہر صلوت اللہ علیہا کا انتقال بقول اہل سنت

Presented by www.ziaraat.com

جناب رسول خدا ﷺ کی رحلت کے چھ ماہ بعد ہوا۔ حضرت ابوبکر کا انتقال اڑھائی برس رسول خدا ﷺ کے بعد اور حضرت عمر نے ۲۶ ذی الحجہ ۲۴ھ کو انتقال کیا تو کیا وجہ تھی کہ ان دونوں بزرگوں کو جو کافی عرصہ کے بعد انتقال کرتے ہیں روضہ رسول ﷺ میں دفن ہونے کے لئے جگہ مل گئی اور رسول خدا ﷺ کی اکلوتی بیٹی سیدہ طاہرہ مادر حسنین علیہم السلام کو باپ کے پاس قبر کی جگہ نہ مل سکی۔ کیا خود بتول علیہ السلام نے باپ سے علیحدگی قبر کی وصیت کی تھی یا حضرت علی علیہ السلام نے حکومت وقت کی پیش کش کو ٹھکرا دیا تھا یا مسلمانوں نے بضعۃ الرسول ﷺ کو قبر رسول ﷺ کے پاس دفن نہ ہونے دیا۔ فاعتروا یا اولی الابصار؟؟؟

سوال نمبر ۴:۔ دعوت ذوالعشیرہ کے موقع پر حضرت ابوبکر اور حضرت عمر نے وعدۂ نصرت کیوں نہ فرمایا۔ کیا یہ دونوں بزرگ دعوت ذوالعشیرہ میں شامل تھے؟ اگر نہیں تو یہ دونوں رسول ﷺ کے قریبی کیونکر ہو سکتے ہیں؟؟؟

سوال نمبر ۴:۔ جب حضرت ابوبکر بقول اہل سنت تمام امت محمدیہ سے افضل ہیں تو بوقت موخات یعنی رسول خدا ﷺ نے بھائی چارہ قائم فرمایا تو حضرت ابوبکر کو کیوں نہ اپنا بھائی بنایا جبکہ تاریخ شاہد ہے کہ آنحضرت ﷺ نے دعوت ذوالعشیرہ اور مدینہ منورہ میں تشریف لانے پر بوقت مواخات فرمایا **علی انت اخی فی اللنیا و الاخیرۃ**۔ انصاف مطلوب ہے۔

سوال نمبر ۵:۔ اہل سنت کی حدیث کی کتابوں میں حضرت ابوہریرہ۔ حضرت عبداللہ ابن عمر۔ حضرت عائشہ وغیرہم سے کثرت سے احادیث پیغمبر مروی ہیں کیا وجہ ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ۔ حضرت فاطمہ زہرا۔ حضرت امام حسن مجتبیٰ اور امام حسین علیہم السلام سے احادیث کثرت سے

Presented by www.ziaraat.com

بیان نہیں ہوئیں جبکہ حضور پرنور ﷺ نے فرمایا **انا مدینه العلم و علی بابها نیز اعلم امتی علی بن ابی طالب وغیرها** احادیث کثرت سے ملتی ہیں۔ کیا حضرت علی علیہ السلام کو رسول خدا ﷺ کے پاس رہنے کا موقع کم ملا تھا؟؟؟

سوال نمبر ۶:۔ اگر حضرت علی علیہ السلام کا حکومت وقت سے اختلاف نہ تھا تو ان تینوں حکومتوں کے دور میں کسی جنگ میں شریک کیوں نہ ہوئے جبکہ کفار سے جنگ کرنا بہت بڑی عبادت وسعادت ہے اور اگر اکثرت افواج کی وجہ سے ضرورت محسوس نہ ہوئی تو جمل وصفین اور نہروان کی جنگوں میں کیوں بہ نفس نفیس ذوالفقار کو نیام سے نکال کر میدان میں اترے۔ کیا حکومت نے سیف اللہ کا خطاب دینا کسی اور کو مناسب سمجھا یا خالد بن حضرت علی علیہ السلام سے زیادہ شجاع اور بہادر تھا۔ نیز تعلقات اچھے ثابت کرتے ہوئے تاریخ طبری سے دو مکالمے جو مالانا شبلی نعمانی نے کتاب الفاروق ص ۲۸۵ پر نقل کئے ہیں پیش نظر ہیں۔ حضرت عمر اور عبداللہ ابن عباس کے دونوں مکالمے پڑھیں؟؟؟

سوال نمبر ۷:۔ اگر حضرت امام حسین علیہ السلام کو بقول وہابی علماء کے شیعوں نے ہی شہید کیا تو اہل سنت نے امام مظلوم علیہ السلام کی مدد کیوں نہ کی جبکہ لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں کی تعداد میں اہل سنت موجود تھے۔ (الفاروق ص ۱۱۳)؟؟؟

سوال نمبر ۸:۔ اگر **حسبنا کتاب الله** کہنا ایک امتحان کا جواب تھا جو بزرگ نے درست دیا، تو اسی واقعہ قرطاس میں اس بزرگ نے کس سیاست کے تحت ارشاد فرمایا کہ اس مرد کو ہذیان ہو گیا ہے۔ دیکھو بخاری؟؟؟

Presented by www.ziaraat.com

سوال نمبر ۹:۔ کیا ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام میں سے کسی ایک نبی کی بھی مثال پیش کی جاسکتی ہے کہ پیغمبر کے انتقال پر امت نے اپنے نبی کے جنازہ پر خلیفہ کے انتخاب کو فوقیت دی ہو۔ اگر ایسی کوئی مثال ماسلف میں نہ ملے تو امت مصطفیٰ ﷺ نے ایسا کرنا کیونکر مناسب سمجھا؟؟؟

سوال نمبر ۱۰:۔ کیا ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام میں سے کسی ایک نبی کا واقعہ بھی پیش کیا جاسکتا ہے کہ جس کے انتقال پر ملال پر اس کا تمام ترکہ صدقہ ہو گیا اور امت نے صدقہ سمجھ کر آپس میں تقسیم کر کے اس کی اولاد کو باپ کے ورثہ سے محروم کر دیا اور اگر رسول ﷺ کا ترکہ صدقہ ہی تھا تو ازواج رسول ﷺ کے گھروں میں کچھ تو رسول ﷺ کا مال ہوگا۔ کیا یہ ازواج رسول ﷺ نے رسول ﷺ کے مال کو صدقہ تسلیم کر کے وہ مال حکومت وقت کے حوالے کر دیا تھا۔ کیونکہ صدقہ اہل بیت علیہ السلام پر حرام ہے اور ازواج رسول ﷺ کو اہل بیت میں اہل سنت شمار کرتے ہیں تو صدقہ ان کے لئے کس طرح حلال ہو گیا۔ جواب باصواب ہونا چاہئے؟؟؟

سوال نمبر ۱۱:۔ قرآن پاک میں قدرت کا ارشاد ہے اور جو کوئی مار ڈالے مسلمان کو جان کر پس سزا اس کی دوزخ ہے ہمیشہ رہنے والا بیچ اس کے اور غصہ ہوا اللہ اوپر اس کے اور لعنت کی اس کو اور تیار رکھا ہے واسطے اس کے عذاب بڑا۔ (ترجمہ رفیع الدین) فرمادیں اگر ایک آدمی مومن کو عمداً قتل کرنے والا اس سزا کا مستحق ہے تو جمل وصفین اور نہروان میں فریقین کے کل میزان ستاون ہزار آٹھ سو ساٹھ قتل شہید ہوئے۔ ان کے قاتلوں کے بارے میں کیا خیال ہے کیا کلام پاک کی مندرجہ بالا آیت سے یہ لوگ مستثنیٰ ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کا قانون اعلیٰ، ادنیٰ کے لئے یکساں ہے تو خلیفہ وقت کی مخالفت کر کے مسلمانوں کا قتل عام کرانے والے قیامت کو کس جگہ تشریف لے جائیں گے۔ غور کریں؟؟؟

Presented by www.ziaraat.com

سوال نمبر ۱۲:۔ کلام مجید شاہد ہے کہ اور ان لوگوں سے کہ گرد تمہارے ہیں بادیہ نشینوں سے منافق ہیں اور بعضے لوگ مدینہ کے بھر سرکشی کرتے ہیں اور پر نفاق کے تو نہیں جانتا ان کو ہم جانتے ہیں ان کو شتاب عذاب کریں گے ہم ان کو دوبارہ پھر پھیرے جائیں گے طرف عذاب بڑے کے ترجمہ رفیع الدین۔اس آیت کریمہ سے ثابت ہے کہ مدینہ منورہ میں بھی رسول خدا ﷺ کے زمانے میں منافق لوگ تھے۔اس کے علاوہ تاریخ سے بھی ثابت ہے کہ مدینہ رسول ﷺ میں سے کثرت منافقین رہا کرتے تھے۔انتقال مصطفیٰ ﷺ کے بعد مسلمانوں میں دو پارٹیاں معرض وجود میں آئیں۔ ایک حکومت کی پارٹی دوسری بنی ہاشم کی پارٹی۔ارشاد فرمایں کہ منافقین کس پارٹی میں شامل ہو گئے تھے۔جو لوگ اللہ ﷺ کے زمانے میں منافق تھے۔انتقال رسول کے بعد ان منافقین کو آسمان نے اٹھالیا یا زمین نگل گئی یا تمام منافقین حکومت سے تعاون کرتے ہیں فرشتے اور نیک ہو گئے تھے ان منافقین کی نشاندہی تو کرو کہ وہ کہاں گئے جب کہ تاریخ شاہد ہے کہ ان دو پارٹیوں کے علاوہ کوئی تیسری پارٹی نہ تھی۔تحقیق ضروری ہے؟؟؟

سوال نمبر ۱۳:۔ اہل سنت والجماعت کا دین چار اصولوں پر مبنی ہے۔

(۱) قرآن مجید۔(۲) حدیث۔(۳) اجماع۔(۴) قیاس۔

ثقیفہ کی کارروائی کو پیش نظر رکھ کر ارشاد فرمادیں کہ خلافت ثالثہ قرآن مجید اور حدیث سے ثابت ہے یا کہ اجماعی خلافت ہے۔اگر اجماعی خلافت ہے تو بمطابق قرآن پر غور فرما کر ارشاد فرمادیں کہ انہوں نے قرآن پاک سے اپنی خلافت کو کیوں نہ ثابت کیا جبکہ قرآن مجید میں ہر خشک وتر کا ذکر موجود ہے؟؟؟

سوال نمبر ۱۴:۔ اگر کوئی خلیفہ وقت کو نہ مانے اور اس کی علی الاعلان مخالف

Presented by www.ziaraat.com

کرے تو اس کی سزا کیا ہے۔ مگر یاد رہے کہ بی بی عائشہ اور معاویہ نے تو خلیفہ وقت حضرت علی علیہ السلام سے جنگیں کی ہیں۔ ان کے واقعات جنگ کو پیش نظر رکھتے ہوئے فتویٰ صادر فرمادیں کہ خلیفہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت کرنے والے کی سزا کیا ہے۔ انصاف مطلوب ہے؟؟؟

سوال نمبر ۱۵:۔ اصول فلسفہ ہے کہ کسی ایک چیز کے متعلق اگر دو آدمی آپس میں جھگڑ پڑیں تو دونوں جھوٹے تو ہو سکتے ہیں مگر دونوں سچے نہیں ہو سکتے جب ایسا ہے تو جمل۔ صفین کے طرفین کے بارے میں دونوں کس طرح سچے ہوئے۔ جو صاحب غلطی پر تھے ان کی نشاندہی تو کرو کہ فلاں بزرگ سے خطاب ہوا۔ کیا قاتل ومقتول دونوں جنگ میں جائیں گے۔ استغفر اللہ۔

سوال نمبر ۱۶:۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کئی بار **یا علی انت و شیعتک هم الفائزون** اے علی علیہ السلام تو اور تیرے شیعہ ہی نجات یافتہ ہیں۔ تو کیا ایسی کوئی حدیث۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی حضرات کے لئے مل سکتی ہے؟ اگر نہیں تو دیوبندی۔ بریلوی۔ نجدی حضرات کے لئے ہی تلاش کر کے اطمینان دلا دیجئے؟؟؟

سوال نمبر ۱۷:۔ بی بی عائشہ کے تاثرات اور ارشاد حضرت عثمان کے بارے میں خلافت عثمان کے وقت کیا تھے۔ کیا بی بی عائشہ نے فرمایا کہ لوگ اسے بڈھے نعثل کو قتل کرو۔ خدا اسے قتل کرے۔ اگر ایسا ارشاد فرما کر آپ مکہ تشریف لے گئیں تو حضرت علی علیہ السلام کی خلافت ظاہری کو سن کر حضرت عثمان کو کس طرح انہوں نے مظلوم تسلیم کر لیا۔ کیا حضرت علی علیہ السلام سے حضرت عائشہ کو ذاتی رنجش نہ تھی کہ مسلمانوں کو جمع کر کے بصرہ پہنچ کر جنگ کرنے پر میدان کارزار میں اتر آئیں۔ کیا یہ حضرت عثمان کا بدلہ تھا یا علی علیہ السلام سے دیرینہ دشمنی کا نتیجہ ہے؟؟؟

Presented by www.ziaraat.com

سوال نمبر ۱۸:۔ مسلمانوں کے چار امام ابوحنیفہ۔شافعی۔مالکی اور احمد بن حنبل کیا نص سے ان کی امامت ثابت ہے یا حکومت وقت کی پیداوار ہے اور چار مصلے جو خانہ کعبہ میں رکھے گئے تھے وہ کس شرعی حکم سے حکومت نے رکھے تھے۔سنا ہے اب وہ مصلے اٹھا بھی دیئے ہیں اور اگر خدا اور رسولؐ کے حکم سے رکھے تھے تو چاروں مصلے کس کے حکم سے اٹھائے گئے تھے اور اگر یہ مصلے حکومت نے رکھے تھے۔تو کیا یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ان کی امامت حکومت کی مرہون منت ہے۔

سوال نمبر ۱۹:۔ اگر حضرت عائشہ کو نہ ماننے والا جہنمی ہے تو اس بی بی کا قاتل کیونکہ رضی اللہ رہ سکتا ہے؟ مہربانی کر کے تاریخ اسلام جلد ۲ ص ۴۴ نجیب آبادی وغیرہ ملاحظہ کر کے فتویٰ صادر فرمائیں؟؟؟

سوال نمبر ۲۰:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ حیات ظاہری میں تمام صحابہ سے شجاع کون بزرگ تھے اور سب سے زیادہ عالم کون تھے۔سب سے زیادہ سخی کون تھے اور صحابہ سے زیادہ عبادت گزار کون تھا۔اگر آپ کسی بزرگ کو شجاع ثابت کرنا چاہیں تو ارشاد فرمادیں کہ اس بزرگ نے جنگ بدر۔احد۔خندق۔خیبر وغیرہ میں کتنے کافر قتل کیے تھے اور اگر اشد اللہ الکفار کسی کو ثابت کرنا ہی ہے تو اس بزرگ کا اپنا ارشاد بھی زیر غور رہے کہ انہوں نے حدیبیہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی تھی کہ آپ مجھے مکہ نہ بھیجیں۔کیونکہ میرا کوئی مکہ میں حامی نہیں ہے آپ عثمان کو بھیج دیں۔کیونکہ اس کے حامی مکہ میں موجود ہیں۔یہ بھی ارشاد دیں کہ اشد علی الکفار نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں کتنے کافر قتل کیے اور اپنے دور حکومت میں اپنی تلوار سے کتنے مشرک مارے؟؟؟

Presented by www.ziaraat.com

سوال نمبر ۲۱:۔ کیا کوئی روایت بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابن ماجہ۔ ابوداؤد۔ نسائی ان کے علاوہ مشکوٰۃ شریف اور موطا امام مالک۔۔ یعنی ان آٹھ کتابوں میں مل سکتی ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام۔ امام حسن علیہ السلام۔ امام حسین علیہ السلام۔ امام علی زین العابدین علیہ السلام۔ امام محمد باقر علیہ السلام۔ امام جعفر صادق علیہ السلام۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام۔ امام علی رضا علیہ السلام۔ امام محمد تقی علیہ السلام۔۔ امام علی نقی علیہ السلام۔ امام حسن عسکری اور امام صاحب العصر والزمان علیہم السلام اہل سنت والجماعت کے امام ہیں۔ اگر نہیں تو اپنے بارہ اماموں کے نام بتلائیں جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا **عن جابر ابن سمرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم يقول لا يزال الاسلام عزيزاً الى اثنى عشر خليفة كلهم من قريش** (مشکوٰۃ) کیا آپ کے بارہ امام وہی تو نہیں جن کو تاریخ الخلفاء ص ۱۸ اور شرح فقہ اکبر ص ۷۶ وغیرہ نے بیان کیا ہے اور ان میں چھٹا یزید ابن معاویہ ہے مگر حدیث **من مات وله يعرف امام زمانه فقد مات ميته الجاهلية** ص ۷۴۔ منصب امامت کو دیکھ کر جواب دیں۔

سوال نمبر ۲۲:۔ کیا کسی آدمی کو دین میں کمی بیشی کرنے کا اختیار اور حق ہے اگر نہیں تو حضرت عمر کا **الصلوٰة خير من النوم** نماز تراویح باجماعت چار تکبیروں پر نماز جنازہ۔ متعہ کو حرام قرار دینا۔ تین طلاق کو جو ایک ساتھ دی جائیں طلاق بائن قرار دینا اور قیاس کو اصول قائم کرنا کہاں تک درست ہے اور کیا یہ صراحتہ مداخلت فی الدین نہیں ہے جو ناجائز اور حرام ہے؟؟؟

Presented by www.ziaraat.com

اعتراض عقیدہ امامت شیعت کی اصل بنیاد ہے

جواب:۔ امامت کا تعلق اصول اسلام ہے اور شیعہ اس پر عقیدہ رکھتے ہیں۔ جو چیز اس گروہ کو دوسرے گروہوں سے ممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ شیعہ امامت کے لئے نص کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ پیغمبر اکرمؐ کے بعد اسلامی معاشرہ کو ایک بلند قامت شخصیت کی ضرورت تھی، قرآن حکیم نے اس مسئلہ کو آپ کے نظریہ کے برعکس ایک کلی صورت میں بیان کیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔ ۵۵ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۝ (سورۂ المائدہ/۵۵)

"تمہارا والی صرف خدا ہے اور رسول ہے اور وہ جو ایمان لائے، نماز کو قائم کیا اور زکوۃ دیتے ہیں جب وہ رکوع میں ہوتے ہیں"۔ بہت سے مفسرین نے اس آیت کی شان نزول بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک سائل مسجد میں آیا اور اس نے نمازیوں سے مدد کی درخواست کی لیکن کسی نے اسے کچھ نہ دیا۔ حضرت علیؑ رکوع کی حالت میں تھے، آپ نے سائل کو اپنی اُس انگلی کی طرف اشارہ کیا جس میں آپ نے انگوٹھی پہنی ہوئی تھی۔ سائل آگے بڑھا اور اس نے آپ کی انگلی سے انگشتری اتار لی اور مسجد سے چلا گیا۔ پیغمبرؐ نے یہ سنا اور اللہ سے درخواست کی "خدایا جس طرح تو نے موسیٰ کے لئے ان

Presented by www.ziaraat.com

کے خاندان میں سے وزیر مقرر کیا تھا اسی طرح میرے خاندان میں سے میرا وزیر مقرر فرما"۔ نبی کریم نے اپنی حدیث میں یوں بیان کیا ہے "اے علیؑ تم میرے اور ہر مومن کے ولی (سرپرست) ہو"۔ ہاں شیعہ عقیدہ کے مطابق مسئلہ امامت امت کے سپرد نہیں کیا گیا۔ مسئلہ امامت کا تعلق خدا اور پیغمبر اکرمؐ کے اعلان سے ہے۔ شیعہ عقیدہ کے مطابق امامت ایک منصب الٰہی وسماوی ہے اور جانشین رسول کے تعین کے لئے وحی الٰہی کی ضرورت ہے۔ شیعہ علماء امامت کو اصول اعتقادی میں سے قرار دیتے ہیں۔

(۲) امامت خود شیعوں کی نظر میں کیا ہے؟

جواب:۔ شیعہ زیادہ تر روایات اپنے ائمہ سے لیتے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ رسول خدا نے کتاب اللہ کے بعد انہیں دوسری حجت قرار دیا تھا۔ آپ نے فرمایا تھا: (میں تمہارے درمیان دو گرانقدر چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں اور وہ ہیں اللہ کی کتاب اور میری عترت)۔ لہذا وہ لوگ جو عقیدہ شریعت کو قرآن وعترت کے شفاف چشموں سے حاصل کرتے ہیں رسول اللہ کے فرمان کے مطابق وہ گمراہی سے محفوظ رہتے ہیں۔ اگر امت اہل بیت کو چھوڑ کر اور لوگوں کی طرف رجوع کرتی ہے تو اس نے رسول مقبول کے حکم کی مخالفت کی ہے۔ معصومین نے کچھ احادیث کو بلا واسطہ اور کچھ احادیث کو اپنے آبائے طاہرین کی وساطت سے رسول کریمؐ سے نقل کیا ہے اور وہ احادیث لوگوں تک پہنچائیں۔

ائمہ ہدیٰ معارف واحکام کے استنباط کے لئے نو وارد نہ تھے کہ ان کی گفتگو کی جڑیں قرآن و سنت میں نہ ہوتیں۔ وہ ہمیشہ قرآن وسنت سے استخراج کرتے تھے جب کہ دوسروں کو یہ حاصل نہیں تھا۔ اہلبیت علیہم السلام کے باتیں علم ودانش کا ایک اور سرچشمہ تھا اور اس منبع کو "الہام" کا نام دیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ "الہام" انبیاء سے مخصوص نہیں ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

کیوں عقیدہ امامت شیعت کی اصل بنیاد ہے

امامت کی اہمیت:۔

علماء شیعہ اور محدثین اہلسنت نے پیغمبر اسلام ﷺ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا!

من مات ولم یعرف امام زمانه مات میتة جاهلیه

☆ العذیز، جلد ۱۰، ص ۳۵۹، ۳۲

"جو شخص مرجائے اس حال میں کہ اپنے زمانے کے امام کو نہ پہچانتا ہوں تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہے"۔

یہ حدیث اور اسی مضمون کی دوسری خبریں نہ صرف شیعہ منابع میں بلکہ اہلسنت علماء کی کتابوں میں بھی تواتر کے ساتھ آئی ہیں، ان میں سے ہیثمی نے مجمع الزوائد میں، ابوداؤد طیالسی نے اپنی مسند میں، مسلم نے اپنی صحیح میں، بیھقی نے اپنی سنن میں، ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں، احمد نے اپنی مسند میں اور تفتازانی نے اپنی کتاب شرح المقاصد میں مختلف الفاظ کے ساتھ اسی معنی کو نقل کیا ہے۔ ان احادیث سے استفادہ ہوتا ہے کہ ایمان کی اولین شرف اور انسان کے اعمال کی قبولیت کا سب سے زیادہ اہم معیار امام کی معرفت ہے۔ البتہ معرفت کے درجات مختلف ہوتے ہیں، سب سے پہلا مرحلہ جو کہ توحید کا راستہ اور عبادات کی قبولیت کی شرط ہے وہ آئمہ معصومینؑ کی معرفت اور ان حضرات کی اطاعت کے وجوب کا اعتقاد ہے، یعنی ہر انسان کو اس بات کا علم ہونا چاہیے کہ پیغمبر اکرم ﷺ کے جانشین کون حضرات ہیں اور وہ لوگ جو آنحضرتؐ کے بعد مخلوق پر الٰہی حجت اور مرتبہ عصمت و ولایت کے حامل ہیں وہ کون افراد ہیں، پھر ان حضرات کو صاحب اختیار اور اپنے نفس پر اولیٰ بالتصرف جانے اور ان کی محبت اور حکم کی اطاعت لازم سمجھے۔

Presented by www.ziaraat.com

پھر اس کے بعد انسان جتنا اس مرحلے سے آگے بڑھے گا اور آئمہ معصومین کی نسبت اپنی معرفت میں اضافہ کرے گا اتنا ہی اللہ تعالیٰ سے نزدیک ہوگا اور بلند تر نورانیت اور کمالات کا حامل ہوجائے گا۔ یہاں تک کہ اہلبیت علیہم السلام کی ولایت کے استحکام اور محبت کی شدت کے اثر سے خود ملکوتی نفس کا حامل ہوجائے گا، اس کا ارادہ جہان آفرینش پر نافذ ہوگا نیز کرامات اور عالی مقامات و مراتب کا مالک بن جائیگا۔

﴿اہلبیتؑ کا مرتبہ:﴾

اہلبیت علیہم السلام معدن عصمت وطہارت کا مرتبہ ادراک انسان سے بالاتر ہے اور بزرگان بشر کی عقلیں کی معرفت سے عاجز ہیں جبکہ خدا کے علاوہ کوئی شخص ان کے فضائل کو نہ تو سمجھ سکتا ہے اور نہ ان کے کمالات و مناقب کا احصاء کرسکتا ہے تو بھلا ان کے مراتب کی حقیقی معرفت اور علمی احاطہ کیسے کرسکتا ہے؟ جیسا کہ اہلسنت کی کتابوں میں بھی یہ مسلم الثبوت واقعیت وحقیقت بیان کی گئی ہے اور رسول اکرم ﷺ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا:

لوان اله سجار اقلام والبحر مداد والجن حساب والانس كتاب ما احصو افضائل علی ابن ابی طالب.

☆ "ینابیع المودۃ تالیف حافظ سلیمان قندوزی حنفی ص ۱۴۳"

یعنی یقیناً اگر تمام درخت قلم ہوجائیں اور دریا سیاہی ہوجائیں اور تمام جن حساب کرنے والے اور تمام انسان لکھنے والے ہوجائیں تب بھی علی ابن ابی طالبؑ کے کمالات وفضائل کو نہ تو شمار کرسکتے ہیں اور نہ لکھ سکتے ہیں"۔

لیکن فضائل اہلبیت علیہم السلام کا نقل کرنا اور جو کچھ مکتب وحی میں ان حضرات کے بلند

Presented by www.ziaraat.com

مراتب کے متعلق آیا ہے ان سے آشنائی بہت سے اہم آثار و نتائج کی حامل ہیں کہ جن میں سے دو حیات بخش اور اہم اثر یہ ہیں۔

﴿خطبہ غدیر میں الفاظ "وصی" اور "خلیفہ"﴾

مُفتی اعظم اہل سنت والجماعت علامہ محمد سلیمان حنفی نقشبندی قندوزی بلخی نے اپنی تصنیف "ینابیع المودۃ" مطبوعہ استنبول جلد اول ۱۱۵ میں لکھا ہے کہ جب رسولِ خدا نے "من کنت مولہ فھذ علی مولا ارشاد فرمایا تو قرآن مجید کی آیہ مبارک ۵ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَ أَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا یہ آیت پارہ ۶ سورۃ المائدہ کی ہے ترجمہ: آیہ مبارکہ: آج میں نے مکمل کر دیا تمہارے لئے تمہارا دین اور تم پر پورا کر دیا اپنی نعمت کو اور میں راضی ہوا کہ اسلام تمہارا دین مانا جائے۔

☆ لفظ وصی کا مزید ثبوت مروج المذہب مسعودی پر حاشیہ تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد ۶ ۷۰ اور شواہد النبوۃ مولانا جامی مطبوعہ نولکشور ۱۲۴ پر ملاحظہ فرمائیے۔

مدرجہ بالا تمام حوالوں سے ثابت ہوا کہ مقام غدیر خُم پر رسول نے حضرت علیؑ کو دوست کے معنیٰ میں بلکہ وصی و خلیفہ کے معنیٰ میں مولا فرما کر دستارِ ولیعہدی باندھی تھی۔ اور حضرت علیؑ سے امام مہدیؑ تک بارہ اوصیاء کی خبر دے دی تھی۔

﴿اثناء عشر (یعنی ۱۲) خُلفاء﴾

حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ نے اپنے بارہ خلفاء کا ذکر کئی مرتبہ فرمایا اور انہی کو "آئمہ"،

Presented by www.ziaraat.com

"اُمرا"، "اوصیا" ارشاد فرمایا جیسا کہ قرآن مجید مع ترجمہ وتفسیر شاہ عبدالقادر محدث دہلوی مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ پارہ ۵ (۲) صحیح بخاری مترجم مطبوعہ سعدی کراچی، جلد ۳، تاب الاحکام ۷۰۹۰ حدیث نمبر ۲۰۸ باب ۱۱۸۶ (۳) صحیح مُسلم مع شرح نوعی (عربی) مطبوعہ مصر الجزاء الثالث کتاب الامارۃ ۱۴۵۲/۱۴۵۳ (۴) مشکوٰۃ مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد سوم باب مناقب قریش وذکر القبائل ۲۲۹ حدیث نمبر ۵۷۲۹ (۵) ترمذی (نور محمد اصح المطابع کراچی والی) مطبوعہ ایچوکیشنل پریس کراچی جلد دوم ۱۹ حدیث ۹۰۔

اب فیصلہ طلب امر یہ ہے کہ وہ بارہ ۱۲ واجب الاطاعت خلفاء کونسے ہیں؟ مذہب شیعہ امامیہ کے مطابق وہ بارہ ۱۲ واجب الطاعت خلفائے رسولؐ یہ ہیں:۔

۱:۔ حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ (۲) حضرت امام حسنؑ (۳) حضرت امام حسینؑ (۴) حضرت امام زین العابدین علیؑ (۵) حضرت امام محمد باقرؑ (۶) حضرت امام جعفر صادقؑ (۷) حضرت امام مُوسیٰ کاظمؑ (۸) حضرت امام علی رضاؑ (۹) حضرت امام محمد تقیؑ (۱۰) حضرت امام علی نقیؑ (۱۱) حضرت امام حسن عسکریؑ (۱۲) حضرت امام مہدی علیہم السلام وعجل فرجھم۔

مذہب اثناء عشری کا یہ عقیدہ ارشادات رسولؐ کے مطابق ہے جیسا کہ مفتی اعظم اہل سنۃ والجماعۃ علامہ محمد سلیمان حنفی کی کتاب ینابیع المودۃ مطبوعہ استنبول جلد ۱۱۵ سے حدیث غدیر نقل ہوئی۔ لیکن شرح فقہ اکبر علامہ علی قاری حنفی مطبوعہ مجتبائی دہلی کے ص ۸۴ پر "بارہ خلفا" کی دوسری فہرست لکھی ہوئی ہے جس میں یزید بن معاویہ کو چھٹا "خلیفہ" شمار کیا گیا ہے اسی سلسلہ میں حافظ ابن حجر عسقلانی کی کتاب فتح الباری شرح صحیح بخاری پارہ ۲۹۔ ۶۲۹ بھی ملاحظہ ہو۔ علاوہ ازیں صحیح بخاری مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد ۳ کتاب الفتن ۷۴۸ حدیث نمبر ۱۹۸۴ کی مندرجہ ذیل عبارت بھی قابل غور ہے:۔

Presented by www.ziaraat.com

"سلیمان جن حربؒ، حماد بن زید، ایوب، نافع سے روایت کرتے ہیں کہ جب اہل مدینہ نے یزید بن معاویہ کی بیعت فسخ کر دی تو ابن عمر نے اپنے ساتھیوں اور بچوں کو اکٹھا کیا اور کہا کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا نصب کیا جائے گا۔ اور ہم اس شخص کی **(یعنی یزید کی)** (بیعت) خدا اور اس کے رسول کے **(معاذ اللہ یعنی یزید کی اطاعت کو، خدا اور رسول کی اطاعت سمجھا)** (موافق) کر چکے ہیں۔ میں نہیں جانتا کہ اس سے بھی بڑھ کر کوئی بیوفائی ہو سکتی ہے کہ ایک شخص کی بیعت خدا اور اس کے (رسولؐ) کے موافق کی جائے پھر اس سے جنگ کی جائے میں نہیں جانتا کہ تم میں سے جو شخص (اس کو) **(یعنی یزید کو)** تخت خلافت سے معزول کرے گا اور اُس کی اطاعت سے رُوگردانی کرے گا تو ہمارے اور اس کے درمیان جدائی کا پردہ حائل ہوگا۔

صحیح بخاری کی مندرجہ بالا عبارت اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ عبداللہ ابن عمر نے یزید کی بیعت کی تھی۔ اور عبداللہ مذکور کی نظر میں یزید خلیفہ برحق تھا (معاذ اللہ) بلکہ وہ یزید کی بیعت کو خدا اور رسولؐ کی بیعت سمجھتے تھے۔ (نعوذ باللہ) مہتمم دارالعلوم دیوبند حافظ قاری محمد طیب صاحب اپنی کتاب "شہید کربلا اور یزید" مطبوعہ کراچی کے ۸۸ مقدمہ ابن خلدون کی عبارت کا ترجمہ یوں لکھتے ہیں:۔ "کہیں تم اس غلطی میں مت پڑ جانا کہ تم اُن لوگوں کو جو حضرت حسینؓ کی رائے کے مخالف تھے اور ان کی مدد کے لئے (عملاً) کھڑے نہیں ہوئے گنہگار کہنے لگو اس لئے کہ وہ صحابہ کی اکثریت سے جو یزید کے ساتھ تھے اور اس پر خروج جائز نہیں سمجھتے تھے"۔

اور "شہید کربلا اور یزید" کے ص ۸۲ پر یوں لکھتے ہیں:۔

حضرت حسینؓ کو باغی کہنے کا منصوبہ اس خیال پر مبنی ہے کہ **یزید خلیفہ برحق تھا اور اس کی** حقانیت کی سب سے بڑی دلیل یہ ظاہر کی گئی ہے کہ صحابہ کی اکثریت نے **اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی**

Presented by www.ziaraat.com

تھی۔لیکن شرح فقہ اکبر علامہ علی قاری حنفی کی فہرست میں سے،سوائے حضرت علیؑ کے کسی کو بھی مذہب امامیہ میں خلیفہ تسلیم نہیں کیا جاتا یزید کا تو ذکر ہی کیا؟ لیکن عام طور پر محض بُغض وتعصب کی وجہ سے مذہب امامیہ کے پیروکاروں کو قاتلانِ حسینؑ کہا جاتا ہے۔(نعوذ باللہ)

﴿شیعہ و سنی کا افتراق عقیدہ امامت اثنا عشر عملی وجہ﴾

﴿پہلی وجہ سرورِ کائناتؐ کے آخری لمحاتِ زندگی﴾

حجۃ الوادع سے واپسی کے بعد آپؐ کی وہ علالت جو بروایت مشکوٰۃ تشریف خیبر میں دیئے ہوئے زہر کے کروٹ لینے سے اُبھرا کرتی تھی۔مستمر ہوگئی۔آپؐ اکثر علیل رہنے لگے۔بیماری کی خبر کے نشر عام ہوتے ہی جھوٹے مدعی نبوت پیدا ہونے لگے۔جن میں مسلیمہ کذاب۔السود عنسی۔فلیحہ۔سجاح زیادہ نمایاں تھے۔لیکن خدا نے انھیں ذلیل کیا۔اسی دوران میں آپ کو اطلاع ملی کہ حکومتِ روم مسلمانوں کو تباہ کرنے کا منصوبہ تیار کر رہی ہے۔آپؐ نے اس خطرہ کے پیش نظر کہ کہیں وہ حملہ نہ کر دیں اسامہ ابن زید کی سرکردگی میں ایک لشکر بھیجنے کا فیصلہ کیا۔اور حکم دیا کہ علی کے علاوہ اعیان مہاجر وانصار میں سے کوئی بھی مدینہ بھی نہ رہے۔اور اس روانگی پر اتنا زور دیا کہ یہ تک فرمادیا۔"**لعن اللہ من تخلف عنھا**"۔جو اس جنگ میں نہ جائے گا اُس پر خدا کی لعنت ہوگی۔اس کے بعد آنحضرتؐ نے اسامہ کو اپنے ہاتھوں سے تیار کر کے روانہ کیا۔انہوں نے تین میل کے فاصلہ پر مقامِ جرف میں کیمپ لگایا اور اعیان صحابہ کا انتظار کرنے لگے۔لیکن وہ لوگ نہ آئے۔

مدارج النبوۃ جلد۲ص ۴۸۸ وتاریخ کامل جلد۲۔۱۲۰ وطبری جلد۳۔۱۸۸ میں ہے کہ نہ جانے والوں میں حضرت ابوبکر وحضرت عمر بھی تھے۔مدارج النبوت جلد۲۔۴۹۴ میں ہے کہ آخر صفر میں جب

Presented by www.ziaraat.com

کہ آپ کو شدید درد سر تھا۔ آپ رات کے وقت دعا کی خاطر تشریف لے گئے۔ حضرت عائشہ نے سمجھا کہ میری باری میں کسی اور بیوی کے وہاں چلے گئے ہیں۔ اس پر وہ تلاش کے لیے نکلیں تو آپؐ نے فرمایا کیا اچھا ہوتا اے عائشہ کہ تم مجھ سے پہلے مر جاتیں اور میں تمھاری اچھی طرح تجہیز و تکفین کرتا۔ انہوں نے جواب دیا کہ آپ چاہتے ہیں میں مر جاؤں تو آپ دُوسری شادی کر لیں۔ اسی کتاب کے ۴۹۵ میں ہے کہ آنحضرتؐ کی تیمارداری آپ کے اہل بیت کرتے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ اہل بیت کو تیمار داری میں پیچھے رکھنے کی کوشش کی جاتی تھی۔

دوسری وجہ واقعہ قرطاس: تاریخ عالم کی سب سے پہلی توہین رسالت:

حبیبؐ حداحجۃ الوداع سے واپسی پر بمقام غدیر خم اپنی جانشینی کا اعلان کر چکے تھے۔ اب آخری وقت میں آپؐ نے یہ ضروری سمجھتے ہوئے کہ اُسے دستاویزی شکل دیدوں اصحاب سے کہا کہ مجھے قلم دوات اور کاغذ دے دو تا کہ میں تمھارے لیے ایک ایسا نوشتہ لکھ دوں جو تمھیں گمراہی سے ہمیشہ ہمیشہ بچانے کے لیے کافی ہو۔ یہ سُن کر اصحاب میں باہمی چہ میگوئیاں ہونے لگیں۔ لوگوں کے رجحانات قلم ودوات دے دینے کی طرف دیکھ کر حضرت عمر نے کہا۔ "**ان الرجل یھجر حسبنا کتاب اللہ**" یہ مرد ہذیان بک رہا ہے۔ ہمارے لیے کتاب خدا کافی ہے (صحیح بخاری پ ۳۰۔ ۸۴۲۔ علامہ شبلی لکھتے ہیں۔ روایت ہیں ہجر کا لفظ ہے جس کے معنی ہذیان کے ہیں..... حضرت عمر نے آنحضرت کے اس ارشاد کو ہذیان سے تعبیر کیا تھا۔

حجۃ الاسلام امام ابوحامد محمد الغزالی اپنی کتاب "سرالعالمین" طبع بمبئی کے ۹ پر لکھتے ہیں کہ "غدیر خم میں حضرت رسُول کریمؐ کے "**من کنت مولاہ فھذا علی مولا**"۔ فرمانے کے

Presented by www.ziaraat.com

بعد اور موقع پر مبارک باد دینے کے بعد جب لوگوں پر خلافت کی ہوا و ہوس غالب آ گئی تو انہوں نے غدیر خم کی تمام باتیں بھلا دیں۔ پھر جب رسولِ خدا کے انتقال کا وقت آیا اور انہوں نے وفات سے قبل فرمایا۔ **"ایتونی بدوات و بیاض لازیل عنکم اشکال الامر واز کر لکم من المستحق لها بعدی، قال عمر رعوالرجل فانه لیهجه الخ"** مجھے قلم دوات کاغذ دے دو۔ تا کہ میں دستاویزی طور پر خلافت کے اشکال کو دور کر دوں اور تمھیں تحریر بتا دوں کہ میرے بعد خلافت کا حق دار کون ہے؟ یہ سُن کر حضرت عمر نے کہا کہ "اس مرد کو چھوڑ دو یہ ہذیان بک رہا ہے"۔ یہی کچھ مختلف الفاظ میں صحیح بخاری طبع کراچی جلد ۱۔ ۱۳۴۔ ۱۳۵ و جلد ۲۔ ۸۱۔ ۶۹۶ و جلد ۳۔ ۸۴۳۔ ۸۴۳ و صحیح مسلم جلد ۵۔ ۷۶ و فتح الباری شرح بخاری عسقلانی ۱۲۹ حاشیہ و جز ۱۰۱ و نسیم الریاض شرح شفا قاضی عیاض طبع مصر جز ۴۔ ۲۷۸ و شرح شفا ملا علی قاری بر حاشیہ نسیم الریاض و مدراج النبوت طبع کانپور ۵۴۲، حبیب السیر ج ۷۹ و مکتوبات شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی ج ۲۔ ۶۲۔ ۶۱ وغیرہ میں ہے۔ انہیں کتب کی روشنی میں شمس العلماء خواجہ حسن نظامی دہلوی لکھتے ہیں۔ اسی بیماری کے زمانے میں ایک دن بہت سے لوگ حضرت صلعم کے پاس جمع تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔ لاؤ کاغذ میں تم کو کچھ لکھ دوں تا کہ تم میرے بعد گمراہ نہ ہو جاؤ .... یہ سُن کر (حضرت عمر) بولے حضرت ﷺ پر بخار کی تکلیف کا غلبہ ہے اس کے سبب ایسا فرماتے ہیں۔ وصیت نامے کی کچھ ضرورت نہیں ہم کو خدا کی کتاب کافی ہے۔ (محرم نام ۱۰ طبع دہلی)۔

(الفاروق ۲۱) لغت میں ہذیان کے معنی "بیہودہ گفتن" یعنی بکواس کے ہیں۔ (صراح جلد ۲۔ ۱۲۳) شمس العلما مولوی نذیر احمد دہلو لکھتے ہیں۔ "جن کے دل میں تمنائے خلافت چٹکیاں لے رہی تھی۔ انہوں نے تو دھینگا مشتی سے منصوبہ ہی چٹکیوں میں اڑا دیا۔ اور مزاحمت کی یہ تاویل کی کہ ہماری ہدایت کے لیے قرآن بس کرتا ہے اور چونکہ اس وقت پیغمبر صاحب کے حواس صحیح نہیں ہیں۔ کاغذ

Presented by www.ziaraat.com

قلم دوات کالانا کچھ ضروری نہیں۔ خدا جانے کیا کیا لکھوا دیں گے۔ (مہارت الامۃ صفحہ ۹۲) اس واقعہ سے آنحضرت کو سخت صدمہ ہوا اور آپ نے جھنجلا کر فرمایا۔ قوموا عنی میرے پاس سے اُٹھ کر چلے جاؤ۔ نبی کے روبرو شور وغل انسانی ادب نہیں ہے۔ علامہ طریحی لکھتے ہیں کہ خانہ کعبہ میں پانچ افراد نے حضرت ابوبکر۔ حضرت عمر۔ ابوعبیدہ۔ عبدالرحمٰن۔ سالم غلام حذیفہ نے متفقہ عہد و پیمان کیا تھا۔ کہ "**لا نرد هذا الامر فی بنی هاشم**"۔ پیغمبر کے انتقال کے بعد خلافت بنی ہاشم میں نہ جانے دیں گے (مجمع البحرین) میں کہتا ہوں کون یقین کر سکتا ہے کہ جیش اسامہ میں رسول سے سرتابی کرنے والوں جس میں لعنت تک کی گئی ہے اور واقعہ قرطاس میں حکم کو بکواس بتلانے والوں کو رسولِ خدا نے نماز کی امامت کا حکم دے دیا ہوگا میرے نزدیک امامت نماز کی حدیث نا قابل قبول ہے۔

﴿وصیت اور احتضار:﴾

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آخری وقت آپ نے فرمایا۔ میرے حبیب کو بلاؤ۔ میں نے اپنے باپ ابوبکر پھر عمر کو بُلایا۔ انہوں نے پھر یہی فرمایا تو میں نے علی کو بُلا بھیجا۔ آپؐ نے علیؑ کو چادر میں لے لیا اور آخر تک سینے سے لپٹائے رہے۔ (ریاض النضرہ ۱۸۰) مورخین لکھتے ہیں کہ جناب سیدہ اور حسنینؑ کو طلب فرمایا اور حضرت علیؑ کو بلا کر وصیت کی اور کہا جیش اسامہ کے لیے میں نے فلاں یہودی سے قرض لیا تھا۔ اُسے ادا کر دینا اور اے علی تمھیں میرے بعد سخت صدمات پہنچیں گے۔ تم صبر کرنا اور دیکھو جب اہل دنیا دنیا پرستی کریں تو تم دین اختیار کیے رہنا۔ (روضۃ الاحباب جلد ۱۔ ۵۵۹ مدارج النبوۃ جلد ۲۔ ۱۵۱ و تاریخ بغداد جلد ۱۔ ۲۱۹۔

﴿رسولِ کریمؐ کی شہادت:﴾

حضرت علی علیہ السلام سے وصیت فرمانے کے بعد آپ کی حالت متغیر ہوگئی۔ حضرت فاطمہ

Presented by www.ziaraat.com

جن کے زانو پر سر مبارک رسالت مآبؐ تھا۔ فرماتی ہیں کہ ہم لوگ انتہائی پریشانی میں تھے کہ ناگاہ ایک شخص نے اذنِ حضوری چاہا۔ میں نے داخلہ سے منع کر دیا، اور کہا اے شخص یہ وقت ملاقات نہیں۔ اس وقت واپس چلا جا۔ اس نے کہا میری واپسی ناممکن ہے۔ مجھے اجاز دیجئے کہ میں حاضر ہو جاؤں۔ آنحضرتؐ کو جو قدرے افاقہ ہوا تو آپؐ نے فرمایا۔ اے فاطمہؑ اجازت دے دو۔ یہ ملک الموت ہیں۔ فاطمہؑ نے اجازت دے دی اور وہ داخل خانہ ہوئے۔ پیغمبر کی خدمت میں پہنچ کر عرض کی۔ مولا! یہ پہلا دروازہ ہے جس پر میں نے اجازت مانگی ہے۔ اور اب آپؐ کے بعد کسی کے دروازے پر اجازت طلب نہ کروں گا۔ (عجائب القصص علامہ عبدالواحد ۲۸۲ و روضۃ الصفا جلد ۲۔ ۲۱۲ و انوار القلوب ۱۸۸)۔

الغرض ملک الموت نے اپنا کام شروع کیا اور حضور رسولِ کریم نے بتاریخ ۲۸ صفر ۱۱ ھج یوم دوشنبہ بوقت دوپہر ظاہری خلعت حیات اُتار دیا۔ (مودۃ القربی ۴۹ م ۱۴ طبع بمبئی ۳۱۰ ھج اہلبیت کرام میں رونے کا کہرام مچ گیا۔ حضرت ابوبکر اس وقت اپنے گھر محلہ سخ گئے ہوئے تھے۔ جو مدینہ سے ایک میل کے فاصلہ پر تھا حضرت عمر نے واقعہ وفات کو نشر ہونے سے روکا اور جب حضرت ابوبکر آ گئے تو دونوں سقیفہ بنی ساعدہ چلے گئے۔ جو مدینہ سے تین میل کے فاصلے پر تھا۔ اور باطل پر مشوروں کے لیے بنایا گیا تھا۔ (غیاث اللغات) اور انہیں کے ساتھ ابوعبیدہ بھی چلے گئے۔ جو غسال تھے غرضکہ اکثر صحابہ رسولِ خدا کی لاش چھوڑ کر ہنگامہ (تاریخ طبری جلد ۴۔ ۴۳۶ میں ہے کہ انصار نے جب حضرت علیؑ کی بیعت کرنا چاہی تو حضرت عمر نے حضرت ابوبکر کا ہاتھ پکڑ کر بیعت کر لی اور کہا کہ آپ بھی قرشی ہیں اور ہم میں سزاوار تر ہیں) (خلافت) میں جا شریک ہوئے۔ اور حضرت علیؑ نے غسل و کفن کا بندوبست کیا۔ حضرت علیؑ غسل دینے میں۔ فضل ابن عباس حضرت کا پیراہن اُونچا کرنے میں۔ عباس اور میثم کروٹ بدلوانے میں اور اسامہ و شقران پانی ڈالنے میں مصروف ہو گئے۔ اور انھیں چھ آدمیوں نے نمازِ جنازہ پڑھی اور اسی حجرہ میں آپ کے جسم اطہر کو دفن کر دیا گیا۔ جہاں آپ نے وفات پائی تھی۔

Presented by www.ziaraat.com

ابوطلحہ نے قبر کھودی۔ حضرت ابوبکر و حضرت عمر آپ کے غسل و کفن اور نماز میں شریک نہ ہو سکے۔ کیونکہ جب حضرات سقیفہ سے واپس آئے تو آنحضرتؐ کی لاش مطہر سپرد خاک کی جا چکی تھی کنز العمال جلد ۳۔ ۱۴۰ ارجح المطالب ۶۷۰ المرتضیٰ ۳۹ فتح الباری جلد ۲۔ ۴) وفات کے وقت آپ کی عمر ۶۳ سال کی تھی۔ (تاریخ ابوالفدا جلد ۱۔ ۱۵۲)۔

﴿وفات اور شہادت کا اثر:﴾

سرور کائناتؐ کی وفات کا اثر یوں تو تمام لوگوں پر ہوا۔ اصحاب بھی روئے اور حضرت عائشہؓ نے بھی ماتم کیا۔ (مسند احمد بن حنبل جلد ۶۔ ۲۷۴ و تاریخ کامل ۲۔ ۱۲۲ و تاریخ طبری جلد ۳۔ ۱۹۷)۔ لیکن جو صدمہ حضرت فاطمہؑ کو پہنچا اس میں وہ منفرد تھیں۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی وفات سے عالم علوی اور عالم سفلی بھی متاثر ہوئے اور ان میں جو چیزیں ہیں ان میں بھی اثرات ہویدا ہوئے۔ علامہ زمخشیری کا بیان ہے کہ ایک دن آنحضرتؐ نے ام معبد کے وہاں قیام فرمایا۔ آپؐ کے وضو کے پانی سے درخت اُگا۔ جو بہترین پھل لاتا رہا۔ ایک دن میں نے دیکھا کہ اس کے پتے جھڑے ہوئے ہیں اور میوے گرے ہوئے ہیں۔ میں حیران ہوئی کہ ناگاہ خبر وفات سرورِ عالم پہنچی۔ پھر تیس سال بعد دیکھا گیا کہ اس میں تمام کانٹے اُگ آئے تھے بعد میں معلوم ہوا کہ حضرت علیؑ نے شہادت پائی۔ پھر مدت مدید کے بعد اس کی جڑ سے خون تازہ اُبلتا ہوا دیکھا گیا۔ بعد میں معلوم ہوا حضرت امام حسینؑ نے شہادت پائی ہے۔ اس کے وہ خشک ہو گیا۔ (عجائب القصص ۲۵۹ بحوالہ ربیع الابرار زمخشری)۔

﴿آنحضرتؐ کی شہادت کا سبب:﴾

یہ ظاہر ہے کہ حضرات چہاردہ معصومین علیہم السلام میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جو درجہ شہادت

Presented by www.ziaraat.com

پر فائز ہوا ہو۔ حضرت رسول کریمؐ سے لے کر حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام تک سب ہی شہید ہوئے ہیں۔ کوئی زہر سے شہید ہوا، کوئی تلوار سے شہید ہوا۔ ان میں ایک خاتون تھیں حضرت فاطمہ بنت رسولؐ وہ ضرب شدید سے شہید ہوئیں۔ ان چودہ معصوموں میں تقریباً تمام کی شہادت کا سبب واضح ہے۔ لیکن حضرت محمد مصطفیٰؐ کی شہادت کے سبب سے اکثر حضرات ناواقف ہیں اس لیے میں اس پر روشنی ڈالتا ہوں۔ حجۃ الاسلام امام ابوحامد محمد الغزالی کی کتاب سرالعالمین کے ۷ طبع مبہی ۳۱۴ ھج اور کتاب مشکوٰۃ شریف کے باب ۳۔ ص ۵۸ سے واضح ہے کہ آپ کی شہادت زہر کے ذریعہ سے ہوئی ہے اور بخاری شریف کی ج ۳ طبع مصر ص ۱۳۱۴ کے باب اللہ ص ۱۲۷۔ کتاب الطب سے مستفاد اور مستنبط ہوتا ہے کہ " آنحضرت کو دوا میں ملا کر زہر دیا گیا تھا۔

میرے نزدیک رسول کریم کے بستر علالت پر ہونے کے وقت کے واقعات و حالات کے پیش نظر دوا میں زہر ملا کر دیا جانا غیر متوقع نہیں ہے۔ علامہ محسن فیض " کتاب الوافی " کی جلد ۱ کے ص ۱۶۶ میں بحوالہ تہذیب الاحکام تحریر فرماتے ہیں کہ حضور مدینہ میں زہر سے شہید ہوئے ہیں۔ الخ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خیبر میں زہر خورانی کی تشہیر اخفائے جرم کے لیے کی گئی ہے۔

فضائله غفر الله له الذنوب التی اکتبها بالنظر ثم فال النظر الی اخی علی ابن ابی طالب عبادة و ذکره عبادة ولا یقبل الله ایمان عبد الا بولایته والبراه من اعدآئه۔

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے بھائی علی علیہ السلام کیلئے اتنے فضائل قرار دیئے ہیں جو باعتبار کثرت شمار کے قابل نہیں ہیں، پس جو شخص اس کے فضائل میں سے ایک فضیلت کا ذکر کرے

Presented by www.ziaraat.com

اس حال میں کہ اس کا اقرار و ایمان رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے تمام گزشتہ اور آئندہ گناہ بخش دیتا ہے، اور جو شخص اس کے فضائل میں سے ایک فضیلت کو لکھے تو جس وقت تک اس تحریر کا نشان باقی ہے فرشتے مسلسل اس کیلئے طلب مغفرت کرتے ہیں، اور جو شخص اس کے فضائل میں سے ایک فضیلت کو سنے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے ان تمام گناہوں کو بخش دیتا ہے جن کا وہ کان کے ذریعہ مرتکب ہوا ہے، اور جو شخص ان حضرات کے فضائل میں سے کسی ایک فضیلت کی تحریر کو دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ان تمام گناہوں کو بخش دیتا ہے جن کا وہ آنکھ کے ذریعہ سے مرتکب ہوا ہے، پھر رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ میرے بھائی علی ابن ابی طالبؑ کی طرف نظر کرنا عبادت ہے اور اس کا ذکر عبادت ہے اللہ تعالیٰ بغیر اطاعت امام کی بندے کے اعمال قبول نہیں کرتا ہے۔

انسان فقط عقیدہ امامت کا مکلف ہے

﴿امامت:﴾

انسان بس مکلف امامت ہے یہی وہ امتیازی مسئلہ ہے جس کی بناء پر شیعہ فرقہ عام فرقوں سے الگ تھلگ نظر آتا ہے۔ اور یہی وہ اساسی اور بنیادی فرق ہے جو اس مکتب خیال کو عام مکاتب سے علیحدہ کرتا ہے۔ اس کے علاوہ جو اختلافات ہیں، ان کی حیثیت اصول نہیں بلکہ فروعی ہے۔ اس قسم کے ذیلی اور ضمنی اختلافات خود سواد اعظم کے ائمہ اجتہاد میں بھی پائے جاتے ہیں۔ مثلاً حنفیوں کے بہت سے مسائل شافعیوں سے مل نہیں کھاتے۔ اور ان کے اُن سے۔ امامیہ فرقے کے نزدیک امامت وہ منصب الٰہی ہے جو نبوت کی طرح پروردگار عالم کی جانب سے ہدایت خلق کے لئے عطا ہوتا ہے۔ اور ان کا عقیدہ ہے کہ جناب باری عزاسمہ نے اپنے پیغمبرؐ کو حکم دیا کہ وہ علی ابن ابی طالب کو اپنا جانشین مقرر کریں۔ تاکہ "ختم نبوت" کے بعد کار تبلیغ جاری رہے۔ رسول اکرمؐ کو معلوم تھا کہ یہ عہدہ لوگوں کو کھٹکے گا اکثر اسے بھائی کی چاہت، اور داماد نوازی پر محمول کریں گے۔ اور یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ اس زمانے

Presented by www.ziaraat.com

سے لیکر آج تک مسلمان رسولؐ کی واقعی بے لوثی اور حقیقی عصمت کے معاملے میں متحد الایمان نہیں نظر آتے، لیکن قدرت نے اس کی بھی پرواہ نہیں کی۔ اور بالکل صاف صاف لفظوں میں حکم دیا:

۶۷ يَآ اَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ط وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (اے رسولؐ! تمھیں جو حکم دیا گیا ہے اس کا فوراً اعلان کردو۔ اور اگر مفوضہ کام کی انجام دہی میں ذرا بھی تساہل برتا تو یہ سمجھا جائے گا کہ تم نے کارِ رسالت انجام ہی نہیں دیا۔

اس صورت میں سوائے تعمیلِ حکم کے اور کیا چارہ تھا؟ چنانچہ آپ نے حجۃ الوداع کے بعد غدیر خم میں لوگوں کو جمع کر کے ارشاد فرمایا:

الست اولی بالمومنین من انفسھم

کیا میں تمام مومنین سے اولیٰ نہیں ہوں؟

یعنی میری ذات سب سے پر مقدم نہیں ہے؟

پورے مجمع نے ایک زبان ہو کر جواب دیا۔ بے شک رسولِ مقبولؐ آپ ہم سب سے اولیٰ ہیں۔

ان گواہیوں کے بعد پیغمبرؐ نے فرمایا:۔

من کُنتُ مولاہُ فھذا علی مولاہُ

"جن لوگوں نے میری ولایت کو تسلیم کیا، یہ علی بھی ان کا ولی امر ہے"۔ تا آخر خطبہ (سورۂ مائدہ: آیت، ۶۷، اس موضوع پر حجۃ الاسلام شیخ عبدالحسین امینی مرحوم کی انسائکلو پیڈیا تی

Presented by www.ziaraat.com

تصنیف "العزیز" کی ۱۱ جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ قابلِ دید کتاب ہے۔ اور اختصار پیش نظر ہو تو ناچیز کی کتاب "عذیر اور خطبہ عذیر" کا مطالعہ مفید ہوگا۔ نجفی)

اس کے علاوہ بھی مختلف مواقع پر اس حقیقت کی توضیح و تصریح فرمائی ہے۔ گاہے اشاروں اشاروں میں اور کبھی کھلم کھلا۔ حضورؐ نے اپنا فرض پورا کر دیا حکم خدا کی تعمیل ہوگئی لیکن ختم المرسلین کی آنکھ بند ہوتے ہی بعض دیدہ دلیر مسلمان حقیقت پر پردہ ڈالنے کے درپے ہو گئے۔ نصِ صریح کی تاویل کی گئی اور اپنے اجتہاد سے احکام میں تغیر و تبدل کرنے لگے، نتیجہ جو ہوا ظاہر ہے۔ بہر حال اعلیٰ اور ان کا گروہ جو بڑے بڑے جلیل القدر صحابیوں پر مشتمل تھا، اس خود ساختہ روش سے علیحدہ رہا اور اس جماعت کے ہر فرد نے بیعت سے انکار کر دیا۔ چنانچہ امیر المومنینؑ مصالحِ دینی کے پیش نظر ایک زمانے تک تو خاموش رہے مگر جب معاویہ نے اسلامی حکومت و اقتدار کو زیر نگیں کرنا چاہا، اور اس ضمن میں اس نے مختلف تخریبی کارروائیاں شروع کر دیں تو علیؑ ابن ابی طالب معارض ہوئے۔ کیونکہ معاویہ جیسے شخص کی موافقت اور اس کے غلط طرزِ حکمرانی کو طرح دینا، اسلامی مفاد کے لئے زہر ہلاہل تھا اور دین الٰہی کی حفاظت علیؑ کا سب سے بڑا فرض! مختصر یہ کہ امامیہ حضرات اس امر کے معتقد ہیں کہ ہم علیؑ کے ساتھی ہیں، اور آپ ہی کے پیرو۔ علیؑ جس کے دوست ہم اس کے دوست اور علیؑ جس کے دشمن ہم اس کے دشمن!

یہ اعتقاد پیغمبر اکرمؐ کے اس ارشاد پر مبنی ہے:

اللھم و ال من والاہُ وعاد من عاداہُ

"پروردگار! جو علیؑ کا دم بھرے تو اُسے دوست رکھ اور جو علیؑ سے بغض باندھے تو بھی اس سے دشمنی کر۔ امامیہ شیعوں کا عقیدہ ہے کہ خلاقِ عالم صفحہ گیتی کو کبھی کسی نبی یا وصی کے وجود سے خالی نہیں رکھتا۔ عام اس سے کہ یہ "حجت" ظاہر ہو یا غائب! سرور کائناتؐ نے "نصِ صریح" کے ذریعہ علیؑ مرتضیٰ کو اپنا وصی

Presented by www.ziaraat.com

بنایا علی نے حسن مجتبےٰ کو جانشین کیا، اور امام حسن نے اپنے بھائی سید امام حسین علیہ السلام کو یہ امانت سپرد کی۔ اس طرح یہ سلسلہ گیارھویں امام تک پہنچا گیارھویں امام حسن عسکری علیہ السلام نے اپنے صاحبزادے بارھویں امام حضرت "مہدی منتظر" سلام اللہ علیہ کو صاحب الامر قرار دیا۔

یہ اعتقاد شیعوں کی اپج نہیں بلکہ ایک "سنت الٰہیہ" ہے، جو آدمؑ سے خاتم تک پہنچی۔ اس موضوع پر اعاظم علماء کی بے شمار کتابیں موجود ہیں۔ ہم قرونِ اولیٰ اور صدرِ اول کے اُن چند ممتاز علماء کے نام درج کرتے ہیں، جنہوں نے وصیت کے عنوان پر قلم فرسائی کی ہے۔

۱۔ "الوصیۃ" ہشام ابن الحکم

۲۔ "الوصیۃ" حسین ابن سعید

۳۔ "الوصیۃ" حکم ابن مسکین

۴۔ "الوصیۃ" علی ابن مغیرہ

۵۔ "الوصیۃ" علی ابن الحسین ابن الفضل

۶۔ "کتاب الوصیۃ" محمد ابن علی ابن الفضل

۷۔ "کتاب الوصیۃ" ابراہیم ابن محمد ابن سعید

۸۔ "کتاب الوصیۃ" احمد ابن محمد خالف البرقی صاحب "المحاسن"۔

۹۔ "الوصیۃ" مورخ جلیل عبدالعزیز ابن یحیٰی الجلودی۔

ان میں سے اکثر لکھنے والے قرنِ اول اور قرنِ دوم سے تعلق رکھتے ہیں۔ تیسری صدی ہجری کے مولفات کی تعداد بھی اچھی خاصی ہے۔ مثلاً

۱۔ "الوصیۃ" یحیٰی ابن مستفاد

Presented by www.ziaraat.com

۲۔ "الوصیۃ" محمد ابن احمد الضابونی

۳۔ "الوصیۃ" علی ابن رباب

۴۔ "الوصیۃ" محمد ابن الحسن ابن فروخ

۵۔ "اثبات الوصیۃ والامامۃ" مورخ شہیر علی ابن الحسین المسعودی صاحب "مروج الذہب"۔

۶۔ "الوصیۃ" شیخ الطائفہ محمد ابن الحسن الطوسی۔

۷۔ "الوصایا" محمد ابن علی الشلغمانی

۸۔ "الوصیۃ" موسیٰ ابن الحسن ابن ظاہر۔

چوتھی صدی ہجری کے بعد جو کتابیں تالیف ہوئی ہیں ان کا تو شمار ہی مشکل ہے۔ مسعودی اپنی مشہور کتاب "اثبات الوصیۃ" میں تحریر فرماتے ہیں: "ہر نبی کے بارہ وصی ہوئے" المؤلف نے سب کے نام اور مختصر حالات بھی قلم بند کیے ہیں۔ اور آخر میں بارہ اثنا عشر کا ذکر کیا ہے۔ یہ کتاب ایران میں چھپ چکی ہے۔

﴿وجود حجت:﴾

البتہ وجود حجت کے سلسلے میں مسلم اور غیر مسلم دونوں حلقوں نے شیعوں پر اعتراضات کی بوچھاڑ کی جاتی ہے لہذا چند جملوں میں اہم اس حقیقت کی بھی توضیح کرتے چلیں۔ معترضین کا خیال ہے کہ شیعہ ایک بے بنیاد مضحکہ خیز عقیدے کے قائل ہیں۔ لیکن جب ہم اعتراض کرنے والوں کی فکر کا تجزیہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ دقت فہمیدہ سوالوں پر مبنی ہے۔

☆ پہلا سوال یہ کہ طبعی طور پر ایک شخص ہزار برس سے زیادہ کیسے جی سکتا ہے؟

Presented by www.ziaraat.com

☆ دوسرا سوال یہ کہ آپ کے غائب ہونے میں کون سی مصلحت کارفرما ہے؟ اور ایک "غائب امام" کے وجود سے فائدہ؟ ہونا نہ ہونا دونوں برابر۔

پہلے اشکال کے متعلق ترقیم ہے کہ ذرا عمر نوحؑ کا خیال رہے۔

قرآنی تصریحات کے مطابق جنابِ نوحؑ نے نوسو برس اپنی قوم میں گزارے، اور علماء نے آپ کی عمر کا جو اندازہ لگایا ہے وہ کم سے کم ایک ہزار چھ سو سال ہے اور بہت سے دیدہ ور افاضل تو تین ہزار برس کی خبر لائے ہیں! حضرت نوحؑ کے علاوہ بھی جمہور کے علمائے حدیث دوسری ہستیوں کی درازیِ عمر کا اقبال کرتے ہیں۔ محدث کبیر نووی اپنی کتاب "تہذیب الاسماء" میں ذکر فرماتے ہیں کہ جناب خضرؑ کی عمر اور نبوت کے ضمن میں اگرچہ علماء مختلف الرائے ہیں لیکن محققین کی اکثریت اس امر کی معترف ہے کہ جناب خضرؑ موجود ہیں، اور صوفیائے کرام تو بالاتفاق آپ کی حیات پر مصر ہیں۔ چنانچہ آپ کے دیدار، ملاقاتوں اور سوال و جواب وغیرہ کی ان گنت حکایات مشہور ہیں۔ شیخ ابو عمرو ابن صلاح نے "اپنے فتاوے" میں تحریر کیا ہے کہ جنابِ خضرؑ کے بارے میں جمہور علماء کا یہ فیصلہ ہے کہ آپ زندہ ہیں، لیکن بعض محمد ثین اس کا اقرار نہیں کرتے اور خیال پڑتا ہے کہ ایک دوسرے موقع پر موصوف یوں رقم طراز ہیں۔ نیز زمخشری نے "ربیع الابرار" میں تحریر کیا ہے کہ:

"تمام مسلمان متفقاً چار انبیاء کی حیات اور وجود کے قائل ہیں۔ ان میں سے دو آسمان پر ہیں۔ یعنی عیسیٰ اور ادریسؑ اور دو زمین پر، اور یہ ہیں خضرؑ و الیاسؑ"۔ جنابِ خضرؑ حضرت ابراہیم خلیلؑ کے زمانے میں پیدا ہوئے تھے اور ایسی بہت سی شخصیتیں ہیں جنھوں نے عمر طبیعی کی حدیں گزار کر زندگی کی سینکڑوں بہاریں دیکھیں۔ علامہ سید مرتضیٰ نے اپنی کتاب "امالی" میں کچھ لوگوں کا ذکر کیا ہے اور صدوق علیہ الرحمۃ نے "اکمال الدین" میں اس سے بھی زیادہ طویل فہرست درج فرمائی ہے۔ عہد حاضر میں بھی ایسے اشخاص مل جاتے ہیں جنھوں نے ایک سو تیس سال اور بعضوں نے اس سے بھی کچھ زیادہ زندگیاں پائی ہیں۔ اور

Presented by www.ziaraat.com

دیکھئے! اگر آپ منطقی طور پر سوچیں گے تو معلوم ہوگا کہ جو شخص ایک دن کی زندگی بچانے کی صلاحیت پیدا کرسکتا ہے وہ حفاظتِ حیات کے سلسلے کو کئی ہزار سال تک بھی طول دے سکتا ہے۔ آپ زیادہ سے زیادہ اسے "خرقِ عادت" قرار دیں گے۔ اچھا۔ یہی سہی۔ تو کیا انبیاء و اولیا کے معاملات میں "خرقِ عادت" کوئی عجیب و غریب بات ہے؟ "مجلۃ المقتطف" کے پُرانے شمارے اُٹھا کر دیکھئے! اس موضوع پر علمائے مغرب کے مقالے بھرے پڑے ہیں، جن میں انہوں نے سائنٹفک طریقوں سے ثابت کیا ہے کہ انسان دُنیا میں حیاتِ جاوداں حاصل کرسکتا ہے، اور بعض مغربی مفکر کہتے ہیں کہ:

"اگر ابن ملجم کی تلوار نہ ہوتی تو علیؑ ابن ابی طالب حیات ابدی کے مالک تھے"۔ کیونکہ کمال و اعتدال کی جملہ صفتیں آپ کی ذات میں جمع تھیں۔ اس مبحث میں بہت کچھ شامل کیا جاسکتا ہے، مگر زیادہ گنجائش نہیں۔ دُوسرے اعتراض کے سلسلہ میں نگارش ہے کہ صاحب! کیا یہ قوم خدا کی تمام حکمتوں سے آگاہ ہونا چاہتی ہے؟ جملہ اسرار تکوینی و تشریعی سے واقفیت مطلوب ہے؟ اگر یہی منشاء ہے تو پھر بسم اللہ مگر اتنا ضرور غور کرلینا چاہیئے کہ حجابِ مصلحت میں اس کے علاوہ تو اور کوئی راز پوشیدہ نہیں۔ پارہ سنگ نہ تو کوئی نفع پہنچا سکتا ہے نہ نقصان، لیکن اس کے باوجود حجرِ اسود کو بوسہ دیا جاتا ہے! بتایئے کون سی حکمت مستور ہے؟ مغرب کی نماز تین رکعتوں میں ادا ہو جاتی ہے عشاء کی چار رکعتیں پڑھنا پڑتی ہیں۔ صبح کو دو ہی رکعت میں فرض پُورا ہو جاتا ہے کہیئے اس میں کیا مصلحت ہے؟ نیز یقین مانیئے بہت سے ایسے اُمور بھی ہیں جن کا علم نہ کسی ملک مقرب کو ہے اور نہ نبیِ مرسل کو۔ مثلاً علم الساعۃ "باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

پ ۲۱ ع ۳ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ (گھڑی کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔ وہی مینھ برساتا ہے۔ سورۂ لقمان۔ آیت: ۳۴)۔

علاوہ ازیں اور باتیں بھی ہیں جو پردہ خفا میں رکھی گئی ہیں، اور مصلحت نامعلوم!

Presented by www.ziaraat.com

مثال کے طور پر اسم اعظم، شب قدر، ساعت استجابت دعا وغیرہ وغیرہ۔

اس تمہید سے ہمارا مقصد صرف یہ بتانا ہے کہ باری تعالیٰ کے ان احکام و افعال کے سلسلہ میں جن کی حکمت غیر ظاہر ہو حیرت زدہ ہونے کی ضرورت نہیں، بلکہ دیکھنا یہ چاہیے، کہ آیا وہ حکم یا فعل وجود رکھتا ہے یا نہیں؟ اب اگر پیغمبر اکرمؐ اور ان کے اوصیائے معصومینؑ کے اقوال صحیحہ سے یہ ثابت ہے تو ہمیں بس تسلیم کرنا پڑے گا اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں! بحث حکمت لاحاصل اور لم کی تلاش بے سود۔ امکانی طور پر ہم نے کوشش کی ہے کہ اس مختصر سے رسالے میں دلائل و براہین کا انبار نہ لگنے پائے۔ کیونکہ سیر حاصل بحث کے لئے بڑی بڑی کتابیں موجود ہیں اور قائم آل محمدؐ کے متعلق فریقین سے علمی خزانوں میں مستند احادیث کا کافی ذخیرہ محفوظ ہے۔ نیز اس ضمن میں فیصلہ کن بات یہ ہے کہ ہر زمانے میں امام کا ہونا ضروری ہے "دنیا حجت سے خالی نہیں رہ سکتی، اس کا وجود بھی "لطف" ہے اور تصرف بھی "لطف"۔ لہٰذا مصلحت کا سوال ساقط۔ اور غیبت کا اقرار لازم! کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

☆ اے حبیب آپ تو بس ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہے۔ (الرعد ۷)

☆ اطاعت کرو اللہ کی اسکے رسولؐ کی اور اولوالامر کی جو تم میں سے ہے (النساء ۵۹)

☆ اس دن ہر انسان اپنے امام کے ساتھ بلایا جائے گا (اسرا ۷۱)

☆ اور ہم نے ان کو امام بنایا اور وہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے ہیں (انبیاء ۷۳)

☆ اے رسولؐ کبھی یہ آپکو دیکھتے ہیں اور کبھی ہم درمیان میں گہرا پردہ حائل کر دیتے ہیں (سورہ انفال)

☆ اللہ تمہارا ولی ہے اسکا رسولؐ اور وہ مومنین ولی ہیں جو حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں (سورہ المائدہ ۵۵)

☆ ہم نے ہر شے امام مبین کے حصار میں دیدی ہے (سورہ یسین ۱۲)

☆ جب تک آپ ان میں موجود ہیں اللہ ان پر عذاب نہیں نازل کرے گا (سورہ انفال ۳۳)

Presented by www.ziaraat.com

☆ اللہ اور رسول اور مومنین تمہارے اعمال پر نگران ہیں (سورہ التوبہ ۱۰۲)

☆ اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور اس تک پہنچنے کا وسیلہ تلاش کرو (سورہ المائدہ ۳۵)

شیعوں کا لقب "امامی" ہونے کا سبب

حضرت گذشتہ بحث میں ہم نے ایک ہادی برحق کے وجود پر استدلال کیا تو اس باب میں آپ کی صحیح کتب سے کچھ حوالہ جات پیش کریں گے اور اس دعوی کے ساتھ کہ سوائے اہل تشیع کے کوئی بھی فرقہ خلفاء الیٰ ھادیان اثنا عشریہ کے علاوہ محض قاصر و عاجز ہے کہ بارہ کی تعداد ثابت کرے وہ روایات جن میں رسول اکرم ﷺ کے بارہ خلفاء کا تذکرہ ہے وہ مختلف صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے حوالے سے کتب حدیث میں تقریباً موجود ہیں ان روایات کے متون (Texts) میں اختلافات ہیں۔ کتب میں بیسیوں چالیس سے زیادہ متون کے ساتھ ہمیں یہ روایت نظر آتی ہے اور اگر چھوٹے چھوٹے اختلافات کو بھی شمار کیا جائے تو یہ تعداد سینکڑوں تک پہنچ جائے گی۔ سب سے زیادہ روایات حضرت جابر کا شمار جید صحابہ میں ہوتا ہے۔ آپ کے قول کے مطابق آپ نے سو (۱۰۰) سے زیادہ مرتبہ رسول اکرم کی پاکیزہ صحبت سے استفادہ فرمایا ہے (معجم کبیر طبرانی جلد دوم صفحہ ۱۹۵ طبع غانی موصل)۔

۱۔ عن جابر بن سمرة قال انطلقت الی رسول الله صلی الله علیه وسلم و معی ابی فسمعته یقول لا یزال هذا الدین عزیزا امنیعا الی اثنی عشر خلیفه فقال کلمة صمنیها الناس فقلت لابی ماقال قال کلهم من قریش۔ حضرت جابر نے کہا کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی طرف گیا تو میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مسلسل یہ دین بارہ خلفاء تک قوی اور غالب رہے گا پھر آپ نے کوئی کلمہ فرمایا جو لوگوں نے مجھے سننے نہ دیا (اس جملہ کا ترجمہ علامہ وحید الزماں نے اس

Presented by www.ziaraat.com

طرح فرمایا ہے کہ پھر آپ نے کچھ ارشاد فرمایا جو لوگوں نے مجھے سننے نہ دیا (یعنی ان کی باتوں نے مجھے سننے نہ دیا۔ بہرا کر دیا اس کے سننے سے) تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ آپ نے کیا فرمایا ہے؟ انہوں نے کہا (کہ آپ نے فرمایا ہے کہ) وہ سب (خلفاء) قریش سے ہوں گے۔

۱۔ صحیح مسلم حافظ مسلم بن حجاج قشیری جلد ششم صفحہ ۴ طبع مصر

۲۔ ترجمہ صحیح مسلم مع شرح نووی از وحید الزمان جلد پنجم و ششم صفحہ ۱۲ طبع نعمانی لاہور۔

۲۔ عن جابر بن سمرة قال انتهيت الى النبى صلى الله عليه وسلم مع ابى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لايزال هذه الامة مستقيم امرها حتى يكون اثنىٰ عشر خليفه ثم قال كلمة خفية فقلت لا بى ماقال قال كلهم من قريش۔ جابر کہتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول کی خدمت میں پہنچا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلسل اس امت کا امر سیدھا (مستقیم) رہے گا بارہ خلفاء کے ہونے تک پھر آپ نے ایک مخفی جملہ فرمایا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ رسول نے کیا فرمایا انہوں نے کہا وہ سب قریش سے ہوں گے۔ (معجم کبیر حافظ سلیمان بن احمد طبرانی جلد دوم صفحہ ۱۹۷ طبع موصل)۔

۳۔ عن جابر بن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لايزال الامة مستقيم امرها ظاهرة على عدوها حتى يمضى عنهم اثنىٰ عشر خليفة كلهم من قريش فلما رجع الى منزله اتته قريش قالو اثم يكون ماذا قال ثم يكون الهرج۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلسل امت کا امر مستقیم (اور سیدھا) رہے گا اور یہ امت اپنے دشمن پر غالب رہے۔ پھر جب رسول اکرم اپنے گھر واپس آئے تو قریش والے آپ کے پاس آئے انہوں نے پوچھا کہ پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ آپ

Presented by www.ziaraat.com

نے فرمایا کہ پھر اس کے بعد قتل اور فتنہ وفساد ہوگا۔

۱۔ المعجم الکبیر حافظ طبرانی جلد دوم صفحہ ۲۵۳

۲۔ البدایہ والنہایۃ ابن کثیر دمشقی جلد ششم صفحہ ۲۴۸ طبع سعادت میں یہ روایت کلھم من قریش تک ہے۔

۴۔ قال رخلت مع ابی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسمعتہ یقول ان ھذا الامر لاینقضی حتی یمضی فیھم اثنی عشر خلیفۃ قال ثم تکلم بکلام خفی علی قال فقلت لابی ماقال قال کلھم من قریش۔ حضرت جابر فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کے پاس داخل ہوا تو میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یقیناً یہ امر ختم نہیں ہوگا یہاں تک کہ ان میں بارہ خلفاء گزریں۔ پھر آپ نے ایک بات کہی جو مجھ سے مخفی رہی تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ کیا فرمایا انہوں نے کہا کہ فرمایا کہ وہ سب قریش سے ہونگے۔

۱۔ صحیح مسلم جلد ششم صفحہ ۳ طبع مصر

۲۔ ترجمہ صحیح مسلم وحید الزمان جلد پنجم صفحہ ۱۱۱

۳۔ فتح الباری ابن حجر عسقلانی جلد ۱۳ صفحہ ۱۷۹ میں یہ روایت لفظ خلیفہ تک ہے۔

۴۔ الاضواء علی السنۃ المحمدیہ شیخ محمد ابو ریہ صفحہ ۲۱۰ میں بھی مثل حوالہ بالا ہے۔

۵۔ مسند ابو عوانہ (کمپیوٹرسی دی) میں دو الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

۵۔عن الاسود بن الهمدانی سمعت جابر بن سمرة سمع النبی صلی الله علیه وسلم یکون بعدی اثنیٰ عشر خلیفه۔ اسود کہتے ہیں کہ میں نے جابر سے سنا انہوں نے نبی اکرم سے سنا کہ میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے۔ التاریخ الکبیر بخاری جلد اول قسم اول ۴۴۶ طبع حیدر آباد دکن

۶۔اسود بن سعید نے جابر سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا یا انہوں نے یہ کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یکون بعدی اثنی عشر خلیفة کلهم من قریش قال ثم رجع الی منزله فاتته قریش فقالو ثم یکون ماذا قال ثم یکون الهرج۔ میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے وہ سب قریش سے ہوں گے۔ پھر رسول اکرم اپنے مکان واپس آئے تو قریش آپ کی خدمت میں آئے اور پوچھا کہ پھر کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا کہ پھر فتنہ وفساد ہوگا۔

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۹۲ مطبع میمنیہ مصر

۷۔حضرت جابر فرماتے ہیں کنت عند النبی صلی الله علیه وسلم مع ابهی فسمعته یقول اثنیٰ عشر خلیفة ثم اخفی صوته فقلت لابی یا ابت سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول اثنی عشر خلیفة ولم اسمع مابعده قال کلهم من قریش۔ میں اپنے والد کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کے پاس تھا تو میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے بارہ خلفاء ہوں گے پھر آپ نے اپنی آواز دبالی تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ بابا میں نے نبی اکرم کو اثنا عشر خلیفہ تو کہتے سنا لیکن اس کے بعد نہ سن سکا تو انہوں نے کہا کہ سب قریش سے ہوں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

☆ مسند ابوعوانہ جلد چہارم صفحہ ۳۹۶ حیدر آباد دکن

۲۔ یہ متن روایت قول جابر کے تھوڑے سے فرق کے ساتھ مسند احمد بن حنبل اور بدایہ ونہایہ ابن کیثر اور دیگر کتب میں بھی پایا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل حدیث بھی اسی سلسلہ کی ہے۔

۸۔ عن جابر بن سمرة قال جئت الی المسجد مع ابی والرسول صلی الله علیه وسلم یخطب قال فسمعته یقول یکون من بعدی اثنی عشر خلیفة ثم خفض صوته فلم ادر مایقول فقلت لابی مایقول قال کلهم من قریش۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ مسجد میں آیا اس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے تو میں انہیں کہتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے پھر آپ نے اپنی آواز آہستہ کرلی تو میں جان نہ سکا کہ آپ نے کیا فرمایا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ کیا فرمارہے ہیں؟ کہا سب قریش سے ہوں گے۔

☆ حلیۃ الاولیاء حافظ ابونعیم اصفہانی جلد چہارم صفحہ ۳۶۸ دار الکتب العلمیہ بیروت

☆ المعجم الکبیر طبرانی صفحہ ۱۹۷ طبع موصل۔ (انتہائی مختصر فرق کے ساتھ)

۹۔ عن عامر بن سعد قال سالت جابر بن سمرة عن حدیث رسول الله صلی الله علیه وسلم قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لایزال الدین قائما حتی یکون اثنی عشر خلیفة من قریش۔ عامر بن سعد کہتے ہیں کہ میں نے جابر بن سمرہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کے بارے

Presented by www.ziaraat.com

میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلسل دین قائم رہے گا یہاں تک کہ بارہ خلیفہ قریش سے ہوں گے۔

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۸۶ طبع مصر

۱۰۔قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يزال هذا الدين قائما حتى يكون عليكم اثنى عشر خليفة كلهم تجتمع عليه الامة فسمعت كلا مامن النبي صلى الله عليه وسلم لم افهمه قلت لابى مايقول قال كلهم من قريش۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہتے ہوئے سنا کہ مسلسل یہ دین قائم رہے گا یہاں تک کہ تم پر بارہ خلیفہ ہوں گے ان سب پر امت مجتمع ہوگی پھر میں نے نبی اکرم ﷺ سے کوئی بات سنی جو میں سمجھ نہ سکا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ کیا فرمارہے ہیں

انہوں نے کہا کہ سب قریش سے ہوں گے۔

۱۔سنن ابوداؤد سجستانی جلد چہارم صفحہ ۱۵۰ طبع سعادت مصر

۲۔الحاوی للفتاوی عبدالرحمن سیوطی صفحہ ۱۰۲

۳۔فتح الباری ابن حجر عسقلانی

۴۔صواعق محرقہ ابن حجر باب اول فصل سوم صفحہ ۱۲

۱۱۔قال سمعت رسول الله صلى عليه وسلم يعقول لا يزال هذا الدين عزيز الى اثنى عشر خليفة قال فكبر الناس و ضجواثم قال كلمة خفية قلت لابى يا ابت ماقال قال كلهم من قريش۔ جابر نے کہ میں نے رسول اللہ

Presented by www.ziaraat.com

ﷺ کو کہتے ہوئے سنا کہ مسلسل یہ دین طاقتور رہے گا بارہ خلفاء تک۔ اس پر لوگوں نے تکبیر کہی اور شور کیا۔ پھر آپ نے ایک مخفی کلمہ فرمایا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ بابا رسول اللہ نے کیا فرمایا تو کہا کہ سب قریش سے ہوں گے۔

۱۔ سنن ابوداؤد سجستانی (ترجمہ یوں کیا گیا ہے یہ دین مسلسل معزز رہے گا بارہ خلفاء کے ہونے تک۔ یہ سن کر لوگوں نے نعرہ تکبیر لگایا اور زور سے چلائے) (ترجمہ محمد زکریا اقبال) جلد سوم صفحہ صفحہ ۲۸۲ طبع کراچی

۲۔ الحاوی للفتاوی عبدالرحمٰن سیوطی جلد دوم صفحہ ۱۰۲ طبع دار الفکر بیروت۔ اس روایت میں خلیفہ اور کلہم من قریش کے درمیان کا حصہ نہیں ہے۔

۱۲۔ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یزال ھذا الامر عزیزا ینصرون علیٰ من ناواھم علیہ اثنیٰ عشر خلیفۃ کلھم من قریش۔ حضرت جابر نے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ مسلسل یہ امر طاقتور (اور باعزت) رہے گا اور جو بھی ان سے اس امر (دین) میں دشمنی کرے گا اس کے مقابل نصرت کریں گے بارہ خلیفہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ تاریخ الخلفاء حافظ سیوطی صفحہ ۷ طبع لاہور

۱۳۔ سمعت رسول اللہ صلی علیہ وسلم یقول ان الاسلام لایزال عزیزا الیٰ اثنیٰ عشر خلیفۃ ثم قال کلمۃ لم افھمھا فقلت لابی

Presented by www.ziaraat.com

ماقال رسول الله علیه وسلم فقال کلهم من قریش۔ جابر نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اسلام مسلسل طاقتور اور باعزت رہے گا بارہ خلفاء تک پھر آپ نے ایک بات فرمائی جسے میں سمجھ نہ سکا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا تو انہوں نے کہا کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ صحیح مسلم بن حجاج قشیری (ترجمہ وحید الزمان) جلد پنجم صفحہ ۱۱۱

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۹۰/۱۰۰/۱۰۶ طبع میمنہ مصر

۱۴۔عن عامر بن سعد بن ابی وقاص قال کتبت الی جابر بن سمرة مع غلامی نافع ان اخبرنی بشیء سمعته من رسول الله صلی الله علیه وسلم قال فکتب الی سمعت رسول الله صلی علیه وسلم یوم جمعة عشیة رجم الاسلمی یقول لا یزال الدین قائما حتی تقوم الساعة اویکون علیکم اثنی عشر خلیفة من قریش (بقدر الحاجۃ) عامر بن سعد سے روایت ہے کہ میں نے اپنے غلام نافع کے ذریعہ جابر بن سمرۃ کو یہ لکھ بھیجا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ سنا ہے وہ مجھے بتلائیں۔ انہوں نے جواب میں لکھا کہ جمعہ کے دن شام کے وقت جس دن ماعز اسلمی کو سنگسار کیا گیا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ دین ہمیشہ قائم رہیگا یہاں تک کہ قیامت قائم ہو اور (واؤ کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی معنی سے ترجمہ درست قرار پاتا ہے) تم پر بارہ خلیفہ ہوں سب قریش سے ہوں گے۔

☆ صحیح مسلم بن حجاج مترجم جلد پنجم صفحہ ۱۱۲ طبع لاہور

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۸۹ طبع میمنہ مصر

Presented by www.ziaraat.com

۱۵۔قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یزال ھذا الامر عزیزا الیٰ اثنیٰ عشر خلیفة قال فضج الناس وقد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کلمة خفیت علی فقلت لابی ماقال قال کلھم من قریش۔

حضرت جابر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلسل یہ امر طاقتور (اور باعزت) رہے گا بارہ خلفاء تک۔ پھر لوگوں نے شور کیا اور نبی اکرم ﷺ نے کوئی بات فرمائی جو مجھ سے مخفی رہی تو میں نے اپنے والد سے پوچھا آپ نے کیا فرمایا کہا کہ فرمایا کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم ۹۸/۹۳ طبع میمنیہ مصر

☆ صحیح مسلم بن حجاج جلد ششم صفحہ ۳ طبع صبیح مصر اس روایت میں فضج الناس نہیں ہے۔

۱۶۔سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی حجة الوداع ان ھذا الدین لن یزال ظاھرا علی من ناواہ لایضرہ مخالف ولا مفارق حتی یمضی من امتی اثنیٰ عشر خلیفة قائم ثم تکلم بشیء لم افھمہ فقلت لابی ماقال قال کلھم من قریش۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع میں کہتے سنا کہ یہ دین ہمیشہ غالب رہے گا اپنے دشمن پر، نہ اسے مخالف نقصان پہنچا سکے گا اور نہ چھوڑنے والا یہاں تک کہ میری امت سے بارہ خلفاء گزریں گے۔ پھر آپ نے کچھ فرمایا جسے میں سمجھ نہ سکا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ آپ نے کیا فرمایا تو انہوں نے کہا کہ فرمایا ہے کہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۸۷ طبع میمنیہ مصر

☆ معجم کبیر طبرانی جلد دوم صفحہ ۱۹۶ طبع موصل تھوڑے سے فرق کے ساتھ یہ روایت موجود ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

۱۷۔قال جئت اناو ابی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم و ھول یقول لایزال ھذا الامر صالحا حتی یکون اثنیٰ عشر امیراثم قال کلمۃ لم افھمھا فقلت لابی ماقال قال کلھم من قریش۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ میں اور میرے والد نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے تو وہ فرمارہے تھے کہ ہمیشہ یہ امر صالح رہے گا جب تک کہ ان پر بارہ امیر ہوں پھر آپ نے ایک بات کہی جو میں سمجھ نہ پایا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ کیا فرمایا کہا کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۱۰۷/۹۷

☆ فتح الباری ابن حجر عسقلانی جلد ۱۳ صفحہ ۱۷۹۔اس روایت میں **لا یزال امر امتی صالحا** ہے۔

☆ الاضواء علی السنۃ المحمدیہ محمد ابوریہ صفحہ ۲۱۰۔یہ روایت مذکورہ بالا حوالہ کے مطابق ہے۔

۱۸۔قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون من بعدی اثنا عشر امیر اقال تکلم بشئی لم افھمہ فسالت الذی یلینی فقال کلھم من قریش۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد بارہ امیر ہوں گے پھر آپ نے کچھ فرمایا جو میں سمجھ نہ سکا۔تو میں نے اپنے پاس یا عقب والے سے پوچھا اس نے کہا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ مسند احمد حنبل جلد پنجم صفحہ ۱۰۸/۹۴۔جب کہ یہی روایت صفحہ ۹۲ پر من کے بغیر ہے۔

☆ جامع ترمذی (مترجم) محمد بن عیسیٰ ترمذی صفحہ ۸۸۰ جلد اول طبع کراچی۔

۱۹۔قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول یکون اثنیٰ عشر امیرافقال کلمۃ لم اسمعھا فقال ابی انہ قال کلھم من قریش۔

Presented by www.ziaraat.com

جابر کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنا کہ بارہ امیر ہوں گے پھر آپ نے کچھ کہا جسے میں سن نہ سکا تو میرے والد نے کہا کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ صحیح محمد بن اسماعیل بخاری جلد نہم ۸۱ طبع الامیر قاہرہ

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۹۲۔ ایک لفظ یا چند الفاظ کے فرق کے ساتھ یہ روایات مسند میں کئی مقامات پر ہے۔

☆ معجم کبیر طبرانی جلد دوم طبع موصل میں بھی تھوڑے سے فرق کے ساتھ متعدد جگہوں پر ہے۔

۲۰۔ قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في حجة الوداع لايزال هذا ظاهرا على من ناواه لايضره مخالف ولا مفارق حتى يمضي من امتي اثنا عشر اميرا كلهم ثم خفي من قول رسول الله صلى الله عليه وسلم قال وكان ابي اورب الى راحلة رسول الله صلى الله عليه وسلم مني فقلت يا ابتاه ما الذي خفي من قول رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يقول كلهم من قريش۔

جابر کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع میں فرماتے سنا کہ ہمیشہ یہ دین اپنے دشمن پر غالب رہے گا۔ کوئی مخالف چھوڑ کر جانے والا اسے ضرر نہیں پہنچا سکے گا یہاں تک کہ میری امامت سے بارہ امیر گزریں گے وہ سب کے سب (جابر کہتے ہیں کہ) پھر رسول اللہ ﷺ کا قول مجھ سے مخفی ہو گیا اور میرے والد میری نسبت رسول اللہ ﷺ کی سواری سے زیادہ قریب تھے تو میں نے پوچھا کہ بابا مجھ سے رسول اللہ ﷺ کا کیا جملہ مخفی رہ گیا انہوں نے کہا کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم صفحہ ۸۷ طبع مصر

Presented by www.ziaraat.com

☆ مسند احمد بن حنبل جلد پنجم ۹۰ طبع میمنیہ مصر

☆ البدایۃ والنہایۃ ابن کثیر دمشقی جلد ششم صفحہ ۲۴۸ طبع سعادت مصر

☆ مسند احمد بن حنبل جزء خاص صفحہ ۱۹۹ المکتبہ الالفیۃ للسنۃ النبویہ (کمپیوٹر ڈسک) حدیث نمبر ۲۰۹۷۲

☆ تاریخ الخلفاء علامہ جلال الدین سیوطی صفحہ ۶۱ طبع سعادت قاہرہ

☆ مسند احمد بن حنبل جلد اول صفحہ ۳۹۸ احادیث عبداللہ بن مسعود

☆ تفسیر درمنور جلال الدین سیوطی جلد دوم آیت ۱۲ سورۂ مائدہ

☆ فتاوائے عزیزی صفحہ ۲۲۲

☆ صواعق محرقہ باب اول فصل سوم

☆ فتح الباری ابن حجر عسقلانی جلد ۱۳ صفحہ ۱۷۹ طبع البھیہ مصر

☆ فتاوائے عزیزی عبدالعزیزی دہلوی صفحہ ۶ مطبع مجتبائی دہلی۔

کیا امام انبیاء سے افضل ہیں

﴿آپ ہی کے ہاں یہ بحث اٹھائی گئی ہے:﴾

حضرت امام مہدیؑ کے متعلق علامہ ابن سیرین کے اس قول کی حقیقت بھی معلوم کر لینا ضروری ہے جس میں انہوں نے حضرت امام مہدیؑ کو حضرت ابوبکر و عمر پر فضیلت دی ہے چنانچہ نعیم بن حماد ان کے اس قول کو اس طرح نقل کرتے ہیں:

﴿عن ابن سیرین قبل له المهدی خیر او ابوبکر و عمر رضی

Presented by www.ziaraat.com

الله عنهما؟ قال هوا خير منهما ويعدل بنبي﴾

(کتاب الفتن: ص ۲۵۰)

علامہ ابن اسیرین سے پوچھا گیا کہ امام مہدی زیادہ افضل ہیں؟

"علامہ ابن سیرین نے کہا کہ امام مہدی ابوبکر عمر سے کیا بلکہ وہ تو بعض انبیاء سے بھی افضل ہیں"۔

اس قسم کی دو روایتیں علامہ سیوطیؒ نے بھی الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۹۲ پر نقل فرمائی ہیں جن میں سے ایک روایت تو ضمرہ کی سند سے ابن سیرین سے یوں منقول ہے کہ انہوں نے ایک مرتبہ فتنوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

﴿اذا كان ذلك فاجلسوا في بيوتكم حتى تسمعوا على الناس بخير من ابى بكر و عمل، قيل افياتي خير من ابى بكر و عمر؟ قد كان يفضل على بعض﴾

(الحاوی للفتاوی: ج ۲ ص ۲۹)

"جب فتنوں کا زمانہ آجائے تو تم اپنے گھروں میں بیٹھ جانا یہاں تک کہ تم حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے زیادہ بہتر آدمی کے آنے کی خبر کا سن لو (پھر باہر نکلنا) لوگوں نے پوچھا کہ کیا حضرت ابوبکر عمر رضی اللہ عنہما سے بھی افضل کوئی شخص آئے گا؟ فرمایا کہ وہ تو بعض انبیاء پر فضیلت رکھتا ہوگا"۔

اس روایت کے الفاظ میں کچھ کمی معلوم ہوتی ہے، غالباً کتاب کی غلطی ہے کیونکہ "افياتي خير من ابى بكر و عمر ؟" کے بعد "قال" کا لفظ ہونا چاہیے جو ابن سیرین کے جواب پر دلالت

Presented by www.ziaraat.com

کرے، پھر "قد کان" میں زیادہ صحیح "قد کاد" یوں معلوم ہوتا ہے کیونکہ علامہ ابن حجر مکیؒ اپنی کتاب "القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر" ص ۱۷ پر "کاد" کا لفظ ہی تحریر فرماتے ہیں اسی طرح لفظ "بعض" کے بعد "الانبیاء" کا لفظ بھی ہونا چاہیئے جیسا کہ علامہ ابن حجر مکیؒ ہی کی مذکورہ صدر کتاب میں یہ لفظ موجود ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے دوسری روایت مصنف ابن ابی شیبہ کے حوالے سے نقل کی ہے جس میں ابن سیرین کا قول یوں نقل کیا گیا ہے:

﴿یکون فی ھذہ الامۃ خلیفۃ لا یفضل علیہ ابوبکر ولا عمر﴾

(الحاوی ج: ۲ ص ۹۳)

"اس امت میں ایک خلیفہ ہوگا جس پر حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو بھی فضیلت نہ ہوگی"۔

﴿علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ کا جواب﴾

علامہ سیوطیؒ کے اس جواب کو علامہ ابن ہجر ہیتمی مکیؒ نے بھی اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے اور آخر میں تحریر فرمایا ہے: "امام مہدیؑ کی افضلیت اور ثواب کا اضافہ ایک امر نسبی ہے اس لیے کہ کبھی کبھار بفضول میں کچھ ایسی خصوصیات ہوتی ہیں جو افضل میں نہیں ہوتیں اسی وجہ سے تو طاؤس نے امام مہدیؑ کا زمانہ پانے کی تمنا کی ہے اس لیے کے امام مہدیؑ کے زمانے میں نیک کام کرنے والے کو زیادہ ثواب ملے گا اور گناہ گار کو توبہ کی توفیق ہوں گی۔ الخ (القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر: ص ۱۷)

﴿امام مہدیؑ سے متعلق روایات کے راوی صحابہ کرام﴾

اس سے قبل آپ حضرات یہ پڑھ آئے ہیں کہ ظہور مہدیؑ کی روایات اس قدر کثرت سے

Presented by www.ziaraat.com

مروی ہیں کہ ان پر تواتر معنوی کا دعویٰ کیا جاسکتا ہے۔اس بات کو ثابت کرنے کے لیے یہاں ان صحابہ کرامؓ کی فہرست مع حوالہ جات کے دی جارہی ہے جنہوں نے امام مہدیؑ سے متعلق روایات نقل کی۔

نمبر شمار	نام صحابی	حوالہ جات
(۱)	حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ	کتاب البرھان ج۲ص ۵۵۲
(۲)	حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ	کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۹۱، بحوالہ افراد للدار قطنی والتاریخ لابن عساکر۔
(۴)	حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ	مسند ابی یعلی ج ۱ ص ۳۵۹، المصنف لعبدالرزاق ج ۱۱ ص ۳۷۳، ابوداؤد ج ۱۱ ص ۳۷۳، ابن ماجہ ۳۰۸۰
(۵)	حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	التذکرہ للقرطبی ص ۷۰۳
(۶)	حضرحفصہ رضی اللہ عنہا	کتاب الفتن ص ۲۲۷، کتاب البرھان، ج۲ ص ۷۰۷، مسلم شریف ۷۲۲۲، ابن ماجہ ۴۰۴۳
(۷)	حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا	الاشاعۃ لاشراط الساعۃ ص ۲۴۲، تمذی ۲۱۸۴، ابن ماجہ ۳۰۶۴

Presented by www.ziaraat.com

(۸)	حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	کتاب البرهان، ج ۲ ص ۶۶۲
(۹)	حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا	ابوداؤد، ج ۲ ص ۲۴۰، مشکوٰۃ ص ۴۱۷، ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۵، مسلم شریف ۷۲۴۰، ابن ماجه ۴۰۶۰
(۱۰)	حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ	ترمذی ض ۲ ص ۴۶، ترجمان السنۃ ض ۴ ص ۳۸۴، الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۷۰، مسلم ۷۲۸۱، ابوداؤد ۴۲۸۲، ابن ماجه ۴۰۸۲
(۱۱)	حضر ابوسعیدی خدری رضی اللہ عنہ	المصنف لعبد الرزاق ج ۱۱ ص ۳۷۱، ابوداؤد ج ۲ ص ۲۳۹، ترمذی ج۲ ص ۳۶، ابن ماجه ۴۰۸۳
(۱۲)	حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ	ترمذہ ج ۲ ص ۴۶، بخاری ۷۱۱۰۔۴۴۹ مسلم شریف ۷۲۷۲۔۷۲۷۵

Presented by www.ziaraat.com

(۱۳)	حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ	مشکوٰۃ ص ۴۷۱، ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۸۱، ابن ماجہ ۴۰۸۴
(۱۴)	حضرت عبداللہ بن الحارث رضی اللہ عنہ	کتاب البرھان ج ۲ ص ۷۴۸، ابن ماجہ ۴۰۸۸
(۱۵)	حضرت انس رضی اللہ عنہ	کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۶۷، ابن ماجہ ۴۰۸۷
(۱۶)	حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ	الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۷۵
(۱۷)	حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ	ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۹۹، الاشاعۃ لاشراط الساعۃ ص ۲۲۳
(۱۸)	حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ	کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۸۲
(۱۹)	حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما	کتاب الفتن ص ۲۳۸
(۲۰)	حضرت عمار رضی اللہ عنہ	کتاب الفتن ص ۲۳۶، کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۴۱
(۲۱)	حضرت عباس رضی اللہ عنہ	آثار القیامہ فی حجج الکرامہ ص ۳۵۶، الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۹۷

Presented by www.ziaraat.com

(۲۲)	حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما	کتاب الفتن ص ۲۶۴، کتاب البرهان ج ۲ ص ۵۱۳، ص ۷۳۱
(۲۳)	حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ	کتاب البرهان ج ۲ ص ۶۵۲
(۲۴)	حضرت حسین رضی اللہ عنہ	کتاب البرهان ج ۲ ض ۵۴۶
(۲۵)	حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ	کتاب البرهان ج ۲ ص ۵۱۰
(۲۶)	حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ	کتاب البرهان ج۲ ص ۶۶۷
(۲۷)	حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ	کتاب الفتن ص ۳۲۰
(۲۸)	حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ	کتاب الفتن ص ۳۶۰
(۲۹)	حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہ	کتاب البرهان ج ۲ ص ۲۱۱، ترجمان السنة ج ۴ ص ۲۹۶، ابودائود ۴۲۹۲
(۳۰)	حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہما	کتاب البرهان ج ۲ ص ۵۲۳، کتاب الفتن ص ۲۳۷
(۳۱)	حضرت قرة المزنی رضی اللہ عنہ	الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۷۲
(۳۲)	حضرت قیس بن جابر رضی اللہ عنہ	الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۹۵

Presented by www.ziaraat.com

(۳۳)	حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ	الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۱۰۲، ابوداؤد ۴۲۷۹، ۴۲۸۱، ترمذی ۲۲۲۳
(۳۴)	حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ	کتاب الفتن ص ۱۹۰،
(۳۵)	حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ	مسلم شریف ۶۲۷۶
(۳۶)	حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ	ابوداؤد ۴۲۹۲

﴿علماء کرام کی احادیث مہدیؑ کی بابت آراء﴾

احادیث مہدیؑ کے راوی صحابہ کرام علیہم الرضوان کی اجمالی فہرست آپ ملاحظہ فرما چکے اب آپ احادیث مہدیؑ کی بابت علماء کرام کی آرا بھی ملاحظہ فرمالیں۔ شیخ یوسف بن عبداللہ ابوابل اپنی کتاب "اشراف الساعۃ" کے ص ۲۵۹ پر "تواتر احادیث المہدی" کے عنوان کے تحت تحریر فرماتے ہیں کہ "میں نے امام مہدیؑ کے سلسلے کی جو روایات ذکر کی ہیں (اوران سے زیادہ وہ روایات جو میں نے بخوف طوالت چھوڑ دی ہیں) وہ تواتر معنوی کی حد تک پہنچی ہوئی ہیں جیسا کہ علماء نے اس کی تصریح کی ہے، ان میں سے چند علماء کے اقوال میں یہاں بھی ذکر کرتا ہوں۔

﴿(۱) حافظ ابوالحسن آبریؒ کی رائے:﴾

Presented by www.ziaraat.com

"امام مہدیؑ کے تذکرہ سے متعلق احادیث بڑی شہرت کے ساتھ حضور ﷺ سے تواتر منقول ہیں، نیز یہ کہ وہ آپ کے اہل بیت میں سے ہوں گے، سات سال تک حکومت کریں گے۔ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو امام مہدیؑ دجال کے قتل کے سلسلے میں ان کی مدد کریں گے اور یہ کہ وہ اس امت کے امام ہوں گے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کی اقتدا کریں گے"۔

﴿(۲) سید محمد برزنجیؒ کی وضاحت:﴾

"تیسرا باب ان بڑی اور قریبی اعلامات کے بیان میں ہے جن کے بعد قیامت آجائے گی اور یہ علامت بہت زیادہ ہیں۔ منجملہ ان کے ایک امام مہدیؑ کا ظہور ہے جو کہ قیامت کی پہلی بڑی علامت ہے اور یہ بات آپ کو معلوم ہونی چاہیئے کہ اس سلسلے میں مختلف روایات اس قدر کثرت سے مروی ہیں کہ ان کا شمار نہیں ہوسکتا"۔

اور دوسرے مقام پر فرمایا کہ "یہ بات تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ امام مہدیؑ کے وجود اور آخر زمانے میں ان کے ظہور اور حضور ﷺ کی اولاد میں سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کی نسل سے ہونے کی احادیث تواتر معنوی کی پہنچی ہوئی ہیں لہذا ان کا انکار کرنے کا کوئی مطلب نہیں"۔

﴿(۳) علامہ سفارینیؒ کا بیان:﴾

"امام مہدیؑ کے ظہور کی روایات کثرت سے وارد ہوئی حتیٰ کہ وہ تواتر معنوی کی حد کو پہنچ چکی ہیں اور یہ بات علماء اہل سنت والجماعت کے درمیان مشہور اور ان کے عقائد میں ہے۔ اس کے بعد علامہ سفارینیؒ نے ظہور مہدیؑ سے متعلق احادیث وآثار اور ان کے راوی صحابہؓ کے نام ذکر کیے ہیں اور فرمایا کہ مذکورہ اور غیر مذکورہ صحابہ اور متعدد تابعین سے اس سلسلے کی اتنی روایات متعددہ مروی ہیں کہ وہ

Presented by www.ziaraat.com

سب مل کر علم قطعی کا فائدہ دیتی ہیں لہذا امام مہدیؑ کے ظہور پر ایمان لانا واجب ہے جیسا کہ یہ بات اہل علم کے یہاں ثابت شدہ اور اہل سنت والجماعت کے عقائد میں داخل ہے"۔

﴿(۴) قاضی شوکانیؒ کی تحقیق:﴾

"امام مہدیؑ کی آمد کے بارے میں جن روایت پر با آسانی مطلع ہونا ممکن ہے۔ وہ پچاس احادیث ہیں جن میں سے کچھ صحیح، کچھ حسن اور کچھ ایسی ضعیف ہیں کہ ان کے ضعف کی تلافی ہو جاتی ہے۔ لیکن ان روایات سے جو مجموعی بات حاصل ہوتی ہے وہ متواتر ہے اور اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کیونکہ اصول حدیث کی اصطلاح کے مطابق اگر کسی سلسلے میں پچاس سے کم روایات مروی ہوں تو اس سے تواتر حاصل ہو جاتا ہے، باقی رہے صحابہ کرامؓ کے وہ ارشادات جن میں امام مہدی کے نام کی صراحت آئی ہے وہ تو بہت زیادہ ہیں اور ان کا حکم بھی وہی ہے جو مرفوع روایت کا ہوتا ہے اس لیے کہ اس قسم کے واقعات کے بارے میں اجتہاد کی بنیاد پر اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا جا سکتا"۔

﴿(۵) نواب صدیق حسن خانؒ کی رائے:﴾

"امام مہدیؑ کے بارے میں مختلف روایات بہت کثرت سے وارد ہوئی ہیں جو تواتر معنوی کی حد کو پہنچی ہوئی ہیں اور یہ روایات اسلامی کتب کے مجموعہ علم مثلاً سنن، معجم اور مسانید وغیرہ میں موجود ہیں"۔

﴿(۶) شیخ جعفر کتانیؒ کا حوالہ﴾

"خلاصہ کلام یہ ہے کہ مہدی منتظر کے بارے میں احایث متواترہ موجود ہیں، اسی طرح خروج دجال اور نزول عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بھی متواتر احادیث موجود ہیں"۔ (یہ تمام اقوال

Presented by www.ziaraat.com

کتاب "اشراط الساعۃ" ص ۲۵۹ تا ص ۲۶۲ سے ماخوذ ہیں)

﴿(۷) حافظ ابو جعفر عقیلیؒ کی وضاحت:﴾

حافظ ابو جعفری عقیلیؒ اپنی کتاب " کتاب الضعفاء " میں علی بن نفیل مہدی کے حالات زندگی تحریر فرماتے ہوئے امام مہدیؑ سے متعلق اس کی روایت کردہ ایک حدیث کے تحت فرماتے ہیں کہ: "امام مہدیؑ کے بارے میں اس حدیث کے لیے اس کا کوئی متابع موجود نہیں اور نہ ہی یہ حدیث اس کے علاوہ کسی اور سے مشہور ہے البتہ سند کے علاوہ امام مہدیؑ کے بارے میں بہت سی جید احادیث وارد ہیں"۔ اسی طرح زیاد بن بیان الرقی کی سوانح حیات لکھتے ہوئے بھی کہا ہے کہ: "امام مہدیؑ کے بارے میں بہت سی صحیح سند والی روایات موجود ہیں"۔

﴿(۸) علامہ ابن حبانؒ کی تحقیق:﴾

امام ابو حاتم ابن حبانؒ البستی نے اپنی صحیح میں متعدد ابواب امام مہدیؑ سے متعلق ذکر کر کے ان سے استدلال کیا ہے جس سے ان کے نزدیک بھی ان روایات کا صحیح اور قابل استدلال ہونا معلوم ہوتا ہے۔

﴿(۹) امام ابو سلیمان خطابیؒ کا بیان:﴾

امام ابو سلیمانی خطابیؒ، حضرت انس بن مالکؓ کی اس حدیث:

﴿لاتقوم الساعة حتى يتقارب الزمان وتكون السنة كالشهر و الشهر كالجمعة﴾

پر کلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

"سال کا مہینے کے برابر اور مہینے کا جمعہ کے برابر ہونا امام مہدیؑ کے زمانے میں ہوگا یا حضرت

Presented by www.ziaraat.com

عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں یا پھر دونوں کے زمانے میں ہوگا"۔

﴿(۱۰) امام بیہقیؒ کی رائے:﴾

امام بیہقیؒ احادیث مہدیؑ پر یوں تبصرہ نگاری فرماتے ہیں:

"امام مہدیؑ کے ظہور سے متعلق وضاحت احادیث میں یقینی طور پر صحت کے ساتھ ثابت ہے اور یہ صحت سند کے اعتبار سے بھی ہے، نیز ان احادیث میں یہ بھی بیان ہے کہ امام مہدیؑ حضور ﷺ کی اولاد میں سے ہوں گے"۔ (کتاب البرہان: ج ا ص ۳۳۰ تا ۳۳۲)

یہ چند اہلسنت والجماعت کے علماء کرام کے اقوال آپ کے سامنے مشتے از نمونہ خروارے کے طور پر پیش کیے گئے ہیں اور ابھی اس سے زیادہ پیش کیے جاسکتے ہیں لیکن بخوف طوالت انہیں ترک کیا جاتا ہے۔

اب یہاں امام مہدی ابن امام علی ابن ابیطالب علیہم السلام کے بارے میں تصنیف شدہ کتابوں کی اجمالی فہرست بھی ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

﴿وہ کتابیں جن میں ضمناً امام مہدیؑ کا تذکرہ آیا ہے﴾

(۱)	المصنف لعبدالرزاق	اس میں گیارہ احادیث مہدی ہیں
(۲)	کتاب الفتن	یہ سب سے زیادہ قدیم اور وسیع ماخذ ہے جس میں احادیث مہدیؑ کثرت سے موجود ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

(۳)	الجامع للترمذی	اس میں تین احادیث مروی ہیں۔
(۴)	المصنف لابن ابی شیبۃ	اس میں سولہ روایات ہیں۔
(۵)	سنن ابن ماجه	اس میں سات احادیث مروی ہیں۔
(۶)	سنن ابی داود	اس میں تیرہ احادیث مروی ہیں۔

جبکہ بخاری اور مسلم میں امام مہدی کا نام لیے بغیر کچھ احادیث ذکر کی گئی ہیں جس کی تفصیل قارئین آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

﴿امام مہدی کے بارے میں مستقل تصانیف﴾

نمبر شمار	مصنف کا نام	کتاب کا نام
(۱)	ابن ابی خثیمہ بن زہیر بن حربؒ	بقول سہیلی کے انہوں نے اس موضوع کی احادیث کو جمع کیا تھا
(۲)	ابوالحسین احمد بن جعفر بن المنادی	علامہ ابن حجرؒ نے ان کے رسالے کا ذکر کیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(۳)	ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانیؒ	ابن قیم نے ان کی کتاب کا نام " کتاب المہدی" اور سیوطی نے "اربعین" ذکر کیا ہے
(۴)	یوسف بن یحیی السلمی الشافعیؒ	عقد الدرفی اخبار المهدی المنتظر
(۵)	امام ابن کثیرؒ	"الفتن والملاحم" میں انہوں نے اپنے رسالے کا تذکرہ کیا ہے۔
(۶)	علامہ سخاویؒ	بقول عجلونی کے اس کتاب کا نام "ارتقاء العرف" ہے۔
(۷)	علامہ سیوطیؒ	العرف الوردی فی اخبار المهدی۔
(۸)	ابن کمال پاشا حنفیؒ	تلخیص البیان فی علامات مهدی آخر الزمان
(۹)	محمد بن طولون الدمشقیؒ	المهدی الی ماورد فی المهدی
(۱۰)	ابن حجر ہیتمی مکیؒ	القول المختصر فی علامات المهدی المنتظر۔
(۱۱)	شیخ علی متقی ہندیؒ	کتاب البرهان فی علامات مهدی آخر الزمان:
(۱۲)	ملا علی قاریؒ	المشرب الوردی فی مذهب المهدی۔

Presented by www.ziaraat.com

(۱۳)	ابن بریدہؒ	بقول ابن مناوی کے اس رسالے کا نام "العواصم من الفتن القواصم" ہے۔
(۱۴)	مرعی بن یوس الکرمیؒ	فوائد الفکر فی الامام المهدی المنتظر۔
(۱۵)	محمد بن اسماعیل الامیر الصنعانیؒ	ان کی کتاب کا ذکر نواب صدیق حسن خان نے کیا ہے۔
(۱۶)	قاضی شوکانیؒ	التوضیح فی تواتر ماجاء فی المهدی المنتظر والدجال والمسیح
(۱۷)	شہاب الدین حلوانیؒ	القطر الشهدی فی اوصاف المهدی۔
(۱۸)	محمد بن محمد البلیسیؒ	انہوں نے امام حلوانیؒ کی مذکورہ کتاب کی شرح بنام "المطر الوردی" لکھی۔
(۱۹)	ابوالعلاء ادریس العراقیؒ	بقول کتانی کے ان کا بھی امام مہدیؑ کے بارے میں ایک رسالہ ہے۔
(۲۰)	شیخ مصطفیٰ بکریؒ	الهداية الندية للامة المهدية فيما جاء في فضل الذات المهدية۔
(۲۱)	محمد بن عبدالعزیز مالخ	تحدیق النظر فی اخبار الامام المنتظر۔

Presented by www.ziaraat.com

(۲۲)	رشید راشد الحلبیؒ	تنویر الرجال فی ظهور المهدی والدجال۔
(۲۳)	احمد بن محمد بن صدیقؒ	المرشد المبدی لفساد طعن ابن خلدون فی احادیث المهدی۔

اعتراض: کیا عقیدہ امامت ختم نبوت کی نفی ہے؟

کتاب خدا اور اہل بیت تا بہ حوض کوثر ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے

اخرج عبد بن حمید، فی مسنده، عن زید بن ثابت، قال: قال رسول ﷺ: ((انی تارک فیکم ما ان تمسکتم به بعدی لن تضلوا، کتاب الله و عترتی اهل بیتی، وانهما لن یفترقا حتی یردا علی الحوض))

عبد بن حمید (۱) اپنی مسند میں زید بن ثابت (۲) سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمھارے درمیان وہ چیز چھوڑ رہا ہوں کہ اگر تم نے اس سے تمسک کیا تو میرے بعد گمراہ نہ ہوگے، اور وہ کتاب خدا اور میری عترت ہے جو میرے اہل بیت ہیں، اور یہ دونوں ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہ ہونگے یہاں تک کہ یہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہونگے۔ (۳)

﴿حدیث ثقلین﴾

اخرج احمد، وابو یعلی، عن ابی سعید الخُدری ان رسول الله ﷺ قال: ((انی اوشک ان ادعی فاجیب، وانی تارک فیکم الثقلین، کتاب

Presented by www.ziaraat.com

الله، و عترتی اهل بیتی وان اللطیف الخبیر خبرنی انهمالن یفترقاحتی یرداعلی الحوض، فانظرو اکیف تخلفونی فیهما))

احمد اور ابو یعلی (۴) نے ابی سعید خدری (۵) سے نقل کیا ہے کہ حضرت رسالتمآب نے اپنے (اصحاب کو مخاطب قرار دیتے ہوئے) فرمایا: مجھے عنقریب بلایا جائے گا اور میں چلا جاؤں گا، چنانچہ میں تمھارے درمیان دو گرانقدر چیزیں چھوڑے جاتا ہوں: (ایک) کتاب خدا اور (دوسری) میری عترت، جو میرے اہل بیت ہیں، اور بیشک خدائے لطیف وخبیر نے مجھے آگاہ فرمایا ہے کہ یہ دونوں چیزیں ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہ ہوں گی یہاں تک کہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں گی، پس میں دیکھتا ہوں کہ میرے بعد تم ان کے بارے میں کیا رویہ اختیار کرتے ہو، اور ان سے کیا سلوک کرتے ہو؟ (۶)

﴿اسناد و مدارک کی تحقیق﴾

(۱) ابو محمد بن عبد بن حمید بن نصر کشی، آپ سمرقند کے دیہات "کش" کے باشندہ ہیں، موصوف نے عبدالرزاق بن ہمام، ابوداؤد اور طیالسی و دیگر محمد ثین سے روایت نقل کرتے تھے، امام بخاری، مسلم اور ترمذی نے بھی آپ سے روایات نقل فرمائی ہیں، آپ کا شمار ثقہ اور ان علماء میں ہوتا ہے جنہوں نے حدیث، اور تفسیر میں کتابیں تالیف کیں، بہرکیف آپ کی وفات ۲۴۹ھ میں ہوئی، آپ کے حالات زندگی درج ذیل کتابوں میں دیکھئے: تھذیب التھذیب ج ۶، ص ۴۵۷۔ رجال قیسرانی ص ۳۳۷۔ شذرات الذھب ج ۲، ص ۱۲۰۔ تذکرۃ الحفاظ ج ۲، ص ۵۳۴۔ طبقات الحفاظ سیوطی ج ۲، ص ۴۔ (۲) ابوسعید زید بن ثابت بن ضحاک انصاری خزرجی، موصوف کاتبین وحی میں سے تھے، آپ کی ۴۵ھ میں وفات ہوئی، بقیہ حالات زندگی درج ذیل کتابوں میں دیکھئے:

Presented by www.ziaraat.com

الاصابۃ جلد۱، ص ۵۶۲، ۵۲۱۔ الاستیعاب جلد۱، ص ۵۵۴، ۵۵۱۔ تذکرۃ الحفاظ جلد۲، ص ۲۳، ۲۲ (۳) مذکورہ حدیث حسب ذیل کتابوں میں بھی موجود ہے: مسند عبد بن حمید (قلمی نسخہ، ظاہریہ لائبریری دمشق) کنز العمال جلد۱، ص ۱۲۲۔ العقد الفرید جلد۲، ص ۱۱۱۔ (۴) حافظ ابو یعلی احمد بن علی بن مثنی بن یحییٰ بن عیسی بن ہلال تمیمی موصلی: آپ ہی محدث الجزیرہ اور کتاب المسند الکبیر کے مولف ہیں، آپ ۲۱۰ ہجری میں شہر موصل عراق میں پیدا ہوئے، اور ۳۰۷ھ میں وفات پائی، آپ نے احمد بن حاتم بن طویل، یحییٰ معین اور دوسرے لوگوں سے روایتیں سنی اور پھر انھیں نقل کیا ہے، آپ کی مشہور کتاب المسند الکبیر ہے، بقیہ حالات درج ذیل کتابوں میں دیکھیے: معجم البلدان جلد۵، ص ۲۲۵۔ شذرات الذہب جلد۲، ص ۳۵۰۔ تذکرۃ الحفاظ جلد۲، ص ۷۰۹، ۷۰۷۔ آنجناب احقر امید رکھتا ہے کہ اپنی ہی کتاب کے حوالہ جات سے اثبات قبول فرمائیں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

کیا آئمہ طاہرین کو تحلیل و تحریم کا اختیار ھے؟؟

حضرات غور فرمایئے آئین حیات جو خالق نے مخلوق کے لئے فرمایا

قرآن ۵۹ **یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ (النساء ۵۹)**

حضرات: ایمانداروں پر تین ہستیوں کی اطاعت واجب ہے، اللہ، رسولؐ، اولی الامر اور عندالتنازعہ رجوع صرف اللہ اور رسولؐ ہی کی طرف ہوسکتا ہے۔ کیونکہ احکام کے ماخذ صرف دو ہیں، قرآن اور حدیث۔

جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔ **تعالوا الی ما انز اللہ والی الرسول**۔ لہذا اولی الامر کا تقرر خدا اور رسول کی نص کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ اجماع و شوریٰ ختم شد اور مدعیوں کا یہی دعویٰ تھا جو توڑنہ چڑھ سکا۔ **امرھم شوریٰ بینھم** پر ہمارے سوال کا جواب ندارد۔ ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ اولی الامر وہ ہے جس کو خدا اور رسول مقرر کریں۔ معصوم عن الخطاء ہو اور علم قرآن و حدیث میں **راسخون فی العلم** کا درجہ رکھتا ہو تا کہ تاویل قرآن شریف و حدیث میں اس کا قول سند ہو، اس کی حدیث حدیث رسول کہلا سکتی ہو۔ مگر اس اولی الامر کو حکم دینے کا مجاز کس نے بنادیا؟ سوائے اللہ و رسولؐ کے۔

Presented by www.ziaraat.com

خد ہوگئی امر العشکر کا تقرر تو نص سے ہوتا رہا واجب الاطاعت اولی الامر شوریٰ سے مقرر ہو رہا ہے ذرا جنگ موتہ میں امراء لشکر کے تقرر پر حضورؐ کی نص ملاحظہ فرمایئے کہ:۔

استعمل علیهم زیدبن حارثه وقال ان اصیب زید جعفر بن ابی طالب علی الناس فان اصیب جعفر فعبدالله بن رواحله علی الناس۔ (سیرۃ ابن ہشام ۱۵ جلد ۴) کہ حضورؐ نے جنگِ موتہ میں پہلے زید بن حارثہ کو امیر لشکر مقرر کیا اور فرمایا کہ اگر زید شہید ہو جائے تو حضرت علی بن ابی طالب امیر ہوگا۔ اگر جعفر بھی شہید ہو جائے تو عبداللہ بن رواحہ امیر ہوگا۔ سبحان اللہ امراء لشکر کی نص تو یکے بعد دیگرے حضورؐ تین بار فرما چکے ہیں مگر خلفاء کی نص نہیں ہو سکتی؟ ان کا گذارہ صرف **لم یستخلف رسول الله** پر ہے دیکھئے صحیح مسلم ۱۲۰ جلد ۲ اور ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ ایسے اولی الامر جو معصوم منصوص اور راسخون فی العلم ہونے کی حیثیت سے واجب الاطاعت اولی الامر ہیں وہ صرف آئمہ اہلبیت علیہم السلام ہیں۔

تعداد آئمہ علیہم السلام

عن مسروق قال کنا جلوسا عند عبدالله بن مسعود وهو یقرئنا القرآن فقال له رجل یا اباعبدالرحمن هل سالتم رسول الله کم یملک هذا الامة من خلیفة فقال عبدالله ما سالنی عنهما احد منی قدمت العراق قبلک ثم قال نعم ولقد سئالنا رسول الله فقال اثنی عشر کعدة نقبا بنی اسرائیل۔ (مسند احمد بن حنبل ۲۹ ج ۲ و ۸۹ ج ۵۔ صواعق محرقہ فصل ۳ باب ۱۔)

مسروق سے روایت ہے کہ ہم عبداللہ بن مسعود کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور وہ ہم کو قرآن

Presented by www.ziaraat.com

پڑھا رہے تھے اور ایک آدمی نے ان کی خدمت میں عرض کی کہ اے ابوعبدالرحمٰن کیا تم نے رسول ﷺ سے یہ دریافت نہیں کیا تھا کہ اس اُمت کے مالک کتنے خلیفے ہوں گے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: عراق میں آج تک یہ مسئلہ مجھ سے کسی نے نہیں پوچھا پھر فرمایا کہ ہم نے پوچھا تھا۔ جس پر حضورؐ نے فرمایا تھا کہ نقباء بنی اسرائیل کی تعداد پر بارہ خلیفے ہوں گے۔

لیجئے! حضورؐ کی زبانی تعداد بھی منصوص ہوگئی اور یہ حدیث صاف دلالت کرتی ہے کہ خلافت کا انحصار صرف بارہ خلفاء میں ہوگا اور وہ خلفاء بالنص ہوں گے۔ کیونکہ حضورؐ نے ان کی تشبیہ کعدۃ نقباء بنی اسرائیل میں نقباء باری ہے **ولقد اخذنا میثاق بنی اسرائیل ولعثنا منھم اثنی عشر نقیباً**۔ اور صحابہ کرام سوال خلفاء منصوص کا ہی کر سکتے تھے۔ کیونکہ شوریٰ اور غلبہ کے امراء پر دین کی بنیاد کا دارومدار نہیں ہے اور سلاطین بلانص کے سوال کی ضرورت بھی نہیں کیونکہ وہ تو بیشمار ہو سکتے ہیں اور ہوتے رہتے ہیں۔ پس ظاہر ہوا کہ صحابہ کا یہ سوال خلفاء منصوص ہونے کا نہ کوئی قائل ہے اور نہ ان کا وجود ہے۔ پس معلوم ہوا کہ وہی بارہ آئمہ اہلبیتؑ ہیں اس کی تفصیل آیہ استخلاف میں ہے۔ قارئین کرام وہاں سے دیکھ لیں۔ لہٰذا اولی الامر وہی ہستیاں ہیں جن کے حق میں آیہ تطہیر اور حدیث ثقلین، حدیث منزلت، حدیث ولایت وارد ہوئی ہیں۔ ان کا حکم حکم خدا ہے اور وہ راسخون فی العلم ہیں کیونکہ وہ قرآن سے جُدا نہیں ہوتے اور قرآن ان سے جُدا نہیں ہوتا۔ اور وہ قرآن کی تاویل پر جہاد کرنے کے مجاز ہیں۔

مشکوٰۃ شریف ۳۲۱ سے جو حدیث بحق ابوذر نقل کی گئی ہے وہ اصحاب جنگ جمل کی رد میں ہے اور جو مشکوٰۃ شریف ص ۳۲۰ سے بحق حضرت ابوذر نقل کی گئی ہے اس سے بھی امیر کے لئے نص کی ضرورت معلوم ہو رہی ہے۔ حضرت ابوذر اس لئے حضورؐ سے نص کا سوال کر رہے ہیں کہ **علی ان الا ننازع الامر اھلہ** سے مراد ہی امراء لشکر ہیں جو حضورؐ کی نص سے باہر مقرر ہو کر جاتے ہیں۔ حضرت نے بلا کفر

Presented by www.ziaraat.com

ظاہران سے نہ لڑنے کیلئے بیعت کی تھی، اس سے شوریٰ اور اجماعی حکام مراد نہیں۔

﴿تعداد اطاعت کا فلسفہ﴾

یہ نہیں بلکہ اللہ کی اطاعت علیحدہ اس لئے ذکر کی گئی ہے کہ اصل الاصول صرف اطاعت خدا ہے کیونکہ حاکم اصل صرف وہی ہے جیسا کہ ارشاد ہے:۔

(۱) ۵۔۱۰ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ

پارہ ۲۵۔ شوریٰ

ترجمہ:۔ پس جس چیز میں تمہارا اختلاف ہو جائے پس حکم اسکا طرف اللہ کے ہے۔

(۲) ۶۔۶۲ ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ ط أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ہ پارہ ۷ سورہ انعام

ترجمہ نہیں ہے حکم سوائے اللہ کے۔

(۳) ولا يُشرِكْ بعبادة ربه احداً پارہ ۱۶ سورہ الکھف

ترجمہ:۔ نہ شریک کرے اس کی عبادت میں کسی کو۔

(۴) ۱۳۔۴۱ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ط وَاللَّهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ ط وَهُوَ

Presented by www.ziaraat.com

سَرِیْعُ الْحِسَابِ ہ پ ۱۳ الرعد

ترجمہ:۔یعنی جس کے حکم کے بعد تعاقب نہیں ہوسکتا وہ صرف ذات باری ہے

(۵) ع ۲۴ وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْکٰفِرُوْنَ ہ (پ ۶ سورۃ المائدہ) لہذا اولی الامر بارہ ہیں۔باقی جو عمدۃ القاری ۱۷۶ جلد ۱۸ سے حوالہ جات کی صحت کا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے گیارہ اقوال کی نشاندہی کی گئی ہے نہ معلوم یہ عمدۃ القاری کس مطبع کی ہے جس کی ۱۸ جلدیں ہیں یا کہاں سے نقل در نقل مارنے میں غلطی کی گئی ہے۔حالانکہ عینی شرح صحیح بخاری عمدۃ القاری کی کُل تیرہ ۱۳ جلدیں ہیں اور یہ گیارہ اقوال در تفسیر اولی الامر اس کی جلد ۵۵۴۸ مطبوعہ مصر باب ع ۵۹ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ میں موجود ہے اور گیارہ کے گیارہ اقوال بھی صحابہ اور تابعین کے ہیں جو غیر معصوم ہیں۔مگر ہم کو عند التنازعہ قول رسول کی ضرورت ہے،اگر تحقیق اور تدقیق سے کام لیا جائے تو شاید ایک قول بھی اس پر صادق نہ آئے اور عکرمہ کا قول سند نہیں کیونکہ وہ خارجی ہے۔شیخین پر اکتفا کی وجہ صاف بتا رہی ہے کیونکہ خوارج حضرت عثمان اور حضرت علی کے منکر ہیں۔علاوہ اس کے اہلبیت نے ان بزرگوں کے امور سے اتفاق نہیں کیا۔لہذا ہمارے لئے واجب الاطاعت نہ ہوئے۔حضرت علی کا خلافت شیخین سے صحیح بخاری ۱۰۰۹ اور امر عثمان سے خلاف اور انکار جمع قرآن میں شفا قاضی عیاض ۱۱ جلد دوم۔

﴿آئمہ طاہرین پر وحی نازل نہیں ہوتی:﴾

ع ۵۵ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ وَلَیُمَکِّنَنَّ لَھُمْ دِیْنَھُمُ الَّذِی ا

Presented by www.ziaraat.com

رُتَضٰی لَھُمْ وَلَیُبَدِّلَنَّھُمْ مِّنْ م بَعْدِ خَوْفِھِمْ اَمْنًا ط یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِکُوْنَ بِیْ شَیْئًا ط وَمَنْ کَفَرَ بَعْدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ہ پ۱۸۔ س۔ النور

ترجمہ:۔ وعدہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے تم میں سے البتہ ان کو زمین میں خلیفہ کرے گا جیسا کہ ان سے پہلوں کو خلیفہ کر چکا ہے اور محکم کرے گا ان کے واسطے ان کا وہ دین جو ان کے لئے پسند کیا ہے اور ان کے خوف کے بعد ان کو امن میں بدل دے گا۔ وہ خلفاء میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کریں گے۔ جو لوگ اس کے بعد انکار کریں پس وہی لوگ فاسق ہیں۔

حضرات ہمارے آئمہ طاہرین پر وحی نازل نہیں ہوتی بلکہ ختم نبوت کے بعد امامت کا وعدہ ہے کہ اس اُمت میں بھی حسب سابق واجب الاطاعات خلفاء ہوں گے ان کا مُنکر فاسق ہوگا۔ پس اس آیت سے امامت کا اُصول دین میں داخل ہونا ثابت ہوا۔ ورنہ ان کا مُنکر فاسق اور کافر نہ کہلاتا۔ جیسا کہ من کفر بعد ذالک فاولئک ھم الفاسقون۔ کے الفاظ اس پر دلالت کرتے ہین جن کے ہاں امامت غیر ضروری ہے۔ اس سے ان کی رد ہوگی۔

خُلفاء موعود من اللہ ہوں گے

کیونکہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے تین وعدے فرمائے ہیں۔

اول:۔ اُمت محمدیہ میں استخلاف مثل سابق۔ دوم خلفاء کیلئے دین مرتضٰی کی تمکین سوئم خوف (تقیہ) خلفاء کے بعد امن کامل۔ لہذا ثابت ہوا کہ خلفاء موعود من اللہ ہوں گے۔ نہ باجماع نہ شوریٰ۔

Presented by www.ziaraat.com

﴿موعود خلفاء کے چار صفات﴾

اور اس آیت میں خلفاء موعود من اللہ کے چار صفات بھی بیان فرمائے ہیں جو باقی صفات کے لئے بمنزلہ اصل الاصول ہوں گے۔ ایمان کامل و جمیع اعمال کا صالح ہونا عبودیت۔ شرک خفی و جلی سے مطہر ہونا۔

﴿ایمان کامل﴾

سے مراد تحقیقی۔ کشفی ایمان ہے جو تمام حجابات ظلمات ختم ہونے کے بعد مشاہد اور شہود ذاتی تک پہنچنے کا نام ہے کمافی العزیزی۔

﴿قید نکم کا مفاد﴾

امنو امنکم یا اولی الامر منکم۔ یا بخاری شریف کی حدیث **واما مکم** میں کُم ضمیر مخاطب کی قید سے سابقہ اُمتوں سے احتراز مقصود ہے۔ یعنی امامت و خلافت اور اولی الامر ہونے کا دروازہ صرف اُمت محمدیہ کے لئے کھلا ہے۔ کُل بنی آدم کے لئے نہیں اس سے ان کی بھی رد ہو جاتی ہے جو **یابنی ادم امایا تینکم رُسُل منکم** سے استدلال شروع کر کے اُمت محمدیہ میں نبوت کے دروازے کھولنے شروع کر دیتے ہیں۔ کیونکہ یہ بشارت بنی آدم کے لئے نہیں بلکہ اُمت محمدیہ کے لئے ہے یعنی اُمت محمدیہ کی بنی آدم سے تخصیص مقصود ہے۔ بابی و بہائی اور احمدی حضرات اجرائے نبوت کی دلیل پیش کرتے وقت دعویٰ اور دلیل میں عموم خاص کے تطابق کا خاص خیال رکھا کریں اور **عملو الصالحات** سے عصمت خلفاء کی طرف اشارہ ہے کیونکہ **الصالحات جمع محلی باللام** ہے جو حقیقۃً مفید استغراق ہے۔ اور تمام اعمال کا صالح ہونا سوائے معصوم کے محال ہے۔ **لیستخلفنھم** میں فعل کی نسبت ذات باری تعالیٰ کی طرف ہے۔ لہذا امام کا منجانب اللہ منصوص بنص شرعی ہونا ضروری ہے ورنہ تکوین عام ہے۔ لہذا نص شرعی کی ضرورت ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

کما استخلف الذین من قبلهم کی تشبیہ سے خلفاء کے طریقہ تعیین اور تعداد کی وضاحت مطلوب ہے ولیمکنن لهم دینهم سے خلفاء کے راسخون فی العلم ہونے کی طرف اشارہ ہے کہ ہم دین کے ماہر اور وارثان کتاب اللہ ہوں گے۔ قرآن ان کے ساتھ ہوگا۔

مسائل دینیہ میں ان کا قول سند ہوگا۔ لهم کالام ان کی تخصیص کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ ان کے علاوہ غیر کو یہ منصب حاصل نہیں ہوگا ولیبدلنهم من بعد خوفهم میں خوف اور تقیہ کی زندگیوں کے بعد امن کامل اور ظہور امام آخر الزمان کی پیشگوئی ہے۔ جو لیظهره علی الدین کا وقت ہے یعبدوننی میں ان کی عبودیت کی طرف اشارہ ہے جو ولایت کے لئے شرط اول ہے کمافی منصب امامت از اسماعیل شہید دہلوی ص ۷ کہ باوجود صاحب کمال ہونے کے ہر وقت عبودیت کا اظہار کریں گے۔

۶۳۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۶۴۔ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ہ پ ۱۹۔ الفرقان۔

رحمٰن کے وہ بندے ہیں جو زمین پر عاجزی سے چلتے ہیں۔ اور جب جاہل ان سے مخاطب ہوتے ہیں تو سلام کہہ کر گذر جاتے ہیں۔ اور وہ اپنے رب کے سامنے سجدے اور قیام میں راتیں گذارتے ہیں۔

۷۴۔ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ہ

Presented by www.ziaraat.com

اماماً۔ پ ۱۹

اور کہتے ہیں۔ اے رب ہمارے ہم کو اپنی بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کو ٹھنڈک بخش اور ہم کو امام المتقین بنادے۔

یہ ہے خلفائے برحق اور آئمہ طاہرین کی عبودیت اور یعبدونی کا مطلب **لایشرکون بی شیئاً** سے مراد یہ ہے کہ ان میں شریک اخفی من دبیب النمل بھی نہیں ہوگا۔ بالکل ہر قسم کے شرک سے پاک ہوں گے۔ اسی لئے شیئاً کو نکرہ لایا گیا ہے۔ **ومن کفر بعد ذالک فاولئک ھم الفاسقون** میں ان کے واجب الاطاعت ہونے اور ان کے منکر کے فاسق ہونے کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ حدیث ہے:۔ **من مات بغیر امام فقدمات میتة جا ھلیة** (مسند امام احمد۔ جلد چہارم ۱۶) رسولِ خدا نے فرمایا کہ جو شخص امام کے بغیر مر گیا وہ عہد جاہلیت کی موت مر گیا۔ یہ آیت اور حدیث امامت کے ضروری اصول دین ہونیکی دلیل ہے۔

۵۱ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ (پ۵۔ نساء)

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو فرمانبرداری کرو اپنے اللہ کی اور فرمانبرداری کرو رسول کی اور ان کی جو تم میں اولی الامر ہیں۔

اس آیت سے ایمانداروں کے لئے تین ہستیوں کی اطاعت کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔ ایک اللہ واجب الوجود مستجمع جمیع الصفات کی اطاعت کا۔ دوئم محمد رسول اللہ خاتم النبیین الا نبی بعدہ کی اطاعت، سوئم اولی الامر کا اطاعتِ دوم میں الرسول اور اولی الامر منکم کو جمع فرمادیا ہے کہ دونوں کی اطاعت یکساں اوقات اور احوال سے غیر مقید اور مطلق ہے اور یہ ظاہر ہے کہ غیر معصوم کی اطاعت ہر

Presented by www.ziaraat.com

وقت صحیح نہیں۔ لہذا اولی الامر معصوم ہی ہوں گے جس کی تفصیل آئندہ آ رہی ہے۔

﴿بحث مفہوم اُولی الامر﴾

لہذا اب دیکھا یہ ہے کہ اُولی الامر سے مراد کون لوگ ہیں؟؟ کیا آج کے فاسق و فاجر شرابی حکمران ہیں اگر نہیں تو سب سے پہلے کتاب اللہ کو دیکھا جائے گا۔ کیونکہ القرآن لفسیر بعضاً مسلمہ اصول ہے لہذا پہلے سیاق وسباق کا دیکھ لینا ضروری ہے۔ لیجئے اس سے پہلی آیت یہ ہے:۔

۵۸ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ ط اِنَّ اللّٰہَ نِعِمَّا یَعِظُکُمْ بِہٖ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ سَمِیْعًا م بَصِیْرًا پ۵۔ النساء

ترجمہ:۔ تحقیق اللہ تم کو حکم دیتا ہے امانتوں کو ان کے اہل کی طرف ادا کردو اور جب لوگوں کے درمیان حکم کرو تو عدل کے ساتھ کرو تحقیق اللہ تم کو اس کی نصیحت کرتا ہے اور وہ سُننے والا دیکھنے والا ہے۔ اس آیت کے شان نزول میں ہمارے برادران اسلام کے ہاں یہ لکھا ہے کہ یہ آیت عثمان بن طلحہ بن عبدالدار کلید بردار کعبہ کے متعلق نازل ہوئی ہے چنانچہ دیکھئے:۔

لما اغلب باب الکعبة وابی ان یدفع المفتاح فیھا رسول اللہ وقال لو علمت انه رسول اللہ لم امنعه فلوعی علی کرم اللہ وجھه یده واخذه منه وفتح فدخل رسول اللہ صلی اللہ علیه واله وسلم صلی رکعتین فلما خرج ساله العباس رضی اللہ عنه ان یعطیه

Presented by www.ziaraat.com

المفتاح ویجمع له السقایة والسدنة فنزلت فامر الله ان یرده الیه فامر علیاً رضی الله عنه ان یرده ویعتذر الیه وصار ذالک سبباً لا سلامه ونزله الوحی بان السدانة فی اولاده ابداً۔ (بیضاوی ۱۰۷ ومدارک ۱۸۰ ج ۱۔ وجلالین ۷۹ وابن کثیر ۵۱۵ ج ۱۔ مطبوعہ مصر)۔ کہ یہ آیت یوم فتح مکہ اتری ہے جب عثمان بن طلحہ بن عبدالدار نے کعبہ کا دروازہ بند کرلیا اور حضورؐ کو کعبے کی چابی دینے سے انکار کر دیا۔ حضورؐ کو اس میں داخل ہونے سے مانع ہوا۔ اور کہا کہ میں اگر جانتا کہ وہ اللہ کا رسول ہے تو میں اس کو منع کیوں کرتا۔ پس اس پر حضرت علی علیہ السلام نے اس کا ہاتھ مروڑ کر اس سے چابی لے لی اور کعبے کا دروازہ کھول دیا۔

پس رسول خدا داخل ہو گئے اور آپؐ نے دو رکعت نماز پڑھی

پس حضورؐ جب باہر آئے تو حضرت عباسؓ نے سوال کیا کہ حضورؐ یہ چابی مجھے عطاء فرمایئے۔ حاجیوں کو پانی پلانے اور دربانی کا منصب دونوں میرے ہی لئے جمع کر دیجئے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ پس آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو حکم دیا کہ یہ چابی اسے واپس لوٹا دو اور ذرا عذر خواہی بھی کر دو۔ پس یہی چیز اس کے اسلام لانے کا سبب ہوگئی اور وحی نازل ہوئی کہ کعبہ کی دربانی کا شرف اس کی اولاد میں ہمیشہ رہے گا۔ لیجئے حضورؐ سباق کی آیت سے رسولؐ کا بھی پتہ چل گیا ہے کہ کون ہے اور اولی الامر کا بھی اور فاتح مکہ کا بھی۔ کعبہ کا دروازہ کھولنے والے کا بھی حضورؐ کو داخل کعبہ کرنیوالے کا بھی نائب رسول کا بھی۔ اب نہ معلوم اس اولی الامر کو چھوڑ کر غیر کی طرف جانیکی کیا ضرورت ہے جس کا ذکر پہلی آیت میں ہے اب ذرا اس آیت سے اگلی آیت بھی ملاحظہ فرمالیجئے تا کہ حق واضح ہو جائے۔

۶۰ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ط وَيُرِيْدُ

Presented by www.ziaraat.com

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا م بَعِيْدًا ۝ پ۵ النساء

کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کو جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے ہیں ساتھ اس چیز کے اُتاری گئی ہے طرف تیری اور جو کچھ کہ اُتاری گئی ہے پہلے تجھ سے کہ یہ مقدمہ لے جاویں طرف سرکش کے اور حالانکہ حکم کئے گئے ہیں اس کے ساتھ انکار کرنے کا اور ارادہ کرتا شیطان یہ کہ گمراہ کرے ان کی گمراہی دور کی۔

اس آیت کی شانِ نزول میں برادرانِ اسلام کی تفسیروں میں ایک منافق کا قصہ نقل ہے کہ پہلے وہ اپنا مقدمہ رسول اللہ کی بجائے کعب بن اشرف یہودی کی طرف لے جانا چاہتا تھا اور بعد فیصلہ سرکار دو عالم پھر حضرت خلیفہ ثانی کی طرف۔ اور لکھا ہے کہ حضرت عمر نے اس کو قتل کر دیا۔ اور خدا نے اس منافق کی رد میں یہ آیت نازل فرمائی۔ پس معلوم ہوا کہ اس منافق کے دونوں قصد غلط اور خدا و رسولؐ کے خلاف تھے۔ فیصلہ کا حق صرف اللہ اور رسولؐ اور اولی الامر کو ہے۔ ان کو چھوڑ کر غیر کی طرف مقدمہ لے جانا منع ہے اور حضر عمر نے بھی اس کو اسی بنا پر قتل کر دیا تھا کہ وہ بے محل فیصلہ کا متمنی تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ اولی الامر نہیں ہیں ورنہ اللہ اور رسولؐ اور اولی الامر کی طرف مقدمہ لے جانے والا واجب القتل نہیں ہے نہ منافق ہے۔ دیکھے پہلی آیت سے حضرت پہلی آیت سے حضرت علی علیہ السلام کا اولی الامر ہونا اور پچھلی آیت سے دیگر بزرگوں کا اولی الامر نہ ہونا صاف ثابت ہو گیا۔

اب ذرا اصل آیت کو لیجیے۔ ۵۹ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ یہ آیت سورہ نساء میں ہے۔ سورۂ نساء کو چھوڑ کر دُور جانے کی ضرورت ہی

Presented by www.ziaraat.com

نہیں۔ ۸۳ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ ط وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ پ۵۔النساء

ترجمہ:۔اور جب آتا ہے کہ ان کے پاس کوئی امر امن کا ڈر کا تو پھیلاتے ہیں اس کو اور اگر پھیرتے طرف رسُول کے اور صرف والیانِ امر کے جو ان میں سے ہیں تو البتہ جان لیتے ہیں اس کو وہ لوگ کہ تحقیق کر سکتے ہیں اس کی ان میں سے۔

اس آیت نے صاف ظاہر کر دیا ہے کہ اولی الامر سے مراد وہ عالم ہیں جو حضورؐ کے وقت میں موجود تھے، مادہ استنباط بھی رکھتے تھے۔ اب تمام صحابہ کرام سے اعلم الصحابہ کا پتہ کر لینا چاہیے جس کو سب سے زیادہ قرآن وحدیث کا علم ہوگا وہی اولی الامر کا مصداق ہوگا۔ اعلم الصحابہ کا پتہ **انا مدینۃ العلم و علی بابھا** سے ظاہر ہے اور عندہ علم الکتاب اس کی شان ہے جو ناطقِ قرآن اور ثانی رسُول ہے اور امرھم شوریٰ بینھم سے جو بعض مدعیان امام نے اپنے بزرگوں کی خلافت یا حکومت پر استدلال فرمایا ہے خلاف واقعہ ہے۔ کیونکہ ان کی اپنی تفسیر **بیضاوی ۱۶۵ جلد ۲ اور مدارک ۳ جلد ۴** پر صاف لکھا ہے:۔

۸۴ وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَمْرُهُمْ شُورٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُونَ ہ (پ۲۵ الشوریٰ)

اور وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کو قبول کیا اور نماز قائم کی اور ان کے معاملات صلاح ومشورہ سے طے ہوتے ہیں اور ہمارے رزق سے خرچ کرتے ہیں، کی آیت انصار کے حق میں نازل ہوئی

Presented by www.ziaraat.com

ہے۔ جب وہ مکہ معظمہ میں جا کر مشرف با اسلام ہوئے تھے۔ دیکھو **نزلت فی الانصار دعاهم رسول الله الی الایمان فاستجابوا** ۔ کی آیت انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ جب ان کو حضورؐ نے ایمان کی طرف بلایا اور انہوں نے قبول کیا اور **یہی حاشیہ، ۱۷ جلالین،** ۴۰۴ میں لکھا ہے کہ یہ آیت انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے کہ وہ حضورؐ سے پہلے وہ اپنے اُمور مشورہ سے طے کیا کرتے تھے۔ اب آپ ہی فیصلہ فرمایئے کہ آیت انصار کے حق میں نازل ہوئی اور حکومت پر مہاجرین قابض ہوئے جن کے حق میں یہ آیت اُتری ان کو حکومت کا ذرہ بھی نصیب نہ ہوا۔ حالانکہ امر علم میں امران کی طرف مضاف ہو رہا ہے۔ نہ معلوم ایسے اماموں کا کیا حشر ہوگا جو نہ سیاق سمجھتے ہیں نہ سباق نہ تفسیر نہ حدیث۔ صرف اپنی امامت کے زور سے کام چلانا جانتے ہیں حالانکہ ان کی امامت کو نہ اپنے مانتے ہیں نہ بیگانے۔ اگر یقین نہ ہو تو اخبارین دیکھ لیں۔ مگر تاہم دعویٰ امامت میں فرق نہیں آتا۔ الامر کے معرف باللام ہونے مفہوم کے تلاش کرنے میں بھی حد کر دی ہے۔

اندھے کو اندھیرے میں کیا دُور کی سوجھی

یعنی جن کو اولی الامر بنایا وہ مہاجر اور جن کے حق میں آیت اُتری وہ انصار، یہ بن گئی حکومت خاص۔ شاید ایسے ہی ربط پر کسی منچلے نے کہا تھا:

چہ خوش گفتہ اس سعدی در زلیخا

الا یا ایھا الساقی اور کاساً و ناولھا

معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو امر کے معنی نہیں آتے اور اپنی کتابوں پر نظر نہیں کی ورنہ یوں پریشان

Presented by www.ziaraat.com

نہ ہوتے۔ لیجئے! ہم عرض کر دیتے ہیں کہ یہاں امر بمعنی سمت اور طریقہ ہے۔ فلیحذر الذین یخالفون عن امره ای عن سمته و طریقه فی افعاله وقال تعالیٰ وما امر فرعون برشید والمراد فعله و طریقته وقال تعالیٰ و امرهم شوریٰ بینهم ای افالهم وقال تعالیٰ تنازعتم فی الامر ای فیما تقدمون علیه من الفعل وقال تعالیٰ ان الامر کله الله المراد الشان والفعل۔ (اصول سرخسی ۱۱ ج ۱۔ مطبوعہ مصر)۔ کہ ان تمام آیات میں امر سے مراد طریقہ اور فعل ہے۔ مگر صاحب امرھم سے حکومت مراد لے رہے ہیں اور ان کے بزرگ امرھم کا مطلب ان کے افعال اور جملہ کام لے رہے ہیں۔ یہاں نہ تو کوئی معہود مقرر ہے نہ حکومت سے مطلب ہے۔

﴿امر بمعنی قضا﴾

قال الله یدبر الامر من السماء الی الارض وقال تعالیٰ الا له الخلق ولامر۔ کہ ان دونوں آیتوں میں امر بمعنی قضاء خداوندی ہے۔

﴿امر بمعنی دین﴾

ومنها الذین قال الله تعالیٰ حتی جاء الحق وظهر امر الله کہ حق اور دین خدا ظاہر ہوا۔

﴿امر بمعنی قول﴾

ومنها القول قال الله تعالیٰ یتنا زعون بینهم امرهم کہ وہ باہم

Presented by www.ziaraat.com

اپنے قول میں تنازعہ کرتے ہیں۔

﴿امر بمعنی قیامت﴾

ومنها القیامة قال الله تعالیٰ اتی امر الله۔ اللہ کا امر آیا یعنی قیامت یہاں عند الشیعہ ظہور صاحب الامر مراد ہے۔

﴿امر بمعنی عذاب﴾

فما اغنت عنهم التهم یدعون من دون الله من شیئی ولما جآء امر ربک و مازاد و هم غیر تتبیت۔ جب آیا تیرے رب کا عذاب ان کے معبود بچا نہ سکے۔ یہاں امر بمعنی عذاب ہے۔

﴿امر بمعنی گناہ﴾

قل ان الامر کله الله۔ کہ تحقیق ہر امر اللہ کے لئے ہے۔

﴿امر سے مُراد صیغۂ امر﴾

انما امره اذا اراد شیاً ان یقول له کن فیکون و کما قال الله تعالیٰ انما قولنا بشئی اذا اردناه ان نقول له کن فیکون کہ امر خدا کی حقیقت اس کے سوا کچھ نہیں کہ جب کسی چیز کو کن کہنا چاہتا ہے تو وہ ہو جاتی ہے۔ یہ ہیں امر کے مختلف معانی جن میں سے ایک بھی آنجناب کی معبود حکومت پر فٹ نہیں آتے اور نہ ہی کسی مفسر نے یہ معنی لکھے ہیں۔ ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ اولی الامر کی تفسیر میں خلافت ثلاثہ کا ذکر کوئی شخص اپنے مسلمات میں بھی حدیث

Presented by www.ziaraat.com

مرفوع متصل میں رسول اللہ ﷺ کی زبانی نہیں دکھلا سکے گا۔ رہے صحابہ اور تابعین کے اقوال سو باہم متعارض ہیں۔ کسی نے امرا اور کسی نے علماء مراد لئے ہیں۔ کلبی نے بخیال خویش بعض لوگوں کے نام تو لئے مگر ساتھ عبداللہ بن مسعود کا بھی نام لے دیا۔ (تفسیر درمنثور ۱۷۷ جلد ۲)۔ اور عکرمہ نے تو صرف شیخین پر ہی کفایت کی ہے کسی دوسرے کا نام ہی نہیں لیا۔ (درمنثورہ ۱۷۷ جلد ۲)۔ عبداللہ بن عباس سے دو قول مروی ہیں اول کہ عبداللہ بن حذافہ کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ دوم کہ اولی الامر سے مراد اہل العلم ہیں، درمنثور ۱۷۷ جلد ۲۔ یہاں بزرگوں کے اپنے اپنے قیاسات ہیں مگر ہمارا مطالبہ صرف حدیث مرفوع متصل کا ہے کہ حضور پرنور ﷺ نے اس آیت کی تفسیر میں کیا فرمایا۔ کیونکہ اولی الامر کے معنی میں تنازعہ ہے اور عند التنازعہ صرف اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرنے کا حکم ہے۔ **فان تنازعتم فی شئی فردہ الی اللہ والرسول** اور یہی قوم امام ابوحنیفہ کا ہے کہ **اذجاء عن النبی فعلی الراس والعین** (تفسیر مظہری ۱۵۳ جلد ۲۔ النساء) کہ جب کوئی حکم رسالت مآبؐ سے آئے تو سر اور آنکھوں پر ہے۔

﴿انکشاف اصل حقیقت اُولی الامر﴾

یایھا الذین امنو اطیعو اللہ الرسول و اولی الامر منکم فان تنازعتم شی فردوہ الی اللہ والرسول ان کُنتم تومنون باللہ والیوم الاخر ذالک خیر واحسن تاویلاً (پ۵۔ س نساء)

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو اس کے رسول کی اور اولی الامر کی جو تم میں سے ہوں۔ پس اگر تمہارا کسی چیز میں تنازعہ پڑ جائے تو اس کو اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو۔ اگر تم اللہ اور روز

Presented by www.ziaraat.com

آخرت پر ایمان رکھتے ہو یہی بہتر ہے اور تمہاری اپنی تاویلوں سے بہت ہی اچھا ہے یا بلحاظ انجام اچھا ہے۔

﴿آیت ھذا میں اصول خمسہ شیعہ﴾

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مذہب شیعہ کے پانچوں اصول بیان فرمائے ہیں

اول:۔ اطیعو اللہ اور توضون باللہ سے توحید۔

دوم:۔ رُسول اللہ اور اولوالامر کو حکم بالعدل ان تحکموا بالعدل سے عدل

سوم:۔ اطیعو الرسول سے نبوت

چہارم:۔ اُولی الامر سے امامت

پنجم:۔ والیوم الاخر سے قیامت

الحمد اللہ علی ذالک

اور اس آیت میں مومنین کو تین حکم فرمائے گئے ہیں:۔

اول:۔ اطاعتِ خداوند تعالیٰ جل شانہٗ

دوم:۔ اطاعتِ پیغمبر اور اُولی الامر

سوم:۔ عندالاختلاف رجوع الیٰ الکتاب والسنۃ

اطاعت اولی الامر

خداوند تعالیٰ نے اپنی اطاعت کا علیحدہ حکم دیا اور اُولی الامر اور رسُولؐ اللہ کی اطاعت کو بحکم

Presented by www.ziaraat.com

واحد جمع فرمایا۔ لہذا دونوں کی اطاعت مطلق واجب ہوگی۔ چونکہ ایک ہی لفظ اطیعو الرسول اور اولی الامر دونوں کیلئے مستعمل ہوا ہے۔ لہذا معانی میں بھی مختلف نہیں ہوگا۔ کیونکہ علامہ زمخشری تفسیر کشاف ۹۰۲ جلد ۲ میں فرماتے ہیں:۔

لان اللفظ الواحد الایصح استعماله فی حالة واحدة علی معنیین فحتلفین کہ ایک ہی لفظ کا استعمال ایک ہی حالت میں دو مختلف معنی پر نہیں ہو سکے گا۔ پس معلوم ہوا کہ ایک ہی لفظ کا استعمال ایک ہی حالت میں دو مختلف معنی پر نہیں ہو سکے گا۔ پس معلوم ہوا کہ اولی الامر کی اطاعت بلا قید شرط مثلِ رسولؐ واجب ہے اور غیر معصوم کی اطاعت مطلق طور پر بلا قید ثابت نہیں ہے۔ لہذا معلوم ہوا کہ اُولی الامر سے مُراد معصومین ہیں۔ جیسا کہ ہمارے برادرانِ اسلام کی مشہور تفسیر کبیر ہ ۲۴۳ جلد ۲ پر ہے۔

ان اللہ تعالیٰ امر بطاعة اولی الامر علیٰ سبیل الجزم فی هذه الایة و من امر الله بطاعته علیٰ سبیل الجزم والقطح الابدو ان یکون معصوماً عن الخطاء اذلو لم یکن معصوماً عن الخطاء والخاطالکونه خطاء منهی عنه فهذ اُیفضی الی اجتماع الامر والنهی فی الفعل الواحد بالا عتبار الواحد وانه محال فثبت ان الله تعالیٰ امر بطاعة اولی الامر علیٰ سبیل اجزم وجب ان یکون معصوماً عم الخطا فثبت قطعاً ان اولی الامبر المذکور فی هذه الایة الابُد ان یکون معصوماً۔

تحقیق اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اولی الامر کی اطاعت کا پختہ طور پر حکم دیا ہے۔ اور جس کی

Presented by www.ziaraat.com

اطاعت کا خداوند تعالیٰ قطعی طور پر حکم کرے اس کا خطاء سے معصوم ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ اگر وہ معصوم عن الخطاء نہیں ہوگا تو اس کی خطا کے وقت بھی بامر خدا اس کی متابعت کرنی پڑے گی۔ تو اس کا یہ مطلب ہو جائے گا کہ خدا نے اس خطا کے کرنے کا حکم دیا ہے حالانکہ خطا بحیثیت خطا ہمیشہ منہی عنہ، ہے یعنی اس کے کرنے سے منع کیا گیا ہے تو ان کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ ایک ہی فعل میں باعتبار واحد امر اور نہی جمع ہو جائیں گے اور یہ محال ہے۔

پس ثابت ہوا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے اولی الامر کی اطاعت کا قطعی حکم دیا ہے اور اس کا معصوم ہونا ضروری ہے۔ پس اس صغریٰ اور کبریٰ کے ملانے سے قطعی طور پر یہ نتیجہ نکلا کہ وہ اولی الامر جو اس آیت میں مذکور ہیں، معصوم ہیں الخ۔ چونکہ عصمت سوائے آئمہ اہل بیت کے غیر میں پائی نہیں جاتی بالاتفاق۔ پس معلوم ہوا کہ اولی الامر سے مراد آئمہ معصومین ہیں اور یہی رسولؐ خدا اور آئمہ طاہرین سے منقول ہے۔ چنانچہ تفسیر صافی ۱۰۸ خلاصہ الصادقین ۱۱۸ تفسیر عمدۃ البیان جلد ۱۲ ۲۴۱ ص ۲۴۱)

عن جابر بن عبدالله الانصاری قال لما نزلت هذا الاية قلت رسول الله عرفنا الله رسوله فمن اولوالامر الذين قرنهم الله طاعتهم بطاعتک فقال هم خلفائی يا جابر وائمة المسلمين من بعدی اولهم علی ابن ابی طالب ثم الحسن ثم الحسين ثم علی بن الحسين ثم محمد بن علی المعروف فی التوراته بالبا قرؑ ستدر که يا جابر فاذ القيته اقرمنی السلم ثم الصادق جعفربن محمد ثم موسیٰؑ بن جعفرؑ ثم علیؑ بن موسیٰؑ ثم

Presented by www.ziaraat.com

محمدؑ بن علیؑ ثم علیؑ بن محمدؑ ثم الحسنؑ بن علیؑ ثم سیمی محمدؐ کنیتی حجة الله فی ارضه وبقیه فی عباده ابن الحسن بن علی ذاک الذی یفتح الله علی یدیه مشارق الارض ومغار بها ذاک الذی یغیب عن شیعته واولیائه غیبته الایثبت فیها علی القول باما مته الامن امتحن الله قلبه للایمانؑ غیبته فقال ای والذی بعثنی بالنبوة انهم یستصنیئون بنوره ویتفعون بولایته فی غیبته کا تنتفاع الناس بالشمس وان تجلا هاسحاب یاجابر هذا امر مکنون سرالله فخزون علم الله فاکتمه الاعن اهله.

جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ یارسولؐ اللہ میں خدا کو اور رسولؐ کو تو جانتا ہوں مگر اولی الامر کو نہیں جانتا کہ وہ کون ہیں۔ فرمایا کہ اے جابر وہ میرے خلفاء ہیں اور میرے بعد مسلمانوں کے امام ہیں۔ اول ان کا علیؑ بن ابی طالب ہے اور بعد اس کے حسنؑ ہے اور بعد اسکے حسینؑ ہے اور بعد اس کے علیؑ ابن حسینؑ ہے اور بعد اس کے محمدؑ بن علیؑ ہے توریت میں وہ باقر مشہور ہے۔ اور تو اُن کو پائے گا اور جس وقت تو اُس کو دیکھے گا میرا سلام اس کو پہنچانا۔ بعد اس کے رسولؐ خدا نے باقی کے آئمہ معصومین حضرت جعفرؑ بن محمدؑ پھر موسیٰؑ بن جعفرؑ پھر علیؑ بن موسیٰؑ پھر محمدؑ بن علیؑ پھر علیؑ بن محمدؑ پھر

Presented by www.ziaraat.com

حسنؑ بن علیؑ معصومینؑ ہر ایک کا نام فرمایا۔ یہاں تک کہ جس وقت حضرت صاحب العصر والزمان کے نام پر پہنچے تو فرمایا کہ کہ نام میرا اس کا نام ہوگا۔ اور کنیت اس کی کنیت میری ہوگی۔ اور وہ حجت خدا ہے زمین خدا میں اور بیٹا حسینؑ بن علیؑ کا ہے۔ اور وہ شخص ہے کہ فتح کرے گا خدا اس کے ہاتھوں مشارق اور مغارب زمین کو۔ اور غائب ہوگا وہ اپنے شیعوں سے اور دوستوں سے یہاں تک کہ بسبب درازی مدت کے کوئی تصدیق اس کی امامت کی نہ کرے گا مگر وہ شخص کہ امتحان کیا ہے۔ خدا نے دل اس کے واسطے ایمان کے جابر کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا کہ یا رسولؐ اللہ شیعوں کو ان کی غیبت میں کچھ ان سے فائدہ ہوگا۔ فرمایا قسم ہے خدا کی کہ جس نے مجھ کو پیغمبر کر کے بھیجا ہے۔ شیعہ اس کے نور سے روشنی پائیں گے اور فائدہ حاصل کریں گے اس کی خلافت سے اس کی غیبت میں جیسے کہ فائدہ پاتے ہیں آدمی آفتاب سے اگر چہ زیر ابر ہوتا ہے جابر وہ سر مکنون خدا اور فخر ان اس کے علم کا ہے اور جو کچھ میں نے بیان کیا ہے اس کو اپنے دل میں نگاہ رکھ اور کسی کے روبرو اس کو بیان مت کر مگر ان لوگوں سے کہ جو اس کے اہل ہیں۔

اور امیر المومنین سے بھی تفسیر صافی ۱۰۸ میں یہی منقول ہے

وفی العلل عن امیر المومنینؑ قالا لاطاعة لمن عصی الله وانما الطاعة الله والرسوله ولالاة الا مرانما امرالله بطاعة الرسول لانه معصوم مطهر لایا مر بمعصیةٍ وانما امربطاعة اولی الامر لانهم

Presented by www.ziaraat.com

مطهرون لایامرون بمعصیة۔ کہ امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ خدا کے نافرمان کی کوئی اطاعت نہیں۔ اطاعت صرف اللہ اور اس کے رسولؐ اور والیان امر کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے رسولؐ کی اطاعت کا حکم اس لئے فرمایا کہ وہ معصوم و مطہر ہے معصیت کا حکم نہیں کرے گا اور اولی الامر کی اطاعت کے حکم کا بھی یہی راز ہے کہ وہ بھی معصوم اور مطہر ہیں۔ کبھی گناہ کا حکم نہیں دیں گے پس معلوم ہوا کہ جس سے گناہ کے حکم کا امکان ہے اس کی اطاعت واجب نہیں ہوسکتی۔ اور یہی کتب اہل السنّت والجماعت میں لکھا ہے۔ چنانچہ حدیث ثقلین اور حدیث سفینہ اسی کی موید ہیں۔

قال رسول اللہ انی تارک فیکم ماان تمسکتم به لن تضلوا بعدی احدهما اعظم من الاخر کتاب اللہ عزوجل ممدودمن السماء الی الارض وعترتی اهل بیتی ولن یفترقا حتیٰ یردا علی الحوض۔

(ترمذی ۶۳۶، مشکوٰۃ ۵۶۸)۔ کہ حضورؐ نے فرمایا تحقیق میں تمہارے درمیان وہ چیز چھوڑتا ہوں اگر تم نے اس کی اطاعت کی تو میرے بعد ہرگز گمراہ نہیں ہوگے۔ ایک ان میں سے بڑی ہے دوسری سے کتاب آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی ہے۔ اور میری عترت اور میرے اہل بیت علیہم السلام۔

وفی روایة صحیحته انی تارک فیکم لن تضلوا ان اتبعتمو هما وهما کتاب اللہ واهل بیت عترتی زاد الطبرانی انی سالت ذالک لهما فلا تقدموا هما فتهلکو او الاتقصواعنها فتهلکو اولا اذلولم یکن معصوماً عن الخطأء اعلم منکم۔ (صواعق محرقہ ۸۹) کہ روایت صحیحہ میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ میں تمہارے درمیان دو امر چھوڑ کر جارہا ہوں۔ اگر تم نے ان کی تابعداری کی تو ہرگز ہرگز گمراہ نہیں ہوگے اور وہ دونوں اللہ کی کتاب اور میری عترت اور اہل بیت ہیں اور طبرانی

Presented by www.ziaraat.com

کی روایت میں اتنا زیادہ ہے کہ میں نے یہ ان کیلئے مانگ کرلیا ہے پس تم ان سے آگے نہ بڑھنا ہلاک ہوجاؤ گے، اور ان سے کوتاہی نہ کرنا تمہاری ہلاکت کا موجب ہوگی۔ اور ان کو علم نہ سکھلانا وہ تم سے زیادہ جانتے ہیں۔ اور علامہ ابن حجر نے ان حدیثوں کو لکھنے کے بعد اسی ۸۹ پر صاف فرمایا ہے۔

والحاصل ان البحث وقع علیٰ التمسک بالکتاب وبالسنته وبالعلماء بهما من اهل البیت ویستفاد من مجموعة ذالک بقاء الامور الثلاثة الیٰ قیام الساعة۔ کہ حاصل ان تمام حدیثوں کا یہ ہے کہ کتاب وسنت اور اہل بیت میں سے علماء کے ساتھ تمسک کرنے پر تاکید کی گئی ہے۔ لیجئے یہ ہے اصلی اولی الامر جن کی اطاعت کا خدا اور رسول کے حکم میں معلوم ہوتا ہے کہ جب امام صاحب لکھنے بیٹھتے ہیں تو لوازمات مضمون قلت علم یا صعف دماغ کی وجہ سے عقل الذھن نہیں رکھتے ورنہ اتنا تو بچے بھی سمجھ سکتے ہیں کہ غیر معصوم کی اطاعت کیا، اور اگر اہل بیت معاذ اللہ غیر معصوم ہوتے تو ان کی اطاعت کا حکم کیوں دیا جاتا اور ان کو قرین قرآن کیوں فرمایا جاتا۔

﴿عصمت اہلبیت﴾

حدیث ثقلین اور حدیث سفینہ اور عدم افتراق عامی اور قرآن اور معیت بالحق اور آیۂ تطہیر اور صلوٰۃ بر آل محمدؐ سے ظاہر ہے اور اولی الامر کی تفسیر میں آئمہ اہلبیت کا اس پر اتفاق ہے کہ اس آئمہ معصومین مراد ہیں۔ مگر ہمارے برادران اسلام کا اس مفہوم میں کسی معنی پر بھی اتفاق نہیں۔ بعض نے امراء لشکر مراد لئے ہیں۔ اکثر سلاطین، بادشاہوں اور حکام کی طرف گئے اور بعض نے اہل فتویٰ مراد لئے۔ اور فخر الدین تفسیر کبیر میں اولی الامر کی عصمت کا معترف ہونیکے بعد ارباب

Presented by www.ziaraat.com

حل وعقد کی طرف گیا، سچ ہے:۔

شدید پریشان
خواب اواز کثرت تعبیر ها

فان تنازعتم فی شی

پس اگر تم کسی چیز میں تنازعہ کرو۔ چونکہ شیئ مطلق ہے۔ لہذا جس شئے میں بھی تنازعہ اور اختلاف امر خلافت میں ہوا۔ لہذا اس کا فیصلہ صرف قرآن اور حدیث سے ہی کرایا جائے۔ اجماع شوریٰ اس میں فیصل نہیں ہوسکتا پس جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہم نے لوٹایا تو شاھد منہ کی آیت نظر آئی۔ کہ حضرت کا شاہد آپ کا جُز ہی آپ کا تالی اور بلافصل خلیفہ ہوگا۔ اور جب حدیث کی طرف نظر کی تو حدیث من کنت مولیٰ نظر آئی۔ پس حکومتِ شوریٰ کی ضرورت ہی نہ رہی۔

کیا آئمہ طاہرین
انبیاء کرام کی طرح معصوم ہیں؟؟

حضرات اب ہم اہل حدیث اور اہل السُنت کی مستند تفسیروں سے چند حوالے فضائل شیعہ خیرالبریہ کے پیش کرتے ہیں تا کہ معلوم ہوجائے کہ جن کو حق سے پھرے کہا جارہا ہے قرآن وحدیث میں ان کی اصل کیا ہے۔

عن جابر بن عبدالله قال کنا عندالنبی صلی الله علیه وآله وسلم فاقبل علی فقال النبی صلی الله علیه وآله وسلم والذی

Presented by www.ziaraat.com

نفسی بیده ان هذا وشیعته هم الفائزون یوم القیامة ونزلت ان الذین آمنوا الآیة فکان محمد صلی الله علیه وآله وسلم اذاقبل قالوا قد جاء خیر البریة۔ حضرت جابر ابن عبداللہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے تھے کہ حضرت علی علیہ اسلام تشریف لائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ تحقیق یہ علی اور اس کے شیعہ قیامت کے دن کامیاب ہوں گے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ **اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ ط ہ** ۔اس دن سے جب کبھی حضرت علیؑ آتے تو صحابہ کرام ان کو خیر البریہ کے لقب سے یاد کرتے تھے۔ کہ خیر البریہ آیا۔ خیر البریہ یعنی تمام مخلوق سے بہتر اور افضل۔ اس حدیث سے حضرتؑ کی افضلیت اور شیعہ کی فضیلت ثابت ہوئی اور یہ بھی ثابت ہوا کہ یہ قرآن کا مذہب اور رسول اللہ کے فرمان کا مذہب ہے۔

قولہ:۔ مگر باوجود مذہب شیعہ کی بنیاد جن عقائد پر ہے ان میں دو عقیدے بڑے اہم ہیں۔

ا۔ جس طرح نبی معصوم اور واجب الاطاعت ہوتے ہیں اسی طرح شیعوں کے امام بھی معصوم ہیں اور نجات کے لئے ان کی اطاعت ضروری ہے۔

الجواب

بیشک شیعہ کا عقیدہ ہے کہ انبیاء اور آئمہ طاہرین معصوم ہیں اور واجب الاطاعت ہوتے ہیں۔

اور ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ جناب رسُول خدا حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے بعد مخلوقات پر حجت خدا حضرات آئمہ اثنا عشر ہیں۔ ان میں سے اول حضرت امیر المومنین علیہ السلام پھر حضرت امام حسنؑ پھر امام حسینؑ پھر امام زین العابدینؑ پھر امام محمد باقرؑ پھر امام جعفر صادقؑ پھر امام موسیٰ کاظمؑ پھر امام علی رضاؑ پھر امام محمد تقیؑ پھر امام علی نقیؑ پھر امام حسن عسکریؑ پھر حضرت حجت علیہم السلام خلیفہ ہوئے (بارہویں

Presented by www.ziaraat.com

امام) حکم خدا سے قیام کرنے والے امام زمانہ زمین پر خلیفۃ اللہ شہروں میں موجود نظروں سے غائب ہیں خدا کی رحمت اور درُود ان حضرات پر نازل ہو۔ان بزرگون کے بارے میں ہمارا عقیدہ ہے کہ یہ حضرت صاحبان امر ہیں جن کی اطاعت کا خدا نے حکم دیا ہے۔اور یہ حضرت تمام آدمیوں پر گواہ اور علم الہیٰ کے ابواب اور اس کی طرف پہنچنے کے لئے راہ اور دلیل ہیں اور اس کے علم کے مخزن ہیں اور اس کی وحی کے ترجمان ہیں جن سے خدا نے پلیدی کو دور رکھا، اور جتنا چاہئے تھا اُتنے درجے کا ان کو پاکیزہ بنایا۔ان کے پاس معجزے اور دلیلیں تھیں۔یہ حضرات تمام اہل زمین کے واسطے امان ہیں جس طرح کے ستارے اہل آسمان کے لئے امان ہیں اور ان بزرگوں کی مثال اس اُمت میں کشتی نوح کی مانند ہے اور یہ سب خدا کے بزرگ بندے ہیں جو کسی بات میں اس پر سبقت نہیں لے گئے اور اسی کے حکم کے مطابق عمل کرتے رہے اور ہم ان حضرات کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان کی محبت ایمان ہے اور عداوت ان سے کُفر ہے۔ان کا حکم خدا کا فرمان ہے۔اُن کی ممانعت خدا کی ممانعت ہے۔ان کی پیروی خدا کی اطاعت ہے۔ان کی نافرمانی خدا کی معصیت ہے۔ان کا دوست خدا کا دلی ہے اور ان کا دشمن خدا کا دشمن ہے۔اور یہ بھی ہمارا عقیدہ ہے کہ زمین خالی نہیں رہ سکتی ایسے شخص سے جو بندگان خدا پر اس کی حجت ہو خواہ وہ ظاہر و مشہور ہو یا مخفی اور پوشیدہ ہو۔

اور یہ بھی ہمارا عقیدہ ہے کہ زمین پر خدا کی حجت اور بندوں پر اس کا خلیفہ اس زمانہ میں حضرت قائم منتظر محمدؑ بن الحسنؑ بن علیؑ بن محمدؑ بن علیؑ بن موسیٰؑ بن جعفرؑ بن محمدؑ بن علیؑ بن الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ علیہم السلام ہیں۔اور یہ وہی جناب ہیں جن کے نام ونسب کی حضور نبیؐ نے خبر دی تھی اور آپ ہی زمین کو عدل اور داد سے اس طرح بھر دیں گے کہ جس طرح وہ ظلم وجُور سے بھر چکی ہوگی۔اور آپ ہی کے ذریعہ سے اللہ اپنے دین کو ظاہر کر کے تمام دینوں پر اس کو غالب کر دے گا۔اگرچہ مُشرک اس سے کراہت کریں گے اور اللہ آنحضرتؑ کے ہاتھوں پر زمین کو مشرق سے مغرب تک فتح کر دے گا یہاں تک کہ زمین پر کوئی جگہ باقی نہ

Presented by www.ziaraat.com

رہے گی۔ مگر یہ کہ اس جگہ سے آوازِ اذان آئیگی اور ساری دُنیا میں بس خدا ہی کا دین ہوگا۔

اور یہ جناب وہی مہدی ہیں جن کی خبر رسُولؐ اللہ نے دی ہے اور جب یہ جناب ظاہر ہوں گے تو اُس وقت حضرت عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے اور ان کے پیچے نماز پڑھیں گے۔ اور آنحضرت کے پیچھے نماز پڑھنے والا ایسا ہوگا کہ اس نے رسُول اللہ کے پیچھے نماز پڑھی ہو۔ کیونکہ وہ حضرت جناب رسُول خدا کے خلیفہ ہیں۔ اور ہم یہ بھی عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان جناب کے سوا کوئی شخص قائم نہیں ہوسکتا اگرچہ وہ جناب طولانی مدت تک غائب رہیں اور آئمہ اہل بیت نے ان حضرت کے نام ونسب کو بتلا دیا ہے اور خلافت آنحضرت پر نص فرمادی اور ان کے ظہور کی بشارت دی ہے۔ خدا کا دورود ان پر نازل ہو (اور اُن کی خوشیوں میں جلدی ہو) جو مثلِ خضرؑ والیاسؑ واصحاب کہف گناہ گار نظروں سے دور ہے مگر نیکوں کار دلوں میں موجود ہیں اور باوقت ضرورت ملاقات بھی فرماتے ہیں اور اپنے نُور اقدس سے مومنین کے قلوب کو اپنی محبت کے نور سے منور فرمارہے ہیں۔

﴿عصمت کے متعلق عقیدہ﴾

شیخ ابوجعفر نے فرمایا ہمارا اعتقاد نبیوں اور وصیوں اور فرشتوں کے بارے میں یہ ہے کہ یہ سب معصوم ہیں۔ ہر قسم کی نجاست سے پاک ہیں۔ انہوں نے کبھی گناہ نہیں کیا۔ نہ صغیرہ کے یہ حضرات مرتکب ہوئے اور نہ ہی کبیرہ ان سے سرزد ہوا۔ یہ حضرات حکم الٰہی کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو کچھ ان کو حکم دیا جاتا ہے موافق اس کے عمل کرتے ہیں اور جو شخص ان کی عصمت کا کسی حال میں کچھ بھی انکار کرے تو ان سب کے رُتبہ سے جاہل ہے اور جو شخص ان سے جاہل ہو وہ کافر ہے۔ اور ہمارا عقیدہ ان حضرات کے بارے میں یہ ہے کہ یہ سب معصوم ابتداء سے آخر تک کمال اور تمامیت صفات اور علم سے موصوف ہیں۔ کسی حال میں یہ حضرات کچھ بھی نقصان اور جہالت سے متصف نہیں ہوسکتے۔ (ہدیہ

Presented by www.ziaraat.com

جعفریہ اعتقادیہ شیخ صدوق مطبع اثناعشری دہلی صفحہ ۸۴ تا ۸۷)۔ حضرات! یہ ان سادہ لوح خالی الذہن بے مطالعہ کنوئیں کے مینڈک مولویوں کی قرآن اور حدیث و تاریخ سے عدم واقفیت کا نتیجہ ہے ورنہ مذہب شیعہ خیر البریہ وہی صراط مستقیم، سبیل اقوم، عروۃ الوثقیٰ، حبل اللہ المتین ہے جس کی بنیاد قرآن وحدیث کے مطابق ملت ابراہیم مجدد صراط مجدد صراط مستقیم پر ہے۔ اس کے اصول وفروع ثابت از قرآن وحدیث ہیں۔ **دیکھو من یرغب عن ملة ابراھیم الامن سفه** کہ ہے احمقوں کے سوا ملت ابراہیم سے کون منہ پھیرتا ہے۔ مذہب شیعہ کی بنیاد امام، آل اور شیعہ پر ہے اور یہ تینوں لفظ شیعہ کے ثابت از ابراہیم بقرآن کریم ہیں۔

﴿لفظ امام﴾

۱۲۴ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ط قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ط قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ط قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ه

جب ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کے رب نے کئی کئی باتوں سے آزمایا اور انہوں نے سب کو پورا کر دیا تو اللہ نے فرمایا کہ میں تمہیں لوگوں کا امام بنا دونگا، عرض کرنے لگے میری اولاد کو فرمایا میرا وعدہ ظالموں سے نہیں۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ حضرت ابراہیمؑ کی امامت کا مدار استحقاق بالفضائل اور انی جاعلک للناس امام کی نص پر ہے اور من ذریتی سے اختصاص امامت باولاد حضرت ابراہیم اور "لا ینال عھدی الظالمین" سے امامت کیلئے عصمت کی شرط ثابت اور یہی شیعہ کے اصول ہیں۔ مذہب شیعہ امامت کی وجہ سے امامیہ ہے۔ استحقاق بالفضائل کی وجہ سے افضل کو چھوڑ کر مفضول کی امامت کا قائل اور مجوز

Presented by www.ziaraat.com

نہیں۔آلِ ابراہیمؑ کے بعد آلِ محمدؐ کی امامت کا قائل ہے۔اور غیر معصوم کی امامت کو نہیں مانتا جس کی نفی الاینال عھدی الظالمین سے ثابت ہورہی ہے۔یہی مذہب شیعہ ہے یہاں پر امام سے مراد نبی لینا خلافِ معقول ومنقول ہے۔کیونکہ اعلان امامت سے پہلے ابراہیمؑ نبی تھے۔یہ امامت کا محل محل ثانی ہے۔نبوت حضور پرنور سرکار دوعالم نور مجسم پر ختم ہے۔امامت باقی ہے جس کا پہلا امام **خلیفتہ الرسول، زوج بتولؑ، شاھد نبوت، مالک ولایت، پیکر شجاعت، عالم راز خفی وجلی مولانا علیؑ ولی ھے کرم اللہ وجھہ وایدہ اللہ اطھر اللہ محاسنہ وعزاسمہ، علیہ السلام۔**

علیؑ امام من است ومنم غلامِ علیؑ
ہزار جان گرامی فدائے نامِ علیؑ

بقول شاہ شمس علیہ الرحمۃ:۔

سرِ خدا است رازِ من
عشقِ علیؑ نمازِ من

اقول فی مدحہ:۔

علیؑ زورِ خدائے لم یزل ہے — علیؑ شاہِ ولایت بے بدل ہے
علیؑ نے جنگِ خندق میں مدد کی — خدا کے دین کی اس کے نبیؐ کی
علیؑ مظہر عجائب کا غرائب کا — علیؑ مشکل کشا دافع مصائب کا
علیؑ قاتل ہے مرحب اور عنتر کا
علیؑ فاتح بدر کا اور خیبر کا

Presented by www.ziaraat.com

۳۳ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰٓی اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰھِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ہ ۳۴ ذُرِّیَّۃًۢ م بَعْضُھَا مِنْ م بَعْضٍ ط وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ہ بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام جہان کے لوگوں میں سے آدم علیہ السلام کو اور نوح علیہ السلام کو, ابراہیم علیہما السلام کے خاندان اور عمران کے خاندان کو منتخب فرمایا کہ یہ سب آپس میں ایک دوسرے کی نسل سے ہیں اور اللہ تعالیٰ سنتا اور جانتا ہے۔ پ۳۔ س۔ آلِ عمران۔ شیعہ آلِ محمدؐ کو اس معنی سے آل سمجھتے ہیں جس معنی میں آل ابراہیم اور آل عمران آئی ہے اللھم صلی علیٰ محمدٍ وعلیٰ آل محمدٍ کما صلیت علیٰ ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید۔ اگر آلِ عمران میں حضرت مریم اور ان کا بیٹا حضرت عیسیٰ داخل ہیں تو آلِ محمدؐ میں حضرت فاطمہ اور ان کے بیٹے داخل ہیں۔ اگر آل ابراہیم میں اسماعیل اور اسحاق داخل ہیں تو آلِ محمدؐ میں حسنینؑ داخل ہیں کما قال رسولُ اللہ۔

سوال:۔ گزشتہ صدیوں میں کئی رنگ بدلے۔

الجواب:۔ بفضلہٖ تعالیٰ مذہب حقہ شیعہ خیر البریہ وہی ہے جو حضرت نوح علیہ السلام سے شروع ہوا۔ حضرت ابراہیمؑ نے اس کی تجدید کی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اس کے لئے صاحب کتاب ہو کر آئے۔ اللہ تعالےٰ نے تورات میں اس کی وضاحت فرمائی۔ ۱۵ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاھِدًا عَلَیْکُمْ کَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ؕ کہ ہم نے تمہاری طرف رسول بھیجا تم پر گواہ کر کے۔ جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف اس کو بھیجا تھا۔ (سورۂ مزمل) معلوم ہوا حضور مثیل موسیٰ ہیں اور اسی سبب سے قرآن مجید میں ہزار بار حضرت موسیٰ کے قصہ کو دُہرایا گیا ہے۔ جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دشمنوں کے اندر زندگی بسر کی یہی حال آنحضرت ﷺ کا تھا۔ جس طرح حضرت موسیٰ نے فرعون اور اس کے اہل دربار کو ہر طرح سمجھایا مگر وہ نہ ایمان لائے اور بالآخر حضرت موسیٰ کو بنی اسرائیل کو لیکر مصر سے ہجرت کرنا پڑی۔ جس طرح ہجرت کے دوران حضرت موسیٰ کے اصحاب فرعون کا تعاقب دیکھ کر گھبرا

Presented by www.ziaraat.com

گئے۔ ۶۱ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ۝ ۶۲ قَالَ كَلَّا اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝ (پ۱۹، الشعراء)۔

پھر دونوں جماعتیں ایک دوسرے کو دیکھنے لگیں تو حضرت موسیٰ کے اصحاب ہمراہی اور ساتھی گھبرا کر کہنے لگے اے موسیٰؑ ہم تو پکڑے گئے۔ حضرت موسیٰؑ نے فرمایا ہرگز نہیں کیونکہ میرے ساتھ میرا پروردگار ہے وہ مجھے دریا سے پار جانے کا راستہ دکھلائے گا۔ چنانچہ حضرت موسیٰؑ نے حسب حکم رب العزت دریا میں عصا مارا، دریا پھٹ گیا، دروازے ہو گئے اور اصحاب موسیٰؑ پار چلے گئے۔ گھبراہٹ بوجہ عدم عرفان اور عدم اطمینان تھی۔ اس طرح حضور سرکار دو عالم ﷺ کو بھی ہجرت کا واقعہ پیش آیا اور کفار نے آپ کا تعاقب کیا اور آپ کا ساتھی بتقاضائے بشریت مضطرب ہوا اور گھبرا گیا اور رونے لگا۔ اس کے اضطراب اور گھبراہٹ کو دیکھ کر حضورؐ نے فرمایا "لاتحزن ان اللہ معنا۔" پ۱۰۔ س توبہ "۔ کہ کچھ غم نہ کر تحقیق اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

خليفة الله
فى كتاب الله

Presented by www.ziaraat.com

سبیل سکینہؑ حیدرآباد لطیف آباد

امامت الہیہ فی القرآن

سورۃ فاتحہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔

ترجمہ

کل عالموں کی پرورش کرنے والے خدا کے لئے ہر قسم کی تعریف خاص ہے۔ جو رحمٰن (و) رحیم ہے۔ (اور) فیصلے کے دن کا مالک۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ خاص راہ خدا پر ہم کو ثابت قدم رکھیو۔ ان لوگوں کی راہ پر جن پر تو نے انعام کیا نہ ان کی جن پر غضب نازل کیا گیا اور نہ ہی گمراہوں کی۔

یونس بن عبدالرحمٰن نے روایت کی ہے کہ ابا عبداللہ علیہ السلام سے اس قول خدا (وَلَقَدْ آتَیْنَاکَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِیْمَ) کے بارے میں سوال کیا گیا۔ ابا عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا اس کا ظاہر سورہ حمد ہے اور اس کا باطن (شکر نعمت الہیہ) میرے فرزند ہیں جن کا ساتواں مہدی

Presented by www.ziaraat.com

آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہے۔

☆ تفسیر عیاشی (ج2 ص250 ح39)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص551 ب32 ف28 ح567)

☆ تفسیر البرہان (ج2 ص354 ح8)

☆ بحار الانوار (ج24 ص117 ب39 ح6)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص27 ح101)، الحجۃ (ص113)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ کوکب دری (ص338)

☆ منقبت (ص22)

☆ کتاب الفتن (صفحہ 241)

☆☆☆☆☆

فاتحہ(4)

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ

☆ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ (مدثر46)

☆ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ (معارج 26)

☆ يَسْأَلُوْنَ أَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ (ذاریات12)

Presented by www.ziaraat.com

☆ هَذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ (واقعہ 56)

☆ وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ (انفطار 17)

☆ ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ (انفطار 18)

ترجمہ

(۱) اے روز جزا کے مالک

(۲) ہم نے روز جزا کو جھٹلایا

(۳) اور جو لوگ جزا کے دن کی تصدیق کرتے ہیں۔

(۴) پوچھتے ہیں فیصلہ کا دن کب آئے گا

(۵) جزا و سزا کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی

(۶) اور تم کو کیا خبر کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟

(۷) پھر تم کو کیا معلوم ہے کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟

☆ تفسیر البرہان (ج 8 ص 161)

☆ روضہ کافی (ص 287 ح 432)

☆ تاویل الآیات (ج 2 ص 736)

☆ بحار الانوار (ج 24 ص 325)

☆ القطرۃ من بحار مناقب النبیؐ والعترۃ (ج 2 ص 252)

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ سنن ابوداؤد: کتاب المہدی، حدیث نمبر 282

☆ سنن ترمذی: ابواب الفتن من باب ماجاء فی المہدی جلد 6 صفحہ 487/484 حدیث نمبر 2231

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر (ص 37,38)

☆ صحیح ابوداؤد حدیث نمبر 4281/4279

☆ سنن ابوداؤد: کتاب المھدی حدیث نمبر 4282

☆ سنن ترمذی ابواب الفتن میں باب ماجاء فی المھدی حدیث نمبر 2231 جلد 6 صفحہ 487/484

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ (اول) یوم دین سے مراد مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف کے ظہور و خروج کا دن ہے۔

☆☆☆☆☆

فاتحہ (7-6)

اهدِنَا الصِّرَاطَ الْمُستَقِيمَ۔ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنعَمتَ عَلَيهِمْ غَيرِ المَغضُوبِ عَلَيهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ

ترجمہ

ہدایت کرتا رہ ہمیں سیدھے راستے کی، راستہ انکا جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کا جن پر تو

Presented by www.ziaraat.com

غضبناک ہوا اور نہ گمراہوں کا۔

- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص111)
- ☆ تفسیر قمی (ج1 ص41)
- ☆ تفسیر صافی (ج1 ص86)
- ☆ تفسیر نمونہ (ج1 ص75)
- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص21)
- ☆ شواہد التنزیل (ج1 ص22)
- ☆ من لا یحضر الفقیہ (ج1 ص45)
- ☆ معانی الاخبار (ص32)
- ☆ مجمع البیان (ج1 ص32)
- ☆ ینابیع المودۃ (ص178)
- ☆ معانی الاخبار (ص36)
- ☆ تفسیر امام عسکری (ص7)
- ☆ الامام المہدی فی کتب اہل سنت
- ☆ الاشاعۃ لاشراط الساعۃ، صفحہ 198
- ☆ کتاب الفتن (ص236)
- ☆ (آثار القیامہ: ص322)

ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا "ہم صراط مستقیم ہیں دنیا میں صراط سے مراد امام عصر علیہ السلام کی معرفت و اطاعت ہے۔ صراط مستقیم سے مراد امیر المومنین علیہ السلام کا راستہ اور

Presented by www.ziaraat.com

امام وقت (معصوم فرزند امیر المومنینؑ) کی معرفت ہے انعمت علیہم آئمہ اہلبیتؑ کے حق کے معترف اور مغضوب علیہم والضالین سے مراد ان کے حق معرفت کے غاصب ہیں۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (2-1)

(1) الم ۔ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ

(2) وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ (انعام 59)

(3) وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ (ھود 6)

(4) طس تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُّبِينٍ (نمل 1)

(5) قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرًّا عِندَهُ قَالَ هَٰذَا مِن فَضْلِ رَبِّي لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ وَمَن شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ (نمل 40)

ترجمہ

(1) یہ وہ کتاب جس میں کسی طرح کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے

(2) کوئی تر اور خشک ایسا نہیں ہے جس کا ذکر کھلی کتاب میں نہ ہو۔

(3) اور وہی (خدا) اس کے رہنے کی جگہ اور (پیدائش سے پہلے کے) اس کے سپرد گی کے مقام کو جانتا ہے کھلی کتاب میں ہر بات موجود ہے۔

(4) طس ۔ یہ قرآن مجید اور کھلی کتاب کی آیتیں ہیں۔

(5) اور اس شخص نے جس کے پاس علم کتاب کا ایک ادنیٰ جزو تھا یہ عرض کی کہ میں اسے لائے دیتا ہوں قبل اس کے کہ آپ کی پلک بھی جھپکے چنانچہ جب اس کو اپنے پاس رکھا دیکھا تو یہ فرمایا کہ

Presented by www.ziaraat.com

یہ میرے پروردگار کا فضل ہے تا کہ مجھ کو آزمائے کہ آیا میں شکر گزاری کرتا ہوں یا کفران نعمت۔ اور جو شکر کرے گا تو سوائے اس کے نہیں ہے کہ اپنی ذات کے لئے شکر کرے گا اور جو کفران نعمت کرے گا تو یقیناً میرا پروردگار بے پرواہ اور صاحب کرم ہے۔

☆ تفسیر قمی بحوالہ تفسیر عیاشی (ج 1 ص 44)
☆ تفسیر نور الثقلین (ج 1 ص 31)
☆ تفسیر نمونہ (ج 1 ص 90)
☆ تفسیر البرہان (ج 1 ص 125)
☆ تفسیر عیاشی (ج 1 ص 44)
☆ معانی الاخبار (ص 23 ج 2)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ فوائد الاخبار، صفحہ 157
☆ الروض الانف، جلد 2 صفحہ 431
☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر

ذٰلک الکتاب یعنی وہ کتاب سے مراد ائمہ علیہم السلام ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہے اور متقیان سے مراد (انکے زمانے) کے شیعہ ہیں۔ (یعنی آئمہ اطہار فی زمانہ)۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

البقرہ (1-3)

الم ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ

ترجمہ

الف لام میم یہ وہ کتاب ہے جس (کے منزل من اللہ اور سچے ہونے میں) کوئی شک شبہ نہیں ان خدا کا ڈر رکھنے والوں کے لئے ہدایت ہے۔ جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

- ☆ کمال الدین (ج1 ص17) (ج2 ص340)
- ☆ کمال الدین وتمام، ینابیع المودۃ (ج2 باب76 ص388)
- ☆ اثبات الھداۃ (ج1 ص577 ب9 ف27 ح492)
- ☆ النعمۃ (ج2 باب33 ص14 ح19)
- ☆ غایۃ المرام (ج4 ص119 ح6)
- ☆ الحجۃ (ص149)
- ☆ احقاق الحق (ج13 ص53)
- ☆ ینابیع المودۃ تفسیر برہان (ج1 ص33) (ج3 ص283,285 ح2)
- ☆ ملا محسن تفسیر صافی (ص21)
- ☆ معانی الاخبار (ص23 ح2)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی

Presented by www.ziaraat.com

کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص240 ح19)
- ☆ البیان فی اخبار صاحب الزمان (ص336)
- ☆ الفصول المہمہ (ص273)
- ☆ تذکرۃ الخواص
- ☆ صواعق المحرقہ
- ☆ صحاح الاخبار

تفاسیر میں ہے کہ قران مجید میں کل مقطعات تیرہ ہیں ان میں سے مکرر حرفوں کو گرا دینے کے بعد جو حروف باقی رہ جاتے ہیں وہ یہ ہیں ص راطع لی ح ق ن مرس ك ہ ان کو ملا دینے سے یہ فقرہ بنتا ہے صراط علی حق نمسکہ یعنی علی کی راہ حق ہے ہم اسکو اختیار کریں گے اس میں ایک لطافت بھی ہے وہ یہ ہے کہ ان حروف کی تعداد چودہ ہے معصومین علیہم السلام کی تعداد بھی چودہ ہے اگرچہ علماء نے ان حروف میں اسرار خدا ہیں جنھیں اللہ رسولؐ اور راسخون فی العلم ہی جانتے ہیں لاریب یعنی اس میں کوئی شک نہیں اعتراض سوال ہے کہ کس کو شک نہیں اگر یہ کہا جائے کہ اس کے پڑھنے والوں کو شک نہیں تو غلط ہے کیونکہ خدا خود فرماتا ہے ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتوا بسورۃ من مثلہ (پ1 بقرہ23)۔ اسی آیت سے کچھ آگے پھر یہ کس طرح صحیح ہوگا جواب یہ ہے کہ کتاب اللہ سے جن لوگوں کا خاص تعلق تھا ان کو کبھی اس میں شک ہوا ہی نہیں چنانچہ فرماتا ہے انما المومنون الذین امنوا باللہ ورسولہ ثم لم یرتابوا (پ26 حجرات ع2) یہ وہی مومنین تھے جو قرآن کے حقیقی وارث تھے البتہ جو لوگ حقیقی وارث نہ تھے لیکن خواہ مخواہ زبردستی وارث بن بیٹھے وہ ہمیشہ شک میں پڑے رہے چنانچہ خدا فرماتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

الذین اورثوا الکتاب من بعدھم لفی شک منه مریب (پ25 شوریٰ 2) یعنی جولوگ ان کے بعد (خواہ مخواہ زبردستی) وارث بنائے گئے وہ قرآن کے متعلق ہمیشہ شک میں پڑے رہے۔

☆غیب:۔فن لغت کے امام عبدالملک بن محمد اسمعیل ثقابی سرالادب میں لکھتے ہیں کلما اغاب عن العیون کان محصلا فی الصدور فھوا غیب یعنی جو چیزیں آنکھوں سے پوشیدہ اور دلوں میں موجود ہوں وہ غیب کہلاتی ہیں۔

مثلاً وجود باری تعالیٰ، بہشت، دوزخ، قیامت کے دن جی اٹھنا۔حساب وکتاب وغیرہ وغیرہ نیز مسئلہ رجعت اور قیام، قائم علیہ السلام یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارہویں خلیفہ حضرت مہدی آخرالزمان علیہ السلام چنانچہ بسند معتبر ابوالبصیر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا کہ کتاب خدا کا بیان ہے ہمارے شیعوں کے لئے جو غیب (امام غائب) پر ایمان رکھتے ہیں نیز یحییٰ بن ابی القاسم لکھتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ھدی للمتقین الذین یومنون بالغیب سے کیا مقصود ہے تو فرمایا متقی حضرت علی علیہ السلام کے شیعہ ہیں۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (37)

فَتَلَقَّىٰ آدَمُ مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

ترجمہ

Presented by www.ziaraat.com

پس آدمؑ نے اپنے پروردگار سے کلمے سیکھے (ان کی برکت سے) اللہ تعالیٰ نے آدم (کے اس بے محل فعل) سے درگذر کیا بیشک وہ بڑا درگزر کرنے والا مہربان ہے۔

- ☆ کمال الدین وتمام النعمۃ (ج2 ص358 ب33 ح57)
- ☆ معانی الاخبار (ص126 ح1)
- ☆ مناقب ابن شہر آشوب (ج1 ص283)
- ☆ مجمع البیان (ج1 ص200)
- ☆ ارشاد القلوب (ص421)
- ☆ تاویل الآیات (ج1 ص77 ح57)
- ☆ تفسیر الصافی (ج1 ص138)
- ☆ اثبات الھداۃ (ج1 ص645 ب9 ف53 ح783)
- ☆ غایۃ المرام (ج1 ص261 ح31)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص147 ح1)
- ☆ بحار الانوار (ج11 ص177 ب3 ح24)
- ☆ منتخب الاثر (ص77 ف1 ب6 ح33)
- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص120 ح338)
- ☆ ینابیع المودۃ (ج1 ص290 ب24 ح6)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امامؑ فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ درمنثور سیوطی (جلد1 صفحہ6)

Presented by www.ziaraat.com

☆ بخاری شریف (ج2 ص96)

احتجاج طبرسی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت منقول ہے کہ آپ نے فرمایا جب حضرت آدم علیہ السلام نے دعا کی "اے اللہ تجھے محمد وآل محمد علیہم السلام کے حق کا واسطہ میری مغفرت فرما" تو اللہ نے آدمؑ کی خطا معاف فرمائی اور توبہ قبول کی اور ان ہی کے وسیلہ سے تمام انبیاء کرام کو مصاحب وآلام سے چھٹکارا ملا تھا۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (60)

فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا

ترجمہ

پس اس سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔

☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص84)

☆ کمال الدین واتمام النعمۃ

☆ کتاب غایۃ المرام

اللہ کا بقیہ علیٰ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مهدی المنتظر (ص37)

Presented by www.ziaraat.com

امام ابوجعفر علیہ السلام نے فرمایا جب مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف مکہ سے خروج کریں گے تو ایک منادی ندا دے گا کوئی بھی طعام یا مشروب ساتھ نہ لے مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے پاس موسیٰ بن عمران کا پتھر ہوگا۔

☆☆☆☆☆

البقرہ(114)

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ أَن يُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ وَسَعَى فِي خَرَابِهَا أُولَٰئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَن يَدْخُلُوهَا إِلَّا خَائِفِينَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ

ترجمہ

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا کی مسجدوں میں خدا کے نام کا ذکر کئے جانے کو منع کرے اور ان کی ویرانی میں ساعی ہو۔ ان لوگوں کو کچھ حق نہیں کہ ان میں داخل ہوں مگر ڈرتے ہوئے ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں بڑا عذاب۔

☆ کشف البیان (ج1 ص261)

☆ الدر المنثور (ج1 ص108)

☆ تفسیر الطبری (ج1 ص399)

☆ برہان المتقی (ص156 ب8 ح3)

☆ فتح القدیر (ج1 ص132)

☆ التبیان (ج1 ص420)

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر
☆ صحیح مسلم، کتاب الایمان، حدیث نمبر 247

اسباط سدی سے نقل کرتا ہے کہ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ سے مراد یہ ہے کہ قبل قیامت اور حکومت مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے دوران ہی قبلہ اول بیت المقدس اسلام کے پاس واپس آجائے گا (دوبارہ وہاں نماز ہوگی) اور یہود اپنے کیفر کردار کو پہنچیں گے جب مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ان کو رسوا کر دیں لیکن تمہیں نہیں کریں گے۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (115)

وَلِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ

ترجمہ

اور اللہ تعالیٰ ہی کی ہیں مشرق اور مغرب پس جس طرف تم منہ پھرو گے وہیں خدا کا سامنا ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا بڑا ہی جاننے والا ہے۔

☆ الاحتجاج (ج 1 ص 240)،
☆ بحار الانوار (جلد 93 ص 118 ب 129)،
☆ تفسیر نور الثقلین (ج 1 ص 118 ح 324)،

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر 125

امیر المومنین علی علیہ السلام سے روایت منقول ہے وہ انسان جس پر ملائکہ تمام امور مثلاً ولادت، رزق، موت حیات (حرکات وسکنات) آسمان وزمین کی غیبت کی خبریں اللہ عزوجل اور انبیاء کرام ومرسلین کے مخصوص معجزات لے کر نازل ہوتے ہیں وہ اللہ سبحانہ کی تجلی نور ہم ہیں اور وہ معبود از خود فرماتا ہے "تم جس طرف منہ کرو گے خدا کو وہیں پاؤ گے" وہ ہی خدا کا ذخیرہ ہیں یعنی مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف اس دور کے آخر میں آئیں گے اور زمین کو عدل وانصاف سے اس طرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم وستم سے بھری ہوگی۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (124)

وَإِذِ ابْتَلَى إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَاماً قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِي قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ

ترجمہ

اور (وہ وقت یاد کرو) جب کہ ابراہیم کے رب نے اس کا امتحان لیا چند کلمات سے تو اس نے انھیں پورا کر دیا تو خدا نے فرمایا کہ تمھیں سب انسانوں کا امام بنانیوالا ہوں ابراہیم نے کہا کہ میری اولاد میں سے بھی امام بنائیو خدا نے فرمایا میرا عہد ظالموں کے لئے نہیں ہوا کرتا۔

☆ الزام الناصب (ج 1 ص 76)

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ کتاب النقن، صفحہ 241,242

تفسیر

کتاب الخصال میں مفضل بن عمر امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ صادق آل محمد علیہ السلام نے فرمایا حضرت آدم علیہ السلام کو جو کلمات جبرائیل امینؑ نے تعلیم دیئے وہ یہ تھے اے میرے رب تجھے محمدؐ کا واسطہ، علیؑ کا واسطہ، فاطمہؑ کا واسطہ، حسنؑ کا واسطہ اور حسینؑ کا واسطہ بے شک تو توبہ قبول کرنے والا ہے ان کلمات کے واسطے سے آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی سائل نے دریافت کیا یا ابن رسول اللہؐ اللہ عزوجل کا قول "فاتھن" سے کیا مراد ہے امام علیہ السلام نے فرمایا اس سے مراد مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہیں جو بارویں امام علیہ السلام ہیں جو امام حسین علیہ السلام کے نویں بیٹے ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (133)

أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ

ترجمہ

کیا تم اس وقت موجود تھے جبکہ یعقوب پر موت آئی جبکہ اس نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ میرے بعد تم کس کی عبادت کرو گے۔ انھوں نے کہا کہ ہم آپ کے معبود اور آپ کے باپ دادوں ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق کے معبود خدائے واحد کی عبادت کریں گے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص156 ح1)

☆ اثبات الھداۃ (جلد3 ص548 ب32 ف28 ح544)،

☆ تفسیر الصافی (جلد1 ص192)،

☆ المیزان (ج1 ص309)،

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص61 ح102)،

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ کتاب الفتن (صفحہ 241)

جابر نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ میں نے آپؑ سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی تو امامؑ نے فرمایا یہ آیت حضرت قائم آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف پر صادق آتی ہے۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (148)

وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعًا إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

ترجمہ

جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم کو ایک جگہ جمع کر دے گا بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔

☆ تفسیر العیاشی، (ج1، ص45)

Presented by www.ziaraat.com

☆ الغیبۃ، محمد بن ابراھیم، (ص 282)

☆ الغیبۃ، شیخ طوسی (ص 477)

☆ مدینۃ المعاجز (ج 7، ص 409)

☆ کمال الدین وتمام النعمۃ (ج 2، ص 654)

☆ الزام الناصب (ج 1 ص 51) (ص 75)

☆ غیبۃ النعمانی (ص 327 ب 20 ح 4)

☆ منہج الصادقین (ج 1 ص 413)

☆ اثبات الھداۃ (ج 2 ص 546 ب 32 ف 27 ح 536)

☆ الحجۃ (ص 19)، حلیۃ الابرار (ج 5 ص 309 ب 34 ح 1)

☆ تفسیر البرہان (ج 1 ص 162 ح 1)

☆ بحار الانوار (ج 52 ص 368 ب 26 ح 154)

☆ نوادر الاخبار (ص 269)

☆ الخرائج والجرائح (ج 3 ص 1156)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر

☆ سنن ابوداؤد، کتاب المہدی، حدیث نمبر 2486

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا یہ آیت مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف کے اصحاب

Presented by www.ziaraat.com

کے لیے نازل ہوئی جو جمع کیے جائیں گے صادق العلوم علیہ السلام سے منقول ہے اس آیت سے مراد اصحاب مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہیں۔اسی کتاب میں ایک اور جگہ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا اس آیت کے مصداق اصحاب مہدی آلِ محمد علیہ السلام ہیں جن کی تعداد ۳۱۳ ہوگی وہ ہی امت معدودہ ہیں اللہ عزوجل ایک پل میں انہیں ان کے امام کے حضور پہنچا دے گا جبکہ وہ اپنے بستروں سے غائب ہو جائیں گے اور رکن و مقام کے درمیان امام کے روبرو حاضر ہو جائیں گے یہ ہی خبر رسول خداؐ اور میرے اجداد معصومین علیہم السلام نے بیان فرمائی ہے۔

☆☆☆☆☆

البقرة(155-156)

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

ترجمہ

اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کرینگے تو صبر کرنے والوں کو بشارت دے دو

☆ بحار الانوار (ج52 ص229 ب25 ح94)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص68 ح125)

☆ غیبۃ نعمانی (ص260 ب14 ح7)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص734 ب34 ف9 ح94)

☆ حلیۃ الابرار (ج5 ص287 ب29 ح5)

☆ الحجۃ (ص48)

Presented by www.ziaraat.com

☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص142 ح446)

☆ کمال الدین واتمام النعمۃ (ج2 ص649 ب57 ح3)

☆ الارشاد (ص361)

☆ الخرائج والجرائح (ج3 ص1153 ب20 ح60)

☆ تفسیر الصافی (ج1 ص153)

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص167 ح1)

☆ منتخب الاثر (ص440 ف6 ب3 ح4)

علی بن احمد نے عبداللہ بن موسیٰ علوی سے، انھوں نے علی بن ابراہیم بن ہاشم سے انھوں نے اپنے والد سے، انھوں نے محمد بن حفص سے، انھوں نے عمرو بن شعر سے، انھوں نے جابر الجعفی سے روایت بیان کی ہے اور جابر الجعفی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: اے جابر! یہ آیت خاص بھی ہے اور عام بھی۔ خاص تو یہ ہے کہ اہل کوفہ بھوک میں مبتلا ہوں گے اور اس کو آل محمدؐ کے دشمنوں کے لیے مخصوص کر دیا ہے اور عام یہ کہ بھوک اور خوف میں اہل شام ایسے مبتلاء ہوں گے کہ اس سے پہلے کبھی مبتلا نہیں ہوئے ہوں گے اور قبل ظہور قائم عجل اللہ فرجہ الشریف بھوک میں مبتلا ہوں گے اور بعد ظہور قائم علیہ السلام خوف میں مبتلا ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (157)

أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ

ترجمہ

Presented by www.ziaraat.com

یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی طرف سے صلوۃ اور رحمت ہے اور یہی وہ لوگ ہیں جو ہدایت یافتہ ہیں۔

☆ بحارالانوار (ج36 ص217 ب40 ح19)،

☆ اثبات الھداۃ (ج1 ص709 ب9 ف18 ح149)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (با اختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر

عتیق بن یعقوب، عبداللہ بن ربیعہ سے نقل کرتے ہیں کے فرمایا: ایک طولانی حدیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ علیھم السلام کی فضیلت میں ہے: پھر امام منتظر ہے کے اس کا نام پیغمبرؐ کا نام ہے جو عدل پر حکم دیتا ہے اور برائی سے منع کرتا ہے اللہ عزوجل اسکی وساطت سے شک وتردد اور اندھیرے کو ختم کردے گا یہاں تک کے بھیڑیا اور گوسفند انکی حکومت میں سکون سے زندگی بسر کریں گے آسمانی پرندے اور دریائی مچھلیاں اس سے راضی ہیں وہ عجیب بندہ ہے کہ ایسی کرامت الٰہی کا آئینہ ہے۔ خوش نصیب ہے وہ جو اسکی اطاعت کرے اور حیف اس پر جو اسکی نافرمانی کرے خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس کے حکم سے قتال کرتا ہے یا مارا جاتا ہے یہ وہی ہیں جن پر خدا کی رحمت اور درود ہے یہی ہدایت یافتہ اور رستگار ہیں اور یہی کامیاب ہیں۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلَائِكَةُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ

ترجمہ

کیا وہ اس بات کے منتظر ہیں کہ اللہ تعالیٰ بادلوں کے سایہ میں ان کے پاس آئے اور فرشتے آئیں اور سب معاملہ کا فیصلہ ہو جائے۔ حالانکہ کل امور کی بازگشت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف ہے۔

☆ تفسیر نور الثقلین (ج 1 ص 206 ح 772)

☆ الزام الناصب (ج 2 ص 179)

☆ تفسیر عیاشی (ج 1 ص 103 ح 301)

☆ تفسیر الصافی (ج 1 ص 243)

☆ تفسیر البرہان (ج 1 ص 209-208 ح 7)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر

امیر المومنین علیہ السلام سے روایت مرقوم ہے میں وہ ہوں جو دو مرتبہ مارا جائے گا اور دو مرتبہ زندہ کیا جائے گا اور میرے لیے بازگشت کے بعد بازگشت ہے اور میرے لیے رجعت کے بعد رجعت ہے اور آئمہ طاہرینؑ کی رجعت جاری رہے گی مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف تک ہر مومن کے لیے ایک موت ہے پہلی دفعہ مارا گیا تو یہ ایک موت ہے اور ابلیس اپنے تمام چیلوں کے ساتھ جمع ہوگا اور فرات کے قریب روحا کے مقام پر مارا جائے گا مومنین الٹے پیر پلٹ آئیں گے حتیٰ کہ بعض لوگ فرات

Presented by www.ziaraat.com

میں گر جائیں گے اور روایت میں ہے یہ تیس آدمی ہونگے اور اس کے بعد اسی کی تاویل اس آیت ربانی میں ہے (هل ينظرون الا ان ياتيهم الله فی ظُلَلٍ من الغمام والملئكة وقُضِیَ الامر والی الله ترجع الامور)

☆☆☆☆☆

البقرہ (222)

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ

ترجمہ

بے شک اللہ توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

☆ دارالسلام در احوال حضرت مہدیؑ (ص 557)

☆ الزام الناصب (ج 2 ص 130)

امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا آخری زمانے میں ایک مرد جو ذریت آل محمدؐ سے ہوگا زمین کے مشرق سے ظاہر ہوگا اور اسکی خوشبو مشک کی طرح مغرب تک پھیل جائے گی مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف کوفہ میں داخل ہونگے اور اپنے اجداد کے خون کا انتقام لیں گے ان ہی کے لیے اور ان کے اجداد کے لیے خداوند متعال نے یہ آیت نازل فرمائی ہے۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (245)

مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافاً كَثِيرَةً وَاللَّهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

Presented by www.ziaraat.com

ترجمہ

کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے تا کہ اللہ اسے بڑھا چڑھا کر کئی گنا اسے واپس کرے۔

☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص478)

☆ ثواب الاعمال (ص927)

☆ تفسیر صافی (ص515)

☆ تفسیر البرہان (ج ص515)

☆ تفسیر العیاشی (ج ص151)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ صحیح مسلم، حدیث نمبر 7317

کتب اربعہ میں من لایحضر الفقیہ میں مرقوم ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا اس سے مراد امام زمانہؑ کی مالی مدد کرنا ہے اور ایک درہم جسے کوئی شخص امام وقت کی خدمت میں پیش کرے تو اللہ سبحانہ اس ایک درہم کو جنت میں کوہ احد جتنا بنا دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (257)

اللَّهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

Presented by www.ziaraat.com

ترجمہ

اللہ تعالیٰ سرپرست ہے اُن لوگوں کا جو ایمان لا چکے وہ انھیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال لاتا ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے ان کے سرپرست طاغوت ہیں وہ انھیں نور سے نکال کر اندھیروں کی طرف لے آتے ہیں وہی تو (جہنم کی) آگ کے ساتھی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص515)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص536)
- ☆ الزام الناصب (ج1 ص29)
- ☆ تفسیر الکافی (ج1 ص307)
- ☆ تفسیر العیاشی (ج1 ص158)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ القول المختصر فی علامات مہدی المنتظر: ص72

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص کسی ظالم امام کی ولایت کا عقیدہ رکھے تو اس کا کوئی دین نہیں اور اس کا خدا سے کوئی تعلق نہیں ہے اور جو خدا کے مقرر کردہ امام کی امامت کا عقیدہ رکھے تو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ میں نے کہا تو اس کا یہ مطلب ہے کہ ان کا کوئی دین نہیں اور ان پر کوئی ملامت نہیں ہے؟ آپؑ نے فرمایا: جی ہاں، ان کا کوئی دین نہیں اور ان پر کوئی ملامت نہیں ہے۔ کیا تم نے خدا کا یہ فرمان نہیں سنا:

اللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

Presented by www.ziaraat.com

"اللہ اہل ایمان کا سرپرست ہے وہ انھیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے جاتا ہے"

مقصد یہ ہے کہ اللہ اہل ایمان کو گناہوں کی تاریکیوں سے نکال کر توبہ اور مغفرت کی روشنی میں لے جاتا ہے کیونکہ وہ خدا کے مقرر کردہ امام عادل کی امامت پر عقیدہ رکھتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

البقرہ(261)

مَّثَلُ الَّذِيْنَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنبُلَةٍ مِّئَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَن يَشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

ترجمہ

غالب حکمت والا ہے جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال اس دانے کی سی ہے جس سے سات بالیں اگیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں اور خدا جس کے مال کو چاہتا ہے زیادہ کر دیتا ہے وہ بڑی کشائش والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

☆ اثباۃ الھداۃ (ج3 ص548 ب32 ح550)

☆ تفسیر الثقلین (ج1 ص282 ح1106)

☆ تفسیر برہان (ج1 ص253 ح6)

☆ تفسیر الکافی (ج1 ص167)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص147 ح470)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی

Presented by www.ziaraat.com

کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ علامت یوم القیمۃ، صفحہ 32

☆ بتحقیق الاستاذ عبداللطیف عاشور

فضل بن محمد جعفی کہتے ہیں: امام صادق علیہ السلام سے خدا اس قول، اس دانہ کے مثل ہے جو سات خوشہ رکھتا ہے، کے بارے میں سوال کیا: حضرت نے فرمایا: جبہ سے مراد حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ہیں، اور سات خوشہ ان کے سات فرزند ہیں جن کا ساتواں قائمؑ ہے (راوی کہتا ہے) میں نے کہا: کیا امام حسن علیہ السلام ان سات افراد میں شامل ہیں؟ حضرت نے فرمایا: امام حسن علیہ السلام خداوند تعالیٰ کی طرف سے امام و پیشوا ہیں جنکی اطاعت واجب ہے لیکن ان سات خوشوں میں شامل نہیں بلکہ انکا پہلے امام حسین علیہ السلام اور آخری قائمؑ ہیں۔ میں نے کہا: یہ جو خدا نے فرمایا: فِیْ کُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّئَةُ حَبَّةٍ سے کیا مراد ہے؟ حضرت نے فرمایا: یعنی ہر فرد سے سو افراد وجود میں آئیں گے اور وہ ان سات افراد کے علاوہ نہیں ہیں۔

☆☆☆☆☆

البقرہ (270-269)

يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَن يَشَاءُ وَمَن يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُوا الْأَلْبَابِ وَمَا أَنفَقْتُم مِّن نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُم مِّن نَّذْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ

ترجمہ

وہ جس کو چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جس کو حکمت دی گئی تو بیشک اُسے بہت زیادہ خیر و برکت دی گئی۔ حالانکہ سوائے عقلمندوں کے کوئی نصیحت حاصل نہیں کرتا اور جو کچھ بھی تم نے خرچ کیا یا نذر مانی

Presented by www.ziaraat.com

اللہ اس کو جانتا ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

☆ بحار الانوار (ج 27 ص 126 ح 116)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج 1 ص 557)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ سنن ابن ماجہ، صفحہ 300

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ نے فرمایا ہے: وَمَن يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا (جسے حکمت ملی اسے خیر کثیر ملا) اور حکمت کے بنیادی نکتے دو ہیں: امام کی معرفت اور ان گناہوں سے پرہیز کرنا جن پر اللہ نے دوزخ کا وعدہ کیا ہے۔ تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام اور ان کے بعد والے آئمہؑ کی معرفت خیر کثیر ہے۔

البقرہ (285)

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ

ترجمہ

ایمان لایا رسولؐ اس پر جو اسکے رب کی طرف سے اس پر نازل کیا گیا۔

☆ تفسیر البرہان (ج 1 ص 585)

☆ تفسیر صافی (ج 1 ص 313)

☆ احتجاج الطبرسی (ص 660)

Presented by www.ziaraat.com

☆ بحار الانوار (ج 27 ص 200)

☆ الزام الناصب (ج 1 ص 80)

☆ کمال دین (ج 1 ص 364)

☆ غایۃ المرام (ج 1 ص 42)

☆ کفایۃ الاثر (ص 152)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ فرائد السمطین (ج 2)

☆ مقتل الحسین علیہ السلام (ج 1 ص 95)

☆ اقرب الموارد (ج 1)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں منقول ہے کہ شب معراج اللہ سبحانہ نے فرمایا میں اس پر قادر ہوں کہ جن لوگوں پر ظلم کیا گیا اور جو کلمہ حق نافذ نہ ہوا اور قبل از قیامت ہوگا جس میں اسلام تمام ادیان غالب آئے گا اور شرق سے غرب تک کوئی دین نہ ہوگا سوائے دین اسلام کے اور دشمنان اسلام سے جزیہ لیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (37)

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَّأَنبَتَهَا نَبَاتاً حَسَناً وَ كَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا

Presented by www.ziaraat.com

الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّى لَكِ هَـٰذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

ترجمہ

پھر اس کے پروردگار نے اسے اچھی قبولیت کے ساتھ قبول کیا اور اسے خوبی کے ساتھ بڑھایا اور زکریا نے اس کی کفالت کی جب کبھی زکریا اس کے پاس محراب (عبادت) میں داخل ہوا اس کے پاس رزق پایا۔ دریافت کیا کہ اے مریم یہ تمھارے پاس کہاں سے آیا وہ بولی یہ اللہ تعالی کی طرف سے ہے بے شک اللہ تعالی جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق عطا فرماتا ہے۔

- ☆ تفسیر العیاشی (ج1 ص171 ح41)
- ☆ تاویل الآیات (ج1 ص110 ح16)
- ☆ تفسیر الصافی (ج1 ص332)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص282 ح9)
- ☆ بحار الانوار (ج14 ص197 ب16 ح4)
- ☆ مراۃ العقول (ج5 ص347)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ کتاب الفتن، صفحہ 252

تفسیر عیاشی میں امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا گیا کے آپ نے فرمایا: فاطمہ سلام اللہ علیہا امیر المومنین علیہ السلام کے لیے گھر کے کام جیسا کے آٹا گوندھنا اور روٹی بنانا اور صفائی کرتی تھیں اور علی

Presented by www.ziaraat.com

بھی فاطمہؑ کے لیے باہر کے کام جیسا کہ گندم کی فراہمی کرتے تھے ایک دن علی علیہ السلام فاطمہ سلام اللہ علیہا سے کہنے لگے: کیا گھر میں کھانے کو کچھ ہے؟ حضرت فاطمہؑ نے فرمایا: خدا کی قسم تین دن ہو گئے گھر میں کھانے کو کچھ نہیں ہے۔ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: مجھے بتایا کیوں نہیں؟" حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا: "رسول اللہ نے مجھے منع فرمایا کے آپ سے کچھ طلب کروں اور فرمایا: اپنے چچا زاد سے کچھ درخواست نہ کرو، اگر کچھ لائے تو قبول کر لینا ورنہ کچھ بھی طلب مت کرنا۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا علی علیہ السلام گھر سے باہر گئے اور ایک شخص سے ایک دینار قرض لیا اور گھر کی طرف آئے تا کہ اپنے گھر کے لیے کچھ کھانا فراہم کریں راستے میں حضرت مقدادؓ مل گئے حضرتؑ نے ان سے سوال کیا اس وقت گھر سے باہر کیوں ہو مقدادؓ نے کہا خدا کی قسم جس نے آپ کو ہمارے لیے بزرگ قرار دیا بھوک کے سوا کسی اور چیز نے مجھے باہر آنے سے منع نہیں کیا۔

حضرت علیؑ نے فرمایا اسی بھوک نے مجھے بھی ایسے باہر کیا ہے اور میں نے ایک دینار قرض لیا ہے اور میں تم کو اپنے اوپر مقدم رکھتا ہوں یہ دینار لے لو وہ دینار مقداد کو دے دیا اور گھر کی طرف لوٹ آئے کیا دیکھتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدہ طاہرہ سلام اللہ علیہا کے پاس بیٹھے ہیں اور فاطمہ سلام اللہ علیہا نماز پڑھنے میں مشغول ہیں اور کھانا ان کے پاس رکھا ہوا ہے اور فاطمہؑ نماز سے فارغ ہوئیں تو کھانا پیش کیا حضرتؐ نے دیکھا کہ یہ کھانا روٹی اور گوشت ہے سیدہ طاہرہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا اے فاطمہؑ یہ کھانا کہاں سے آیا؟ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا یہ کھانا خدا کی طرف سے آیا ہے وہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے روزی دیتا ہے پھر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا بیان کروں تمہاری اور زہراء سلام اللہ علیہا کی مثال کیسی ہے۔ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا جی ہاں؛ رسول خداؐ نے فرمایا تمہاری مثال زکریاؑ اور زہراءؑ مریم کی سی مثل ہے جب زکریاؑ محراب میں مریم کے پاس آئے اور کھانا مریم کے پاس پایا تو کہنے لگے یہ کھانا کہاں سے آیا؟ مریم نے کہا یہ کھانا خدا کی طرف سے آیا ہے وہ جسے

Presented by www.ziaraat.com

چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا اس کھانے سے ایک ماہ تک کھاتے رہے اور وہ پھر بھی ختم نہ ہوا اور یہ وہی کھانا ہے جس سے حضرت مہدی عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف استفادہ کریں گے اور اب تک ہمارے پاس ہے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (55)

إِذْ قَالَ اللّٰهُ يَا عِيسَى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ

ترجمہ

(وہ وقت یاد کرو) جبکہ اللہ نے کہا اے عیسیٰؑ میں تمہاری مدت پوری کرنیوالا ہوں اور تم کو اپنی طرف اٹھانیوالا ہوں اور کافروں (کے میل جول کی گندگی) سے تجھے پاک کرنیوالا ہوں اور جن لوگوں نے تیری پیروی کی ہے ان کو قیامت تک کافروں پر فوقیت دینے والا ہوں۔ پھر تم سب کی میری ہی طرف بازگشت ہے پس جن باتوں میں تم اختلاف کیا کرتے تھے میں ان میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا۔

☆ الفتن لابن حماد (ج2 ص578 ح1614)

☆ تفسیر البرہان (ج2 ص41 ح1)

☆ تفسیر قمی (ج1 ص111)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی

Presented by www.ziaraat.com

کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ (صحیح مسلم، جلد 1 صفحہ 987)

صفوان بن عمرو، مشائخ کعب الاحبار سے نقل کرتے ہیں اور اس کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت نہیں دی اور کہا: جب عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے قلیل انصاران کو دیکھا تو خدا سے شکایت کی خدا نے فرمایا: میں تمہیں اپنے پاس بلند مقام عطا کرتا ہوں اور موت دیتا ہوں اور ایسا نہیں کہ جس کو میں اپنے پاس اٹھالیتا ہوں مر جاتا ہے بلکہ تم کو ایک آنکھ والے دجال کے خروج کے وقت دوبارہ ظاہر کروں گا تم اس کو قتل کرو گے اور اس کے بعد 24 سال زندگی بسر کرو گے اور پھر تم کو موت آئے گی بے شک موت حق ہے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (81)

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ إِصْرِي قَالُوا أَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ

ترجمہ

اور (وہ وقت یاد کرو) جبکہ اللہ تعالیٰ نے سب نبیوں سے عہد لیا تھا کہ میں جو کچھ تمھیں کتاب اور حکمت سے دوں پھر (سب کے بعد) ایک رسول آئے جو تمھارے پاس والی چیزوں کی تصدیق کرنے والا ہو تو تم ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور اسکی مدد کرنا فرمایا کہ کیا تم نے اقرار کرلیا اور اس (اقرار) پر میرا بوجھ اٹھالیا (ان) سب نے کہا اقرار کرلیا فرمایا پس تم گواہ ہو اور میں بھی تمھارے ساتھ

Presented by www.ziaraat.com

گواہوں میں سے ہوں۔ پاس اسکے بعد جو منہ پھیر لے۔

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص295 ح8)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص358,359 ح213)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص181 ح86)

☆ بحار الانوار (ج53 ص41 ب29 ح9)

☆ تفسیر قمی (ج1 ص106)

☆ مختصر بصائر الدرجات (ص25)

☆ تفسیر صافی (ج2 ص80)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ کتاب الفتن، صفحہ 237

آئمہ طاہرین علیہم اجمعین نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے تمام ارواح انبیاء علیہم السلام سے عالم الست میں عہد و پیمان لینا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم کی مدد کرنا اور اپنی اقوام کو ان کی آگاہی اور مدد کے لیے خبردار کرنا اور ان کی نبوت کی تصدیق اور امیر المومنین علیہ السلام کی امامت پر مطلع کرنا اور جب وہ دشمنان سے انتقام لیں تو ان کی نصرت کرنا۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (83)

Presented by www.ziaraat.com

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعاً وَكَرْهاً وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ

ترجمہ

کیا یہ اللہ کے دین کے علاوہ (کسی اور دین کو) چاہتے ہیں حالانکہ آسمانوں میں اور زمین میں خوشی سے اور بے اختیار سے اسی کے فرمانبردار ہیں اور اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

- ☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص549 ب32 ف28 ح551)
- ☆ الحجۃ (ص50)
- ☆ کتاب الارشاد (ص414)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص296 ح4)
- ☆ بحار الانوار (ج52 ص340 ب27 ح89)
- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص362 ح229)
- ☆ منتخب الاثر (ص293 ف2 ب35 ح3)
- ☆ مختصر بصائر الدرجات (ص195)
- ☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص236 ب71 ح3)
- ☆ کشف الغمہ (ج3 ص465)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ ینابیع المودۃ (ص506)

رفاعہ بن موسیٰ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو اس

Presented by www.ziaraat.com

آیت کی تفسیر میں ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: جب امام قائم آل محمد علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو زمین کا کوئی حصہ ایسا باقی نہ رہے گا کہ جہاں سے یہ گواہی کی آواز بلند نہ ہو کہ: "نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بے شک وبتحقیق محمدؐ اللہ کے رسول ہیں" صالح بن میثم سے روایت ہے ان کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے قول خدا (اور اسی کے مطیع ہیں آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے، خوشی سے اور ناخوشی سے) کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ اس وقت ہوگا جب حضرت علی علیہ السلام فرمائیں گے کہ میں لوگوں میں اس آیت کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔ اور وہ اللہ کی پکی قسمیں کھاتے تھے (یہ کہتے ہوئے کہ) جو مر گیا اللہ اس کو نہیں اٹھائے گا۔ یقیناً اس کے وعدے کی وفا اس پر واجب ہے لیکن اکثر لوگ یہ نہیں جانتے۔ تاکہ وہ ان پر وہ بات واضح کر دے جس کے بارے میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے اور تاکہ وہ لوگ جنھوں نے انکار کیا جان لیں کہ بیشک وہی جھوٹے تھے۔

آل عمران(97)

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ آمِناً وَلِلّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلاً وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ الله غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ

ترجمہ

اس کے اندر روشن نشانیاں ہیں (منجملہ ان کے) مقام ابراہیم ہے اور جو اس میں داخل ہو گیا وہ امن میں ہے اور لوگوں پر اللہ تعالیٰ (کی خوشنودی) کیلئے اس گھر کا حج واجب ہے جس کو بھی اس (بیت اللہ) تک (پہنچنے کی) راہ میسر ہو جائے اور جو کافر ہو جائے تو یقیناً اللہ تعالیٰ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔

☆ حلیۃ الابرار، (ج4 ص31,36 ب7 ح1)

Presented by www.ziaraat.com

☆ بحارالانوار (ج2 ص292 ب34 ح13)

☆ تفسیر نورالثقلین (ج1 ص368 ح258)

☆ علل الشرائع (ص89 ب81 ح5)

☆ تفسیر الصافی (ج1 ص359)

☆ نوادر الاخبار (ص46)

☆ تفسیر البرہان (ج2 ص73 ح17)

☆ تفسیر العیاشی (ج1 ص209 ح90)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامات مہدی منتظر

زھیر بن شبیب بن انس، امام صادق علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابوبکر حضرمی کے سوال کے جواب میں (جو اس نے امام صادق علیہ السلام سے کیا تھا) آپ پر قربان جاؤ جواب دیں پہلا مسئلہ اور دوسرا مسئلہ کیا ہے) مولاؑ نے جواب میں فرمایا اے ابو بکر "یسیروا فیھا لیالی وایاما آمنین" اس سے مقصود یہ ہے کہ راتوں اور دنوں میں آرام کریں یہ ہے کے ہمارے مہدی عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف اور اہلبیت علیھم السلام سے سیر و مسافرت کریں گے تو مکمل امن میں رہو گے "ومن دخلہ کان امنا؛ پھر جو بھی اس میں داخل ہوا امان پائے گا سے مراد یہ ہے کہ ہمارے مہدیؑ کے ہاتھ پر بیعت کرو تو اس کے انصار کے زمرہ میں ہو گے اور اس بزرگوار کے ہاتھوں کو مس کرو گے تو اس کے مددگاروں میں ہو گے اور امن و امان میں رہو گے اور

Presented by www.ziaraat.com

کوئی زیاں تمھیں چھو نہ پائے گا۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (103)

وَاعْتَصِمُواْ بِحَبْلِ اللّهِ جَمِيعاً وَلاَ تَفَرَّقُوا

ترجمہ

اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رہو اور تفرقہ میں نہ پڑو۔

☆ تفسیر قمی (ج1 ص108)

☆ امالی شیخ طوسی (ص272)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص334)

☆ معانی الاخبار (ص132)

☆ ینابیع المودۃ (ج1 ص124)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ سنن ابوداؤد، کتاب المہدی، حدیث نمبر 4266

☆ القول المختصر فی علامات مہدی منتظر

امامؑ علیہم السلام نے فرمایا حبل اللہ سے مراد توحید و ولایت (امام وقتؑ) ہے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (106)

Presented by www.ziaraat.com

يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ

ترجمہ

اس دن کو یاد رکھو جس دن کچھ چہرے سفید ہوں گے اور کچھ چہرے کالے ہوں گے

☆ روضہ کافی (ص30)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ سنن ابوداؤد، کتاب المہدی، حدیث نمبر 4286

☆ مستدرک حاکم، کتاب الفتن، جلد 4 صفحہ 431

☆ القول المختصر فی علامات مہدی منتظر

امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے جب مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف قرآن کریم لائیں گے تو جو بحکم خدا ان کے پاس ہے تو بعض لوگ انکار کریں گے تو اتمام حجت کے بعد مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف انکی گردنیں کاٹ دیں گے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (125)

بَلَى إِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا وَيَأْتُوكُم مِّن فَوْرِهِمْ هَـٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُم بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُسَوِّمِينَ

ترجمہ

Presented by www.ziaraat.com

ہاں اگر تم صبر کرو اور پرہیز گار بنے رہو اور وہ (دشمن) اپنے جوش میں بھی تم پر چڑھ آئیں، تو تمھارا پروردگار پانچ ہزار نشان دار فرشتوں سے تمھارے مدد کرے گا۔

☆ تفسیر برہان (ج1 ص313 ح5)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص388 ح346)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص197 ح138)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص549 ب32 ف28 ح553)

☆ بحار الانوار (ج19 ص284 ب10 ح26)

﴿قادة المهدى خير الناس، اهل نصرته و بيعته من اهل كوفان واليمن و ابدال الشام، امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جنگ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصرت کے لیے پانچ ہزار ملائکہ کا لشکر نازل ہوا تھا اور وہ ابھی تک واپس نہیں گیا اور جب مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف خروج کریں گے تو وہ ان کی نصرت کریں گے۔

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ کتاب الفتن، صفحہ 250

﴿قادة المهدى خير الناس، اهل نصرته و بيعته من اهل كوفان واليمن و ابدال الشام، امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جنگ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصرت کے لیے پانچ ہزار ملائکہ کا لشکر نازل ہوا تھا اور وہ ابھی تک واپس نہیں گیا

Presented by www.ziaraat.com

اور جب مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف خروج کریں گے تو وہ ان کی نصرت کرینگے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران(140)

إِن يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهُ وَتِلْكَ الأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ وَيَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَاء وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِينَ

ترجمہ

ان لوگوں کو بھی اسی طرح کا زخم لگ چکا ہے۔اور یہ تو اتفاقات زمانہ ہیں جو ہم آدمیوں کے درمیان الٹ پھیر کرتے رہتے ہیں اس لئے کہ خدا جان لے کہ ایمان والے کون ہیں اور تم میں سے بعض کو گواہ بنالے اور ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔

☆ تفسیر برہان (ج1ص318ح2)

☆ تفسیر نورالثقلین (ج1ص395ح374)

☆ بحارالانوار (ج51ص53ب5ح38)

☆ اثبات الھداۃ (ج1ص135,136ب6ف21ح258)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامات مہدی منتظر

امام باقر العلوم علیہ السلام نے فرمایا تخلیق آدم علیہ السلام سے لیکر آج تک اللہ سبحانہ تعالیٰ کی

Presented by www.ziaraat.com

حکومت کاملہ کے سامنے لعین ورجیم شیطان کی حکومت ہے اور اللہ عزوجل کی حکومت کریمہ تو مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف نافذ کریں گے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (141)

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ

ترجمہ

تا کہ مومنوں کو امتحان میں ڈال دیں اور ہر عیب سے پاک کر دیں اور کافروں کو ہلاک کر دے۔

☆ فرائد السمطین (ج2 ص336)

☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص397)

☆ احقاق الحق (ج13 ص156)

☆ منتخب الاثر (ص188)

☆ کتاب الیقین (ص494)

☆ بحار الانوار (ج38 ص126)

علامہ مجلسی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف طویل غیبت میں چلے جائینگے تا کہ اللہ مومنوں کو ہر عیب سے پاک کر دے اور کافروں کو ہلاک کر دے۔

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی

Presented by www.ziaraat.com

کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ فرائد السمطین (ج2)
- ☆ مجمع الفوائد (ج7ص318)
- ☆ مقدمہ ابن خلدون (ص229)
- ☆ مشکوۃ المصابیح، صفحہ 470
- ☆ التذکرہ، صفحہ 700
- ☆ مرقاۃ المفاتیح، جلد 10 صفحہ 174

ابن عباس سے نقل کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد میرے امور کا عہدہ دار علی بابن ابی طالب علیہ السلام ہے ان کی نسل سے مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہونگے جو دنیا کو عدل وانصاف سے اسی طرح پُر کردینگے جس طرح ظلم وجود سے بھری ہوگی اور وہ طویل غیبت میں چلے جائیں گے تاکہ مومنوں کو ہر عیب سے پاک کیا جائے اور ظالموں کو ہلاک کردیا جائے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران(142)

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُواْ الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّهُ الَّذِينَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ وَلَقَدْ كُنتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِن قَبْلِ أَن تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ

ترجمہ

کیا تم نے یہ گمان کرلیا کہ تم جنت میں داخل ہوجاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو ظاہر ہی نہیں کیا جنھوں نے تم میں سے جہاد کیا اور نہ انکو جو (جہاد پر) ثابت قدم رہے اور یقیناً تم موت

Presented by www.ziaraat.com

کی خواہش کیا کرتے تھے سو تم نے اس کو آنکھوں سے دیکھ لیا۔

☆ بحار الانوار (ج 52 ص 113 ب 21 ح 25)

☆ قرب الاسناد (ص 162)

☆ کمال الدین (ج 1 ص 336)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامات مہدی منتظر

امام رضا علیہ السلام سے روایت منقول ہے کہ فرمایا خدا کی قسم جب تک وہ واقعہ رونما نہیں ہوگا جب تک تم ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو جاؤ اور آزمائش میں مبتلا نہ کیے جاؤ پھر ہر دس آدمیوں میں سے کچھ خارج ہوں گے اور تم میں سے قلیل جماعت رہ جائے گی پھر امام علیہ السلام نے یہ آیت تلاوت فرمائی أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ وَلَقَدْ كُنتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِن قَبْلِ أَن تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ جنت میں داخل کر دیے جاؤ گے۔

☆☆☆☆☆

آل عمران (179)

مَّا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ حَتَّى يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ

Presented by www.ziaraat.com

ترجمہ

لوگوں جب تک اللہ سبحانہ ناپاک سے پاک کو علیحدہ نہ کردے مومنوں کو اس حال میں جس حال میں تم ہو ہرگز نہیں رہنے دیگا۔

- ☆ تفسیر عیاشی (ج2 ص112 ح139)
- ☆ مختصر بصائر الدرجات (ص19)
- ☆ دار السلام در احوال حضرت مهدیؑ (ص529)
- ☆ تفسیر الصافی (ج1 ص387)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص322 ح3)
- ☆ بحار الانوار (ج53 ص65 ب29 ح58)
- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص417 ح464)
- ☆ الارشاد (ص59 باب علامت القیام)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ القول المختصر فی علامات مهدی منتظر (ص34)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ایسا وقت آئے گا جب منادی آسمان سے آواز دے گا "اے اہل حق اہل باطل سے الگ ہو جاؤ اور اے اہل باطل اہل حق سے دور ہو جاؤ (یہ مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے ظہور کی علامت ہے)۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

آل عمران(200)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

ترجمہ

اے اہل ایمان کفار کے مقابلے میں ثابت قدم رہو اور استقامت رکھو اور جمے رہو اور اللہ سے ڈرو تا کہ فلاح پاسکو۔

- ☆ اصول کافی (ج2 ص411)
- ☆ تفسیر نعمانی (ص27)
- ☆ تفسیر مجمع البیان
- ☆ تاویل الآیات (ج1 ص127 ح47)
- ☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص531 ب32 ف27 ح459)
- ☆ غایۃ المرام (ج4 ص228,229 ب40 ح3)
- ☆ الحجۃ (ص52)، بحار الانوار (ج24 ص219 ب57 ح14)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص334 ح4)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص334 ح4)
- ☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص326 ب71 ح4)
- ☆ الزام الناصب (ج1 ص78)

اصول کافی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے اصبروا سے مراد مصائب و آلام پر صبر کرنا اور رابطوا سے مراد (امام زمانہ علیہ السلام) مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف سے رابطہ رکھنا ہے۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامات مہدی منتظر (ص 67)

امام مہدیؑ مکہ مکرمہ سے رات کے وقت اس حال میں ظہور فرمائیں گے کہ ان کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم کا جھنڈا ہوگا اور دیگر علامات میں ان کی قمیض اور تلوار ہوگی اور روشن نور اور بیان ہوگا تو امام مہدیؑ عشاء نماز پڑھالیں گے تو ایک طویل خطبہ ارشاد فرمائیں گے اور لوگوں کو اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت و فرمانبرداری کی طرف بلائیں گے پھر ان کے لئے حجاز کی زمین مسخر کر دی جائے گی اور سمندری جزیروں میں روپوش بنی ہاشم بھی نکل کر ان کے ساتھ ہو جائیں گے اور سیاہ جھنڈے کوفہ سے ان کی مدد و نصرت کے لئے اٹھیں گے اور وہ اپنے لشکر اطراف عالم میں بھیجیں گے۔

☆☆☆☆☆

النساء (47)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُم مِّن قَبْلِ أَن نَّطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَىٰ أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا

ترجمہ

اے وہ لوگو جنھیں کتاب دی گئی ہے اس پر ایمان لاؤ جو کچھ ہم نے نازل کیا ہے جو تصدیق کرتا ہے اسکی جو تمھارے پاس ہے پیشتر اسکے کہ ہم چہرے بگاڑ ڈالیں پھر ہم انکو پشت کی طرف پھیر دیں یا ان پر ایسی لعنت کریں جیسی ہم نے اصحاب سبت پر لعنت کی تھی۔ اور اللہ تعالے کا کام ہو کر رہے گا۔

☆ ینابیع المودۃ (باب 71 ج 5)

Presented by www.ziaraat.com

☆ تفسیر البرہان (ج2 ص237)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت منقول ہے کہ فرمایا آخر زمانہ میں لشکر سفیانی سے اہل ایمان نجات پائیں گے اور لشکر سفیانی بیداء زمین میں دھنس جائے گا ان میں سے تین اشخاص کی شکلیں پشت کی طرف موڑ دی جائیں گی اور یہ واقعہ مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف کے زمانہ قیام میں رونما ہوگا۔

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ التذکرہ للقرطبی (صفحہ 694)

سفیانی کا نام عتبہ بن ہند ہوگا اور وہ اہل دمشق کے درمیان ہو کر کہے گا کہ میں تم ہی میں کا ایک فرد ہوں، میرے دادا معاویہ بن ابی سفیان اس سے پہلے تمہارے ولی امر رہ چکے ہیں، انہوں نے تمہارے ساتھ اچھا سلوک کیا اور تم نے ان کی خوب اطاعت کی۔ پھر ابوالحسین نے ایک طویل کلام ذکر کیا یہاں تک کہ ایک جرہمی کی طرف سفیانی کے بھیجے ہوئے خط کا تذکرہ کیا جو سرزمین شام میں رہتا ہوگا، اسی طرح برقی کے خط کا جو کہ برقہ کی سرحد کے ساتھ مغرب میں رہتا ہوگا، ابوالحسین نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا کہ پھر جرہمی آکر سفیانی سے بیعت کرے گا اور اس جرہمی کا نام عقیل بن عقال ہوگا اس کے بعد برقی شخص آئے گا جس کا نام ہمام بن الورد ہوگا (روایت میں اس کے بیعت کرنے کا تذکرہ نہیں ہے۔) پھر ابوالحسین نے سفیانی کے ملک مصر جانے اور وہاں کے بادشاہ سے جنگ کرنے کا تذکرہ کیا کہ سات دن تک برابر ان لوگوں کو تہ تیغ کرے گا حتی کہ اہل مصر کے ستر ہزار افراد قتل ہوں

Presented by www.ziaraat.com

جائیں گے پھر اہل مصر تھک ہار کر اس سے صلح کر لیں گے اور اس کی بیعت میں داخل ہو جائیں گے اور سفیانی شام واپس آ جائے گا۔

النساء(59)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ

ترجمہ

بیشک اللہ تعالیٰ ہر بات کا سننے والا اور سب کچھ دیکھنے والا ہے اے وہ لوگو جو ایمان لا چکے، اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور (انکی) جو تم میں (اللہ کے) امر والے ہیں۔

- ☆ غایۃ المرام (ص265)
- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج2 ص406)
- ☆ تفسیر البرہان (ج2 ص265)

الحسن بن صالح امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں صادق آل محمد علیہ السلام نے فرمایا اس سے مراد آئمہ اطہار اہلبیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم ہیں۔

- ☆ کمال الدین واتمام النعمۃ (ج2 ص461)
- ☆ کفایۃ الاثر (ص53)
- ☆ اعلام الوریٰ (ص375)
- ☆ تفسیر روح الجنان (ج3 ص423)
- ☆ قصص الانبیاء (ص360)
- ☆ مناقب ابن شہر آشوب (ج1 ص282)

Presented by www.ziaraat.com

☆ کشف الغمۃ (ج3 ص299)

☆ العدد القویۃ (ص85 ح149)

☆ الصراط المستقیم (ج2 ص143 ب10)

☆ تاویل الآیات (ج1 ص135 ح13)

☆ تفسیر الصافی (ج1 ص464)

☆ اثبات الھداۃ (ج1 ص500 ب9 ف6 ح212)

☆ حلیۃ الابرار (ج3 ص357 ب2 ح2)

☆ الحجۃ (ص57)

☆ الانوار البھیۃ (ص340)

☆ بحار الانوار (ج23 ص289 ب17 ح16)

☆ منتخب الاثر (ص101 ف1 ب8 ح4)

☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص398,399 ب94 ح54)

علامہ بحرانی نے شافعی عالم ابراہیم بن محمد الحموینی سے ان اسناد کے ساتھ جو اس کتاب میں مذکور ہیں روایت کی ہے سلیم بن قیس الہلالی ایک ایسی مفصل حدیث میں بیان کرتے ہیں کہ جناب علی علیہ السلام نے اصحاب اور تابعین (اصحاب رسولؐ سے سن کر عمل کرنے والے) کے دوسو سے زیادہ مجمع میں عثمان بن عفان کے زمانہ حکومت میں حلفیہ کہا کہ جناب علی علیہ السلام نے اس مجمع میں کہا اس میں یہ بھی تھا۔ میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا جانتے ہو کہ یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے فرمایا اس سے مراد میں حسن و حسین علیہم السلام اور نسل حسین علیہ السلام سے نو امام وہ قرآن کے ساتھ ہیں اور قرآن ان کے ساتھ ہے ان کی اطاعت اللہ عزوجل کی اطاعت ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ ترمذی، جلد 2 صفحہ 56

امام مہدیؑ واردین سے بیعت لینے کے بعد اپنی فوج کو لے کر آہستہ آہستہ وادی قریٰ کی طرف روانہ ہوں گے۔ وہاں اُن کے چچازاد بھائی بارہ ہزار کے لشکر کے ساتھ ان سے آکر ملیں گے اور کہیں گے کہ اے برادرعم! میں اس امر خلافت کا تم سے زیادہ حقدار ہوں کیونکہ میں حضرت حسنؑ کی اولاد میں سے ہوں اور میں ہی مہدیؑ ہوں امام مہدیؑ ان سے کہیں گے کہ نہیں! مہدی تو میں ہوں! حسنی کہیں گے کہ آپ کے پاس کوئی نشانی بھی ہے جس میں آپ کا مہدی ہونا معلوم ہو جائے؟ اور میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کرلوں؟ اس پر امام مہدیؑ ایک اڑتے ہوئے پرندے کی طرف اشارہ فرمائیں گے وہ ان کے سامنے آگرے گا اور زمین کے ایک کونے میں خشک ٹہنی گاڑ دیں گے وہ اسی وقت سرسبز ہو کر برگ بار لانے لگے گی۔ یہ کرامت دیکھ کر حسنی کہیں گے کہ اے برادرعم! یہ آپ ہی کا منصب ہے اور آپ ہی کو مبارک ہو یہ کہہ کر امام مہدیؑ کے ہاتھ پر بیعت کرلیں گے۔

☆☆☆☆☆

النساء (69)

وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَأُولَٰئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ أُولَٰئِكَ رَفِيقًا

ترجمہ

اور جو اللہ تعالیٰ اور رسول کی اطاعت کرے گا تو وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ

Presented by www.ziaraat.com

تعالی نے انعام کیا ہے کہ بعض نبیوں میں سے ہیں اور بعض صدیقوں میں سے اور بعض شہیدوں میں سے اور بعض صالحین میں سے اور وہی لوگ رفاقت کیلئے سب سے اچھے ہیں۔

- ☆ شواہد التنزیل (ج1 ص155)
- ☆ تفسیر البرہان (ج2 ص277)
- ☆ تفسیر قمی (ج1 ص142)
- ☆ تاویل الآیات (ج1 ص139 ح17)
- ☆ منہج الصادقین (ج3 ص66)
- ☆ تفسیر البرہان (ج1 ص393 ح10)
- ☆ بحار الانوار (ج24 ص31 ب26 ح1)
- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج1 ص516 ح395)
- ☆ اثبات الھداۃ (ج1 ص595 ب9 ف27 ح557)
- ☆ کفایۃ الاثر (ص172)
- ☆ الصراط المستقیم (ج2 ص122 ب10 ف3)
- ☆ عوالم النصوص علی الائمۃ (ص184 ح158)

حافظ الجسکانی حنفی نے کہا حذیفہ یمانی سے مروی ہے ایک دن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت آنحضرتؐ پر یہ آیت نازل ہوئی تھی آپؐ نے فرمایا اے حذیفہ جن لوگوں پر اللہ عزوجل کا انعام ہوا مرسلین میں سے، میں ہوں اگرچہ مبعوث ہونے میں ان کے بعد ہوں اور صدیقین سے علی علیہ السلام ہیں جب اللہ عزوجل نے مجھے رسالت کے ساتھ مبعوث فرمایا تو علی علیہ السلام نے سب سے پہلے میری تصدیق کی پھر شہدا میں حمزہ و جعفر طیار علیہم اجمعین ہیں صالحین

Presented by www.ziaraat.com

میں حسن وحسین علیہم السلام جو اہل جنت کے جوانوں کے سردار ہیں اور بہترین ساتھی ہیں اور ان صالحین میں امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف اپنے زمانے میں صالح ہیں۔

البلہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ شواہد التنزیل (ج1 ص155)

☆ الطرائف (ص173)

☆ القول المختصر فی علامات مہدی منتظر (ص60)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم نے فرمایا "اے حذیفہ اس رفاقت جسکی آیت مذکورہ ہے اور النَّبِيِّينَ سے مراد میں ہوں الصِّدِّيقِينَ سے مراد علیؑ ہیں شہدا سے مراد حمزہ و جعفر طیار ہیں صالحین میں سے حسن وحسین علیہم السلام ہیں جو جنت میں جانے والوں کے سردار ہیں اور بہترین ساتھی ہیں اور ان صالح میں مہدی آل محمد (عجل اللہ فرجہ الشریف) اپنے زمانے میں صالح ہیں۔

☆☆☆☆☆

النساء (77)

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَى أَجَلٍ قَرِيبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقَى وَلَا تُظْلَمُونَ فَتِيلًا

ترجمہ

Presented by www.ziaraat.com

کیا تم نے لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جن کو یہ کہا گیا تھا کہ تم اپنے ہاتھوں کو (جنگ سے) روکے رکھو اور نماز قائم کرو اور زکوۃ دو پھر جب ان پر جنگ کرنا واجب کر دیا گیا تو ان میں سے ایک گروہ لوگوں سے اسی طرح ڈرتا ہے جیسا کہ اللہ کا ڈر (ہو) یا اس سے بھی زیادہ ڈر۔ اور وہ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار تم نے ہم پر جنگ واجب کیوں کیا۔ نہ تو نے ہمیں قریبی مدت تک مہلت دے دی کہہ دو (اے رسول) دنیا کی پونجی بہت تھوڑی ہے۔ اور جو لوگ پرہیز گار ہیں ان کیلئے آخرت بہتر ہے اور تم پر دھاگہ برابر بھی ظلم نہ کیا جائے گا۔

☆ روضہ الکافی (ص330 ح06)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج2 ص553 ح411) (ج2 ص553 ح128)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص285 ح196)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص551 ب32 ف28 ح565)

☆ الحجۃ (ص61)

☆ بحار الانوار (ج44 ص25 ب18 ح9)

☆ العوالم (ج16 ص518 ح12)

☆ تفسیر البرہان (ج ص394 ح2)

☆ اصول کافی (ج8 ص330)

☆ الحجۃ (ص61)

محمد بن مسلم امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا خدائے بزرگ و برتر کی قسم جو کچھ حسن ابن علی علیہ السلام نے اس امت کے لیے انجام دیا (یعنی صلح معاویہ) وہ سورج کی روشنی سے بہتر تھا اور اللہ یہ آیت اسی بارے میں نازل ہوئی اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ سے مراد امام کی اطاعت و

Presented by www.ziaraat.com

فرمانبرداری تھی انہوں نے جنگ درخواست کی تھی اوران کے بعد امام الحسین علیہ السلام کے ساتھ ان پر جنگ مسلط ہوگئی پھر وہ لوگ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار تو نے ہم پر جنگ کو کیوں واجب کیا اے کاش ہم کو کچھ مدت تک مہلت دی ہوتی اوران لوگوں کا مقصد اس قول سے یہ ہے کہ جنگ ظہور و قیام مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف تک موخر ہو جائے۔

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ صحیح بخاری، حدیث نمبر 7119
- ☆ صحیح مسلم، حدیث نمبر 7274
- ☆ سنن ابوداؤد، حدیث نمبر 4313
- ☆ سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 446

حضرت امام مہدیؑ کے ظہور سے قبل دریائے فرات سے سونے کا پہاڑ نکلے گا، لوگوں کو جب اس کی خبر ہوگی تو وہ اس کے حصول کیلئے دریائے فرات کی طرف روانہ ہوں گے، وہاں تین آدمی قائدانہ حیثیت سے اکھٹے ہوں گے اور دریائے فرات پر سونے کے پہاڑ کے حصول کے لئے یہ تینوں باہم اپنے لشکر کے ساتھ جنگ کریں گے ان تینوں میں ہر ایک کسی نہ کسی خلیفہ یا بادشاہ کا بیٹا ہوگا، ان تینوں کے لشکروں کے درمیان اس قدر شدید قتال ہوگا کہ ہر سو میں سے ننانوے افراد قتل ہو جائیں گے۔ اور صحیحین کی روایت میں اس موقع پر امت محمدیہ کے لئے بارگاہ نبوت سے یہ ہدایت نامہ موجود ہے کہ جو شخص اس موقع پر حاضر ہو وہ اس سونے میں سے کچھ نہ لے۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

النساء(83)

وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنبِطُونَهُ مِنْهُمْ

ترجمہ

اگر وہ اس خبر کو رسول اور مومنین میں سے صاحبان حکومت تک پہنچاتے تو بے شک جو لوگ ان میں سے اس کی تحقیق کرنے والے ہیں اس کو جان لیتے۔

☆ تفسیر البرہان (ج2 ص287)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص286)

☆ الکافی (ج1 ص234)

عبداللہ بن عجلان نے امام ابی جعفر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا اولی الامر سے مراد ہم آئمہ طاہرین علیہم السلام ہیں جو حلال و حرام کو جانتے ہیں اور خلق خدا پر اللہ کی حجت ہیں۔

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ ینابیع المودۃ (ص506)

الحافظ القندوزی (الحنفی) نے اسناد کے ساتھ ایک حدیث بیان کی ہے جس کی روایت کی ہے ابن معاویہ نے امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے ضمن میں: "وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنبِطُونَهُ مِنْهُمْ "امام باقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کا معاملہ اولی الامر کی طرف حل کرنے کے لیے لوٹایا گیا ہے اولی الامر وہ صاحبان حکم ہیں جن کی اطاعت

Presented by www.ziaraat.com

اوران کی طرف رجوع کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کلمہ اولی الامر کی تفسیر میں فرماتے ہیں پہلے ولی امر حکم کے مالک علی علیہ السلام ہیں ان کے بعد حسن علیہ السلام پھر حسین علیہ السلام ان کے بعد علی بن الحسین علیہ السلام پھر ان کے بعد محمد بن علی علیہ السلام اسی طرح باقی بارہ امام علیہم السلام ان کا بارہواں امام مہدی عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہے تحقیق کہ زمین بغیر امام کے باقی نہیں رہ سکتی۔

☆☆☆☆☆

النساء(130)

وَإِن يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللَّهُ كُلًّا مِّن سَعَتِهِ وَكَانَ اللَّهُ وَاسِعاً حَكِيماً

ترجمہ

اور اگر وہ دونوں الگ الگ ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اپنی وسعت سے بے نیاز کر دیگا۔ اور اللہ تعالیٰ بہت کشائش والا حکمت والا ہے۔

☆ روضہ کافی (ص167)

☆ مختصر بصائر الدرجات (ص195)

☆ دار السلام در احوال حضرت مہدی (ص644)

☆ مختصر بصائر الدرجات (ص519)

امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے اصحاب سے فرما رہے تھے "میں منبر کوفہ پر اپنے قائم کو بیٹھا ہوا دیکھ رہا ہوں مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف اپنی قبا کی جیب سے ایک کتاب نکالیں گے اس پر سونے کی مہر لگی ہوگی مہر توڑیں گے لوگوں کے سامنے کتاب پڑھیں گے وہ تین سو تیرہ اشخاص جو حلقہ

Presented by www.ziaraat.com

بگوش محو ساعت ہونگے جسطرح بکریاں بدک کر بھیڑیوں سے بھاگتی ہیں اسطرح ۳۱۳ بھاگیں گے صرف نقیب بچ جائیں گے اور دوسری روایت میں ہے ایک وزیر بچے گا اور گیارہ نقیب بچیں گے یعنی ۳۱۳ میں سے ۳۰۱ بھاگ کھڑے ہونگے اور وزیر کون ہیں عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام (اضافہ من مولف: اسمائے وزراء صاحب الزمان عجل اللہ فرجہ الشریف حضرت عیسیٰؑ۔ حضرت ادریسؑ۔ حضرت خضرؑ اور حضرت الیاس علیہم السلام)۔

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر

☆ ابوداؤد، کتاب المہدی، حدیث نمبر 2486

امام مہدیؑ کے زمانے میں امت خوشحال ہو جائے گی اور اس امت کے نیک اور بد سب ہی اس وقت ایسے خوشحال ہوں گے کہ ان سے پہلے کبھی نہ ہوئے ہوں گے۔ ان پر خوب موسلا دھار بارشیں ہوں گی اور ان پر ذرا سا پانی بھی نہ روکا جائے گا اور زمین خوب (اناج و پھل وغیرہ) اگائے گی کہ اپنی نباتات میں سے کچھ بھی ان سے نہ روکے گی۔

☆☆☆☆☆

النساء(159)

وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا

ترجمہ

Presented by www.ziaraat.com

اور اہل کتاب میں سے کوئی ایسا نہ ہوگا مگر یہ کہ اس کی موت سے پہلے اس پر ضرور ایمان لائے گا اور وہ قیامت کے دن ان پر گواہ ہوگا۔

☆ تفسیر قمی (ج 1 ص 158)

☆ مجمع البیان (ج 2 ص 137)

☆ منہج الصادقین (ج 3 ص 138)

☆ تفسیر الصافی (ج 1 ص 519)

☆ الحجۃ (ص 62)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج 1 ص 571 ح 662)

☆ حلیۃ الابرار (ج 5 ص 305 ب 33 ح 1)

☆ بحار الانوار (ج 14 ص 349 ب 34 ح 13)

☆ منتخب الاثر (ص 479 ف 7 ب 8 ح 1)

☆ ینابیع المودۃ (ج 3 ص 237 ب 71 ح 6)

علی بن ابراہیم روایت کرتے ہیں کہ امام باقر العلوم علیہ السلام نے فرمایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ عزوجل کے اذن سے قبل قیامت آسمان سے نیچے اتریں گے اور امام مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے پیچھے نماز ادا کریں گے اور اس منظر کو دیکھ کر کوئی اہل کتاب ایسا نہ ہوگا کہ ایمان نہ لائے۔

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروا امام فی کتب عالم اسلام (با اختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر (صفحہ 40)

Presented by www.ziaraat.com

☆ عقد الدرر، صفحہ 17

امام مہدیؑ متوجہ ہوں گے اس حال میں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حالت یہ ہوگی کہ) گویا ان کے بالوں سے پانی ٹپک رہا ہوگا تو امام مہدیؑ عرض کریں گے کہ آگے بڑھ کر لوگوں کو نماز پڑھائیں تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے کہ یقیناً یہ نماز آپ کے لئے کھڑی کی گئی ہے! تو حضرت عیسیٰؑ میری اولاد میں سے ایک آدمی کے پیچھے نماز ادا کریں گے۔ جیسا کہ حدیث تواتر ہے کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم۔

☆☆☆☆☆

مائدہ (3)

وَأَنتَسْتَقْسِمُواْ بِالأَزْلاَمِ ذَلِكُمْ فِسْقٌ اليَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِن دِينِكُمْ فَلاَ تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ اليَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِينًا فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

ترجمہ

یہ کہ تم تیروں سے حصہ بانٹو، یہ نافرمانی ہے وہ لوگ جو کافر ہوئے آج کے دن تمہارے دین سے ناامید ہو گئے پس تم ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے (ہی) ڈرو میں نے آج کے دن تمہارے دین کو تمہارے لئے کامل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی اور میں نے تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کر لیا پس جو شخص بھوک میں بیقرار ہو جائے (لیکن) گناہ کی طرف مائل ہوئے والا نہ ہو تو بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

☆ تفسیر نور الثقلین (ج 1 ص 587 ح 24)

Presented by www.ziaraat.com

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص434 ح2)

☆ بحار الانوار (ج1 ص55 ب5 ح39)

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص292 ح19)

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت منقول ہے جسکا ماحصل یہ ہے کہ جب مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف کا ظہور ہوگا تو بنی امیہ کی مایوسی انتہا کو پہنچ جائے گی اور یہ لوگ آل محمدؐ سے مکمل مایوس ہو جائیں گے۔

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ کتاب الفتن، صفحہ 189

☆ کتاب البرہان، جلد 2 صفحہ 624

سفیانی کا فتنہ اس قدر سخت ہوگا کہ ایک حدیث میں ہے: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ابوسفیان کی اولاد میں سے ایک شخص اسلام میں ایسا سوراخ کھول دے گا کہ پھر اس کو بند نہیں کیا جا سکے گا، نیز حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دین کا یہ امر ٹھیک ٹھیک چلتا رہے گا یہاں تک کہ سب سے پہلے اس کا مثل بنو امیہ کا ایک شخص کرے گا۔ اسی طرح کی ایک اور روایت میں ہے کہ: بنو ہاشم میں سے ایک شخص حکمران بن جائے گا اور وہ بنو امیہ کو قتل کرے گا چنانچہ بنو امیہ میں سے صرف چند افراد ہی قتل ہونے سے بچیں گے پھر بنو امیہ کا ایک شخص "سفیانی" نکلے گا اور وہ بنو ہاشم کے دو آدمیوں کو اس ایک آدمی کے بدلے قتل کرے گا جس کو بنو ہاشم نے

Presented by www.ziaraat.com

قتل کیا ہوگا (یعنی ایک آدمی کے بدلے دو آدمی قتل کرے گا) یہاں تک کہ صرف عورتیں بچیں گی۔ اس کے بعد امام مہدیؑ کا ظہور ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

المائدہ (12)

وَلَقَدْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا

ترجمہ

اور بیشک اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے پکا عہد لیا اور ان میں سے ہم نے بارہ سردار اٹھائے۔

☆ بحار الانوار (ج 36 ص 263)

☆ مائۃ منقبۃ (ص 71 المنقبۃ 41)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج 2 ص 601)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ صحیح بخاری (ج 4 ص 175 طبع مصر 1355)

☆ صحیح ترمذی (ج 2 ص 45 طبع دہلی 342 ابات ماجاء فی الخلفاء)

☆ صحیح ابی داود کتاب المہدی (ج 2 ص 207 طبع مصر)

☆ صحیح مسلم کتاب الامارہ (ج 2 ص 91 طبع مصر 1348)

☆ کتاب کفایت الاثر

☆ کتاب الخصال

Presented by www.ziaraat.com

☆ کتاب مناقب

☆ جمال المنتظر ص124

☆ تفسیر ابن کثیر، جلد 2 صفحہ 47

اصبغ بن نباتہ، ابن عباس سے روایت کرتا ہے کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو جان رکھو کے خدا نے تمہارے لیے ایک دروازہ قرار دیا جو بھی اس میں داخل ہوا تو روز قیامت کی آگ اور خوف سے امان میں رہے گا۔ ابو سعید کھڑا ہوا اور نزدیک آیا اور کہنے لگا: اے پیغمبرؐ! ہمیں اسکی طرف ہدایت کریں تا کہ اس کو پہچان لیں حضرت نے فرمایا: وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں جو سید الاوصیاء اور امیر المومنین اور رسول خدا کے بھائی ہیں۔ اے لوگو! جو بھی چاہتا ہے ایک ایسے دامن سے منسلک ہو جائے جس کے بعد اسے شکست کا سامنا نہ ہو اسے چاہیے کے علی بن ابی طالب علیہ السلام سے تمسک رکھے اسکی ولایت میری ولایت، اسکی اطاعت میری اطاعت ہے۔

اے لوگو! جو بھی چاہتا ہے میرے بعد کے حجت کو پہچانے اسے چاہیے کے علی بن ابی طالب علیہ السلام کو پہچانے اے لوگو! جو چاہتا خدا اور رسول سے محبت رکھے، اسے چاہیے کے علی بن ابی طالب علیہ السلام کی اقتدا کرے کہ وہی علم کے گنجینہ ہیں۔ جابر بن عبداللہ انصاریؓ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اے رسول خداؐ! آئمہ اطہارؑ (آپ کے بعد) کتنے ہیں؟ حضرتؐ نے فرمایا: اے جابر! خدا تم پر اپنی رحمت نازل کرے، تم نے سارے اسلام کے بارے میں سوال کر دیا۔ انکی تعداد سال کے مہینوں کے تعداد کے برابر ہے جنکی تعداد بارہ ہے۔ اماموں کی تعداد ان چشموں کی تعداد کے برابر ہیں جو موسی بن عمران کے لیے جاری ہوئے تھے جب انہوں نے اپنا عصا پتھر پر مارا تھا، اور بارہ چشمے جاری ہوئے تھے اماموں کی تعداد بنی اسرائیل کے نقباء کے برابر ہے، خدا نے فرمایا: (وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ

Presented by www.ziaraat.com

نَقِیبًا) اس لیے اے جابر! امام بارہ ہیں، پہلے علی بن ابی طالب علیہ السلام اور آخری قائم مہدی علیہ السلام ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

الحادہ (14)

وَمِنَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ فَنَسُوا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوا بِهِ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللَّهُ بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ

ترجمہ

جنہوں نے کہا ہم نصاریٰ ہیں ان سے ہم نے عہد لیا تھا مگر انہوں نے بھی اس نصیحت کا جو انکو کی گئی تھی ایک حصہ فراموش کر دیا تو ہم نے ان کو درمیان قیامت تک کیلئے دشمنی اور کینہ ڈال دیا۔ اور جو کچھ وہ کرتے رہے خدا عنقریب انکو اس سے آگاہ کریگا۔

☆ اصول کافی (ج 5 ص 352)

☆ تفسیر البرہان (ج 1 ص 454)

☆ التھذیب الاحکام (ج 7 ص 405 ح 1621)

☆ الکافی (ج 5 ص 352 ح 2)

☆ وسائل الشیعۃ (ج 14 ص 56 ب 32 ح 1)

☆ تفسیر البرھان (ج 1 ص 544)

☆ اثباۃ الھداۃ (ج 3 ص 452 ب 32 ح 64)

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (با اختلاف الفاظ)

☆ آثار القیامہ، صفحہ 365

☆ کتاب الفتن، صفحہ 259

تفسیر آیت میں امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا بہت جلد ان میں سے ایک جماعت مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے ساتھ خروج کرے گی۔

☆☆☆☆☆

المائدہ (20)

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاءَ وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا وَآتَاكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّن الْعَالَمِينَ

ترجمہ

اور (وہ وقت یاد کرو) جبکہ موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم تم یاد کرو اس نعمت کو جو اللہ تعالیٰ کی تم پر ہوئی جبکہ اس نے تم میں انبیاء بنائے اور تمہیں بادشاہ (بھی) بنایا اور تمہیں وہ کچھ عطا کیا جو اس نے تمام دنیا میں کسی کو بھی نہ دیا تھا۔

☆ مختصر بصار الدرجات (ص 38)

☆ بحار الانوار (ج 53 ص 45)

☆ مختصر بصائر الدرجات (ص 28)

☆ بحار الانوار (ج 53 ص 45)

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (با اختلاف الفاظ)

☆ کتاب البرہان (جلد 2 صفحہ 805)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ عزوجل کے قول "جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاءَ وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا" سے مراد انبیاء علیہم السلام ہیں اور سید الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا سے مراد آئمہ طاہرین علیہم اجمعین ہیں سائل نے عرض کی کونسا ملک آپکو دیا گیا ہے صادق آل محمد علیہ السلام نے فرمایا ملک بہشت اور ملک رجعت (اسکے وارث یہ ہی ہیں)۔

☆☆☆☆☆

المائدہ (41)

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَمْ يُرِدِ اللَّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ

ترجمہ

یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو خدا نے پاک کرنا نہیں چاہا ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لئے بہت بڑا عذاب ہے۔

☆ تفسیر التبیان للطوسی (ج 1 ص 419)

☆ نہج البلاغہ (خطبہ 138 ص 261)

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر

☆ حافظ ابو نعیم نے اس کی تخریج کی ہے حوالہ کے لیے دیکھیں عقد الدرر فی اخبار المنتظر :ص19

اللہ عزوجل کے قول کے " أُولَـٰئِكَ الَّذِينَ لَمْ يُرِدِ اللَّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ " کے بارے میں منقول ہے ان لوگوں کے لیے عذاب ظہور و قیام مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف اور قسطنطنیہ (استنبول) کو تہس نہس کرنا ہے۔

☆☆☆☆☆

المائدہ (54)

فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ

ترجمہ

پس عنقریب اللہ (تمہاری جگہ) ایسے لوگوں کو لے آئے گا جن سے وہ محبت کرتا ہے، اور جو اس سے محبت کرتے ہیں، وہ مومنوں کے ساتھ منکسر مزاج ہوں گے، اور کافروں کے لیے تند مزاج ہوں گے۔

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص478 ح1)

☆ ینابیع المودۃ (507)

☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص337,338 ب83)

Presented by www.ziaraat.com

☆ منتخب الاثر (ص 157 ف 1 ب 2 ح 49)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج 3 ص 50)

☆ غیبت نعمانی (ص 316 ح 12)

☆ تفسیر عیاشی (ج 1 ص 326 ح 135)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامت مہدی منتظر

☆ عقد الدرر (صفحہ 84)

☆ ابوداؤد سجستانی (ج 2 ص 422.423)

صادق آل محمد علیہ السلام کا فرمان ہے مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف اللہ کی حفاظت میں ہیں اگر سارے اشخاص ختم بھی ہو جائیں تب بھی اللہ عزوجل ان کو ان کے اصحاب کے ساتھ لائے گا اسی لیے ارشاد خداوندی ہے پس وہ تمہاری جگہ ایسے لوگوں کو لے آئے گا جن سے وہ محبت کرتا ہے اور جو اس سے محبت کرتے ہیں وہ مومنوں کے ساتھ منکسر المزاج ہوں گے اور کافروں کے لیے تند مزاج ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

المائدہ (55,56)

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ

Presented by www.ziaraat.com

ترجمہ

ماسوا اسکے نہیں ہے کہ تمھارا حاکم اللہ تعالیٰ ہے اور اسکا رسول اور وہ لوگ جو ایمان لا چکے نماز قائم کرتے اور زکوۃ دیتے ہیں درحالیکہ وہ رکوع کرنے والے ہیں اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور ان لوگوں کو جو ایمان لا چکے حاکم بنائے گا پس یقیناً اللہ تعالیٰ کا گروہ ہی غالب رہنے والے ہیں۔

☆ تفسیر عیاشی (ج 1 ص 357)،
☆ تفسیر نور الثقلین (ج 3 ص 57)،
☆ تاویل الآیات (ص 157)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (با اختلاف الفاظ)

☆ الحاوی: (ج 2 ص 91)
☆ کتاب البرہان (ج 2 ص 521)

مفضل ابن عمر امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کے اس آیت (إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ) کے بارے میں میں نے سوال کیا تو امامؑ نے جواب دیا اس سے مراد ہم ائمہ البیت علیہم السلام ہیں۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

المائدہ (101)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ

ترجمہ

اے ایمان لانے والوں ان چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرو جو اگر ظاہر کردی جائیں تو تمہیں ناگوار گزریں۔

- ☆ کمال الدین واتمام النعمۃ (ج2 ص483 ب45 ح4)
- ☆ غیبۃ الطوسی (ص290 ح237)
- ☆ اعلام الوریٰ (ص423 ف3)
- ☆ الخرائج والجرائح (ج2 ص1113 ب20 ح30)
- ☆ کشف الغمۃ (ج 2 ص469)
- ☆ الدرۃ الباھرۃ (ص47)
- ☆ منتخب الانوار المضیئۃ (ص122 ف9)
- ☆ نوادر الاخبار (ص240 ح3)
- ☆ وسائل الشیعۃ (ج17 ص291 ب26 ح15)
- ☆ ھدایۃ الأمۃ (ج1 ص33 ح16)
- ☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص33 ح27)
- ☆ بحار الانوار (ج50 ص227 ب6 ح1)
- ☆ معادن الحکمۃ (ج2 ص280)
- ☆ مستدرک الوسائل (ج12 ص316 ب36 ح23)
- ☆ انوار البھیۃ (ص373)

Presented by www.ziaraat.com

☆ منتخب الاثر (ص 267 ف 2 ب 28 ح 2)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج 1 ص 280)

☆ احتجاج طبرسی (ج 2 ص 542)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ الاشاعہ لاشراط الساعۃ (ص 240)

اسحاق بن یعقوب سے منقول ہے کہ مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف سے کچھ سوال لکھ کر محمد بن عثمان السمری کے سپرد کیے گئے کہ ان کا جواب آقا صاحب الزمانؑ سے لے کر دیں ان سوالات کے جواب میں مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف نے یہ کلمات بھی تحریر فرمائے "جہاں تک ہماری غیبت کا معاملہ ہے تو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ایمان والوں ایسی چیزوں کے متعلق سوال نہ کرو اگر وہ تمہارے لیے ظاہر کر دی جائیں تو تمھیں ناگوار لگیں۔

☆☆☆☆☆

المائدہ (118)

إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

ترجمہ

اگر تو انھیں عذاب دے تو بیشک وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انھیں بخش دے تو بیشک تو غالب حکمت والا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

☆ الدر منثور (ج2 ص350)

☆ التصریح (ص292,293 ح100)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ صحیح مسلم (ج2 ص15)

☆ الاشاعۃ لاشراط الساعۃ (ص192.197)

☆ کتاب الفتن (ص250)

ابو شیخ نے ابن عباس سے نقل کیا کہ انھوں نے کہا خدایا تیرے بندے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں عذاب کے حقدار ہیں ان کو بخش دے یعنی جن کو تو نے عذاب سے رہائی عطا فرمائی ہے اور ان کی عمر کو طولانی کیا اتنی طولانی کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام ادجال کو قتل کریں گے اور زمین پر اتریں گے۔ لہٰذا لوگوں کو چاہیے اللہ عزوجل کو تعریف خشوع اور وجدان کے ساتھ پکاریں اور التجا کریں گے ہم تیرے بندے ہیں اور اگر تو اس بنا پر ان کو بخشے گا تو یقیناً تو عزیز و حکیم ہے۔

☆☆☆☆☆

الانعام (2)

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن طِينٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلًا وَأَجَلٌ مُّسَمًّى عِندَهُ ثُمَّ أَنتُمْ تَمْتَرُونَ

ترجمہ

(اللہ) وہ ہے جس نے تمھیں مٹی سے پیدا کیا پھر اس نے ایک مدت مقرر کردی اور ایک معین

Presented by www.ziaraat.com

مدت (کا علم) اسکے پاس ہو پھر بھی شک کرتے ہو۔

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص517 ح4)

☆ غیبت نعمانی (ص301 ح4)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 باب34 ح121)

اللہ کا بقیہ علی کافرزند پاروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ (مرقاۃ المفاتیح: ج10 ص174)

حمران بن اعین امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا اجل (زمان) کا وجود ہے ہر زمانے میں ایک حتمی اجل دوسرا مشروط اجل میں نے عرض کی مولا اجل (زمان) قطعی کونسا ہے آپؑ نے فرمایا جب مشیت الٰہی ہو، حمران کتنے ہیں میں نے کہا زمان سفیانی مشروط ہوگا امام علیہ السلام نے فرمایا خروج سفیانی قطعی اور حتمی ہے۔

☆☆☆☆☆

الانعام (31)

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاءِ اللّٰهِ حَتّٰى إِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يَا حَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ أَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُوْنَ

ترجمہ

تحقیق کہ نقصان اٹھایا ان لوگوں نے جنہوں نے اللہ کے پاس حاضر ہونے کو جھٹلایا یہاں تک کہ جب ان پر اچانک وہ گھڑی آجائے گی تو کہیں گے ہائے افسوس! اے ہماری حسرت! کہ اس

Presented by www.ziaraat.com

میں ہم نے کوتاہی کی اور وہ اپنا بوجھ جو اٹھائیں گے۔

☆ تفسیر الدر المنثور (ج6 ص50,51)

☆ روضۃ الکافی (ص347)

☆ تاویل الآیات (ص498)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ الاشاعہ لاشراط الساعۃ (ص212)

جلال الدین سیوطی الفقیہ الشافعی نے بیان کیا ہے کہ امام بخاری نے ابی ہریرہ سے روایت کی ہے کہ ایک اعرابی (جنگل میں ڈیروں پر رہنے والے عرب) نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ قیامت کب آئے گی؟ آپؐ نے فرمایا کہ جب امانت ضائع ہونے لگے تو قیامت کا انتظار کر۔ اس اعرابی نے پھر دریافت کیا کہ امانت کس طرح ضائع کی جائے گی؟ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی کام کسی نااہل کے سپرد ہو تو یہ امانت کی خیانت ہے۔ (کوئی منصب عہدہ کام نااہل کو دے دینا یہ امانت کا ضائع کرنا ہے)

☆☆☆☆☆

الانعام (37)

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

ترجمہ

Presented by www.ziaraat.com

اور انھوں نے کہا کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کیوں کوئی نشانی نہ اتاری گئی (اے رسولؐ) کہہ دو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ کوئی نشانی اتارے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔

☆ تفسیر صافی (ص54)

☆ بحار الانوار (ج17 ص204 ب1 ح5)

☆ نوادر الاخبار (ص260 ح1)

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص524 ح3)

☆ تفسیر قمی (ج1 ص206)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص186)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ مسند احمد ابن حنبل (2/58 ح245)

☆ سنن ابن ماجہ (2/1367)

امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت کی تفسیر نقل ہے کہ آپؑ نے فرمایا عنقریب آخری زمانے میں (جب مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف خروج فرمائیں گے) اللہ سبحانہ تمہیں نشانیاں دکھائے گا ان میں سے یہ بھی ہوں گی دابۃ الارض اور دجال کا آنا، نزول عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام اور مغرب سے سورج کا طلوع ہونا۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ تَدْعُونَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ

ترجمہ

اے رسولؐ! آپ کہہ دیں کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اگر تم پر اللہ کا عذاب آجائے یا وہ گھڑی آجائے تو کیا غیر خدا کو پکارو گے اگر تم سچے ہو۔

☆ الدر المنثور (ج6 ص60)

☆ تفسیر الدر المنثور (ج6 ص60)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر (ص40)

امام جلال الدین السیوطی الفقیہ الشافعی نے روایت کی ہے کہ مشہور حاکم نے اس حدیث کو ذکر کیا اور اسے واثلہ بن الاسقع سے روایت کرتے ہوئے صحیح قرار دیا ہے مذکورہ راوی کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا وہ فرماتے تھے۔ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دس نشانیاں پوری نہ ہوں زمین مشرقی حصہ میں اندر دھنس جائے گی۔ اسی طرح مغرب میں بھی اندر دھنس جائے گی۔ جزیرہ عرب میں زمین دھنس جائے گی دجال خروج کرے گا۔ یاجوج و ماجوج نازل ہوں گے۔ دابۃ الارض برآمد ہوگا (دابۃ کا لغوی معنی زمین پر چلنے والے ہے مگر تاویلاً احادیث میں حضرت علی علیہ السلام کے متعلق بیان ہوا ہے۔ سورج مغربی افق سے طلوع کرے گا عدن کے وسط سے آگ بھڑکے گی جو لوگوں کو میدان محشر کی طرف ہانک لے جائے گی چیونٹیاں اور ٹڈیاں بکثرت نکلیں گی۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

الانعام(45,44)

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُم بَغْتَةً فَإِذَا هُم مُّبْلِسُونَ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

ترجمہ

پھر جب وہ اس نصیحت کو بھول گئے جو ان کو کی گئی تھی تو ہم نے ان پر ہر چیز دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ ان چیزوں سے خوش ہو گئے جو انکو دی گئیں ہم نے انھیں یکا یک پکڑ لیا تو وہ مایوس ہو کر رہ گئے پس جن لوگوں نے ظلم کیا انکی بیخ بنیاد کاٹ دی گئی اور ہر حمد اللہ تعالی کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص192)
- ☆ تفسیر قمی (ج1 ص200)
- ☆ تفسیر الصافی (ج2 ص121)
- ☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص520)
- ☆ الحجۃ (ص66)
- ☆ تفسیر البرہان (ج3 ص30)
- ☆ دلائل الامامۃ (ص250)
- ☆ بصائر الدرجات للصفار (ج78 ح95)
- ☆ بصائر الدرجات للصفار (ج78 ح95) بحار الانوار (ج35 ص371)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

Presented by www.ziaraat.com

☆ کتاب البرہان: ج2 ص805)

امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت مجیدہ کا مفہوم دریافت کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا کہ لوگوں کو حضرت علی علیہ السلام کی ولایت کا حکم دیا گیا تھا جب انھوں نے اسے فراموش کر دیا تو انھیں حکومت دے دی گئی اور جب وہ اپنی خوشحالی پر ناز کر رہے ہوں گے تو اچانک مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کی حکومت قائم کر دی جائے گی تو یوں محسوس ہوگا کہ منکرین علی علیہ السلام کی حکومت دنیا میں کبھی قائم ہی نہیں ہوئی تھی۔

☆☆☆☆☆

الانعام (65)

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَىٰ أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ

ترجمہ

(اے رسولؐ) کہہ دو کہ وہ اس بات کی قدرت رکھتا ہے کہ وہ تمھارے اوپر سے یا تمھارے پاؤں کے نیچے سے تم پر عذاب بھیج دے۔

☆ بحار الانوار (ج25 ص181)

☆ تفسیر قمی (ج2 ص204)

☆ بحار الانوار (ج25 ص181)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

Presented by www.ziaraat.com

☆ القول المختصر فی علامات مہدی المنتظر (ص74.75)

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ یہ آیت صیحہ آسمانی کا عذاب اور زمین کے دھنس جانے کے عذاب اور مسلمانوں کا اختلاف اور ایک دوسرے کو قتل کرنے کی خبر دے رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

الانعام(89)

فَإِن يَكْفُرْ بِهَا هَـٰؤُلَاءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ

ترجمہ

پس اگر یہ لوگ اسے بھی نہ مانیں (تو کچھ پرواہ نہیں) ہم نے تو اس پر ایسے لوگوں کو مقرر کر دیا ہے جو ان کی طرح انکار کرنے والے نہیں۔

☆ تفسیر عیاشی (ج1 ص326)

☆ ینابیع المودۃ (ص462)

☆ بصائر الدرجات (ص174)

☆ الکافی (ج1 ص232)

☆ الارشاد (ص274)

☆ اعلام الوریٰ (ص278)

☆ الاحتجاج (ج2 ص371)

☆ کشف الغمۃ (ج2 ص382)

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص479)

Presented by www.ziaraat.com

☆ الحجۃ (ص64)

☆ حلیۃ الابرار (ج5 ص239)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص440)

☆ بحار الانوار (ج26 ص201)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ ابن حجر مکی (القول المختصر فی امام المنتظر: ص35)

الحافظ سلیمان القندوزی الحنفی نے روایت کی ہے اسناد مذکور کے ساتھ حضرت امام جعفر بن محمد صادق رضی اللہ عنہ سے حضور فرماتے ہیں کہ اس امر کا مالک یعنی القائم المہدیؑ محفوظ ہیں اگر سارے لوگ اس دنیا سے اٹھ جائیں گے تو اللہ ان کے اصحاب کو لائے گا اللہ تعالی انہی کے بارے میں فرماتا ہے۔ فَإِن يَكْفُرْ بِهَا هَـٰؤُلَاءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ

الانعام (158)

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِن قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا قُلِ انتَظِرُوا إِنَّا مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرُونَ

ترجمہ

کیا وہ اس بات کا انتظار کرتے ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں یا تمہارا پروردگار (ہی)

Presented by www.ziaraat.com

آجائے ،یاتمھارے پروردگار کی کچھ نشانیاں آئیں جس دن تمھارے پروردگار کی بعض نشانیاں آجائیں گی تو کسی نفس کو جو پہلے ایمان نہ لا چکا ہوگا یا جس نے اپنے ایمان میں کوئی نیکی نہ کمائی ہوگی اس کا ایمان فائدہ نہ دے گا کہہ دو کہ تم انتظار کرو، ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں۔

☆ آیۃ الولایۃ (ص120)

☆ تفسیر صافی (ج2 ص187)

☆ تفسیر البرہان (ج1 ص465)

☆ کمال الدین (ج2 ص39 باب 33 ح54)

☆ بحار الانوار (ج51 ص51 حدیث25)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القول المختصر فی علامات مھدی المنتظر :ص53،لقناعۃ (ص14)

امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ مِن قَبلُ یعنی پہلے سے انکار سے مراد یوم میثاق میں انکار ہے اَو کَسَبَت فِی اِیمَانِھَا خَیرًا سے مراد انبیاء و آئمہ علیہم السلام کا اقرار ہے اور جو شخص مہدی آل محمد عجل اللہ فرجہ الشریف کو دیکھ کر اقرار کرے گا تو اس کو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

الاعراف (46)

وَبَینَھُمَا حِجَابٌ وَعَلَی الأَعرَافِ رِجَالٌ یَعرِفُونَ کُلًّا بِسِیمَاھُم وَنَادَوا أَصحَابَ الجَنَّۃِ أَن

Presented by www.ziaraat.com

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ

ترجمہ

اوران دونوں (گروہوں) کے درمیان پردہ ہوگا اور اعرف پر کچھ مرد ہونگے جو ہر ایک کو انکے نشانوں سے پہنچان لیں اور جنت والوں کو آواز دیں گے کہ تم پر سلامتی ہو وہ اس میں داخل نہ ہوئے ہوں گے حالانکہ وہ خواہش رکھتے ہوں گے۔

- ☆ بحارالانوار (ج8 ص339)
- ☆ کفایۃ الاثر (ص194)
- ☆ مناقب ابن شہر آشوب (ج1 ص296)
- ☆ العوالم (ج15 ص195)
- ☆ عوالم امام الحسین (ص74)
- ☆ تفسیر البرہان (ج3 ص167)
- ☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص377)
- ☆ ینابیع المودۃ (ص102)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ القول المختصر فی علامات مہدی المنتظر: ص57

تفسیر قمی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا ہر امت کا حساب اس زمانے کے امام علیہ السلام کے ذمہ ہے اور آئمہ اہلبیت علیہم اجمعین اپنے دوستوں اور

Presented by www.ziaraat.com

دشمنوں کوان کے چہروں سے پہچان لیں گے اور یہ ہی معنیٰ ہیں اس آیت مجیدہ "وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ وَنَادَوْا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَن سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ "اوراس دن آئمہ اطہار علیہم السلام اپنے محبان کے اعمال نامے ان کے سیدھے ہاتھ میں دیں گے اور وہ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہونگے اور دشمنوں کے اعمال نامے ان کے الٹے ہاتھ میں دیا جائے گا اور سارے ظالمین دشمن آل محمد جہنم میں داخل کیئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

الاعراف(48)

وَنَادَى أَصْحَابُ الْأَعْرَافِ رِجَالًا يَعْرِفُونَهُم بِسِيمَاهُمْ قَالُوا مَا أَغْنَى عَنكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ

ترجمہ

اور اعراف والے کچھ جہنمی لوگوں کو جنہیں ان کا چہرہ دیکھ کر پہچان لیں گے آوازیں دیں گے اور کہیں گے کہ اب نہ تو تمہارا اجتماع ہی کام آیا اور نہ وہ جو تم تکبر کیا کرتے تھے فائدہ مند ثابت ہوا۔

☆ تفسیر البرہان (ج3 ص167)

☆ معانی الاخبار (ص59)

☆ مختصر بصائر الدرجات (ص51)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ ینابیع المودۃ (ص429)

Presented by www.ziaraat.com

حضرت امام مہدی عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف اوران کے معصوم آباء واجداد ہی أَصْحَابُ الْأَعْرَافِ ہیں الحافظ سلیمان الحنفی القندوزی نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے حضرت سلمان فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں دس بار سے زیادہ فرمایا اے علیؑ تو اور تیری اولاد میں سے جوّاد وصیاء ہیں جنت اور دوزخ کے درمیان اعراف ہیں نہیں داخل ہوگا دوزخ میں مگر وہ شخص جس نے آپ نے اسے اپنا محبّ نہیں جانا۔

☆☆☆☆☆

الاعراف(53)

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا تَأْوِيلَهُ يَوْمَ يَأْتِي تَأْوِيلُهُ يَقُولُ الَّذِينَ نَسُوهُ مِن قَبْلُ قَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ

ترجمہ

کیا وہ اس کی حقیقت کا انتظار کرتے ہیں جس دن اسکی حقیقت ظاہر ہوگی تو وہ لوگ جنھوں نے اسے پہلے ہی بھلا رکھا تھا کہیں گے، بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق لے کر آئے۔

☆ تفسیر قمی (ج1ص235)

☆ تفسیر البرہان (ج3ص179)

☆ الحجۃ (ص72)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القوال المختصر فی علامات مھد المنتظر: ص92

Presented by www.ziaraat.com

صحیح مسلم شریف۔ کتاب الایمان۔ باب نزول عیسیٰ ابن مریم حاکما بشریعۃ نبینا محمدؐ (137/1)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ "هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا تَأْوِيلَهُ يَوْمَ يَأْتِي تَأْوِيلُهُ يَقُولُ الَّذِينَ نَسُوهُ مِن قَبْلُ قَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ" یہ آیت قیام مہدی آل محمد علیہ السلام اور قیامت کے بارے میں ہے۔

☆☆☆☆☆

الاعراف (71)

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَغَضَبٌ أَتُجَادِلُونَنِي فِي أَسْمَاءٍ سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا نَزَّلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ

ترجمہ

ہودؑ نے کہا کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر عذاب اور غضب کا نازل ہونا مقرر ہو چکا ہے۔ کیا تم مجھ سے ایسے ناموں کے بارے میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے اپنی طرف سے رکھ لئے ہیں۔ جنکی خدا نے کوئی سند نازل نہیں کی۔ تو تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔

☆ تفسیر عیاشی (ج2 ص138 ح50)

☆ کمال الدین اتمام النعمۃ (ج2 ص645)

☆ تفسیر لصافی (ج2 ص428)

☆ بحار الانوار (ج52 ص128)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص400)

Presented by www.ziaraat.com

☆ تفسیر البرہان (ج3 ص181)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القوال المختصر فی علامات مهدی المنتظر (ص60)

محمد بن فصیل بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام رضا علیہ السلام سے محمد و آل محمد علیہ السلام کے فرج و کشائش کے بارے میں سوال کیا تو امام علیہ السلام نے ارشاد فرمایا" کیا تو نہیں جانتا کہ فرج کا انتظار خود کشائش ہے کیونکہ خالق کائنات فرماتا ہے" تم انتظار کرو اور میں بھی منتظر ہوں"۔

☆☆☆☆☆

الاعراف (128)

قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ اسْتَعِينُوا بِاللَّهِ وَاصْبِرُوا إِنَّ الْأَرْضَ لِلَّهِ يُورِثُهَا مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ

ترجمہ

موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا تم اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو اور صبر کرو بیشک زمین اللہ تعالیٰ ہی کی ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اسکا وارث بنا دیتا ہے اور انجام تو پرہیزگاروں ہی کے لئے ہے۔

☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص427)

☆ تفسیر عیاشی (ج2 ص25)

☆ الاستبصار (ج3 ص108)

Presented by www.ziaraat.com

☆ تہذیب الاحکام (ج7 ص152)

☆ تاویل الآیات (ج1 ص177)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص454)

☆ وسائل الشیعۃ (ج17 ص329)

☆ الحجۃ (ص73)

☆ بحار الانوار (ج52 ص390)

☆ ملاذ الاخیار (ج11 ص249)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج2 ص56)

☆ تفسیر البرہان (ج3 ص192)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ (سورۃ الکہف آیت نمبر 82)

☆ (مظاہر حق جدید: ج5 ص37)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہمارا عہد حکومت تو سب کے بعد ہی آئے گا ہم سے قبل ہر خاندان اور قبیلے کو حکومت کرنے کا موقع دیا جا چکے گا، تا کہ ہمارے دور حکومت کو دیکھ کر کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ اگر ہمیں حکومت کرنے کا موقع ملا ہوتا تو ہم بھی ایسا ہی طریقہ اختیار کرتے۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت منقول ہے کہ کتاب امیر المومنین علیہ السلام میں لکھا ہے میں اور میرے اہلبیت علیہم اجمعین وہ ہیں جنھیں خدا نے زمین کا وارث بنایا ہے اور ہم ہی اہل تقویٰ ہیں۔ ساری زمین ہماری میراث ہے

Presented by www.ziaraat.com

جو شخص کسی بنجر زمین کو آباد کرے تو وہ زمین اسکی ملکیت ہے اسے چاہیے کہ وہ اس زمین کا خراج اہلبیت کے امام زمانہ علیہ السلام کو پہنچائے باقی پیداوار وہ خود استعمال کرے اگر وہ اس زمین کو چھوڑ دے اور کوئی دوسرا مسلمان اس زمین کو آباد کرے تو وہ زمین اسکی ملکیت قرار پائے گی وہ اس زمین کا خراج امام زمان اہلبیت علیہم اجمعین تک پہنچائے اور زمین کی پیداوار کو خود استعمال کرے۔ جب میری اولاد میں سے مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کا ظہور ہوگا تو وہ تمام زمینوں پر قبضہ کرلیں گے جیسا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام زمینیں اپنے قبضے میں لے لیں تھیں البتہ وہ زمین جو ہمارے شیعہ کے تصرف میں ہوگی اس پر وہ قبضہ نہیں کریں گے اور وہ بدستور ان کے تصرف میں رہے گی۔

☆☆☆☆☆

الاعراف(157)

الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهُ مَكْتُوْباً عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ آمَنُوْا بِهِ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوْا النُّوْرَ الَّذِيْ أُنْزِلَ مَعَهُ أُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

ترجمہ

وہ لوگ جو اس رسول نبی اُمی کی پیروی کرتے ہیں جس (کی اوصاف) کو وہ اپنے ہاں توریت اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں وہ انھیں نیک کاموں کا حکم دیتا ہے اور برے کاموں سے روکتا ہے اور وہ ان کے لئے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتا ہے، اور ناپاک چیزوں کو ان پر حرام کرتا ہے اور وہ ان کے بوجھ اور طوقوں کو جو ان پر تھے ان سے اتارتا ہے پس وہ لوگ جو اس پر ایمان لائے اور جنھوں نے اسکو قوت پہنچائی اور اسکی مدد کی اور اس نور کی پیروی کی۔

Presented by www.ziaraat.com

☆ تفسیر نورالثقلین (ج3 ص464)

☆ تفسیر البرہان (ج3 ص222)

☆ تاویل الآیات (ج1 ص178)

☆ وسائل الشیعۃ (ج18 ص45)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص447)

☆ الحجۃ (ص74)

☆ بحارالانوار (ج24 ص353)

☆ تفسیر نورالثقلین (ج2 ص83)

☆ تفسیر البرہان (ج3 ص222)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ القوال المختصر فی علامات مھدی المنتظر: ص36

امام رضا علیہ السلام نے ایک جاثلیق سے کہا تھا کہ تم اپنے آپ کو خدا اور اسکے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت میں سمجھو ہماری طرف سے تم پر کوئی ناروا سلوک نہیں کیا جائے گا اب بتاؤ کیا تمہاری کتاب میں ہمارے نبیؐ کا ذکر موجود ہے جاثلیق نے کہا ہماری کتاب میں محمدؐ نامی نبی کا ذکر موجود ہے اس کے ذکر میں یہ لکھا ہوا ہے کہ اسکے وصی کا نام علیؑ ہوگا اور اسکی بیٹی کا نام فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوگا اور اس کے نواسے حسن و حسین علیہم السلام ہونگے۔ چنانچہ تورات زبور انجیل میں محمدؐ و آل محمدؐ کا ذکر موجود ہے۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.zlaraat.com

الاعراف(159)

وَمِن قَوْمِ مُوسَى أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ

ترجمہ

اور موسیٰ کی قوم میں بھی ایک گروہ تھا جو حق کے ساتھ ہدایت کرتے تھے، اور اسی (حق) کے ساتھ عدل کیا کرتے تھے۔

- ☆ الزام الناصب (ج1 ص89)
- ☆ تفسیر البرہان (ج3 ص225)
- ☆ دلائل الامامۃ (ص247)
- ☆ الارشاد (ص365)
- ☆ مجمع البیان (ج2 ص489)
- ☆ روضۃ الواعظین (ج2 ص266)
- ☆ اعلام الوریٰ (ص433)
- ☆ کشف الغمۃ (ج3 ص256)
- ☆ تفسیر عیاشی (ج2 ص35)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

- ☆ (الاشاعہ: ص224)

مفضل بن عمر راوی ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب مہدی آل محمد عجل اللہ

Presented by www.ziaraat.com

تعالیٰ فرجہ الشریف ظاہر ہونگے اور جب خانہ کعبہ سے اللہ کے حکم سے ظہور فرمائیں گے تو آپ کے ساتھ اللہ عزوجل آپؑ کے 313 اصحاب کو بھیج دے گا جن میں 15 قوم موسیٰؑ کے مومنین 17 اصحاب کہف اور مقداد، جابر انصاری، مومن آل فرعون اور یوشع بن نون جو وصی موسیٰؑ تھے۔ 313 میں شامل ہونگے اور یہ ہی اس آیت مجیدہ میں آگاہ کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

الاعراف(181)

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ

ترجمہ

اور جن کو ہم نے پیدا کیا ان میں سے ایک گروہ ایسا ہے جو حق کیساتھ ہدایت کرتا ہیں اور اسی کے مطابق عدل کرتا ہیں۔

☆ مناقب ابن شہر آشوب (ج4 ص400)

☆ تفسیر البرہان (ج3 ص250)

☆ تفسیر الکافی (ج1 ص343)

☆ مجمع البیان (ج4 ص400)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ (الحاوی: ج2 ص102)

عبداللہ بن سنان کہتا ہے: امام صادق علیہ السلام اس آیت کی تفسیر کے بارے "ہمارے مخلوق

Presented by www.ziaraat.com

میں سے کچھ لوگ حق کی طرف ہدایت کرتے ہیں اور حق کے ساتھ فیصلہ کرتے ہیں" کے بارے میں فرمایا: اس سے مراد ہم آئمہ اطہار علیہم اجمعین ہیں۔

☆☆☆☆☆

الاعراف(187)

إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

ترجمہ

اور وہ اسکے معین وقت پر نازل کردے گا اور وہ آسمان وزمین پر بڑا بھاری ہوگا وہ تم پر محض اچانک ہوگا۔

☆ کمال الدین (ج2 ص272)

☆ اعلام الوریٰ (ص317)

☆ کشف الغمۃ (ج3 ص118)

☆ منتخب الانوار المضیئۃ (ص38)

☆ نوادر الاخبار (ص225)

☆ حلیۃ ابرار (ج4 ص613)

☆ غایۃ المرام (ج7 ص90)

☆ مستدرک الوسائل (ج10 ص393)

☆ فرائد السمطین (ج2 ص337)

☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص309)

☆ کفایۃ الاثر (ص248)

☆ الصراط المستقیم (ج2 ص156)

Presented by www.ziaraat.com

☆ اثبات الھداۃ (ج1 ص601)

☆ الانصاف (ص270)

☆ عیون الاخبار الارضا (ج2 ص265)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ رواہ البخاری

☆ مشکوۃ (ص466)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے ظہور کی مثال قیامت کی طرح ہے وہ اچانک آئے گا اور وہ اہل آسمان و زمین کے لیے گھٹن وقت ہوگا اس ساعت کا علم اللہ سبحانہ کو ہے۔

☆☆☆☆☆

الانفال (7,8)

وَيُرِيدُ اللَّهُ أَن يُحِقَّ الحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِينَ۔ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ

ترجمہ

اور اللہ تعالیٰ یہ چاہتا ہے کہ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو حق ثابت کر دیا جائے اور کافروں کی نسل کو قطع کر دے تا کہ حق کو حق ثابت کر دیا جائے اور باطل کو باطل خواہ مجرم اسے ناپسند ہی کریں۔

Presented by www.ziaraat.com

☆ تفسیر عیاشی (ج2 ص54)

☆ بحار الانوار (ج8 ص128)

☆ تفسیر البرہان (ج2 ص68)

☆ اثبات الھداۃ (ج3 ص550 ب32 ح557)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص546)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ (التعلیق الصبیح: ج6 ص200)

تفسیر عیاشی کی ایک روایت میں مذکور ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: یُحِقُّ الحَقَّ بِکَلِمَاتِہٖ کے جملہ کی ایک باطنی تفسیر بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ لفظ یرید اللہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اللہ ایک چیز کو واقع کرنا چاہتا ہے جو کہ ابھی تک رونما نہیں ہوئی اور وہ چیز یہ ہے: یُحِقُّ الحَقَّ بِکَلِمَاتِہٖ کہ وہ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو ثابت کرے۔ اور "کلمات" کی باطنی تفسیر میں اس سے حضرت علی علیہ السلام مراد ہیں اور وَیَقْطَعَ دَابِرَ الْکَافِرِیْنَ سے بنی امیہ مراد ہیں۔ اللہ تعالیٰ قائم آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے ظہور کے وقت آل محمدؐ کے حق کو ثابت کردے گا اور بنی امیہ کے باطل کو بھی واضح کردے گا خواہ مجرمین کو یہ بات ناگوار ہی کیوں نہ گزرے۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنتَ فِيهِمْ

ترجمہ

اللہ سبحانہ ایسا نہ کرے گا کہ آپؐ کے ہوتے ہوئے ان کو عذاب دے۔

☆ کتاب دارالسلام احوال حضرت مہدیؑ (ص150)

☆ تفسیر البرہان (ج3 ص313)

اللہ کا بقیہ علیؑ کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ مسلم شریف (حدیث نمبر 7240 تا 7244)

☆ سنن ابن ماجہ (4063 تا 4065)

آیت کی تفسیر میں مرقوم ہے کہ مہدی آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کا وجود اقدس مثل حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اسی لیے عذاب موخر ہے۔

☆☆☆☆☆

الانفال (39)

وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلّٰهِ

ترجمہ

اور ان کو قتل کرتے رہو یہاں تک کہ کوئی فتنہ فساد باقی نہ رہے اور ہر طرف اللہ کا دین باقی رہ جائے۔

☆ روضۃ الکافی (ج8 ص201)

☆ تفسیر الصافی (ج2 ص303)

Presented by www.ziaraat.com

☆ الحجۃ (ص78)

☆ تفسیر البرہان (ج2 ص81)

☆ المیزان (ج9 ص87)

☆ منتخب الاثر (ص290)

☆ ینابیع المودۃ (ج3 ص239)

☆ تفسیر نور الثقلین (ج3 ص585)

☆ الزام الناصب (ج1 ص90)

☆ تفسیر العیاشی (ج2 ص60)

اللہ کا بقیہ علی کا فرزند باروان امام فی کتب عالم اسلام (باختلاف الفاظ)

☆ الحاوی: (ج2 ص73)

☆ کتاب البرہان: (ج20 ص310)

محمد بن مسلم روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے قول خدا کے بارے میں سوال کیا: آپؑ نے فرمایا: "یہ آیت جب سے نازل ہوئی ہے اس کی تاویل ابھی تک نہیں آئی، بلاشبہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اور اپنے اصحاب کی ضرورت کی بناء پر رہنے کی اجازت دیدی مگر جب اس آیت کی تاویل آجائے گی تو پھر ان لوگوں کا عذر قبول نہ ہوگا، اور سب کے سب قتل کر دیئے جائیں گے تا کہ شرک باقی نہ رہے اور سب کے سب اللہ کو واحد دیکتا ماننے لگیں۔

☆☆☆☆☆

Presented by www.ziaraat.com

الانفال (75)

